# مقالاتِ حجۃ الاسلام

مجموعہ تالیفات

سیدنا الامام الکبیر حضرت مولانا محمد قاسم النانوتوی قدس سرہ



pasbanehaq

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(0322-6180738, 061-4519240

# مقالاتِ

# حجۃ الاسلام

## جلد 16

مجموعہ تالیفات

سیدنا الامام الکبیر آیۃ من آیات اللہ قاسم العلوم والخیرات

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۲۴۸ھ تا ۱۲۹۷ھ

بانی دارالعلوم دیوبند


مرتب

قاری محمد اسحاق

(مدیر ماہنامہ "محاسن اسلام" ملتان)



ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ

چوک فوارہ ملتان 0322-6180738



TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# مقالاتِ حجۃ الاسلام جلد 16

تاریخ اشاعت.........ذوالحجہ ۱۴۴۱ھ
ناشر.........ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان
طباعت.........سلامت اقبال پریس، ملتان
بائنڈنگ.........ابوذر بک بائنڈنگ.....ملتان

## انتباہ

اس کتاب کی کاپی رائٹ کے جملہ حقوق محفوظ ہیں

## قارئین سے گذارش

ادارہ کی حتی الامکان کوشش ہوتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔
الحمدللہ اس کام کیلئے ادارہ میں علماء کی ایک جماعت موجود رہتی ہے۔
پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی مطلع فرما کر ممنون فرمائیں
تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہوسکے۔ جزاکم اللہ

## ملنے کے پتے

ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ چوک فوارہ ملتان پاکستان

ادارہ اسلامیات.........انارکلی.........لاہور
مکتبہ سید احمد شہید.........اردو بازار.........لاہور
مکتبہ رحمانیہ.........اُردو بازار......... لاہور
اسلامی کتاب گھر.....خیابان سرسید.....راولپنڈی
اسلامک بک کمپنی.....امین پور بازار.....فیصل آباد
مکتبہ رشیدیہ.....سرکی روڈ.....کوئٹہ
مکتبۃ الشیخ.....بہادر آباد.....کراچی
والی کتاب گھر...گوجرانوالہ...مکتبہ علمیہ...اکوڑہ خٹک

دارالاشاعت.......اُردو بازار..........کراچی
قرآن محل......کمیٹی چوک......راولپنڈی
مکتبہ دارالاخلاص....قصہ خوانی بازار......پشاور
مکتبہ اسلامیہ.......امین پور بازار......فیصل آباد
ممتاز کتب خانہ.......قصہ خوانی بازار......پشاور
مکتبہ ماجدیہ.......سرکی روڈ......کوئٹہ
مکتبہ عمر فاروق.....شاہ فیصل کالونی.....کراچی
مکتبہ نعمانیہ...گوجرانوالہ...اسلامی کتاب گھر...ایبٹ آباد

الامام محمد قاسم النانوتوی ریسرچ لائبریری مردان: 0341-9164891

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K
(ISLAMIC BOOKS CENTERE
119-121- HALLIWELL ROAD
BOLTON BL1 3NE. (U.K.)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# انوارُ النجوم

(اُردو ترجمہ قاسم العلوم)

## اِجمالی فہرست



| | | |
|---|---|---|
| 1 | مکتوب نہم | 4 |
| 2 | عکس مکتوب نہم | 100 |
| 3 | مکتوب دھم | 119 |
| 4 | عکس مکتوب دھم | 196 |
| 5 | مکتوب یازدھم | 215 |
| 6 | عکس مکتوب یازدھم | 243 |
| 7 | عکس مباحثہ سفر رڑکی | 249 |



TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# مکتوب نہم بنام مولانا فخر الحسن گنگوہی رحمہ اللہ

## تعارف مکتوب الیہ

یہ مکتوب مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے نام ہے جو حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے جاں نثار شاگردوں میں سے تھے۔

مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہ ضلع سہارن پور میں ۱۸۵۲ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے جوان کا آبائی وطن تھا جس کو حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے قیام سے شرف بخشا۔ مولانا فخر الحسن صاحب حضرت مولانا عبدالقدوس صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے سلسلۂ نسب رکھتے تھے۔ ابتدائی تعلیم گنگوہ میں حاصل کی بعد ازاں دارالعلوم دیوبند میں داخل ہوئے۔

دارالعلوم کا افتتاح ۱۲۸۳ھ ہجری میں ہوا اور مولانا فخر الحسن صاحب نے ۱۲۸۹ھ ہجری میں دارالعلوم دیوبند سے علوم معقولات اور منقولات کی تکمیل کی۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ آغاز دارالعلوم میں آکر داخل ہوئے۔ آپ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب اسیر مالٹا کے ہم سبق تھے جن کی طالب علمی سے دارالعلوم دیوبند کا افتتاح ہوا۔ مولانا فخر الحسن صاحب اگرچہ ۱۲۸۹ھ ہجری میں دارالعلوم دیوبند کے فاضل بنے لیکن آپ کی فضیلت کی دستار بندی ۱۹ر ذیقعدہ ۱۲۹۰ھ ہجری مطابق ۹ جنوری ۱۸۷۴ء کو دیوبند کی جامع مسجد میں جلسۂ تقسیم انعام میں ہوئی۔ مولانا فخر الحسن دارالعلوم دیوبند کے اس پہلے گروپ میں تھے جو دارالعلوم سے فارغ ہوئے۔ آپ کے ساتھ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب اسیر مالٹا مولانا عبدالحق صاحب

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ساکن پور قاضی، مولانا فتح محمد صاحب تھانوی اور مولانا عبداللہ صاحب جلال آبادی کے بھی دستار فضیلت باندھی گئی۔ (رپورٹ دارالعلوم دیوبند ۱۲۹۰ھ)

آپ نے تعلیم سے فارغ ہو کر مدرسہ عربیہ قاسم العلوم جامع مسجد نگینہ میں ملازمت کی جیسا کہ مجموعۂ قاسم العلوم کے آئندہ مکتوب حضرت مولانا محمد قاسم صاحب سے واضح ہے۔ نگینے کے مدرسے کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مطبع مجتبائی دہلی میں جو اس وقت منشی ممتاز علی میرٹھی کی ملکیت میں تھا تصحیح کتب پر ملازمت کی ہے۔ ۱۲۹۵ھ مطابق ۱۸۷۵ء میں نواب عظیم علی خان صاحب رئیس خورجہ کے پاس تیس روپیہ پر ملازم رہے۔ (رپورٹ مؤتمر الانصار مرادآباد ص ۴۶)

بعد ازاں مدرسہ دہلی میں بھی ملازم رہے جیسا کہ قاسم العلوم کے مکتوب نہم میں آپ کے نام کے ساتھ مدرس مدرسہ دہلی لکھا ہوا ہے یہ "مدرسہ عبدالرب" تھا جو دہلی میں تھا۔ امیر الروایات میں، امیر شاہ خاں صاحب سے روایت ہے کہ: "مدرسہ عبدالرب" پہلے امام کی گلی کی طرف تھا اور اس میں مولوی احمد حسن صاحب امرہوی اور مولوی فخر الحسن گنگوہی مدرس تھے۔ مولانا محمد قاسم صاحب اس زمانے میں منشی ممتاز علی صاحب کے مطبع میں کام کرتے تھے، مولوی احمد حسن اور مولوی فخر الحسن صاحبان کی وجہ سے مدرسہ میں سویا کرتے تھے۔ (امیر الروایات، ص ۲۵)

اس روایت سے صاف معلوم ہو گیا کہ مولانا فخر الحسن صاحب "مدرسہ عبدالرب" دہلی میں ملازم تھے کہ مولانا محمد قاسم صاحب کے قیام کا زمانہ تھا جو ۱۲۹۲ھ مطابق ۷۶-۱۸۷۵ء میں قاسم العلوم کی تصحیح کا وقت تھا جیسا کہ قاسم العلوم کے ٹائٹل سے واضح ہے۔

۱۲۹۵ھ مطابق ۱۸۷۸ء میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں جن طلبائے دارالعلوم دیوبند نے انجمن "ثمرۃ التربیت" قائم کرنے کی درخواست کی تھی ان میں مولانا فخر الحسن صاحب کا نام بھی فہرست میں موجود ہے اور سات روپیہ آٹھ آنے کا چندہ بھی اس انجمن میں مولانا فخر الحسن صاحب کی طرف

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سے موتمر الانصار مراد آباد کی رپورٹ میں درج ہے۔

مولانا فخر الحسن صاحب نے سفر و حضر میں دار العلوم دیوبند کے علاوہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب سے حدیث اور دیگر علوم کی کتابیں بھی پڑھی ہیں۔ میرٹھ، نانوتہ، دیو بند میں مولانا کے ساتھ رہتے تھے اور پڑھتے تھے۔ خود مولانا فخر الحسن صاحب انتصار الاسلام کے دیباچہ میں لکھتے ہیں: ''جناب مولانا (محمد قاسم صاحب) مرحوم نے شاگرد و معتقد بہت چھوڑے ہیں۔ بندہ بھی ایک ادنیٰ شاگردوں میں شمار ہوتا ہے۔''

مولانا فخر الحسن صاحب نے حضرت قاسم العلوم کے ہمراہ جا بجا مثلاً رُڑکی، میرٹھ، شاہ جہان پور کے مناظروں میں شرکت کی ہے۔ اور رُڑکی میں تقریریں بھی کی ہیں۔ رجب ۱۲۹۵ھ میں دیانند نے مناظرے کیے، جب مولانا قاسم العلوم رُڑکی تشریف لے گئے تو مولانا فخر الحسن صاحب، حضرت شیخ الہند اور عبد العدل بھی ہمراہ تھے۔ جب دیانند مولانا قاسم العلوم کے سامنے نہ آیا تو آپ نے ان کے اعتراضات کے جوابات کے لئے شاگردوں سے فرمایا۔ مولانا فخر الحسن صاحب ''انتصار الاسلام'' کے دیباچہ میں لکھتے ہیں:

''بندے نے اس حکم کی تعمیل کر دی یعنی پنڈت جی کے اعتراضوں کے جواب بر سر بازار کئی روز تک بیان کیے۔ اور پنڈت جی کے مذہب جدید پر بہت سے اعتراض کیے اور بہت سی غیرت دلائی۔'' (انتصار، ص ۶)

مولانا فخر الحسن صاحب نے اپنے استاذ محترم مولانا محمد قاسم صاحب کی کتابوں، مناظروں کی رپورٹوں اور تقریروں کی اشاعت میں سرگرمی سے حصہ لیا۔ حجۃ الاسلام، انتصار الاسلام، مباحثۂ شاہ جہان پور وغیرہا انہی کی کوششوں سے طبع ہوئیں۔ علاوہ ازیں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی ایک سوانح عمری آپ نے تحریر فرمائی جو دستبرد زمانہ سے ضائع ہوگئی اور جل کر خاکستر ہوگئی۔ اس غم میں ہم تمام عمر جس قدر قلق اور اضطراب کے انگاروں پر کروٹیں اور پہلو بدلتے رہیں تو بجا ہے۔ سر سید مرحوم کے عقائد فاسدہ کے رد میں بھی ایک کتاب مولانا فخر الحسن نے لکھی لیکن غالباً طبع نہ ہوسکی۔ الغرض مولانا فخر الحسن

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

صاحب حضرت قاسم العلوم کے بڑے عزیز اور شاگردوں میں سے تھے۔ خود حضرت قاسم العلوم اپنے مکتوب دہم کے آخر میں مولانا فخر الحسن صاحب کو لکھتے ہیں:

''من ندانم از طرف شما و مولوی احمد حسن و مولوی محمود حسن
بدلم چہ نہادہ اند کہ اکثر مو کشاں بکار پردازی شما میکشند

## وفات

آپ کی وفات کی تاریخ اور سال معلوم نہ ہو سکا۔ میں نے استاذ محترم مولانا محمد طیب صاحب مدظلہ العالی کو مولانا فخر الحسن صاحب کے حالات کے بارے میں لکھا تو انہوں نے تحریر فرمایا: ''مولانا فخر الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ گنگوہی خاندان قدوسیہ سے تعلق رکھتے تھے۔ حضرت قطب عالم شیخ عبدالقدوس (گنگوہی) رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد میں سے تھے۔ ان کے انتقال پر (۱۳۹۸ھ) میں اٹھہتر (۷۸) سال گذر چکے ہیں۔'' اس تحریر کا یہ مطلب ہوا کہ ان کا انتقال ۱۳۲۱ھ میں ہوا۔ اگر ہم ان کا سال پیدائش شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے سال پیدائش ۱۸۵۲ء کو مان لیں تو ان کی عمر ۵۵، اور ۶۱ سال کے درمیان کی عمر ہوئی۔

## مضمونِ مکتوب

مولانا فخر الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے جواب میں اس مکتوب میں سنیوں کے قواعد کے مطابق حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت پر حضرت قاسم العلوم نے نہایت مجتہدانہ، عالمانہ، فقیہانہ اور محققانہ بحث کی ہے اور سچ تو یہ ہے کہ حضرت مولانا نے جس احتیاط اور اجتہاد سے شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ پر کلام کیا ہے، اس کے بعد کسی کو لب کشائی کی گنجائش نہیں رہتی۔ انہوں نے اس مکتوب کے اوّل میں یہ فرمایا ہے کہ مجتہد ائمہ (امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ) کی طرح ائمہ اہل بیت بھی اجتہادی مقام رکھتے تھے۔ یہی مقام امام الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کا تھا۔ اور مجتہد ائمہ اپنے اجتہاد پر عمل کرنے کے مکلف ہیں۔ دوسروں کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پیروی اُن کے لئے ضروری نہیں۔ البتہ امام سے اجتہادی غلطی ممکن ہے۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے یزید کی بیعت نہیں کی تھی۔ چونکہ امام حسین رضی اللہ عنہ خود اہل حل وعقد میں سے تھے۔ اس لئے اگر دیگر اکابر نے مصلحتاً یزید کی بیعت کر بھی لی تھی، تو حضرت امام رضی اللہ عنہ پر یزید کی بیعت کرنا لازم نہ تھا۔ لہٰذا جب امام حسین رضی اللہ عنہ نے یزید کی بیعت ہی نہیں کی تو اس کے خلاف اُٹھنا خروج کیونکر ہوا۔ جن لوگوں نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے خروج پر اپنے قلم کا زور صرف کردیا ہے وہ تحقیق کے مقام سے بہت دُور جا پڑے ہیں۔

علاوہ ازیں یزید کی بیعت پر اجماع نہ تھا۔ جب تک کسی کے بارے میں اجماع نہ ہو جائے اس وقت تک بیعت نہ کرنے والوں پر الزام عائد نہیں ہوتا۔ ہاں جب کسی کی بیعت کے بارے میں اجماع ثابت ہو جائے تو پھر ضروری ہو جاتا ہے کہ اجماع کی پیروی کی جائے۔ نیز اگر اجماع کے منعقد ہونے سے پہلے اگر کسی مسئلے میں اختلاف ہوا ہے تو اجماع منعقد ہو جانے کے بعد پہلے سے اختلاف کرنے والا اجماع کے خلاف طعنے کی زد میں نہیں آتا۔ پھر مولانا نے اپنے مقدمات میں یہ بھی ایک اُصول پیش کیا ہے کہ مطلقاً خلافت کا منعقد ہونا اور بات ہے اور عام خلافت کا منعقد ہونا اور چیز ہے۔ بیعت کا مطلق انعقاد تو ایک دو آدمیوں کی بیعت سے بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ البتہ عام انعقاد تمام اہلِ حل وعقد کے متفق ہوئے بغیر نہیں ہوسکتا۔ چونکہ امام حسین رضی اللہ عنہ نے بیعت نہیں کی، لہٰذا تمام اہل حل وعقد کا متفق ہونا حاصل نہ ہوسکا۔

پھر اگر خلافت کے تخت پر کوئی فاسق وفاجر چڑھ بیٹھے اور بدعات ومعاصی کا بازار گرم ہو جائے یا گرم ہونے کا اندیشہ ہو تو اس صورت میں اگر کوئی صاحب ہمت اُٹھ کھڑا ہو، اور اس کو خلافت سے علیحدہ کردے تو اس میں کسی کو مخالفت کا کیا موقع ہے۔ ہاں اگر فاسق خلیفہ کے اُتار دینے میں فتنہ عظیم ہو، اور دین اور اہل دین کی بے آبروئی کی صورت پیدا ہو جائے تو پھر اس وقت عارضی طور پر خاموشی کی اجازت ہے۔ اس صورت میں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

خلیفہ کو زجر اور تنبیہ کی ضرورت ہے۔ ہاں ایسی صورت میں بھی اگر اپنے رفقاء، اعزہ اور اپنی جان پر صدمے کو نظر میں نہ لاتے ہوئے حق کا عَلَم بلند کریں تو یہ ہمت اور اُولوالعزمی کی بات ہے اور ایسا ہی ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ افضل جہاد جابر بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے۔ ہاں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ ایک شخص فتنوں کا احساس قوی رکھتا ہے اور فاسق خلیفہ کے مقابلے کی ہمت نہیں رکھتا، تو ایسے شخص کے لئے نہ کھڑا ہونا ہی مناسب ہے لیکن اگر کوئی شخص نہیں ڈرتا تو اس کے لئے مباح ہے کہ وہ خلیفہ کو تخت سے اُتار پھینکنے کی کوشش کرے۔ بہر حال یہ اپنی اپنی ہمت کا معاملہ ہے۔

اس بحث کے بعد حضرت مولانا نے فرمایا ہے کہ خلافت کا اہل ہونے کے لئے اسلام اور قریشیت کافی ہے لیکن صحیح معنی میں خلیفہ ہونے کے لئے کثرت علم، عملِ صالح، حُسنِ تدبر، ہمت اور ترکِ دنیا کی ضرورت ہے۔ ایسے خلیفہ سے سرکشی سخت ممنوع ہے۔ یزید میں عملِ صالح اور ترکِ دنیا کا فقدان تھا۔ لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسے شخص کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ولی عہد کیوں بنایا؟

مولانا لکھتے ہیں کہ اس وقت وہ ایسا نہ تھا، یا تھا تو اُن کے علم میں اس کا فسق نہ آیا تھا۔ علاوہ ازیں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا نظریہ خلیفہ کے بارے میں یہ تھا کہ انتظامِ ملکی میں اگر کسی کو سلیقہ زیادہ ہو، تو وہ اس پاک باز سے خلافت کا زیادہ اہل ہے جو انتظام کا سلیقہ نہیں رکھتا۔ اس لئے انہوں نے یزید کو ولی عہد بنا دیا۔ مولانا لکھتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ یہ وارد ہوتا ہے کہ یزید کو ولی عہد بنا کر افضلیت کو پسِ پُشت ڈال دیا گیا۔ اور افضل کو خلیفہ بنانا افضل ہے نہ کہ واجب۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد یزید نے پر پُرزے نکالے، اور فسق و فجور میں مبتلا ہو گیا۔ اس وقت اہلِ حل و عقد کی رائے مختلف ہو گئی، جس کسی کو فتنہ و فساد کا اندیشہ غالب آیا، اُس نے مجبوراً بیعت کے لئے ہاتھ بڑھایا۔ اور جن حضرات نے ایک بڑی جماعت کے وعدے پر غلبہ کی اُمید رکھی مثلاً حضرت حسین رضی اللہ عنہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے، تو وہ جنگ کے لئے کھڑے ہو گئے، اور انہوں نے درست کیا اور اس اختلاف کی بنیاد صرف غلبہ اور عدم غلبہ پر ہے نہ کہ اصل فعل کے جائز اور ناجائز ہونے پر۔ اتفاق سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی تدبیر فیل ہوگئی۔ اور ایسا جنگوں میں ہوا ہی کرتا ہے جیسا کہ جنگِ اُحد اور جنگ حنین میں مسلمانوں کو عارضی ابتری پیش آئی تھی۔ ان دونوں جنگوں میں جو صحابہ رضی اللہ عنہم مارے گئے وہ یقیناً شہید ہوئے کہ ان کی نیت اچھی تھی۔

## شہادت کی پہلی وجہ

اسی طرح حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی نیت بھی ایک فاسق کو خلافت سے علیحدہ کرنے کی تھی جو صالح نیت تھی۔ لہٰذا اس صورت میں اگر وہ مارے گئے تو شہید ہوئے کیونکہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔

## شہادت کی دوسری وجہ

اور اگر پہلی وجہ کو نظر انداز بھی کر دیا جائے تو میدانِ کربلا میں امام مظلوم نے جنگ سے گریز کر کے واپس جانے کا اِرادہ کیا تھا۔ لیکن یزید کے لشکر اور سپاہیوں نے انہیں نہیں چھوڑا۔ اور گھیر کر شہید کر دیا۔ اور وہ اس حدیث کے مطابق شہید ہوئے:

**"من قتل دون عرضه وماله فهو شهيد"**

''جو اپنی عزت اور مال بچانے کے لئے قتل کیا گیا تو وہ شہید ہے''

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# در تحقیق و اِثبات

# شہادت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

## موافق قواعد سُنّیاں

سُنّیوں کے اُصول کے مطابق حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے اِثبات اور تحقیق میں...... بجوابِ خط مولوی فخر الحسن صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ مدرّس مدرسہ دہلی۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للّٰہ ربّ العٰلمین والصلٰوۃ والسّلام علٰی سیّد المرسلین سیّدنا محمّد واٰلہ وصحبہٖ اجمعین. بعد حمد و صلٰوۃ اَوّل مقدمات چند مینویسم که ثبوت مدّعا و وضوح آن بے آن مقدمات دشوار ست. آن مقدمات این ست:

**ترجمہ:** تمام تعریفیں جہانوں کے پروردگار کے لئے ہیں اور درود و سلام رسولوں کے سردار ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی اولاد اور اصحاب سب پر ہو۔ اللہ کی تعریف اور رسول پر درود کے بعد، پہلے میں چند تمہیدیں لکھتا ہوں کہ مدّعا کا ثبوت اور اس کی وضاحت ان تمہیدوں کے بغیر مشکل ہے اور وہ مقدمات یہ ہیں:

## مقدمہ اَوّل

اَوّل آنکہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ و دیگر ائمۂ اہلِ بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین نزد اہل سنہ مثل دیگر ائمہ مجتہدین امام و مجتہد اند کہ خطا اجتہادی از وشاں ممکن۔ عقیدہ ما مثل شیعہ آں نیست کہ امام را خطا محال و غلطی ازاں ممتنع باشد۔ ہر چند دریں مقام ہمیں قدر کافی ست چہ مقام، مقام جواب ست، بیان اُصول خود بس ست۔ غرض دلیل ضرور نیست۔ زیرا کہ اعتراض از طرف شیعیان ست و اعتراض بر کسے ہمیں ست کہ معارض مذہب و اُصول مذہب او اثبات کردہ آید۔ پس اگر گوئیم کہ مذہب ما ایں نیست کہ مے گویند۔ مذہبِ ما دیگر ست، کفایت میکند۔ ایراد دلیل دریں مقام ضرور نخواہد بود۔ اما تاہم اشارہ اجمالی بایں طرف ہم کردہ میروم تا ناظر مناظرِ طالبِ حق را

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

از ماہدا یتے باشد بر متعصب اعتراض ونکا یتے۔ درقصہ اُساریٰ بدر معلوم باشد کہ رای نبوی صلی اللہ علیہ وسلم چہ بود واز حضرت خداوندی چہ خطاب آمد۔ ودر قصہ نقش غنم معلوم باشد کہ رای حضرت داؤد علیہ السلام چہ بود وَ فَهَّمْنَا هَا سُلَيْمٰنَ چہ ارشاد فرمود۔ پس چوں حالِ انبیاء علیہم السلام اوراجتہاد ایں است، حالِ دیگر مجتہداں چہ باشد۔

پس چگونہ نگویند کہ "اَلْمُجْتَهِدُ يُخْطِئُ وَ يُصِيْبُ"

## پہلا مقدمہ

ترجمہ:" اوّل یہ ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور دوسرے اہلِ بیت کے امام، اللہ کی ان سب پر رضا مندی ہو، اہل سنّت کے نزدیک دوسرے مجتہد اماموں (امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ) کی طرح امام اور مجتہد ہیں کہ اجتہادی غلطی ان سے ممکن ہے۔ ہمارا عقیدہ شیعوں کی طرح یہ نہیں ہے کہ امام سے بھول چوک محال اور غلطی ناممکن ہے ہر چند کہ اس مقام پر اسی قدر لکھنا کافی ہے کیونکہ یہ مقام، جواب کا مقام ہے۔ اپنے اُصول کا لکھ دینا کافی ہے دلیل کا پیش کر دینا ضروری نہیں ہے۔ کیونکہ اعتراض شیعوں کی طرف سے ہے اور کسی پر اعتراض یہی ہوسکتا ہے کہ اس کے مذہب اور اُصولِ مذہب کے خلاف کسی بات کو پیش کر دیا جائے، جو اس کے معارض ہو۔ پس اگر ہم کہیں کہ ہمارا مذہب یہ نہیں ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمارا مذہب اور ہے تو اتنا کہہ دینا کافی ہے۔ اس مقام پر دلیل کا لانا ضروری نہ ہوگا۔

تاہم اِجمالی اشارہ اس طرف بھی کر کے میں آگے روانہ ہوتا ہوں تا کہ غور و فکر کرنے والے حق کے طلب گار مناظر کو ہماری طرف سے کوئی ہدایت حاصل ہو جائے اور متعصب پر اعتراض اور الزام عائد ہو جائے۔

بدر کے قیدیوں کے قصے میں معلوم ہونا چاہیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ کیا تھا اور حضرتِ خدا (غزوہ بدر ۲ ہجری میں ستر کافر پکڑے ہوئے آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ کیا۔ بعض نے قتل کا مشورہ دیا۔ بعض نے کچھ مال لے کر چھوڑ دینے کا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مشورہ دیا۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی رحم دلی کی وجہ سے اسی رائے کو پسند فرمایا۔ چنانچہ عقبہ، نضر اور طعمہ تو قتل کئے گئے۔ باقی سب قیدیوں سے فدیہ لے کر ان کو چھوڑ دیا گیا۔ البتہ حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو کچھ لئے بغیر صحابہ رضی اللہ عنہم کی رائے سے چھوڑ دیا گیا۔ اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں: مَا کَانَ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ اَسْرٰی حَتّٰی یُثْخِنَ فِی الْاَرْضِ ط تُرِیْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْیَا وَاللّٰہُ یُرِیْدُ الْاٰخِرَۃَ ط وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ یعنی نبی کی شان کے لائق نہیں کہ ان کے قیدی باقی رہیں جب تک کہ وہ زمین میں اچھی طرح خون ریزی نہ کرلیں۔ تم تو دنیا کا مال اسباب چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ آخرت کو چاہتے ہیں اور اللہ غالب حکمت والے ہیں۔ (سورۂ الانفال، رکوع ۹، پارہ ۱۰)﴾ کی طرف سے کیا فرمایا گیا۔ اور بکریوں کے جھگڑے میں ﴿ایک کھیت میں کچھ لوگوں کی بکریاں جا پہنچیں اور انہوں نے کھیت کھالیا۔ داؤد علیہ السلام نے کھیت کی لاگت اور بکریوں کی قیمت کو برابر پا کر بکریاں کھیت والے کو دینے کا فیصلہ کردیا جو شرع کے مطابق تھا لیکن چونکہ اس میں بکریوں والوں کا بالکل ہی نقصان تھا اس لئے سلیمان علیہ السلام نے دونوں کی رضامندی سے یہ فیصلہ کردیا کہ چند روز کے لئے بکریاں کھیت والوں کو دی جائیں کہ گذارہ کریں۔ اور بکریوں والوں کے کھیت سپرد کیا کہ آب پاشی کریں۔ جب کھیت پہلی حالت کو آگیا، تو بکریاں مالکوں کو واپس ہوئیں اور کھیت والے کو کھیت دے دیا۔" وَدَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ اِذْ یَحْکُمٰنِ فِی الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِیْہِ غَنَمُ الْقَوْمِ. وَکُنَّا لِحُکْمِهِمْ شٰهِدِیْنَ○ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَیْمٰنَ"۔ (سورۂ انبیاء، آیات، ۷۸، ۷۹)﴾ معلوم ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی رائے کیا تھی اور "ہم نے سلیمان علیہ السلام کو سمجھا دیا" میں کیا حکم فرمایا۔ پس جب انبیاء علیہم السلام کا حال اجتہاد میں یہ ہے تو دوسرے مجتہدوں کا کیا ہوگا۔ اس لئے کیوں نہ یہ کہیں کہ "مجتہد خطا بھی کرتا ہے اور ٹھیک فیصلہ بھی کرتا ہے"۔

## مقدمہ دوم

دویم آنکہ مجتہداں مامور باتباع اجتہاد خویشتن اند، اتباع مجتہدان دیگر روا نیست۔ ورنہ ازیں چہ کم کہ اتباع دیگراں ضرور نیست۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## دوسرا مقدمہ

ترجمہ: ''دوسری بات یہ ہے کہ مجتہد ائمہ اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کرنے پر حکم دیئے گئے ہیں۔ ان کے لئے دوسرے اماموں کی پیروی درست نہیں ہے، ورنہ اس سے بھی کیا کم کہ دوسروں کی پیروی ضروری نہیں ہے۔

## مقدمۂ سوم.... در حقیقت اجماع

سویم آنکہ حقیقۃ اجماع این ست کہ ہمہ اہل رای یک عصر یا زیادہ در اَمری بایں طور رای زند کہ ایں امر بفلاں فلاں وجوہ چنیں ست یا چناں نہ فقط عدمِ مخالفت چنانچہ جملہ

''ما راه المؤمنون حسنا فهو عند اللّٰه حسن''.

یکی از ماخذی ہای حجیۃ اجماع ست۔ بر ہمیں امر دلالۃ مے کند چہ رویۃ دریں جملہ رویت قلبی ست نہ رویت بصری۔ و رویت قلبے ہمیں طوری باشد کہ عرض کردہ شد۔ پس اگر یک دو کس از علماء ذی رای بامری رفتند و دیگراں مساہلۃ کردند، و بی آنکہ خود ہم دراں امر بطور مذکور نگرند اتباع اوشاں اختیار فرمودند لازم یا خود اہل رائے نبودند و مقلدانہ بے رد، اوشاں شدند ایں را اجماع نباید گفت۔ وہمچنیں اگر شخصی یا جماعتی بر امری بی تنقیح وجوہِ حلۃ و حُرمۃ اصطلاح کردند چنانچہ در رسوم می باشد اجماع نخواہد بود۔

## تیسرا مقدمہ.... اجماع کے متعلق

**ترجمہ:** تیسری بات یہ ہے کہ اجماع کی حقیقت یہ ہے کہ ایک دَور یا زیادہ کے تمام اہل رائے کسی معاملے میں اس طرح رائے دیں کہ یہ اَمر فلاں فلاں دلائل کی بناء پر اس طرح یا اُس طرح ہے۔ صرف مخالفت نہ کرنا اجماع نہیں کہلا سکتا۔ چنانچہ یہ جملہ کہ

''جس اَمر کو مؤمنین اچھا سمجھیں تو وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے''۔

جو اجماع کے حجت ہونے کی دلیلوں میں سے ایک دلیل ہے وہ بھی اسی بات پر دلالت کرتا ہے کیونکہ اس جملہ میں دیکھنے سے دل کا دیکھنا مراد ہے نہ کہ آنکھ کا دیکھنا۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور دل کا دیکھنا اسی طریقے سے ہوتا ہے جیسا کہ عرض کیا گیا۔

پس اگر صاحب رائے علماء میں سے ایک دو عالم کسی بات کی طرف گئے اور دوسروں نے سُستی اختیار کی اور خود بھی اس کے بغیر کہ اس معاملے میں مذکورہ طریقے سے غور کریں، ان کا اتباع اختیار کیا یا خود صاحب رائے نہ تھے اور تقلیدی طور پر ان کے پیرو بن گئے تو اس کو اجماع نہ کہنا چاہئے۔ اور اسی طرح اگر کسی شخص یا کسی جماعت نے کسی اَمر میں حلال اور حرام ہونے کی وجوہات کی تنقیح کئے بغیر اصطلاح بنالی جیسا کہ (شادی بیاہ کی) رسموں میں ہوتا ہے تو وہ اجماع نہ ہوگا۔

## مقدمہ چہارم

چہارم آنکہ اتباع اجماع مذکور ہم بعد تحقق اجماع لازم ست اگر مسئلہ قبل تحقق و انعقاد اجماع مختلف فیہ باشد کسانیکہ پیشتر از انعقاد اجماع مخالف اجماع کار کردہ اند، اوشاں مورد طعن مخالفۃ اجماع نخواہند شد۔

## چوتھا مقدمہ

ترجمہ: چوتھا مقدمہ یہ کہ اجماع مذکور کی پیروی اجماع کے ثابت ہو جانے کے بعد ہی ضروری ہے۔ اگر کوئی مسئلہ اجماع کے متحقق اور منعقد ہونے سے پہلے اختلافی ہوگا، تو وہ لوگ جنہوں نے اجماع کے منعقد ہونے سے پہلے، بعد میں منعقد ہونے والے اجماع کے مخالف کام کیا ہے تو وہ لوگ اجماع کی مخالفت کے طعنے میں نہیں آئیں گے۔

## مقدمہ پنجم

پنجم آنکہ انعقاد مطلق خلافۃ چیزے دیگر ست وعمومِ خلافت چیزی دیگر۔ توضیحش ایں ست کہ "كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ"۔ (حدیث)

پس بیعتِ ہر راعی مستلزم انعقاد بیعت درحقِ رعیت اوست وہمین ست معنی وجوب ولزوم بیعت اہل حل وعقد۔ پس بیعت حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ مثلاً مستلزم وجوب

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اطاعت در حقِ حشم وخدم واتباعِ اوشاں ست از ملازمین وموالی واولا دو غیر ہم، نہ در حق حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ واتباعِ اوشاں وانکہ گفتہ اند کہ عدد معین در بارۂ اہلِ حل و عقد مشروط نیست بنایش برین ست کہ وجود اہلِ حل وعقد را قاعدہ معین نیست۔ باعتبار اتفاق کلمہ وتفرقِ کلمہ اہل حل وعقد قلیل وکثیر می شوند۔ نہ آنکہ برای عموم انعقاد کیف ما اتفق بیعۃ یک دو کس از اہل حل وعقد کافی ست۔

## پانچواں مقدمہ

پانچواں مقدمہ یہ ہے کہ مطلق خلافت کا منعقد ہونا دوسری چیز ہے اور عام خلافت کا ہونا دوسری چیز۔ اس کی وضاحت یہ ہے کہ ”تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک اپنی رعیت کے بارے میں ذمہ دار ہے“۔

اس لئے ہر سردار کا بیعت کرنا، اسی کی رعایا کے حق میں بیعت منعقد ہو جانے کا موجب ہے، اور یہی معنی ہیں اہل حل وعقد کے بیعت کے واجب ہونے کے۔ پس مثال کے طور پر ابن عمر رضی اللہ عنہ کا یزید کی بیعت کرنا ان کے نوکر چاکر اور ان کے متبعین کے حق میں بھی اطاعت کا موجب ہے۔ جن میں ملازمین، غلام اور اولاد وغیرہم شامل ہیں لیکن امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے تابع لوگوں کے اُوپر واجب نہیں ہے اور علماء نے یہ جو کہا ہے کہ اہل حل وعقد کے بارے میں کسی معین عدد کی شرط نہیں ہے اس کی بنیاد اسی پر ہے کہ اہل حل وعقد کے وجود کے لئے کوئی قاعدہ مقرر نہیں ہے بلکہ اتفاق اور اختلافِ کلمہ کے اعتبار سے اہل حل وعقد میں سے کم اور زیادہ ہو سکتے ہیں اور یہ بات نہیں ہے کہ عام بیعت منعقد ہونے کیلئے حسب الاتفاق اہل حل وعقد میں سے ایک دو آدمیوں کی بیعت کر لینا کافی ہے۔

مثلاً در زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وخلافۃ خلفاء ثلثہ رضی اللہ عنہم مصداق اہل حل وعقد یک کس بیش نبود۔ مرادم اینست کہ صلح وجنگ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم، صلح و جنگ ہمہ اہل اسلام بود وہمچنیں صلح وجنگِ خلفاء بعد اتفاق مردم بر خلافتِ اوشاں صلح و

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جنگ جملہ رعیت بود و پس ازاں کہ ایں اتحاد مبدل بافتراق شد و جماعت ہائے جُدا جُدا پیدا شدند اہل حل وعقد کثیر شدند۔ سر حلقہ ہر جماعتی مصداق مفہوم اہل حل وعقد بود۔ دریں وقت بیعت یک کس از اہل حل وعقد موجب انعقاد مطلق خلافت خواہد بود۔ کسانیکہ از اتباع آنکس اند اتباع خلیفہ بروشاں لازم ست اما دیگراں و اتباع دیگراں یا کسانیکہ نہ درعیر کسی اند و نہ درنفیر کسی ازیں لزوم و وجوب مرفوع القلم اند۔ ہاں اگر ہمہ اہلِ حل وعقد دستِ ارادت وکف بیعت بدست یکی از اہلِ اسلام دہند ہمہ کس را از اہل اسلام خواہ از تباع کسی باشند یا نی اطاعۃ آن کس لازم و واجب خواہد بود۔

واگر قدری چشم پوشیم زیادہ ازیں مجالِ گفتن نیست کہ بی سیران خود سرروان بی سرور راغاشیہ برداریش وحلقہ بگوشیش درگوش لازم آید، اما باقیاں از اہل حل وعقد ہر گونہ ازیں اطاعۃ درکنار اند۔ آری اگر شخصے نکتہ دنیوی چناں داشتہ باشد کہ لشکری تابع فرمان ہمعناں دارد اما در علم وعمل ہم سنگ دیگران نیست و دیگراں کہ از علم وعمل بہرہ وافر دارند ہمہ یک جان و یکعنان شوند و دست بدست کسی نہند، آں وقت شخص مذکور واتباعش را نیز اتباع واقتدارِ اوشاں لازم خواہد افتاد۔ چہ اوشاں حسبِ اشاراتِ ربانی وہم کنایاتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم واجب الاطاعۃ اند واہلِ حل وعقد درحق او آیۃ

فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ۝ وسم جملہ "يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ". اگر انصاف باشد وجوب اطاعۃ اینچنیں کساں دلالۃ واضحہ دارد.

مثال کے طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تینوں خلفاء رضی اللہ عنہم کی خلافت کے زمانے میں اہل حل وعقد کا مصداق ایک شخص سے زیادہ نہ تھا میرا مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صلح اور جنگ، تمام مسلمانوں کی صلح و جنگ تھی اور اسی طرح آپ کے خلفاء کی صلح و جنگ ان کی خلافت پر تمام کے متفق ہو جانے کے بعد، تمام رعایا کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

صلح و جنگ تھی اور اس کے بعد کہ یہ اتحاد (چوتھے خلیفہ کے زمانے میں) نا اتفاقی میں بدل گیا اور جماعتیں جدا جدا پیدا ہو گئیں تو اہل حل و عقد بھی بہت ہو گئے۔ ہر جماعت کا سردار اہل حل و عقد کے مفہوم کا مصداق بن گیا۔

اس وقت اہلِ حل و عقد میں سے ایک شخص کی بیعت مطلق خلافت کے منعقد ہونے کا سبب ہوگی (نہ کہ عام خلافت کے منعقد ہونے کا) جو لوگ اس کے پیرو ہوئے خلیفہ کا اتباع ان پر لازم ہوگا لیکن دوسرے اہلِ حل و عقد اور ان کے پیرو یا وہ لوگ جو نہ کسی جماعت میں ہیں اور نہ کسی کی پارٹی میں ہیں، وہ لوگ اس بیعت کے لازم اور واجب ہونے سے آزاد ہوں گے۔ ہاں اگر تمام اہل حل و عقد بیعت اور ارادت کا ہاتھ مسلمانوں میں سے کسی ایک کے ہاتھ میں دے دیں تو تمام مسلمانوں کو خواہ کسی کے تابع ہوں یا نہ ہوں۔ اس شخص کی فرماں برداری ضروری اور لازمی ہو جائے گی۔ اور اگر ہم کچھ چشم پوشی کریں تو اس سے زیادہ کہنے کا موقع نہیں ہے کہ خودسر جن کا کوئی سردار نہ ہو اور بغیر سردار کے اپنی راہ چلنے والے لوگوں کو اس کی پیروی اور فرماں برداری ضروری ہوگی لیکن باقی اہل حل و عقد اس قسم کی ہر ایک اطاعت سے جُدا ہیں۔

ہاں اگر کوئی شخص ایسی دنیوی مرکزیت رکھتا ہو کہ وہ اپنے ساتھ کوئی وفادار لشکر رکھتا ہو لیکن علم و عمل میں دوسروں کے برابر نہیں ہے اور دوسرے جو کہ علم و عمل سے کافی حصہ رکھتے ہیں تمام کے تمام متفق ہو جائیں اور کسی کی امارت قبول کرلیں، اس وقت مذکورہ دنیوی شخص کو اور اس کے پیچھے چلنے والوں کو ان کی پیروی ضروری ہو جائے گی کیونکہ وہ لوگ اللہ کے احکام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے مطابق واجب الاطاعت ہیں اور اہل حل و عقد اس کے حق میں۔ آیت: ''اُن میں ﴿فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ الخ۔ پارہ نمبر ۱۱، سورہ توبہ رکوع نمبر ۱۵، آیت ۱۲۲ ر میں ہے۔ مترجم﴾ سے ہر جماعت میں سے ایک گروہ کیوں نہیں سفر کرتا تا کہ دین میں سمجھ حاصل کریں۔ اور اپنی قوم کو جب اُن کی طرف واپس آئیں۔ ڈرائیں، تا کہ وہ حذر کریں۔ اور نیز پوری

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

آیت اس طرح ہے ﴿" یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ" (پارہ نمبر ۵، سورۂ نساء، رکوع نمبر ۸، آیت نمبر ۵۹)﴾ "اطاعت کرو تم اللہ کی اور اطاعت کرو تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی، اور تم میں سے جو حاکم ہوں"۔ اس طرح کے لوگوں کی اطاعت پر واضح دلالت کرتی ہے بشرطیکہ انصاف سے کام لیا جائے۔

اگر ضیق وقت مانع وخروجِ ایں بحث از مبحث مزاحم حال نبودی دریں بارہ نقشبند یہا میکردم باایں ہمہ اَلْعَاقِلُ تَکْفِیْهِ الْاِشَارَۃُ ایں قدر کہ گفتہ شد بہر رہنمائی کافی ست۔ و ایں نکتۂ اخیرہ دفع دخل مقدر ست کہ شاید بر زبان کسے آید۔ بالجملہ مطلق انعقاد بیعت یکدو کس حاصل مے شود و عموم شمولِ انعقاد بی اتفاق جملہ اہل حل وعقد متصوّر نیست۔ ہاں اگر حل وعقد در یک کس منحصر گردد آں وقت عموم خلافت بیک کس نیز حاصل میتواں شد۔

اگر وقت کی تنگی مانع نہ ہوتی اور اس بحث کا موضوع سے نکل جانے کا معاملہ موجودہ حالت کے درمیان رکاوٹ نہ بنتا تو اس بارے میں قلم سے پھول بوٹے نکالتا۔ اس کے باوجود "عقل مند آدمی کے لئے اشارہ کافی ہوتا ہے" کے مطابق جو کچھ کہ کہا گیا رہنمائی کے لئے کافی ہے اور یہ آخری نکتہ ایک پیدا ہونے والے اعتراض کی پہلے ہی سے پیش بندی کے لئے ہے کہ شاید کسی کی زبان پر یہ بات آجائے۔ بالجملہ بیعت کا مطلق انعقاد تو ایک دو آدمیوں کی بیعت سے بھی حاصل ہو جاتا ہے اور عام انعقاد تمام اہل حل وعقد کے متفق ہوئے بغیر نہیں ہوسکتا۔ ہاں اگر اہل حل وعقد کی اہلیت ایک ہی شخص میں منحصر ہو جائے تو اس وقت خلافت کا عام ہونا ایک شخص کے ذریعہ سے بھی حاصل ہوسکتا ہے۔

## وآنچہ در شرح مقاصد ست

"وتنعقد الامامة بطرائق احدها بيعة اهل الحل والعقد الى ان قال بل لو تعلق الحل والعقد بواحد مطاع كفت بيعته."

اور وہ جو کہ شرح مقاصد میں ہے (کہ): "اور امامت کئی طریقوں سے منعقد ہو جاتی ہے ان میں سے ایک طریقہ اہل حل وعقد کی بیعت کر لینا ہے یہاں تک کہ پھر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مصنف شرح مقاصد نے کہا ''بلکہ اگر کسی ایک ہی واجب الاطاعت سے حل وعقد وابستہ ہو جائے تو اسی ایک کی بیعت کر لینا کافی ہے۔''

## بعدازاں گفتہ

''والثانی استخلاف الامام الخ ''اگر طرق مطلق انعقاد باشند معنی آنست کہ برای مطلق انعقاد بیعۃ یک دو کس وہم استخلاف وہم قہر وشوکۃ کافی ست لیکن در مطلق انعقاد عموم انعقاد لازم نمی آید تا حضرت امام را اطاعۃ یزید لازم وخروج بر آں حرام گردد۔ واگر طرق انعقاد مطلق اعنی عموم وشمول خلافت اند وصحیح ہمیں ست ومعنی آں ست کہ اہل حل وعقد در یک دو کس منحصر ست اوشاں کافی اند۔ زیرا کہ عددی برائے اہلِ حلِ وعقد معین نیست۔ لیکن اندریں صورت ہم حضرت امام را اطاعتِ یزید ضرور نیست زیرا کہ خلافۃ بی اجتماع جملہ اہل حل وعقد متصور نیست۔ چوں حضرت امام بیعۃ نکردند اتفاق جملہ میسّر نیامد۔ بالجملہ اندریں صورت ہمہ اہل حل وعقد پابند دو باشند یا چار۔ ہاں عددی برای اوشاں معین نیست۔

اس کے بعد صاحب شرح مقاصد نے کہا:

''اور دوسرا طریقہ انعقادِ امامت کا استخلافِ امام ہے الخ۔''

اگر یہ طریقے مطلق انعقادِ امامت کے طریقے ہوں تو یہ معنی ہیں کہ مطلق انعقاد کے لئے ایک دو آدمیوں کی بیعت اور نیز استخلاف اور غلبہ اور شوکت کافی ہے لیکن مطلق انعقاد سے انعقاد کا عام ہونا لازم نہیں آتا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو یزید کی اطاعت لازم ہو، اور اس کے خلاف اُٹھنا حرام ہو، اور اگر یہ طریقے کامل انعقاد یعنی خلافت کے عام اور شامل ہونے کے طریقے ہیں اور صحیح بھی یہی ہے تو معنی یہ ہوں گے کہ اگر اہل حل وعقد فقط ایک دو شخص ہیں، تو وہی کافی ہیں کیونکہ اہل حل وعقد کے لئے کوئی عدد مقرر نہیں ہے لیکن اس صورت میں بھی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو یزید کی اطاعت ضروری نہیں ہو جاتی کیونکہ عام خلافت تمام اہل حل وعقد کے بغیر ممکن

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نہیں ہے۔ چونکہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے بیعت نہیں کی، اس لئے سب اہل حل وعقد کا متفق ہونا حاصل نہ ہوسکا۔ اس لئے اس صورت میں تمام اہلِ حل وعقد دو کے پابند ہوں گے یا چار کے ہاں ان کے لئے کوئی عدد مقرر نہیں ہے۔

## مقدمہ ششم

ششم آنکہ خروج چیزی دیگرست وخلع بیعت چیزی دیگر۔ چنانچہ نقض عہد چیزے دیگرست ومنابذۃ عہد چیزی دیگر۔ اوّل بحکم ''وَ اَوْفُوْا بِالْعَهْدِ. اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا''۔ ''وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا'' ممنوع ست وثانی بارشاد ''وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ'' مباح۔ ہمچنیں خروج برامام بعد بیعت ممنوع بالذات ست۔ وخلع بیعت وقتِ ضرورۃ بذاتِ خود مباح۔ اگر فاسقی سریر آرائے خلافت باشد تعطل حقوق وصدورِ مظالم وتوانی عوام دراحکام وشیوع بدعات درجاہلاں مظنون بلکہ ضروری الوقوع ست۔ دریں وقت ضرورۃ اگر صاحب ہمتی برخیزد دوست بداماں خلیفہ آویزد واز سریر خلافتش برکشد ودست بدست عادلی زند، عاقلی رانمید انم کہ روترش کند وچیں برجبیں افگند وآواز انکار بریں کار برآرد۔ ہاں اگر دریں عزل ونصب فتنہ برخیزد وآبروئے دین واہلِ دیں ریزد البتہ ممانعت عرضی عارض حال ایں فعال خواہد شد۔ پس بقدر مفاسد، انکار وانزجار ضروری ست۔ اگر برہمی دین بنظر آید یا پریشانی اہلِ دین مظنون بود نشاید کہ پیرامون ایں کار گردند۔ واگر فقط صدمۂ برجان ومالِ خود یا اتباع یک جان خود افتادہ بینند ایں خود از عزائم ست۔ منشاء ایں عزیمت ہماں ست، کہ از اعظم شہادۃ کلمۂ حق عند سلطان جائر او کما قال فہمید باشی۔ مگر دانی کہ اندیشۂ فتنہ وفساد چنانچہ باعتبار وقائع مختلف است ہمچنیں باعتبار اندیشہ کناں مختلف است یکی رادریک واقعہ اندیشہا برروئے کار می آیند وہمت رامی گزایند ویکے را اُمید ہا کارے فرمایند وہمتش رامی افزایند۔ پس اگر شخصے از اقامۃ فاسقے از مسندِ خلافت از فتنہا بترسد ودیگرے امید دریں عزل ونصب دارد آں را

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ممنوع وایں را مباح خواہد بود۔ باقی ایں قصہ را خدا داند کہ رائے کدام برصواب ست و کدام برخطا''۔ المجتهد يخطى ويصيب۔

## چھٹا مقدمہ

**ترجمہ**: چھٹے یہ کہ کسی خلیفہ کے خلاف بغاوت اور چیز ہے اور بیعت توڑ دینا دوسری بات ہے۔ چنانچہ عہد شکنی کرنا دوسری چیز ہے اور معاہدے کو ختم کر دینا اور بات ہے اوّل یعنی عہد توڑنا تو وہ عہد ﴿''وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ. اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا''(سورۃ بنی اسرائیل، آیت ۳۵، رکوع ۸)﴾ کو پورا کرو کیونکہ عہد کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔''

اور قسموں ﴿''وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا''(سورۃ النحل، آیت ۹۱، رکوع ۱۳)﴾ کو ان کی تاکید کے بعد مت توڑو'' کے حکم کے مطابق ناجائز ہے۔

اور ''عہد کو منہ ﴿پوری آیت یہ ہے: ''وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ'' اور اگر آپ کو کسی قوم سے دَغا کا ڈر ہو تو ان کا عہد ان کی طرف پھینک دیں، ایسی طرح کہ تم اور وہ برابر ہو جائیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ دَغا بازوں کو پسند نہیں کرتا۔ مطلب یہ ہے کہ اگر کسی قوم میں ایسے آثار پائے جائیں، کہ وہ عہد شکنی پر آمادہ ہیں تو آپ کو اجازت ہے کہ اگر مصلحت سمجھیں تو اُن کا عہد واپس کر دیں اور معاہدے کی دست برداری سے ان کو مطلع کر دیں۔ تاکہ دونوں مساویانہ طور پر آگاہ ہو جائیں۔ (سورہ الانفال، آیت ۵۸، رکوع ۷، پارہ نمبر ۱۰)﴾ پر مارنا۔ تو برابری کے طور پر ان کی طرف عہد کو پھینک دو'' کے ارشادِ باری کے مطابق مباح ہے۔

اسی طرح امام کے خلاف بغاوت بیعت کرنے کے بعد از خود بِنا جائز ہے اور بیعت سے ضرورت کے وقت بَری ہو جانا اپنی جگہ مباح ہے۔ اگر کوئی فاسق خلافت کے تخت پر چڑھ بیٹھے گا تو حقوق کا ضائع ہونا، مظالم کا صادر ہونا، عوام کا احکامِ الٰہی میں سُست پڑ جانا۔ جاہلوں میں بدعت کا شائع ہو جانا گمان کیا جا سکتا ہے بلکہ ان اُمور کا واقع ہونا لازمی بات ہے۔ اس وقت ضرورت کی وجہ سے اگر کوئی ہمت والا شخص اُٹھ کھڑا ہو اور خلیفہ کے دامن کو پکڑے جو اس کو خلافت کے تخت سے اُتار پھینکے اور کسی منصف آدمی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کے ہاتھ پر بیعت کرے تو میں کسی عقل مند کو ایسا نہیں پاتا کہ وہ ترش رو ہو اور اس کی پیشانی پر بل پڑ جائیں اور ایسا کرنے پر مخالفت کی آواز بلند کرے۔ ہاں اگر اس فاسق خلیفہ کے اُتارنے اور دوسرے کو مقرر کرنے میں فتنہ پیدا ہو جائے، اور دین اور اہلِ دین کی بے آبروئی ہو، تو عارضی طور پر ایسا کرنے والے کے لئے ممانعت پیدا ہو جائے گی۔ اس لئے فسادات کی مقدار کے مطابق تنبیہ اور زجر ضروری ہے۔ اگر دین کا شیرازہ منتشر ہوتا نظر آئے یا اہلِ دین کی پریشانی کا گمان غالب ہو تو اس کے خلاف ائمہ لائق نہیں کہ اس کام کے قریب بھی پھٹکیں اور اگر کوئی صدمہ اپنی جان یا مال یا اپنے موافقین فرماں برداروں پر واقع ہوتا دیکھیں تو یہ ہمت کا کام ہے۔

اس اُولوالعزمی کا مقصد وہی ہے جیسا کہ جابر بادشاہ ﴿ ''وَاَفْضَلُ الْجِهَادِ مَنْ قَالَ كَلِمَةَ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ'' (حدیث) (ترجمہ: افضل جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے ﴾ کے سامنے حق کا کلمہ کہنا بڑی شہادت ہے کی حدیث سے تم نے سمجھا ہوگا مگر تمہیں معلوم ہے کہ فتنہ وفساد کا اندیشہ جیسا کہ واقعات کے اعتبار سے مختلف ہے اسی طرح اندیشہ کرنے والوں کے اعتبار سے بھی مختلف ہوا کرتا ہے۔ ایک شخص کو ایک واقعے میں کتنے ہی خطرے محسوس ہوتے ہیں اور ہمت کو توڑ دیتے ہیں اور ایک شخص کے لئے اُمید افزا ہوتے ہیں اور اس کی ہمت کو بڑھاتے ہیں۔ پس اگر کوئی شخص کسی فاسق کو تخت سے اُتارنے میں فتنوں سے ڈرتا ہے اور دوسرا اس کو اُتارنے اور دوسرے کو خلیفہ بنانے میں اُمید رکھتا ہے، تو ڈرنے والے کے لئے ممنوع اور نہ ڈرنے والے کے لئے مباح ہوگا۔ باقی اس قصے کو اللہ ہی جانتا ہے کہ کس کی رائے ٹھیک ہے اور کس کی غلط کیونکہ مجتہد سے غلطی بھی ہوتی ہے اور درستی بھی۔

## در اہلیت ولیاقتِ خلافت

ہفتم آنکہ اہلیۃ ولیاقت خلافت بدو گونہ ست۔

(۱) یکے آنکہ تفویض خلافۃ با ور وا بود و بس ایں قدر لیاقت فقط با سلام وقریشیۃ بہم

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

میسر سد وصلاح وتقوٰی در یںقدر بکار نیست۔

(۲) دویم آنکہ خلعتِ خلافت بر بالای حال اوراست اید۔ اعنی تمکین دین از دست او مظنون بود۔ ایں قسمِ لیاقت بےعلمِ وافر وعملِ صالح وحُسنِ تدبیر وہمۃ بلند و ترکِ دنیا میسّر نمی تواں شد۔ پس آنچہ دراحادیثِ نسائی مروی ست کہ:

**بايعنا رسول الله صلى الله عليه وسلم على السمع والطاعة فى اليسر والعسر والمنشط والمكره وان لا ننازع الامر اهله و ان نقول او نقوم بالحق حيث ما كنا لا نخاف لومة لائم.**

نظر برہمیں اہلیۃ ثانیہ ست کہ از منازعۃ اَمر باوجود آں اہلیۃ منع فرمودہ اند۔

## خلافت کی لیاقت اور اہلیت کے بارے میں

ساتویں بات یہ ہے کہ خلافت کی لیاقت واہلیت دو قسم کی ہوتی ہے۔

(۱) اوّل یہ کہ خلافت کی سپردگی اس شخص کیلئے فقط جائز ہو۔ اتنی لیاقت صرف اسلام اور قریشیت سے حاصل ہو جاتی ہے اور نیکی اور پرہیزگاری کی اس میں چنداں ضرورت نہیں۔

(۲) دوسرے یہ کہ خلافت کا لباس اس کے قد پر فٹ آجائے۔ میرا مطلب ہے کہ دین کا اقتدار اس کے ہاتھوں اغلب ہو تو اس قسم کی لیاقت کثرتِ علم، عملِ صالح اور حُسنِ تدبیر، ہمت بلند اور ترک دنیا کے بغیر میسّر نہیں ہو سکتی ہے۔ اس لئے جو کچھ نسائی کی حدیثوں میں روایت کیا گیا ہے کہ:

"ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تنگی اور فراخی، سُکھ اور دُکھ میں مطیع و فرماں بردار رہنے کی بیعت کی اور یہ کہ ہم اہلِ اَمر سے کسی اَمر میں جھگڑا نہیں کریں گے۔ اور یہ کہ ہم حق کہیں گے، اور حق پر قائم رہیں گے۔ ہم جس حال میں بھی ہوں گے ہم کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔"

اسی دوسری اہلیتِ خلافت پر نظر رکھتے ہوئے ہے کہ کسی اَمر میں جھگڑے اس کی اہلیت کے باوجود منع فرمایا ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## دلیل اوّل

ودلیلش اوّل ہمیں حدیث ست چہ جملہ اخیرہ اعنی ان نقول او نقوم بالحق الخ خود بریں قدر دلالۃ واضحہ دارد کہ اگر خلیفۂ وقت فاسق بود دادِ حق باید داد۔ وایں امر بدرجۂ اتم ہماں وقت ظہور کند کہ خلعِ بیعت تواں کرد۔

## دلیل اوّل

ترجمہ: اوراس کی دلیل اوّل تو یہی حدیث ہے کیونکہ آخری جملہ میری مراد ہے" ان نقول او نقوم بالحق الخ" خود اتنی بات پر واضح دلیل ہے کہ اگر خلیفۂ وقت بدکار ہو تو حق بات کا اعلان کرنا چاہئے اور یہ اَمر بدرجہ اتم اس وقت ہی ظاہر ہوگا جب کہ اس فاسق خلیفہ کی بیعت کو گلے سے نکال پھینکے۔

## دلیل دوم

دوم آنکہ در اقامۃ فاسق از مسندِ خلافت ونشاندن عادل بجائش ہیچ محذوری مکنون ولازمِ ذات نیست کہ احتراز ازاں قابل اہتمام باشد۔ باقی ماند آنکہ اندیشۂ فتنہ وفساد موجبِ نہی باشد۔ اگر عقل باشد دریں جا معقول نیست۔ چہ اوّل علی الاطلاق ایں طور منع نمی فرمودند۔ بلکہ بشرط اندیشہ مذکور منع مے فرمودند واگر بلحاظ اکثریۃ وقوعِ فساد در ہمچنیں وقائع حجۃ کردہ آید قطع نظر از آنکہ مارا کہ مجیبیم احتمال ہم کافی ست۔ بجز تعنت ایں را چہ جواب ست کہ قرینہ عطف جملہ لاحقہ اعنی" وَ اَنْ نَقُوْلَ اَوْ نَقُوْمَ بِالْحَقِّ" مصحح اوّل ست نہ ثانی اعنی آنکہ مراد از اہلیۃ اتصافِ بہ علم وتقویٰ وزہد وقوۃ وہمۃ وحُسنِ تدبیر ہست نہ فقط اسلام وقریشیۃ۔

## دلیل دوم

دوسرے یہ کہ مسندِ خلافت سے فاسق کو اُتار دینے اوراس کی جگہ انصاف پرست کو بٹھانے پر کوئی ایسا نقصان پوشیدہ نہیں ہے اور نہ لازم آتا ہے کہ اس سے بچنا ضروری

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہو۔ باقی رہا یہ کہ فتنہ وفساد کا اندیشہ ممانعت کا سبب ہو، تو اگر کوئی عقل والا ہوتو اس کے لئے یہاں معقول نہیں ہے کیونکہ اوّل تو مطلقاً اس طور پر منع نہیں فرماتے تھے بلکہ مذکور اندیشے کی شرط پر منع فرماتے تھے اور اگر اکثریت کے لحاظ سے فساد کا واقع ہونا اس جیسے مواقع پر حجت میں لایا جائے تو قطع نظر اس کے کہ ہم جواب دینے والے ہیں اس کا احتمال بھی کافی ہے۔ سوائے دھینگا دھانگی کے اس کا کیا جواب ہے کہ جملہ لاحقہ کے عطف کا قرینہ میری مراد ''وَ اَنْ نَقُوْلَ اَوْ نَقُوْمَ بِالْحَقِّ '' اوّل کی تصحیح کررہا ہے نہ کہ دوسرے کی۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اہلیت سے مراد علم، پرہیزگاری، زُہد اور ہمت کی قوت اور حُسنِ تدبیر ہے۔ صرف مسلمان اور قریشی ہونا کافی نہیں ہے۔

(۷) ہفتم آنکہ انعقادِ خلافت بوجہ استیلاء وقہر وغلبہ بحکم ضرورۃ ست وخروج اندریں صورت باندیشہ فتنہ وفساد نہ آنکہ بذاتِ خود ممنوع ست۔ پس اگر کسے بزور وغلبہ متسلّط شود و دیگراں را لائق خلافت نماید اگر امیدِ غلبہ دارند رواست کہ سر برآرند و دست از اطاعتش بدارند۔ آئندہ خدا داند کہ ایں ظنِ اوشاں راست خواہد آمد یانی۔ واللہ اعلم

**ترجمہ**: ساتویں یہ کہ خلافت کا انعقاد، غلبہ، زور اور زبردستی کی وجہ سے ضرورت کے سبب سے ہے اور اس صورت میں اطاعت سے نکل جانا فتنہ وفساد کے اندیشے سے منع ہے نہ یہ کہ بذاتِ خود خروج ناجائز ہے پس اگر کوئی غلبہ اور طاقت سے قابض ہو جائے اور دوسروں کو خلافت کے لائق نہ دکھائی دے تو اگر غلبہ کی اُمید رکھتے ہوں تو درست ہے کہ اس کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوں اور اس کی اطاعت سے ہاتھ اُٹھالیں۔ آئندہ خدا جانتا ہے کہ اُن کا یہ گمان درست ہوگا یا نہیں۔ واللہ اعلم

(۸) ہشتم آنکہ اتباع واطاعۃ ائمہ وخلفاء وجوب آں مشروط بشرطِ بقاء امامت است وخلافت مثل اتباع رسل تا وقتیکہ نبوۃ کسی بحال خود باقی ست، اعنی منسوخ بنبوۃ دیگرے نگر دیدہ اتباع اوامر ونواہی شاں ضرورۃ ست و زمانیکہ اوشاں از عہدۂ نبوۃ خود برآیند اعنی نبوۃ شان منسوخ گردد۔ آندم اتباع اوشاں ضرور نیست، خواہ اوشاں زندہ باشند مثل

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا مردہ بموت مخصوص خود۔ ہمچنیں خلفاء را باید پنداشت۔ پس اگر خلیفہ را بوجہی معزول کنند یا خلافت او قبول نکنند اتباع اوامر ونواہی او لازم نخواہد بود۔ غایۃ مافی الباب ایں عزل وعدم قبول ناز یبا ومکروہ ممنوع بود۔ غرض تاکیدات نبوی بنسبۃ اطاعۃ اُولی الامر نہ علی العموم ست بلکہ تا وقت بقاء خلافت وامامت شان ست۔

**ترجمہ** : آٹھویں یہ کہ خلفاء اور اِماموں کی اطاعت اور پیروی کا واجب ہونا۔ ان کی امامت کے باقی رہنے کی شرط کے ساتھ مشروط ہے جیسا کہ رسولوں کی پیروی ان کی رسالت کی بقاء کی شرط کے ساتھ مشروط ہوا کرتی ہے جب تک کہ کسی نبی کی نبوت اپنی حالت پر باقی ہے یعنی دوسرے نبی کی نبوت سے منسوخ نہیں ہوتی تو اس کے احکامات کی پیروی ضروری ہے اور جب انبیاء اپنی نبوت سے عہدہ برآ ہو جائیں یعنی ان کی نبوت منسوخ ہو جائے تو اس وقت ان کی پیروی ضروری نہیں ہے۔ وہ خواہ زندہ ہی کیوں نہ ہوں جیسا کہ عیسیٰ علیہ السلام یا اپنی امتیازی موت کے ساتھ دنیا سے تشریف لے گئے ہوں اسی طرح خلفاء کو بھی سمجھ لینا چاہئے۔ پس اگر کسی وجہ سے خلیفہ کو معزول کر دیں یا اس کی خلافت کو لوگ قبول نہ کریں تو اس خلیفہ کے احکام اور نواہی کی تعمیل ضروری نہ ہوگی۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہ خلیفہ کا معزول کر دینا اور قبول نہ کرنا (بعض حالات میں) نامناسب (بعض میں) مکروہ اور (بعض میں) ممنوع ہوگا۔ غرض نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اُولی الامر کی اطاعت کے متعلق تاکیدیں عام طور پر نہیں ہیں بلکہ ان کی امامت اور خلافت کے باقی رہنے کے وقت تک ہیں۔

(۹) نہم آنکہ اگر افرادِ کثیرہ در لیاقت بمعنی ثانی شریک باشند فرق اگر باشد در شدّۃ وضعف وزیادۃ وقلت باشد۔ آں وقت افضل آنست کہ افضل را خلیفہ گردانند نہ آنکہ واجب است۔ چنانچہ ظاہر ست وہم از قصۂ بیعۃ خلیفۂ اوّل بامر چہ بعد وفات سرورِ کائنات علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اوّل انصار را داعیہ امارت بسر افتاد۔ اگر افضلیۃ در امام ضروری بودے ایں خیال محال بود۔ چہ افضلیۃ مہاجرین وآنہم چار یار و

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بقیہ عشرہ مبشرہ دراں زمانہ ہم حکم بدیہیات داشت۔ خصوصاً افضلیۃ خلیفۂ اوّل۔ واگر گفتہ شود کہ تا آں وقت ضرورت افضلیۃ مثل ضرورت قریشیت معلوم نباشد۔

**ترجمہ**: نویں یہ کہ اگر بہت سے آدمی لیاقت بمعنی ثانی (یعنی قریشی، متقی اور عالم وغیرہ) میں شریک ہوں اور اگر ان میں کوئی فرق ہو تو شدّت اور ضعف اور زیادتی وقلت میں ہو تو اس وقت افضل یہ ہے کہ سب سے زیادہ اچھے آدمی کو خلیفہ بنائیں۔ البتہ یہ واجب نہیں ہے (اولیٰ یہ ہے کہ افضل کو بنائیں) جیسا کہ ظاہر ہے چنانچہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد، خلیفۂ اوّل کی بیعت کے قصہ میں اوّل انصار کے دماغ میں خلافت کا جو جذبہ پیدا ہوا، تو اگر امامت میں افضلیت (واجب ہوتی تو پھر) انصار کا داعیہ ایک خیال محال ہوتا۔ کیونکہ مہاجرین صحابہ کی اور ان میں بھی چار یاروں اور باقی عشرہ مبشرہ کی افضلیت اس زمانے میں بدیہی طور پر مسلّم تھی۔ خاص طور پر خلیفۂ اوّل کی افضلیت، اور اگر کہا جائے کہ اس وقت تک خلیفہ کا افضل ہونا قریشی ہونے کی ضرورت کی طرح ضروری نہ تھا۔

جوابش این است کہ ضرورتِ قریشیت محض شرعی است و عقل را دراں مجالِ مداخلت نیست آری افضلیت بمشابہ است کہ اگر ضروری باشد اعنی بدیہی بود وازیں ہم واگذاشتیم، پس ازآنکہ: "الائمة من قريش"

خواندہ شدہ آں وقت کہ خلیفۂ اوّل حوالہ بر حضرت عمر و حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہم کردند چنانکہ یاد باشد، خود دلیل کامل است بریں مدعا۔ چہ اگر بہ نسبتِ خود دیگراں را افضل میدانستند باری تفاوتِ مراتب دیگراں بالیقین معلوم بود۔ ہر کرا افضل میدانستند بہ بیعتہ ہماں کس ارشاد میفرمودند۔

**ترجمہ**: اس کا جواب یہ ہے کہ قریشی ہونے کی ضرورت صرف شرعی ہے عقل کو اس میں دخل دینے کی مجال نہیں ہے۔ ہاں افضلیت اس درجہ پر ہے کہ اگر ضروری ہو یعنی واضح ہو، اور چلیے ہم اس کو بھی چھوڑتے ہیں اور اس کے بعد (کہ حدیث کے مطابق کہ)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

"خلفاء قریش میں سے ہوں گے۔"

سنائی گئی تو اس وقت خلیفۂ اوّل نے خلافت کو حضرت عمر اور حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہم کے حوالے کیا جیسا کہ آپ کو یاد ہوگا۔ یہ بات اس مدّعا پر مکمل دلیل ہے۔ کیونکہ اپنے مقابلے میں اگر دوسروں افضل جانتے اور یقینا دوسروں کے مرتبوں کا فرق ان کو معلوم تھا تو جس کسی کو وہ افضل سمجھتے، اسی کی بیعت کرنے کیلئے ارشاد فرماتے۔

**شُبہ**

واگر گفتہ شود کہ ہر دو را یک مرتبہ دانستہ باشند ہر چند ایں قسم بیہودہ خیالات تعنت محض ست و مکابرہ سخت دریں امر چہ عذر خواہند آورد کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ خلافت با امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سپردند۔ شیعہ اگر چشمِ حق بیں بستہ یا شکستہ عذر تقیہ کنند سُنّیاں چہ خواہند گفت ہر چند ایں عذرِ شیعیاں نیز دریں واقعہ تعنت و مکابرہ است چہ باایں افواج کثیرہ کہ بودند و آں انکار کہ لشکریاں کہ نمودند ایں عذر پوچ بنرخ گوز شترے ارزد۔
اما کلام بر اُصول سُنّیاں است اوشاں را بجز تسلیم آنکہ خود تسلیم کردند ہیچ چارہ نیست و بعد ایں ہمہ چنیں و چناں ایں قدر بدیہی است کہ افضلیت کسے، موجبِ افضلیت استخلاف اولٰی تواں شد، سببِ وجوبِ استخلافِ او نتواں شد۔

**شبہ**

**ترجمہ**: اور اگر یہ کہا جائے کہ دونوں کو ایک ہی مرتبہ کا سمجھا ہوگا تو ہر چند کہ یہ خیال بے ہودہ اور دھینگا مشتی ہے، اور سخت زبردستی ہے تو پھر اس بات کا کیا عذر پیش کریں گے کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے خلافت حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے سپرد کر دی تھی۔ شیعہ لوگ اگر نظر حق بین بند کر کے یا پھوڑ کر تقیہ کا عذر کریں گے۔ مگر سنی کیا کہہ سکیں گے۔ ہر چند شیعوں کا تقیہ کا عذر بھی اس واقعے میں دھینگا مشتی ہے کیونکہ اتنی کثیر التعداد فوج جو اُن کے پاس تھی اور فوج بھی انکار کر رہی تھی یہ تقیہ کا عذر گوز شتر سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

لیکن بحث تو سُنّیوں کے اُصول پر ہو رہی ہے لیکن چونکہ سُنّی پہلے تسلیم کر چکے ہیں اس لئے انہیں تسلیم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے اور اس قدر بحثوں کے بعد یہ بات کُھل کر آ گئی ہے کہ کسی کا افضل ہونا خلیفہ نامزد کرنے کے لئے صرف افضلیت کا موجب ہو سکتا ہے اس کی نامزدگی کے واجب ہونے کا سبب نہیں ہو سکتا۔

(۱۰) دہم آنکہ حال در معرض تحول می باشد ہمیں است کہ حال نام کردند پس ممکن بلکہ ہزار ہا را می بینم کہ وقتی تقویٰ است وطہارت وزہد است وعبادت وسجادۂ طاعت بر دوش وحلقۂ اطاعتِ خداوندی در گوش باز پس از چندی مسخرہ شیطان مے شوند و برعکس رہ اوّل میروند۔ درحال اوّل لیاقتِ خلافت بمعنی ثانی دارند نہ درحالِ ثانی۔

**ترجمہ**: دسویں بات یہ ہے کہ انسان کی حالت بدلتی رہتی ہے اسی وجہ سے تو اس کا نام حال رکھا ہے پس ممکن ہے بلکہ ہزاروں کو مَیں دیکھتا ہوں کہ ایک وقت تقویٰ، طہارت اور دنیا سے بے رغبتی ان کو ہوتی ہے اور عبادت اور اطاعت کا مصلّی کندھے پر ہے اور اطاعتِ خداوندی کا حلقہ کان میں ہے لیکن پھر کچھ عرصے کے بعد شیطان کا کھلونا بن جاتے ہیں اور پہلی راہِ ہدایت کے برخلاف چلنے لگتے ہیں۔ پہلی حالت میں تو وہ دوسرے معنی میں خلافت کی لیاقت رکھتے ہیں لیکن دوسری حالت میں نہیں۔

(۱۱) یازدہم آنکہ اوامر ونواہی نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نہ فقط برائے ایجابِ وتحریم می باشند بہر استحباب وغیرہ اُمورِ معلومہ نیز می باشند۔ آری تمیز اینکہ ایں امر ونہی برائے ایجاب وتحریم است وایں امر ونہی برائے استحباب وغیرہ ہر کس را میسّر نیست آنکہ فرق مراتب موجبات امر ونہی وعلل غائیۃ آں رامی شناسد، ایں رامی داند۔ چوں بحث دریں امر خاص است رمزی از منقسم باید گفت۔ اگر خلیفۂ وقت اہلیۃ ثانیہ داشتہ باشد قتال وجدالِ او حرام قطعی است چہ مضرۃ دینی ودنیوی بے شائبہ منفعتِ دینی پیش خواہد آمد۔ وایں قدر کیست کہ نمی داند کہ ایں قسم اُمور حرام مطلق می باشند۔ واگر از اہلیۃ ثانیہ بہرۂ ندارد، فقط باہلیت اولیٰ سریر خلافت را زیر پا گرفتہ وبر مسندِ امامت وحکومت اہلاں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نشستہ می باید دید کہ در تقدیرِ عزلِ آں و نصبِ دیگراں اگر فقط اتلاف جان و مال خویشتن است و بس امید غلبہ و رجاء شوکت نیست نہی از قتال و جدال او نہی شفقت خواہد بود، و اگر اندیشۂ تمادی و استطارۃ فتنہ باشد اعنی بداند کہ ایں آتش در عرض و طول خود کردہ و نا کردہ را فرا خواہد گرفت فقط سروکار با اہلِ پیکار نخواہد ماند، آں وقت نباید کہ دستِ قتال کشاید مگر اکثر ہمیں است کہ ایں تخمِ بے حقیقت شاخ و برگ خود دُور دُور می رساند و چوں نرساند کینہ از سینۂ سلاطین دریں چنیں اوقات سر میزند و حب مال و جاہ کینہ کش بدخواہ خود می شود۔ بایں ہمہ آں طرف مال و دولت در دست و خشم و خدم سر پرست، قہر و استیلا حاصل، مخالف و مزاحم متاصل و ایں طرف بجز موشک دوانی و اُمیدِ پنہانی چیست کہ اُمید بستہ آید و قوتِ دشمن شکستہ اید۔ لیکن تاہم کار پردازی غیب گاہی در کارِ بے سروسامانان می شود و اقبال و نصرت مددگار بے خانماناں میگردد۔ انقلاب دولتِ بنی اُمیہ از دستِ عباسیاں شنیدہ باشی و ترقی دولۃ تیموریہ در کتب دیدہ باشی۔ پس اگر اُمیدِ غلبہ و رجاء شوکت باشد، در محاربہ و مجادلہ چہ باک۔

**ترجمہ**: گیارہواں اُصول یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اَوامر و نواہی صرف کسی چیز کو واجب اور حرام کرنے کے لئے ہی نہیں ہوتے بلکہ اُمورِ معلومہ استحباب و اباحت وغیرہ کے لئے بھی ہوتے ہیں۔ البتہ یہ تمیز کرنا کہ کون سا اَمر اور نہی ایجاب و تحریم کے لئے ہے اور کون سا استحباب و اباحت کے لئے ہے ہر شخص کے بس کا کام نہیں ہے۔ ہاں وہ شخص جو کہ اَمر و نہی کے مقتضاء کے مراتب اور ان کے اغراضِ اصلیہ کا فرق پہچانتا ہے وہی اس فرق کو سمجھ سکتا ہے چونکہ ہم اس خاص مسئلے میں بحث کر رہے ہیں تو کچھ اشارہ اس طرف بھی کر دینا چاہئے۔ اگر خلیفۂ وقت خلافت کی دوسری قسم ﴿یعنی قریشیت کے ساتھ صاحب علم و تقویٰ بھی ہو۔ مترجم﴾ کی اہلیت رکھتا ہو (کہ وہ پرہیز گار ہے) تو اس وقت اس کے ساتھ جنگ و جدال کرنا قطعی حرام ہے کیونکہ اس صورت میں کسی دینی نفع کے شائبہ کے بغیر ﴿یعنی نقصان دینی اور دنیوی دونوں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

قسم کا ہوگا اور کوئی دینی فائدہ نہ ہوگا۔ مترجم﴾ دینی اور دنیوی نقصان پیش آئے گا اور اتنی بات کو کون ہے جو نہیں جانتا ہے کہ اس قسم کے اُمور بالکل حرام ہوتے ہیں اور اگر اہلیت ثانیہ سے وہ بہرہ وَر نہیں ہے صرف پہلی اہلیت کی وجہ سے تخت خلافت کو اپنے پاؤں کے نیچے دبائے بیٹھا ہے اور اس نے خلافت کے اہل لوگوں کی جگہ گھیری ہوئی ہے، تو پھر یہ دیکھنا چاہئے کہ اس کو تخت سے ہٹانے اور دوسروں کو بٹھانے میں اگر صرف اپنی جان و مال کا کھونا ہے اور فتح کی اُمید اور شوکت کی صورت نہیں ہے۔ تو اس کو ایسے خلیفہ سے جنگ و جدال کرنے سے منع کرنا صرف شفقت کے طور پر ہوگا اور اگر فتنہ کے بھڑکنے اور تمادی کا اندیشہ ہو، میرا مطلب ہے کہ وہ جانتا ہے کہ یہ آگ اپنے عرض و طول میں کرنے والے اور نہ کرنے والے کو گھیر لے گی۔ صرف اہلِ پیکار تک ہی محدود نہ رہے گی تو اس وقت جنگ و جدال کے لئے ہاتھ نہیں اُٹھانا چاہئے مگر اکثر یہی ہے کہ یہ معمولی سا بیج اپنی شاخیں اور پتے دُور دُور تک پہنچاتا ہے اور کیوں نہ پہنچائے کہ اس قسم کے حالات میں سلاطین اپنا انتقام لیتے ہیں اور مال و جاہ کی محبت اپنے دشمن سے کینہ پر مجبور کرتی ہے۔ اس کے باوجود اس طرف ہاتھ میں مال و دولت ہوتے ہیں، اور نوکر چاکر اور لشکر مددگار ہوتا ہے۔ غلبہ اور تسلّط حاصل اور مخالف و مزاحم کی جڑیں کھوکھلی، اور اس طرف شوشے چھوڑنے اور دَر پردہ اُمیدیں باندھنے کے سوا کیا رکھا ہے کہ اُمید پوری ہو جائے اور دشمن کی قوت ٹوٹ جائے لیکن پھر بھی کبھی غیبی نصرت بے سروسامان لوگوں کی کامیابی کا سامان پیدا کر دیتی ہے اور بے خانماں لوگوں کی مددگار بن جاتی ہے۔ عباسیوں کے ہاتھوں بنی اُمیّہ کی حکومت کا انقلاب تم نے سُنا ہی ہوگا، اور حکومتِ تیموری کی ترقی کا حال کتابوں میں دیکھا ہوگا۔ پس اگر غلبے کی اُمید اور شوکت کی توقع ہو تو پھر جنگ و جدل میں کیا مضائقہ ہے۔

الحاصل درصورتِ فسق خلیفہ موازنہ در منافع و مضار خلع بیعت باید کرد ہر چہ راجح نماید بداں کاربند باید شدّ و ایں مضمونیست کہ دراشاراتِ آیت:

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

"قُلْ فِيهِمَآ اِثْمٌ كَبِيرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا." (بقرہ، آیت ۲۱۹)

حاصل یہ ہے کہ خلیفہ کے بدکار ہونے کی صورت میں اس کی بیعت توڑنے کے نفع ونقصان کا اندازہ کرنا چاہئے جو صورت ﴿یعنی اگر جنگ میں فائدہ ہو تو جنگ کرے اور اگر کسی نقصان کا اندیشہ ہے، تو پھر جنگ سے باز رہے۔ مترجم﴾ راجح ہو اس پر عمل کرنا چاہئے اور یہی مضمون ہے جو کہ اس آیت کے اشاروں میں پنہاں ہے۔

کہہ دیجئے ﴿اس آیت میں شراب اور جوئے کے بارے میں حکم دیا گیا ہے کہ ان دونوں میں گناہ بڑا اور کچھ منافع بھی ہیں۔ لیکن گناہ ان دونوں کے منافع سے زیادہ ہیں۔ اس لئے جب گناہ غالب ہو تو اس کا اعتبار کر کے ان کو حرام قرار دیا گیا۔ اسی طرح خلیفہ کے فاسق ہونے میں اگر نقصانات غالب ہوں اور فسادات اور تباہی بھی غالب نہ ہو تو چاہئے کہ ایسے خلیفہ کو معزول کر دیا جائے۔ مترجم﴾ کہ ان دونوں یعنی (یعنی شراب اور جوئے) میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لئے کچھ منافع بھی ہیں لیکن ان کے نفع سے نقصان زیادہ ہیں۔

(۱۲) دوازدہم آنکہ در احادیث کتب صحیحہ مثل مسلم از عبادۃ بن صامت رضی اللہ عنہ مروی ست کہ: "دعانا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم فبا یعنا فکان فیما اخذ علینا ان بایعنا علی السمع والطاعة فی منشطنا و مکرهنا و عسرنا و یسرنا و اثرة علینا ولا نتازع الامر اهله قال الا ان تروا کفرا بوّاحا عندکم من اللّٰہ فیه برهان."

ازیں روایت مثل آفتاب روشن است کہ اگر خلیفہ علی الاعلان مرتکب معصیت بینہ باشد و از امر معروف ونہی عن المنکر منزجر نشود منازعت باو جائز است چہ مراد از کفرً بوّاحاً درینجا معصیت است بقرینہ جملہ عندکم من اللّٰہ فیه برهان ورنہ کفر اصطلاحی محتاج ایں توصیف نبود چنانچہ ظاہر است۔ ہمچنیں جملہ لا ما اقاموا الصلوٰۃ کہ در بعض روایات صحیح مسلم بعد استفسار صحابہ رضی اللہ عنہم از منابذۃ امر فسقہ وارد است بریں امر دلالت دارد کہ اگر کسی ارکان ضروریہ دیدیہ را ترک دہد دست اطاعت از دست او باید کشید۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

**ترجمہ**: بارہویں یہ کہ احادیث کی صحیح کتابوں میں جیسی مسلم، عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: ''ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت دی۔ پس ہم نے بیعت کی پس جن باتوں کیلئے ہم سے بیعت لی، یہ تھیں کہ ہم بیعت کریں اطاعت وفرماں برداری پر اپنی خوشی اور ناخوشی میں، اپنی تنگی اور فراخی میں، اور اُولوالامر سے ہم جھگڑا نہ کریں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہاں اگر تم کُھلا کفر دیکھو کہ اس کے بارے میں تمہارے پاس اللہ کی طرف سے برہان موجود ہو (تب اُولوالامر سے نزاع کر سکتے ہو)''۔

اس روایت سے آفتاب کی طرح روشن ہے کہ اگر خلیفہ علی الاعلان کُھلے گناہ کا مرتکب ہو، اور اَمر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے اثر قبول نہ کرے تو اس کے ساتھ نزاع جائز ہے۔ کیونکہ **کفرًا بوّاحًا** سے یہاں مراد گناہ ہے **عندکم من اللّٰہ فیہ برھان** کے قرینے سے۔ ورنہ اصطلاحی کفر اس صفت بیان کرنے کا محتاج نہیں ہے۔

چنانچہ ظاہر ہے ایسی طرح جملہ **لا ما** ﴿اُولوالامر سے نزاع نہ کرو جب تک کہ وہ نماز قائم کرتے رہیں۔انوار﴾ **اقاموا الصلوٰۃ** کہ صحیح مسلم کی بعض روایات میں صحابہ کے پوچھنے کے بعد حکم واقع ہوا ہے جبکہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے بدکار حاکموں کی نافرمانی کے متعلق سوال کیا تھا یہ جملہ اس بات پر دلالت رکھتا ہے کہ اگر کوئی حاکم دین کے ضروری ارکان کو چھوڑ دے تو اس کی فرماں برداری سے ہاتھ کھینچ دینا چاہئے۔

(۱۳) سیزدہم آنکہ فسق را مدارجِ کثیرہ است وحکم ہر درجہ جُدا۔ ہمہ را بیک نرخ نباید گرفت۔ شربِ خمر وامثالِ او نیز فسق است وترک صوم وصلوٰۃ وحج وزکوٰۃ ہم فسق است۔ باز اخفاء آں نیز فسق است واعلان آں نیز فسق است وتنہا کردن ایں کارہا نیز فسق است تحریص دیگراں ہم فسق است۔ ہم چنیں ارتکابِ اُمور محرمہ ہم فسق است و اعتقاد اُمور مبتدعہ ہم فسق است پس جائیکہ تحذیر از خروج بر فساق فرمودہ اند مراد از اں مطلق فسق داشتہ اند مرادم ایں است کہ نفسِ فسق مِنْ حَیْثُ ھُوَ یعنی و ماہیت و

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مصداق فسق بے اعتبار اُمورِ زائدہ موجب عزل وانعزال نیست۔ ورنہ ہر نوع فسق کہ باشد اگر چہ کفر بواح باشد و ترکِ صلوٰۃ بود، موجب عزل نتواند شد۔

غرض ازیں گفتن کہ بر فاسق خروج نباید کرد لازم نمی آید کہ بر اعلانِ فسق ظاہر و ترک ضروریاتِ دین و بدعت ہم خروج نباید کرد۔ بالجملہ فسق کلی مشکک است نہ ہر فردِ او موجبِ خروج، ونہ ہر مرتبہ او مانع ازاں۔ بالجملہ قدر مشترک فیما بین مدارجِ فسق موجبِ خروج نیست وہمیں است معنی **لا یخلع ولا یجوز الخروج علیه۔**

**ترجمہ:** تیرہویں یہ کہ فسق کے بہت سے درجے ہیں اور ہر درجے کا حکم بھی جُدا ہے۔ سب کو ایک ہی بھاؤ نہ سمجھنا چاہئے۔ شراب کا پینا اور اسی طرح کے گناہ (جوا وغیرہ) بھی فسق ہے اور روزہ، نماز، حج اور زکوٰۃ کا چھوڑ دینا بھی فسق ہے۔ پھر فسق کا چھپانا بھی فسق ہے اور فسق کا اعلان کرنا بھی فسق ہے اور ان کاموں کو تنہائی میں کرنا بھی فسق ہے اور دوسروں کو رغبت دینا بھی فسق ہے۔ اسی طرح حرام کاموں کا کرنا بھی فسق ہے اور بدعت کے کاموں کا اعتقاد کرنا بھی فسق ہے۔ پس جہاں فاسق خلفاء کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے سے ڈرایا گیا ہے اس سے مراد مطلق فسق رکھا ہے میرا مطلب یہ ہے کہ فسق صرف فسق ہونے کی حیثیت سے یعنی اس کی ماہیت اور مصداق اُمورِ زائدہ کا اعتبار کئے بغیر خلیفہ کے خود معزول ہو جانے یا معزول کر دینے کا موجب نہیں ہے۔ ورنہ ہر قسم کا جو فسق بھی ہو اگر چہ کفر بواح ہو اور یا ترکِ نماز ہی کیوں نہ ہو، عزل کا سبب نہ ہو سکتا۔

غرض اس کہنے سے کہ فاسق کے خلاف خروج نہیں کرنا چاہئے۔ یہ لازم نہیں آتا کہ فسق ظاہر کے اعلان کرنے اور دین کی ضروریات ترک کرنے اور بدعت کا ارتکاب کرنے پر بھی خروج نہیں کرنا چاہئے۔

نتیجہ یہ ہے کہ فسق کلی مشکک ﴿ مسئلہ تشکیک منطقیوں میں ایک معرکہ آراء مسئلہ ہے۔ یہاں ان تفصیلات کی گنجائش نہیں مختصر طور پر یوں سمجھئے کہ افراد میں صفت کے اعتبار سے کمی اور زیادتی اور درجہ بہ درجہ اَوّلیت اور اولویت، زیادہ شدّت اور زیادہ تخفیف جو پیدا ہوتی ہے اس کا نام

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تشکیک ہے۔ مثلاً ایک وجود کی ماہیت میں دوسرے کی بہ نسبت زیادہ کمال ہو۔ لہٰذا کلی مشکک وہ کلی ہے جو اپنے مصداق کے درجات کے اعتبار سے مختلف ہو۔ مترجم ﴾ ہے نہ اس کا ہر فرد خروج کو واجب کرتا ہے، اور نہ اس کا ہر مرتبہ خروج کو مانع ہے۔ مختصر یہ کہ فسق کے درجوں کے درمیان قدر مشترک خروج کو واجب نہیں کرتی اور یہی مطلب ہے اس کا ''نہ تو بیعت کو توڑے اور نہ اس کے برخلاف خروج جائز ہے''۔

(۱۴) چہار دہم آنکہ عقائد اہلِ سُنّت دو قسم است۔ (۱) یکے متفق علیہا جملہ اہل سنت بیک عقیدہ دل دادہ اند مخالفتِ ایں قسم عقائد چنانکہ شیعہ و خوارج و نواصب و معتزلہ و مرجئہ کردہ اند موجب تفسیق و تبدیع می شود۔

**ترجمہ**: چودھویں یہ کہ اہلِ سنت کے عقائد دو قسم کے ہیں۔ (۱) ایک تو وہ عقائد ہیں جن پر تمام اہل سُنّت بیک خیال متفق ہیں اور جان دیتے ہیں۔ اس قسم کے عقائد کی مخالفت کرنا جیسا کہ شیعہ ﴿ شیعہ وہ فرقہ کہلاتا ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بلافصل خلافت کا قائل ہے اور ان کو سب سے افضل سمجھتا ہے اور اہلِ بیت کی محبت کا دَم بھرتا ہے۔ مترجم ﴾ خارجی ﴿ خارجی وہ گروہ تھا جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت کا منکر بلکہ ان کے کفر تک کا قائل تھا ﴾، نواصب ﴿ نواصب: یہ لوگ ظاہر میں بڑے عابد زاہد تھے لیکن اہل سُنّت والجماعت کے نزدیک یہ فرقہ نجاتِ آخرت سے محروم ہے۔ مترجم ﴾ معتزلہ ﴿ معتزلہ مسلمانوں کے فرقوں میں وہ ایک فرقہ تھا جو گناہِ کبیرہ کے مرتکب کو نہ مسلمان کہتے ہیں اور نہ کافر۔ اس فرقے کا امام ابوعلی جبائی تھا۔ جس نے یہ عقیدہ پیش کیا تھا۔ جس پر امام ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ اعتزل عنا۔ وہ ہم سے صحیح العقیدتی میں جُدا ہوگیا۔ اسی اعتزال کی وجہ سے اس فرقے کو معتزلہ کہا جانے لگا۔ مترجم ﴾ اور مرجئہ ﴿ مرجئہ وہ فرقہ ہے جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ ایمان کے ساتھ گناہ مضر نہیں جیسا کہ کفر کے ساتھ طاعت مفید نہیں۔ مترجم ﴾ نے کی ہے تفسیق اور تبدیع کی موجب ہوتی ہے۔

(۲) دوم عقائد مختلف فیہا کہ اکابر اہل سُنّت دراں مختلف شدہ اند مثل اختلاف در تکوین و حسن و قبح۔ ایں قسم اختلاف را مثل اختلاف در شرائط جمعہ باید پنداشت۔ اگر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

فرق است ہمیں قدر است کہ آنرا در کتبِ کلامیہ آوردہ اند۔ وایں را در کتبِ فقہیہ سپردند مگر ایں قدر فرق نزد اہل عقل قابلِ التفات نیست وبا بے عقلاں کلام نیست پس چنانکہ شافعیہ، حنفیہ را اگر در دیہات جمعہ نخوانند و در آنجا، جمعہ را واجب ندانند کافر و فاسق نخوانند۔ علی ہذا القیاس حنفیہ، شافعیہ را اگر باوجود سہ کس جمعہ را واجب ندانند کافر و فاسق ندانند۔

دوسرے وہ عقائد جن میں اختلاف کیا گیا ہے کہ اہل سُنّت کے بڑے بڑے علماء ان میں مختلف ہوگئے ہیں۔ مثلاً کسی چیز کے ہونے اور اچھے بُرے ہونے میں اختلاف۔ اس قسم کے اختلاف کو جمعہ کی شرطوں میں اختلاف کی مانند سمجھنا چاہئے۔ اگر کوئی فرق ہے تو اس قدر ہے کہ اس کو علمِ کلام کی کتابوں میں لائے ہیں اور اس کو فقہ کی کتابوں میں تحریر کیا ہے۔ مگر اتنا فرق اہلِ عقل کے نزدیک توجہ کے قابل نہیں ہے۔ اور بے عقلوں سے ہمارا سروکار نہیں ہے۔ پس جیسا کہ شافعیہ حنفیہ کو اگر حنفیہ دیہات میں جمعہ نہیں پڑھتے ہیں اور وہاں جمعہ کو واجب نہیں جانتے ہیں، کافر اور فاسق نہیں کہتے، اسی پر قیاس کر کے حنفیہ شافعیہ کو جو تین آدمیوں کے ہوتے ہوئے بھی جمعہ کو واجب نہیں جانتے، کافر و فاسق نہیں جانتے۔

(۱۵) پانزدہم آنکہ استخلافِ خلیفہ کسی را موجبِ عموم انعقاد است اگر شخص مستخلف لیاقتِ ثانیہ داشتہ باشد وجہ عموم انعقاد ظاہر است چہ اطاعت اُولوالامر واجب است۔ ہر چہ فرماید، فرمان باید پذیرفت۔ مگر چوں بناء ایں قسم استخلاف بر اطاعت اُولوالامر است، ہمہ فوائدِ اطاعت قابلِ لحاظ خواہند بود پس اگر شخصے را خلیفۂ وقت خلیفہ گردانند کہ لیاقتِ ثانیہ نداشتہ باشد بلکہ تارک صلوٰۃ و مبتدع بود، اطاعتش دریں امر لازم نخواہد بود چہ

"لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِيْ مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ"

**ترجمہ:** پندرہویں یہ کہ خلیفۂ برحق کا کسی کو اپنا قائم مقام نامزد کر دینا عام خلافت کے انعقاد کا موجب ہے بشرطیکہ جس شخص کو خلیفہ نامزد کیا جا رہا ہے وہ خلافت کی دوسری

﴿یعنی نامزد شخص میں قریشیت، تقویٰ اور علم وغیرہ صفات ہوں جو کہ قابلیت کی دوسری قسم ہے جبکہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پہلی شرط صرف یہ ہے کہ وہ قریشی ہو۔ جیسا کہ الائمۃ من القریش سے واضح ہے مترجم﴾ قابلیت رکھتا ہو (جو خلیفہ میں ہونی چاہئے) اور عام خلافت کے منعقد ہونے کی وجہ ظاہر ہے کیونکہ صاحب اَمر ﴿یعنی جس خلیفۂ برحق نے اپنا قائم مقام نامزد کر دیا، تو چونکہ اُوالوالامر نے ایسا کیا ہے، لہٰذا اس کی اطاعت ضروری ہوئی، اور نامزد خلیفہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنا ضروری ہوا، جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نامزد کر دیا تھا۔ مترجم﴾ کی اطاعت ضروری ہے۔ وہ جو حکم دے قبول کرنا چاہئے لیکن چونکہ اس قسم کے خلیفہ بنانے کی بنیاد اُولوالامر کی فرماں برداری پر ہے تو اطاعت کے مجموعی فوائد پیش نظر رکھنے ہوں گے۔ پس اگر خلیفۂ وقت ایسے شخص کو خلیفہ بنائے جو لیاقتِ ثانیہ نہ رکھتا ہو بلکہ تارکِ نماز یا بدعتی ہو، تو اس صورت میں خلیفہ کی اطاعت ضروری نہ ہوگی۔ کیونکہ:

''اللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں ہے''۔

واگر بزعم خلیفہ او قابلِ خلافت بود و نزدِ دیگراں نبود تاہم اطاعتش ہمیں لازم نخواہد بود۔ البتہ خلیفۂ وقت راایں وقت بدنتواں گفت چہ بزعم خود اورا قابل دانستہ، ولی عہد کردہ بود بزعمِ دیگراں اگر قابل نہ برآمد او چہ کند وایں قسم اختلاف وتنازع خلیفہ ورعیت کہ خلیفہ اَمر مستحسن پندارد ورعیتش قبیحش انگارد واکثر اتفاق افتادہ منجملہ مباحثہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وعمر فاروق رضی اللہ عنہ وزید بن ثابت رضی اللہ عنہ در جمع قرآن نیز ہست وہمچنیں دیگر وقائع بریں قدر دلالت دارند۔ پس ممکن کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ یزید را لائق خلافت خود ، چنانکہ مذکور خواہد شد، دیدند و بر خبث افعال او مطلع نشدہ باشند۔ و دیگراں اورا قابلِ خلافت ندیدند یا دیدند و باز حالِ او متبدل شد۔ ازیں وجہ از بعیتش انکار کردند۔

الغرض استخلافِ خلیفہ موجب عموم انعقاد است۔ اما بشرطیکہ در نظرِ رعیت اُمور قادحہ در خلافت ولی عہد یافتہ نہ شوند۔ ﴿دراصل یہ لفظ یافتہ نشوند ہے۔ کاتب سے پرانے نسخے میں غلطی ہوگئی ہے کہ اس نے یافتہ شوند لکھ دیا ہے۔ مترجم﴾

اور اگر خلیفہ کے گمان میں وہ خلافت کے قابل ہو اور دوسروں کے نزدیک نہ ہو پھر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بھی اس خلیفہ کی اطاعت اتنی بات پر ضروری نہ ہوگی ۔ البتہ خلیفۂ وقت کو اس وقت بُرا بھلا نہیں کہہ سکتے کیونکہ اُس نے اپنے گمان میں اس کو قابل جان کر ولی عہد بنایا تھا۔ اگر وہ دوسروں کے خیال میں قابل نہ نکلا تو وہ کیا کرے اور خلیفہ اور رعیت میں اس قسم کا اختلاف اور باہمی جھگڑا کہ خلیفہ تو اس کو اچھا سمجھتا ہے اور خلیفہ کی رعایا اس کام کو بُرا خیال کرتی ہے اس قسم کی باتیں اکثر واقع ہوئی ہیں۔ ان میں سے ایک حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور زید بن ثابت (رضی اللہ عنہم) کے درمیان ﴿حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جمع قرآن کے لئے فرمایا تو زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اختلاف فرمایا۔ مگر پھر حق واضح ہونے پر انہوں نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اتفاق کیا۔ مترجم﴾ قرآن کو یک جا جمع کرنے کے بارے میں بحث ومباحثہ ہے اور اسی قسم کے دوسرے واقعات اتنی بات پر دلالت کرتے ہیں۔ پس ممکن ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے یزید کو اپنی جگہ خلافت کے لائق دیکھا جیسا کہ ذکر آئے گا اور یزید کے بُرے افعال کی اُنہیں خبر نہ ہو۔ اور دوسروں نے اس کو خلافت کے قابل نہ پایا۔ یا پایا اور بعد ازاں اس کی حالت بدل گئی ہو، اس وجہ سے اُنہوں نے اس کی بیعت سے انکار کر دیا۔

غرض یہ ہے کہ خلیفہ کا کسی کو اپنے قائم مقام خلیفہ بنانا عام انعقاد کو واجب کرتا ہے لیکن اس شرط کے ساتھ کہ رعایا کی نظر میں ولی عہد کے خلیفہ بنانے میں ایسے اُمور نہ پائے جاتے ہوں جو قابلِ اعتراض ہوں (تو عموم انعقاد واجب نہ ہوگا)۔

چوں ایں مقدمات شانزدہ گانہ تمہید یافت اعتراض شیعیان خود پاش پاش شد۔ و بطور سُنّیاں در شہادۃ جگر گوشہ رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وسلم امام الشہداء آنحضرت امام حسین رضی اللہ عنہ وعن اولادہ جائے انگشت نہادن نماند و ہمچنیں در ولی عہد کردن امیر معاویہ رضی اللہ عنہ یزید پلید را خدشہ موجب انکار نہ برآمد۔

جب یہ سولہ مقدمات تمہید کے طور پر بیان ہوگئے تو شیعوں کے اعتراض کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

دھجیاں بکھر گئیں اور سُنّیوں کے طرزِ فکر کے مطابق رسول انس وجن صلی اللہ علیہ وسلم کے جگر گوشہ، شہداء کے امام حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ وعن اولادہ کی شہادت پر اُنگلی اُٹھانے کی گنجائش نہ رہی، اور اسی طرح امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے یزید پلید کو ولی عہد بنانے میں بھی کوئی خدشہ موجبِ انکار نہ نکلا۔

## بحث در ولی عہدی یزید

اوّل اَز ولی عہدی یزید بحث مے کنم بعد ازاں در شہادت حضرت سیّد الشہداء علیہ وعلیٰ آبائہٖ السّلام حرف مے زنم۔ تاوقتیکہ امیر معاویہ یزید پلید را ولی عہدِ خود کردند فاسق معلن نبود۔ اگر چیزی کردہ باشد در پردہ کردہ باشد کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ را ازاں خبر نبود۔ علاوہ بریں حسن تدبیر در جہاد آنچہ کہ از و مشہود شد مشہور است۔

## یزید کی ولی عہدی پر بحث

اوّل میں یزید کی ولی عہدی پر بحث کرتا ہوں۔ اس کے بعد سید الشہداء اُن پر اور اُن کے آباء پر سلام ہو، کی شہادت پر کلام کرتا ہوں۔ جس وقت کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے یزید پلید کو اپنا ولی عہد بنایا تھا تو وہ علانیہ فاسق نہ تھا۔ اگر اُس نے کچھ کیا ہوگا تو در پردہ کیا ہوگا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر نہ تھی۔ علاوہ ازیں جہاد میں یزید کا حُسنِ تدبر جیسا کہ اس سے دیکھا گیا، مشہور ہے۔

## خوابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم در بابِ یزید و جہادش

در بیتِ اُمِ ملحان رضی اللہ عنہا کہ حضرت محبوب ربّ العالمین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ اجمعین یک بار دو بار خفتند و بیدار شدند و ہر بار خندیدند و در وجہ خندہ فرمودند (کہ) جماعتی از اُمّتیاں خود را دیدہ ام کہ در دریا جہاد میکنند و در شان اوشان فرمودہ اند۔

''ملوک علی الاسرۃ ﴿اسرہ بمعنی قبائل وخاندان مطلب یہ ہے کہ قبائلی بادشاہوں کی طرح وہ جماعت تھی خلیفہ کے طور پر نہ تھی۔ مترجم﴾ او مثل الملوک علی الاَسِرَّۃ''

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مصداق خواب ثانی ہمیں یزید و ہمراہیانش برآمدند چنانچہ بر تاریخ داناں و حدیث خواناں پوشیدہ نیست۔ غایۃ مافی الباب بہ سبب خرابیہائی پنہانی کہ داشت ہمچو منافقاں کہ در بیعت الرضوان شریک بودند و بوجہ نفاق، رضوان اللہ نصیب اوشاں نشد، یزید ہم از فضائلِ ایں بشارت محروم شد۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب یزید اور اسکے رفقاء کے بارے میں

اُمِ ملحان رضی اللہ عنہا کے گھر میں حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین ایک مرتبہ دو دفعہ سوئے اور جاگے اور ہر مرتبہ ہنسے، اور ہنسی کی وجہ بیان فرمائی کہ میں نے اپنی اُمت کے ایک گروہ کو دیکھا ہے کہ دریا میں جہاد کر رہے ہیں اور ان کی شان میں (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا ہے کہ:

''وہ تخت نشین بادشاہ ہیں یا تخت نشین بادشاہوں کی طرح ہیں''۔

دوسرے خواب کا مصدق یہی یزید اور اس کے ساتھی ظہور میں آئے۔ چنانچہ تاریخ جاننے والوں اور حدیث پڑھنے والوں پر پوشیدہ نہیں ہے۔ زیادہ سے زیادہ اس بارے میں، پوشیدہ خرابیوں کے باعث کہ یزید رکھتا تھا، منافقوں کی طرح جو کہ بیعتِ رضوان میں شریک تھے، اور نفاق کی وجہ سے ''اللہ کی خوشنودی'' ان کو نصیب نہ ہوئی، یزید بھی اس بشارت کی فضیلتوں سے محروم رہا۔

## مذہب امیر معاویہ رضی اللہ عنہ دربارۂ خلافت

وایں طرف مذہب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ در بارہ خلافتِ آں بود کہ ہر کرا سلیقہ انتظامِ مملکت زائد از دیگراں باشد گو افضل از و باشند افضل است از دیگراں۔ نظر بریں اورا افضل از دیگراں دانستند، واگر افضل ندانستند پس بیش ازیں نیست کہ ترک افضل کردند، چنانچہ در مقدمات سابقہ واضح شدہ کہ استخلاف افضل، افضل است نہ، واجب۔ لیکن ایں قدر را گناہ نتواں گفت، کہ بست وشتم امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پیش آئیم واین طرف امیر معاویہ رضی اللہ عنہ را از اجلۂ صحابہؓ نمی شماریم

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کہ نیست ترکہ افضل واولیٰ ہم دریں چنیں امور معذرۃ نمائیم

## امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا خلافت کے بارے میں نظریہ

اور اس طرف حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نظریہ خلافت کے متعلق یہ تھا کہ جس کسی کو مملکت کے انتظام کا سلیقہ دوسروں سے زیادہ ہو، گو اس سے افضل ہوں تو دوسروں سے اس کا خلیفہ بنانا افضل ہے۔ اس بات پر نظر رکھتے ہوئے یزید کو اُنہوں نے دوسروں سے افضل جانا اور اگر (بالفرض) افضل نہ بھی جانا تو اس سے زیادہ بات آگے نہیں بڑھتی کہ انہوں نے افضل کو چھوڑ دیا۔

جیسا کہ گذشتہ مقدمات ﴿یعنی افضل کو قائم مقام نامزد کرنا زیادہ اچھا ہے، واجب نہیں ہے، مترجم﴾ میں واضح ہو گیا کہ افضل کا خلیفہ بنانا افضل ہے نہ کہ واجب۔

لیکن اتنی بات کے باعث ترکِ افضل کا ان پر گناہ نہیں تھوپا جاسکتا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ گالم گلوچ سے ہم پیش آئیں اور پھر ہم امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو جلیل القدر ﴿یعنی چونکہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابوبکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرح کے ایسے صحابہ میں سے نہ تھے کہ یزید کو اپنا جانشین بنانے پر اُن کی طرف سے ہم معذرت پیش کریں۔ مترجم﴾ صحابہ میں شمار نہیں کرتے ہیں کہ افضل اور اولیٰ کو ترک کرنے کے باعث ان جیسے معاملات میں ہم ان کی طرف سے معذرت پیش کریں۔

## حال یزید پس از وفات امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

ہاں پس از انتقالِ اوشاں یزید پای خود از شکم برآورد و دل بکام و دست بجام سپرد۔ اعلان فسق نمود و ترکِ صلوٰۃ داد۔ بحکم بعض مقدماتِ سابقہ قابلِ عزل گردید و ایں قسم تحول احوال گفتہ آمدہ ام کہ ممکن است محال نیست۔ مگر دریں وقت رای اہلِ رائے و تدبیر مختلف افتاد۔ کسی را کہ اندیشۂ فتنہ وفساد غالب افتاد ناچار دست بہ بیعتش بکشاد و احترازاً عن المعصیۃ شرط اتباع معروف درمیان نہاد و آں را کہ بوعدہ یک جماعتِ کثیرہ مثلاً امیدِ غلبہ ورجاء شوکت بنظر آمد حسبۃً للہ برخاست وتہیہ کارزار ساخت۔ پس

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہر چہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ وامثالِ اوشاں کردند بجا کردند وآنچہ حضرت سید الشہداء رضی اللہ عنہ نمودند عین حق وصواب نمودند۔ بناء ایں اختلاف بر اختلاف اُمید است نہ بر اختلاف در جواز اُصل فعل وعدم جواز آں۔ مگر انجام کار بوجہ نقض عہد کوفیاں تدبیر حضرت سید الشہداء رضی اللہ عنہ بر نشانہ ننشست و روز عاشورہ قیامت قبل از قیامت در میدانِ کربلا برخاست۔ ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن''

## حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد یزید کی حالت

ہاں ان کے انتقال کے بعد یزید نے پر پُرزے نکالنے شروع کئے اور دل کو خواہشِ نفس اور ہاتھ کو جامِ شراب پر لے گیا۔ فسق کُھلم کُھلا کرنے لگا اور نماز چھوڑ دی۔ بعض سابقہ تمہیدوں کی بناء پر معزول کر دینے کے قابل ہوگیا۔ اور یزید کے اس قسم کے حالات کی تبدیلی کا بیان کرتا آیا ہوں کیونکہ ممکن ہے محال نہیں۔ مگر اس وقت اہل رائے اور اہل تدبیر کی رائے مختلف ہوگئی۔

جس کسی کو فتنہ وفساد کا اندیشہ غالب آیا اُس نے مجبوراً بیعت کے لئے ہاتھ بڑھایا اور معصیت سے بچنے کے لئے نیکی کی پیروی کرنے کی شرط کو درمیان میں رکھا لیکن جس شخص یعنی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو بڑی جماعت ﴿یعنی اہل کوفہ نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کرنے اور یزید کے خلاف لڑنے کا پیغام بھیجا تھا۔ مترجم﴾ کے وعدے پر غلبہ اور شوکت کی اُمید نظر آئی وہ اللہ کے لئے کھڑا ہوگیا اور جنگ کا عزم کرلیا۔ پس جو کچھ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور ان جیسوں نے کیا وہ بجا کیا اور جو کچھ حضرت سید الشہداء (امام حسین رضی اللہ عنہ) نے کیا وہ بالکل حق اور صواب کیا۔

اس اختلاف کی بنیاد اُمید غلبہ وعدم غلبہ کے اختلاف پر ہے، نہ کہ اصل فعل کے جائز اور ناجائز ہونے کے اختلاف پر، مگر انجام کار کوفیوں کی وعدہ خلافی کی وجہ سے حضرت سید الشہداء (امام حسین) رضی اللہ عنہ کی تدبیر فیل ہوگئی، اور ۱۰ محرم الحرام کو قیامت سے پہلے میدانِ کربلا میں قیامت برپا ہوگئی۔ ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن''

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## حادثۂ کربلا چوں غزوۂ اُحد و حُنین

وایں قسم برہمیں کار نہ فقط حضرت سید الشہداء را رضی اللہ عنہ پیش آمد در جہاد ایں چنیں اکثر پیش می آید۔ واقعہ اُحد و حُنین نشنیدہ باشی۔ پس چنانکہ شہیدانِ اُحد و حُنین بذروۂ شہادۃ رسیدہ اند۔ وازاں برہمی کار خللی در فضائل اوشاں راہ نیافت۔ ہمچنیں شہیدانِ کربلا را باید شناخت۔ وایں وقتی است کہ بمجرّد استخلاف امیر معاویہ رضی اللہ عنہ یا بیعت مردم یا تسلّطِ او خلافتش را عام وشامل شمارند واگر بایں قدر کہ بوقوع آمد، فقط بانعقاد مطلق خلافتِ او قائل شویم وعموم وشمول خلافتش را تسلیم نہ کنیم وگوئیم کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ واتباعِ اوشاں از ربقۂ اطاعتِ او ہنوز خارج بوند، حاجتِ عزل ہیچ نیست واوشاں را در خروج بر دمحذوری نی وایں فرقِ انعقادِ ﴿انعقادِ مطلق اور عموم انعقاد میں یہ فرق ہے کہ انعقادِ مطلق لیاقتِ اولیٰ یعنی قریشیت کی بناء پر بھی ہو جاتا ہے اور عموم انعقاد خلیفہ میں لیاقتِ ثانیہ یعنی قریشیت اور علم اور تقویٰ کی بناء پر ہوتا ہے۔ مترجم﴾ مطلق وعمومِ انعقاد ہر چند امروز کم فہماں نفہمند۔ مگر بہ تتبع معاملات سابقین واضح است کہ بیعت ہر کس را از اہل حل وعقد فقط موجب اطاعت درحق او ودرحق خدمِ او می شمردند۔ ورنہ حاجتِ بیعت حضرت علی واہتمام بداں بردست حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما چہ بود وہمچنیں یزید بعد بیعت اہلِ شام ودیگر اہل حل وعقد خواستگارِ بیعت از حضرت حسنین رضی اللہ عنہ وعبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ ودیگر رضوان اللہ علیہم نشدی۔

## کربلا کا حادثہ اور غزوۂ اُحد و حُنین

اور اس قسم کی صورت حال نہ صرف سید الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کو پیش آئی بلکہ جہاد میں اس طرح کی صورت اکثر پیش آتی ہے۔ اُحد اور حُنین کا واقعہ تم نے کیا نہ سُنا ہوگا۔ پس جس طرح کہ اُحد ﴿غزوۂ اُحد ۳ ہجری میں ہوا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پچاس تیر اندازوں کو ایک درّے پر کھڑا کر دیا اور فرمایا تم کسی صورت میں بھی یہاں سے نہ ٹلنا۔ جنگ شروع ہوئی مسلمان کامیاب ہوئے اور کفارِ مکہ بھاگنے لگے۔ اکثر تیر اندازوں نے یہ سمجھ کر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کہ اب تو فتح ہوگئی، وہاں سے ہٹ گئے۔ خالد بن ولید کفار مکہ کے کمانڈر تھے جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ انہوں نے دَرّے کو خالی دیکھا تو لوٹ کر حملہ کیا۔ ستر (۷۰) مسلمان صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہو گئے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک گڑھے میں گر گئے۔ دندانِ مبارک شہید ہو گئے، شہرت کردی گئی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے۔ مسلمانوں کے حواس بجا نہ رہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پکارا میں یہاں ہوں۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کو ہوش آیا۔ پھر منظم ہو کر لڑے اور فتح ہوئی۔ کفار بھاگ گئے۔ مترجم﴾ اور حُنین ﴿غزوۂ حُنین ۸ ہجری میں مکہ فتح ہونے کے بعد ہوا۔ ہوازن۔ ثقیف کے دو مشرک قبیلوں نے مضر اور بنی ہلال کو ساتھ ملا کر چار ہزار بہادروں کے ساتھ وادی حنین میں مکّے کے مشرق میں پڑاؤ کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بارہ ہزار کا لشکر لے کر کے سے آگے بڑھے۔ جن میں دَس ہزار مدینے کے مجاہد اور دو ہزار مکے کے نومسلم اور اَسّی معاہد مشرک تھے۔ مسلمانوں کے دِلوں میں اپنی کثرت پر ناز پیدا ہوگیا۔ دشمن گھات میں چُھپے بیٹھے تھے۔ انہوں نے تیر اَندازی شروع کردی۔ اَسّی (۸۰) معاہد مشرکوں اور نومسلموں میں بھگدڑ مچ گئی۔ آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انصار اور مہاجرین کو پکارا، اور جمع ہو کر حملہ کیا۔ دشمنوں کے ستر (۷۰) آدمی مارے گئے اور مسلمان صرف چار شہید ہوئے۔ غرض اَبتری کے بعد فتح ہوئی۔ مترجم﴾ کے شہداء شہادت کی چوٹی پر پہنچ چکے ہیں اور اس سے ان شہداء کے فضائل میں کوئی خلل نہیں پڑا۔ اسی طرح کربلا کے شہیدوں کو پہچاننا چاہیئے اور یہ اُس وقت ہے جب کہ محض امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے یزید کو خلیفہ بنانے یا لوگوں کی بیعت یا یزید کے تسلط کے وقت اس کی خلافت کو عام اور شامل سمجھیں، اور اگر اسی قدر سے جو کہ ظہور میں آیا فقط اس کی مطلق خلافت کے منعقد ہو جانے کے ہم قائل ہو جائیں اور اس کی خلافت کے عام ہونے اور سب لوگوں پر شامل ہونے کو تسلیم نہ کریں اور کہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی اس کی اطاعت کے دائرے سے اَبھی تک خارج تھے تو پھر یزید کو معزول کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اور امام حسین رضی اللہ عنہ کو یزید کے خلاف اُٹھنے پر کوئی دغدغہ نہیں اور یہ انعقادِ مطلق اور عموم انعقاد

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کے فرق کو اس زمانے میں کم فہم لوگ ہر چند نہ سمجھیں گے۔ لیکن اگلے لوگوں کے معاملات کی تحقیق سے، واضح ہے کہ اہل حل وعقد میں سے ہر شخص کی بیعت کو اس کے اور اس کے نوکر چاکر کے حق میں بیعت خیال کرتے تھے ورنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت کی ضرورت اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما کے ہاتھ پر اس بیعت کے اہتمام کی کیا ضرورت تھی اور اسی طرح یزید اہلِ شام کی بیعت اور دوسرے اہل حل وعقد کی بیعت کے بعد حضرت حسنین رضی اللہ عنہما اور حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کی بیعت کا طالب نہ ہوتا۔

## مدارِ کار بر نیّت

چوں ایں قدر دانستہ شد و دیگر معلوم باد کہ مدارِ کار بر نیت است بشہادۃ:

"اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ"

وحُسنِ نیت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ قابلِ آں نیست کہ درآں تردد کردہ آید۔ اندریں صورت در شہادت حضرت ہمام علیہ السلام چہ تردد۔ نہ یزید در حقِ اوشاں خلیفہ بود، نہ خروج برو ممنوع۔ و اگر خلیفہ بود تاہم خروج ممنوع نہ بود و اگر خروج ممنوع بود، عزل ممنوع نہ بود۔ بالجملہ وجوہ ممانعت مفقود و موجبات جہاد موجود۔ در حُسنِ نیت کلام نیست۔ باز اگر اوشاں شہید نشوند دیگر کدام خواہد بود۔

## نیّت پر دار و مدار

جب اتنی بات معلوم ہوگئی تو یہ بھی معلوم ہونا چاہئے کہ کسی کام کا ہونا نیت پر موقوف ہے جس کی شہادت میں حدیث ہے کہ: "اعمال کا دار و مدار نیت پر ہے"۔ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا "حُسنِ نیت" اس قابل نہیں ہے کہ اس میں شبہ کیا جائے۔ اس صورت میں حضرت ہمام رضی اللہ عنہ کی شہادت میں کیا تردّد ہوسکتا ہے۔ نہ تو یزید ﴿یعنی یزید حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی نظر میں خلیفہ نہ تھا۔ مترجم﴾ ان کے حق میں خلیفہ تھا، نہ اس کے خلاف اُٹھنا ناجائز تھا، اور اگر خلیفہ بھی ہوتا تو پھر بھی خروج

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

﴿چونکہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ، یزید کو خلیفہ ہی نہیں مانتے تھے، لہٰذا ان کے خلاف جہاد کرنا ممنوع نہ تھا۔ مترجم﴾ ناجائز نہ تھا۔ اور اگر خروج کرنا ممنوع بھی ہوتا تو معزول کرنا ممنوع نہ تھا۔ الحاصل ممانعت کی وجوہات تو موجود نہیں اور موجباتِ جہاد موجود ہیں اور (امام حسین رضی اللہ عنہ) کی نیت کی اَچھائی میں شبہ نہیں ہے۔ پھر اگر وہی شہید نہ قرار دیئے جائیں۔ تو پھر اور کون شہید کہلائے گا۔

## دیگر وجہٗ شہادت

وازیں ہم درگذشتیم۔ اگر موجباتِ جہاد نبودند اوشاں نیز از تصدّی جہاد باز آمدہ مے خواستند، کہ براہ خود روند۔ لشکریانِ یزید پلید نگذاشتند ومحاصرہ کردند ظلماً شہید ساختند۔ ''مَنْ قُتِلَ دُوْنَ عِرْضِہٖ وَ مَا لِہٖ فَھُوَ شَھِیْدٌ''۔

## شہادتِ امام حسین رضی اللہ عنہ کی دوسری وجہ

چلو اس دلیل کو بھی جانے دو۔ اگر موجباتِ جہاد موجود نہ تھے تو اِمام حسین رضی اللہ عنہ بھی جہاد کے معاملے سے دستکش ہو کر چاہتے تھے کہ وہ اپنی راہ لیں۔ لیکن یزید پلید کے سپاہیوں نے انہیں نہیں چھوڑا اور گھیر کر ظلم کے طور پر شہید کر دیا (اور وہ حدیث کے مطابق شہید ہوئے) ''جو شخص اپنی عزت اور مال کی حفاظت میں مارا جائے تو وہ شہید ہے''۔

## اجماعِ بیعتِ یزید و جواب آں

### باقی ماند کہ اوشاں مخالفتِ اجماع کردہ اند

جوابش انیست کہ اوّل اجماع مسلّم نیست اگر باشد عدمِ مخالفت باشد۔ بایں ہمہ اجماع بر عدمِ جواز خروج بر فساق است۔ ومعنی آں ہر چہ ہست عرض کردہ شد۔ از اجماع بر عدمِ جواز خروج بر نفس فسق لازم نمی آید کہ خصوصیات زائدہ مراتب ایں کلی مشکک نیز موجب خروج نتواں شد۔ بایں ہمہ اجماع غیر مسلّم وقتیکہ حضرات حسنین رضوان اللہ علیہما وعبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ واہلِ مدینہ کاری کردہ باشند، مخالف آں را

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مجمع علیہ چگونہ تواں گفت و اگر بالفرض اجماع اجماع راتسلیم کنیم آں اجماع اگر منعقد گردیدہ بعد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ منعقد گردید۔ مخالفت ایں اجماع حضرات امام رضی اللہ عنہ راچہ مضرّ غایۃ مافی الباب امام ہمام رضی اللہ عنہ درزمانِ خود دریک مسئلہ مختلف فیہ خطا کردند ولا محذور فیہ چنانچہ عرض کردہ شد۔

## یزید کی بیعت پر اجماع اور اس کا جواب

باقی رہی یہ بات کہ امام حسین رضی اللہ عنہ نے یزید کی مخالفت کر کے اجماع کی مخالفت کی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اوّل تو ہمیں اجماع ہی تسلیم نہیں۔ اگر کچھ ہے، تو وہ (صحابہ رضی اللہ عنہم کی) عدمِ مخالفت ہے۔ اس کے باوجود ''فاسق خلفاء کے خلاف اُٹھنے کے ناجائز ہونے پر اجماع ہے''۔ اس کے معنی جو کچھ ہیں عرض کر دیئے گئے ہیں۔ نفسِ فسق کے خلاف خروج کے ناجائز ہونے پر اجماع سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کلی مشکک کے درجات کی خصوصیاتِ زائدہ بھی خروج کا موجب نہیں ہو سکتیں۔ ان سب باتوں کے باوجود بھی اجماع مسلّم نہیں۔

جس وقت حضرت امام حسن اور حسین رضی اللہ عنہما اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور اہل مدینہ نے کوئی کام کیا ہو اس کام کے مخالف کو مجمع علیہ کس طرح کہہ سکتے ہیں اور اگر بالفرض ہم اجماع کو تسلیم کر لیں تو وہ اجماع اگر منعقد ہوا بھی تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد منعقد ہوا۔ اس اجماع کی مخالفت، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو مضر نہیں پڑتی۔ زیادہ سے زیادہ اس بارے میں امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانے میں ایک اختلافی اجتہادی مسئلے میں خطا کھائی ﴿حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فرما کر کہ زیادہ سے زیادہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ انہوں نے یزید کے خلاف اُٹھ کر اجتہادی غلطی کی، یہ بالفرض کہا ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ بلکہ اُنہوں نے اس کے خلاف جو کچھ کیا، وہ درست کیا، اور آخر مقام شہادت پایا۔ مترجم﴾ اور اس میں کوئی مضائقہ نہیں، جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## عبارت امام نووی رحمۃ اللہ علیہ

اکنوں وقت آن است کہ عبارت نووی رحمۃ اللہ علیہ دریں بارہ نقل کردہ شود تا تفصیل اجمال وتصدیق ایں مقال بدست آید (امام نووی گوید)

"اجمع اهل السنة ان لا ينعزل السلطان بالفسق واما الوجه المذكور في كتب الفقه لبعض اصحابنا انه ينعزل وحكى عن المعتزلة فغلط من قائله مخالف الاجماع. قال العلماء و سبب عدم انعزاله و تحريم الخروج عليه ما يترتب علىٰ ذلک من الفتن و اراقة الدماء و فساد ذات البين فتكون المفسدة في عزله اكثر منها في بقائه."

## امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کا اجماعِ بیعت پر نظریہ

اب وہ مقام آپہنچا ہے کہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت اس بارے میں نقل کردی جائے تا کہ اس اجمال کی تفصیل اور اس قول کی تصدیق مل جائے۔ امام نووی لکھتے ہیں:

''اہل سُنّت نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ سلطان فسق کی وجہ سے معزول نہیں ہوجاتا، اور اس کی وجہ بعض احناف کی کتب فقہ میں ذکر کی گئی ہے۔ وہ فاسق سلطان خود معزول ﴿یعنی معزول نہ کرنے کے باوجود بھی وہ معزول سمجھا جائے۔ کیونکہ اس میں خلافت کی اہلیّت کا فقدان ہے۔ مترجم﴾ ہوجاتا ہے اور یہی بات معتزلہ کی طرف سے بیان کی گئی ہے تو یہ اس ﴿یعنی خلیفہ جو پہلے ہدایت پر تھا اور عادل ومتقی تھا، بعد ازاں اس پر فسق طاری ہوگیا تو وہ خلافت کے لئے نااہل نہیں ہوگا۔ لہٰذا جو اس کے خلاف کہتا ہے وہ اجماع کے خلاف کہتا ہے جیسا کہ بعض اصحاب حنفیہ نے کہا ہے۔ مترجم﴾ قائل کی غلطی ہے اور اجماع کے خلاف ہے۔ علماء نے کہا ہے کہ اس کے معزول نہ ہونے اور اس کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے کی حُرمت کا سبب وہ فتنے، خونریزیاں اور باہمی فسادات ہیں جو اس پر مرتب ہوتے ہیں اس لئے اس کے معزول کرنے میں اس کو باقی رکھنے کی بہ نسبت فساد زیادہ ہے۔''

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## قول العیاض

قال القاضی عیاض رحمة الله علیه اجمع العلماء علی ان الامامة لا تنعقد لاکافر و علی انه لوطرء علیه الکفر انعزل. قال و کذالو ترک اقامة الصلٰوة والدعا علیها قال و کذلک عند جمهور هم البدعة قال وقال بعض البصریین تنعقد له و تستدام له لانه طاریٔ قال القاضی فلو طرأ علیه کفر و تغییر اللشرع او بدعة خرج عن حکم الولایة و سقطت طاعته ووجب علی المسلمین القیام علیه و خلعه و نصب امام عادل ان امکنهم ذلک. فان لم یقع ذٰلک الا بطائفة وجبت علیهم القیام بخلع الکافر ولا یجب فی المبتدع الا اذا ظنوا القدرة علیه فان تحققوا العجز لم یجب القیام و یهاجر المسلم من ارضه الی غیرها و یفربدینه قال ولا ینعقد للفاسق ابتداءً فلو طرأ علی الخلیفة فسق قال بعضهم یجب خلعه الا ان یترتب علیه فتنة وحرب.

## قاضی عیاض کا قول

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ کافر امام ﴿یعنی اگر ابتداءً کوئی شخص کافر ہو تو اس کی خلافت منعقد نہیں ہوتی، اور اس پر بھی اجماع ہے کہ اگر بعد میں کفر طاری ہو گیا تو وہ خود معزول ہو جائے گا۔ مترجم﴾ نہیں ہو سکتا، اور اس بات پر کہ اگر اس پر کفر طاری ہو گیا، تو وہ معزول ہو جائے گا (پھر قاضی عیاض نے) کہا۔ یہی حکم اس وقت ہے جبکہ خلیفہ نماز کی پابندی اور نماز کی دعوت چھوڑ دے۔ پھر کہا اور یہی حکم جمہور علماء کے نزدیک ارتکابِ بدعت کا بھی ہے اور بقول قاضی عیاض بعض بصرے والوں نے کہا۔ اس کیلئے بھی خلافت منعقد ہو جاتی ہے۔ اور ہمیشہ رہتی ہے کیونکہ وہ بدعت ﴿یعنی اگر وہ ابتداءً بدعتی ہے تو اس کی امامت منعقد نہیں ہوگی۔ اور اگر بعد میں وہ بدعتی ہو گیا تو خود بخود معزول ہو جائے گا۔ لیکن بعض علمائے بصرہ کے خیال کے مطابق اس کی امامت منعقد بھی ہو

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جائے گی اور آئندہ بھی برقرار رہے گی۔ مترجم﴾ بعد میں طاری ہوئی ہے۔ قاضی عیاض نے کہا کہ اگر خلیفہ پر کفر طاری ہو جائے اور شریعت میں تبدیلی یا بدعت کا ارتکاب کرے تو امامت کے حکم سے خارج ہو جائے گا اور اس کی اطاعت ساقط ہو جائے گی اور مسلمانوں پر اس کے خلاف اُٹھ کھڑا ہونا ضروری اور اس کی خلافت کو گلے سے نکال پھینکنا اور عادل امام کو قائم کرنا، اگر یہ ان کے لئے ممکن ہو سکے واجب ہو جائے گا۔ پس اگر یہ واقع نہ ہو مگر ایک گروہ کے لئے تو ان پر کافر کی ولایت کو ہٹانے کے لئے کھڑا ہو جانا تو واجب ہے اور بدعتی کے بارے میں واجب نہیں ہے۔ مگر جب ان کو اس پر قدرت کا گمان ﴿کافر کو تو ہٹانا ضروری ہے خواہ کچھ ہی ہو لیکن مبتدع کو ہٹانے کی قدرت کا ظن غالب ہو۔ مترجم﴾ غالب ہو، اگر انہیں عجز کا یقین ہو تو اس کے معزول کرنے کے لئے کمر بستہ ہونا واجب نہیں اور مسلمانوں کو اس کی حکومت سے ہجرت کر جانی چاہئے اور اپنے دین کو بچا لینا چاہئے۔ قاضی نے کہا کہ فاسق کی خلافت ابتداء میں منعقد نہیں ہوتی۔ ہاں بعد میں اگر خلیفہ پر فسق طاری ہو جائے تو بعض نے کہا۔ اس کو علیحدہ کر دینا واجب ہے۔ مگر اس صورت میں نہیں کہ فتنہ اور جنگ کا اندیشہ ہو۔

## قول جماہیر سنّت از فقہاء و محدثین و متکلمین

قال جماهیراهل السنة من الفقهاء والمحدثین والمتكلمین لا ینعزل بالفسق والظلم و تعطیل الحقوق ولا یخلع ولا یجوز الخروج علیه بذلک بل یجب وعظه و تخویفه للاحادیث الواردة فی ذٰلک.

قال القاضی و قد ادعی ابوبکر بن مجاهد فی هذا الاجماع و قد رد علیهم بقیام الحسین رضی الله عنه و ابنِ الزبیر رضی الله عنه و اهل المدینة علی بنی اُمیّة و بقیام جماعة عظیمة من التابعین و صدرالاوّل علی الحجاج مع ابن الاشعث و تاول هذاالقائل قوله صلی اللّٰه علیه وسلم. ان لا ننازع الامرا هله

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

**فی ائمة العدل و حجة الجمهور ان قيامهم على الحجاج ليس بمجرد الفسق بل لما غير الشرع و ظاهر من الكفر . قال القاضی و قيل ان هذا الخلاف كان اوّلا ثم حصل الاجماع على منع الخروج عليهم و الله اعلم انتهى بلفظه.**

## جماہیر سُنّت فقہاء محدثین اور متکلّمین کا قول

جمہور اہل سُنّت فقہاء محدثین اور متکلمین نے کہا کہ فسق، ظلم، حقوق کے معطل کرنے کے باعث بھی معزول نہ ہوگا اور نہ ہی ہٹایا جائے اور اس کی وجہ سے اس کے مقابلے کے لئے کھڑا ہونا جائز نہیں۔ بلکہ اس کو نصیحت کرنا واجب ہے اور تنبیہ کرنا ضروری ہے ان احادیث کی روشنی میں جو اس بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

قاضی عیاض نے کہا کہ ابوبکر بن مجاہد نے اس بارے میں اجماع کا دعویٰ کیا ہے اور امام حسین رضی اللہ عنہ اور ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ اور اہلِ مدینہ کے بنی اُمیّہ کے خلاف کھڑے ہونے کا ان پر رَد کیا ہے، اور تابعین کی ایک بڑی جماعت، اور صدرِ اَوّل کے لوگوں کے حجاج کے مقابلے میں ابن اشعث کے ساتھ کھڑے ہونے کی بھی تردید کی ہے۔ اور اس کہنے والے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی بھی تاویل کی ہے کہ ”ہم اہل اَمر سے کسی اَمر میں نزاع نہیں کریں گے“۔

(یعنی) عادلِ اِماموں کے بارے میں نزاع نہیں کریں گے۔ اور جمہور کی دلیل یہ ہے کہ حجاج کے خلاف کھڑا ہونا محض اس کے فسق کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ اس وجہ سے تھا کہ اس نے شرع کو بدل دیا تھا اور کفر کا مظاہرہ کیا تھا۔ قاضی نے کہا کہ کہا گیا ہے کہ یہ اختلاف اَوّل اَوّل میں تھا۔ پھر ان کے خلاف خروج کی ممانعت پر اجماع حاصل ہوگیا واللہ اعلم۔ ان کا کلام بلفظہ ختم ہوا۔

پس از مطالعہ ایں عبارت تصدیق اکثر مقدمات مذکورہ حاصل مے شود۔ بالجملہ بر اُصول اہل سُنّت حال یزید بہ نسبت سابق متبدل شد۔ نزدِ بعض کافر شد۔ ونزد بعض کفرِ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

او محقق نگشت۔ اسلام سابق مخلوط بفسق لاحق شد۔ اگر حضرت امام کافرش پنداشتند در خروج براو چہ خطا کردند۔ امام احمد را ہمیں رای پسند خاطر افتاد مگر چنانکہ ممکن است کہ کفر کسی نزدیکی کسے محقق شود و نزد دیگراں نشود۔ ہمچنیں خروج بر دو درحق ایں وآں مختلف خواہد بود و اتفاق در تکفیر وتفسیق وتعدیل وتجریح کسی از ضروریاتِ دینی یا از بدیہیاتِ عقلی نیست کہ حاجتِ معذرت افتد۔ و در صورتِ فسق آنچہ پیش کردہ ام یاد خواہد بود۔ تاہم ہیچ صعوبتی بر اُصول اہل سُنّت نیست۔ چہ یزید اندریں صورت یا فاسق معلن بود، تارک صلوٰۃ وغیرہ یا مبتدع بود چہ از رؤسامی نواصب است بایں ہمہ عموم خلافتش غیر مسلّم۔

اس عبارت کے مطالعہ کرنے کے بعد مذکورہ اکثر مقدمات کی تصدیق حاصل ہو جاتی ہے۔ بالجملہ اہل سنت کے اُصول پر، یزید کا حال پہلے کی بہ نسبت بدل گیا تھا۔ بعض کے نزدیک کافر ہو گیا اور بعض کے نزدیک اس کا کفر تحقیق میں نہیں آیا۔ سابق اسلام بعد میں آنے والے فسق کے ساتھ مل گیا اگر حضرت امام نے اُسے کافر جانا تو اُس کے خلاف اُٹھنے میں کیا خطا کی۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کو یہی رائے پسند آئی ہے۔ مگر جیسا کہ ممکن ہے کہ کسی شخص کا کفر ایک عالم کے نزدیک تو ثابت ہوتا ہے۔ لیکن دوسروں کے نزدیک نہیں ہوتا۔ اسی طرح اس کے خلاف اُٹھنا۔ اِس کے اور اُس کے حق میں مختلف ہو جائے گا، اور کسی کی تکفیر وتفسیق اور تعدیل وتجریح میں اتفاق ہونا دینی ضروریات یا عقلی بدیہیات میں سے نہیں ہے کہ عذر کرنے کی ضرورت پیش آئے اور فسق کی صورت میں جو کچھ کہ مَیں نے پیش کیا ہے تمہیں یاد ہوگا۔ تاہم اہل سُنّت کے اُصول پر کوئی دُشواری باقی نہیں رہی ہے کیونکہ یزید اس صورت میں یا کھلم کھلا فاسق تھا نماز کا ترک کرنے والا وغیرہ یا بدعت کا مرتکب تھا کیونکہ وہ نواصب ﴿نواصب وہ لوگ ہیں جو حرام چیزوں کو اپنے نفسانی دلائل کے باعث حلال سمجھتے تھے۔ جیسا کہ یزید بھی شراب پیتا تھا اور اس کو حلال سمجھتا ہوگا۔ آج کل کے شرابی بھی کہتے سُنے گئے ہیں کہ شراب کی حُرمت قرآن کریم میں کہیں ذکر نہیں ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ رِجْس من عمل الشیطٰن سے حُرمت ثابت نہیں ہوتی۔ مترجم﴾ کے سرداروں میں سے تھا۔ ان سب

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پہلوؤں کے پیش نظر اس کی عام خلافت کا ہونا مسلّم نہیں۔

نظر بریں وجوہ بیاد ملفوظاتِ سابقہ در خروج بر وہیچ قباحتی نے۔ باایں ہمہ خروج ہر چنیں کساں تا حال نزد ہمہ جائز، و اگر نزدِ ہمہ جائز نیست نزدِ بعض جائز۔ چنانچہ از مشاہدۂ عبارتِ نووی واضح است و در مسائل مختلفہ خلاف یکی مرد دیگراں را موجبِ تفسیق اوشاں، آں را، بطلانِ اعمال او، عند اللہ نے تواں شد۔ چنانچہ داستہ شد۔ و اگر فرض کنیم برعدمِ جواز خروج بر چنیں کساں اجماع است، اجماع حادث است، اجماعِ قدیم نیست تا، اصولِ اہل سنت در شہادتِ امام ہمام تردّدی اہ یابد۔ زیادہ از زیادہ اگر کسی گوید ای بگوید کہ حضرت امام دریں مسئلہ خطا کردند لیکن چہ حرج المجتھد یخطی ویصیب بنای ثواب بر نیت خطامی اجتہادی دریں بارہ مزاحمِ حال نے شود۔ چنانچہ در اصولِ اہل سنت۔ چہ اگر بظن غروب روزہ افطار کرو تا نماز مغرب بخواند و ہنوز آفتاب غروب نشدہ بود، ایں کس را تا آخر عمر بر خطامی خود اطلاع نشد ہر گز عاقلی تجویز نے تواں کرد کہ از ثواب محروم ماند ورنہ تکلیف ملا یطاق لازم خواہد آمد وہو محال

لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا

ان دلائل کے پیش نظر سابقہ مقدمات کو ذہن میں رکھتے ہوئے یزید کے خلاف اُٹھ کھڑے ہونے میں کوئی قباحت نہیں ہے اور ان سب باتوں کے باوجود ان جیسے لوگوں کے خلاف اُٹھ کھڑے ہونا اب تک سب کے نزدیک جائز ہے۔ اور اگر (اختلاف کی بناء پر) سب کے نزدیک جائز نہیں تو بعض کے نزدیک جائز ہے جیسا کہ نووی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت کے مطالعہ سے واضح ہے اور اختلافی مسائل میں ایک شخص کا دوسرے سے اختلاف کرنا ﴿اگر اکثر لوگوں کے اتفاق کے خلاف کسی مسئلے میں کسی ایک صاحب الرائے نے اختلاف کیا تو اکثریت سے اختلاف کرنے والے کو نہ فاسق کہا جا سکتا ہے اور نہ اللہ کے یہاں اس کا اجتہادی عمل بے کار جائے گا جیسا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے تنہا ہوتے ہوئے یزیدیوں کی مخالفت کی۔ مترجم﴾ اس کا سبب نہیں ہو سکتا کہ وہ دوسرے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

لوگ اس اختلاف کرنے والے کو فاسق قرار دیں اور اس کے اعمال کو عند اللہ باطل ٹھہرائیں جیسا کہ جانا گیا۔ اور اگر ہم یہ بھی فرض کرلیں کہ اس جیسے لوگوں کے خلاف اُٹھنے کے ناجائز ہونے پر اجماع ہے تو وہ اجماع بعد کا ہے قدیمی اجماع نہیں کہ اہل سنّت کے اُصول پر امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت میں کوئی شک کی گنجائش ہوسکے۔ زیادہ سے زیادہ اگر کوئی کہہ سکتا ہے تو یہ کہہ سکتا ہے کہ حضرت امام رضی اللہ عنہ نے اس مسئلہ میں غلطی کی لیکن اس سے کیا فرق پڑتا ہے کیونکہ مجتہد سے غلطی بھی ہوتی ہے اور درستی بھی اس بارے میں خطائے اجتہادی کی نیت پر بھی ثواب کا ملنا مزاحم حال نہیں ہوتا ہے۔ چنانچہ اہل سُنّت کے اُصول میں تصریح موجود ہے اور یہ اَمر واضح بھی ہے۔ اس لئے کہ سورج غروب ہونے کے گمان میں اگر کسی نے روزہ افطار کرلیا یہاں تک کہ نماز مغرب بھی پڑھ لی، اور اَبھی تک سورج غروب نہیں ہوا تھا اور اس شخص کو عمر کے آخر حصے تک اپنی خطاء پر اطلاع نہیں ہوئی تو کوئی عقل مند یہ فتویٰ نہیں لگا سکتا کہ وہ ثواب سے محروم رہا۔ ورنہ ایسی تکلیف جس کی طاقت نہ ہو، لازم آئے گی، اور وہ محال ہے کیونکہ اللہ کسی نفس کو اس کی وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔

آری برطبق اُصولِ شیعہ شہادت حضرت امام الشہداء رضی اللہ عنہ درکنار دین وایمان شان ہم از دست مے رود۔ نعوذ باللہ منہا۔ اگر باور نیاشد بنگر کہ درکافی کلینی روایات دریں باب کہ ہر کرا تقیہ نیست دین وایمان ندارد وارد شدہ اند، مع سند نقل مے کنم۔

**(۱) اَوّل: عن ابن عمر عن هشام بن سالم عن ابن ابی بکر الاعجمی قال قال ابو عبداللّٰہ یا ابا عمران تسعة اعشار الدین فی التقیة ولا دین لمن لاتقیة له والتقیة فی کل شئ حتی فی المسح علی الخفین .**

ہاں شیعہ صاحبان کے اُصول کے مطابق حضرت امام الشہداء رضی اللہ عنہ کی شہادت ان کے دین وایمان کے ساتھ ساتھ ہاتھ سے نکل جاتی ہے۔ نعوذ باللہ منہا اگر یقین نہ ہو تو دیکھ لو کہ کافی کلینی (شیعہ حضرات کی مشہور کتاب۔ مترجم) میں اس

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بارے میں روایات موجود ہیں کہ جو شخص تقیہ نہ رکھے اس کا دین و ایمان نہیں ہے۔ مَیں ان روایات کو مع سند کے نقل کرتا ہوں۔

(۱) پہلی روایت: ابنِ عمر سے انہوں نے ہشام بن سالم سے، انہوں نے ابو بکر اعجمی سے روایت کی۔ ابو بکر نے کہا، کہ ابو عبداللہ نے کہا کہ اے ابا عمر! نوے فی صدی دین تقیہ میں ہے اور جس کا تقیہ نہیں، اس کا دین نہیں اور تقیہ ہر چیز میں ہے حتیٰ کہ چمڑے کی جرابوں پر مسح میں بھی ہے۔

**(۲) روایت دیگر: عن محمد بن یحیٰ عن احمد بن محمد بن عمر بن خلاد قال سالت ابا الحسن علیه السّلام عن القیام للولاة فقال ابو جعفر التقیة دینی و دین اٰبائی ولا ایمان لمن لاتقیة له.**

(۲) دوسری روایت: محمد بن یحییٰ سے، انہوں نے احمد بن محمد بن عمر بن خلاد سے روایت کی، کہا۔ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حکام کے لئے اکراماً کھڑے ہونے کے بارے میں پوچھا تو ابو جعفر نے فرمایا: ''تقیہ میرا اور میرے باپ دادا کا دین ہے اور جس کا تقیہ پر اعتقاد نہیں، اُس کا ایمان نہیں۔

ازیں دو روایت مثل آفتاب روشن می برآید کہ ہر کہ تقیہ نکند، بی دین و ایمان است

اکنوں از حضرات شیعہ التماس است کہ اگر ہمیں تقیہ است حُسنِ خاتمہ حضرت امام الشہداء معلوم، چہ جائیکہ شہادت۔ و ظاہر است کہ دریں دو روایت ہیچ گونہ گنجائشِ تاویل یا تخصیص نیست۔ اگر تاویل فرمایند یا تخصیص بعددی و شخصی نمایند، مسموع نخواہد بود۔ اکنوں ازیں چارہ نیست کہ مذہب اہل سنّت اختیار کنند۔ و اگر از اتباعِ حق عار و انکار است لاجرم از ائمہ دوازدہ گانہ کُل یازدہ باقی خواہند ماند۔ اندریں صورت انکار از حق و اصرار بر مذہب باطل لاجرم خواہد آمد۔ چہ حضرت امام را دریں ضیق و ناچاری کہ قابلِ سی ہزار فوج جرار چند معدود بودند و آنہم یکی بعد دیگرے شربتِ شہادت چشیدند تقیہ لازم بود۔ اگر اوّل اَمر اُمید بود در آخر وقت کہ ہیچ کس نماند تقیہ لازم افتادہ بود۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

من آنچہ شرط بلاغ است باتو میگویم تو خواہ ازخنم پند گیر خواہ ملال و جواب دیگر ان شاء اللہ تعالیٰ بشرطِ فرصت عنقریب بہ نظر سامی خواہد گزشت لَا تَقْنَطُوْا۔ ایں دو آیت کہ نقل کردہ شد اگر احتمالی دروغ باشد بمطابق نمایند۔ اگر نزدشما کافی کلیی نباشد نسخۂ مطبوعہ تہران نزد ما موجود است، ملاحظہ نمایند۔

**اللّٰھم ارنا الحق حقا و ارزقنا اتباعه و ارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابه واٰخر دعوانا ان الحمد للّٰه ربّ العٰلمين . فقط.**

ان دو روایتوں سے آفتاب کی مانند روشن ہو جاتا ہے کہ جو شخص تقیہ نہ کرے، بے دین وایمان ہے۔

اب حضرات شیعہ سے گذارش ہے کہ اگر تقیہ یہی ہے تو پھر تو امام حسین رضی اللہ عنہ کا ایمان پر خاتمہ معلوم ہے شہادت تو کہاں۔

اور ظاہر ہے کہ ان روایات میں کسی قسم کی تاویل یا تخصیص کی گنجائش نہیں ہے۔ اگر وہ تاویل کریں یا کسی شخص اور عدد کی تخصیص کریں تو قابلِ سماعت نہ ہوگی۔ اب اس کے سوا چارہ نہیں ہے کہ اہل سُنّت کا مذہب اختیار کریں۔ اور اگر حق کی پیروی سے انہیں شرم آتی ہے یا انکار ہے تو پھر تو یقیناً بارہ اماموں میں سے کُل گیارہ رہ جائیں گے۔

اور اس صورت میں حق سے انکار اور جھوٹے مذہب پر ضد لازم آئے گی۔ کیونکہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو اس تنگی اور مجبوری میں کہ تیس ہزار فوج کثیر کے مقابلے میں چند گنتی کے آدمی تھے، اور وہ بھی سب شہید ہو چکے تھے، تقیہ کرنا ضروری تھا۔ اگر شروع میں غلبہ کی اُمید تھی تو آخری وقت میں جب کوئی نہ رہا تھا، تقیہ کرنا ضروری تھا

جہاں تک تبلیغ کی شرط ہے مَیں تم سے کہتا ہوں تم خواہ میری بات سے نصیحت اختیار کرو یا رنج۔ اور دوسرا جواب ان شاء اللہ تعالیٰ بشرطِ فرصت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

عنقریب نظرِ گرامی سے گذرے گا، نا اُمید نہ ہوں۔

یہ دو (۲) روایتیں جو کہ نقل کی گئیں ہیں، اگر ان کے جھوٹ ہونے کا شک ہو تو مطابق کر لیں۔ اگر تمہارے پاس کافی کلینی نہ ہو تو نہران کا چھپا ہوا نسخہ ہمارے پاس موجود ہے، ملاحظہ کریں۔

"اے اللہ! ہمیں حق دکھا دے اور اس کے پیچھے چلنے کی توفیق عطا فرما اور جھوٹ کو جھوٹ کر کے دکھا دے اور اس سے بچنا نصیب فرما اور ہماری آخری دُعا یہ ہے کہ تمام تعریفیں رب العالمین کے لئے ہیں۔ **فقط**

**نوٹ**: اس مکتوب کا ترجمہ الحمدللہ آج بتاریخ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۸۸ھ مطابق ۲۴ جون ۱۹۶۸ء مطابق ۲۰ اساڑھ ۲۰۲۵ بکرمی بروز پیر بوقت سوا گیارہ بجے صبح ختم ہوا اور اس مکتوب کے ترجمے کا آغاز ۱۱ ربیع الاول ۱۳۸۸ھ ۱۰ جون ۱۹۶۸ء بروز دوشنبہ چھ بجے شام شروع ہوا تھا۔

**والحمد للّٰہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علٰی رحمۃ للعٰلمین.**

مترجم: محمد انوار الحسن شیرکوٹی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# مکتوب نہم کا جدید نسخہ

آج سے تقریباً ۳۹ سال قبل حضرت مولانا شیر محمد علوی صاحب رحمہ اللہ نے اسی مکتوب نہم کو بڑی آب وتاب کے ساتھ شائع کیا تھا۔ جس کا نفیس ترین ٹائٹل بھی حضرت سید نفیس الحسینی رحمہ اللہ کا لکھا ہوا ہے جس کا عکس اگلے صفحہ پر موجود ہے۔ اس جدید اشاعت کے ابتدائی مضامین بہت اہم اور نافع ہیں۔ اس لیے انہیں آئندہ صفحات میں دیا جارہا ہے۔ (مرتب)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ختم نبوت زندہ باد

خلافت راشدہ حق چاریار

یا اللہ مدد

در تحقیق و اثبات

# شہادتِ امامِ حسین رضی اللہ عنہ

و

# کردارِ یزید

تالیف فارسی

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی قدس سرہ

بانیٔ دار العلوم دیوبند، المتوفی ۱۲۹۷ھ

اردو ترجمہ

پروفیسر مولانا انوار الحسن شیر کوٹی رحمہ اللہ تعالیٰ

دیباچہ

حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب دامت برکاتہم

خلیفہ ارشد شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

تحریکِ خدام اہلِ سنت والجماعت

کرم آباد ○ وحدت روڈ ○ لاہور

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# کلماتِ بابرکات

## قائد اہل سنت
## الحاج حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب رحمہ اللہ
### (بانی و مرکزی میر تحریک خدام اہل سنت پاکستان)

پاکستان میں اہل سنت والجماعت کی غفلت اور ناواقفیت کی وجہ سے شیعیت وغیرہ دوسرے فتنوں کے ساتھ خارجیت بعنوان یزیدیت کا فتنہ بھی پھیل رہا ہے جس میں دیو بندی حلقہ بھی مبتلا ہو رہا ہے۔ تحریک خدام اہل سنت کے ایک نوجوان عالم قاری شیر محمد صاحب علوی سلمہ، (فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور) نے حجۃ الاسلام حضرت نانوتوی قدس سرہٗ کا یہ محققانہ مکتوب کتابی صورت میں شائع کر کے ایک اہم دینی خدمت سرانجام دی ہے اور اس پر مستزاد یہ کہ انہوں نے ابتدائیہ کے طور پر اپنا ایک جامع مقالہ بعنوان ''التمہید فی بیان فسق یزید'' بھی اس میں شامل کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ علم و عمل میں ترقی عطا فرمائیں۔ آمین بجاہِ رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم

## حضرت مولانا مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی رحمہ اللہ

احقر نے یہ رسالہ سُنا ہے یعنی ''التمہید فی بیان فسق یزید'' اور ٹھیک سمجھا ہے نقول صحیحہ پیش کی گئی ہیں۔ اس لئے اس میں تردد کی گنجائش نہیں مگر لعنت سے کف لسان محققین کا معمول ہے وہی درست ہے۔ واللہ اعلم جمیل احمد تھانوی۔

(مفتی جامعہ اشرفیہ مسلم ٹاؤن لاہور)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ”التمہید فی بیانِ فسق یزید“

از: قلم حضرت مولانا شیر محمد علوی صاحب رحمہ اللہ

الحمدللّٰہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لانبی بعدہٗ
وعلیٰ اٰلہٖ و اصحابہ والذین اوفوا عھدہٗ

امابعد! برادرانِ اہل سنت زیر نظر رسالہ مبارکہ حجۃ الاسلام استاذ الاساتذہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۲۹۷ھ بانی دارالعلوم دیوبند وخلیفہ اعظم قطب العالم اعلیٰ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہٗ کا ہے حضرت نانوتوی قدس سرہٗ کے بارے میں کچھ کہنا یا لکھنا درحقیقت سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کا نام ہی رسالہ کے مستند ہونے کی کافی دلیل ہے۔
یہ رسالہ دراصل حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا ایک طویل مکتوب گرامی ہے جو آپ نے اپنے مایہ ناز شاگردِ رشید حضرت مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ محشی سنن ابی داؤد کے نام تحریر فرمایا تھا۔ اور حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصحیح کے ساتھ سب سے پہلے منشی ممتاز علی صاحب میرٹھی مرحوم نے مطبع مجتبائی سے ۱۲۹۲ھ میں شائع کیا جو کہ قاسم العلوم کے نام سے چھپا تھا جس میں اور بھی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے کئی مکتوبات تھے۔
بعد ازاں پروفیسر مولانا انوار الحسن صاحب شیر کوٹی مرحوم نے ان کا اُردو ترجمہ کر کے ناشران قرآن لاہور سے طبع کرایا۔ اسی ترجمہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے خدام اہل سنت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پاکستان کو توفیق عطاء فرمائی کہ اس مکتوب شریف کو دوبارہ زیور طبع سے آراستہ کر کے سنّی مسلمانوں کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

حضرت نانوتوی قدس سرّہٗ نے اس مکتوب گرامی میں شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ پر مجتہدانہ بحث فرمائی ہے اور یہ بھی ثابت فرمایا ہے کہ یزید ﴿حضرت نانوتوی قدس سرہٗ نے بھی جمہورِ اُمت کی طرح یزید کو فاسق و فاجر تحریر فرمایا ہے چنانچہ زیر نظر مکتوب گرامی میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے اور اسی طرح آپ نے ایک اور مکتوب میں جو کہ ''فیوضِ قاسمیہ'' میں طبع ہوا ہے اس میں فرماتے ہیں سو یزید بالاتفاق وقت اعلان فسق و فجور مستحق اس کا نہ تھا بلکہ غاصب تھا ''فیوض قاسمیہ'' صفحہ ۱۰ مطبوعہ دیوبند۔ نیز فرماتے ہیں۔ یزید پلید اور عبدالملک وغیرہ کو سُنیوں میں کوئی ایک بھی خلیفہ راشد (موعود) نہیں سمجھتا۔ اجوبہ اربعین صفحہ ۱۸۵ مطبوعہ جدید گوجرانوالہ۔ اس کے بعد لکھتے ہیں۔ سو خلیفہ راشد تو چار یار رضی اللہ عنہم ہی تھے اور یزید ولید عبدالملک وغیرہ مروانی عباسی اکثر ناخلف تھے اجوبہ اربعین صفحہ ۱۸۷۔ اس کے بعد مزید تحریر فرماتے ہیں۔ خلیفہ کی دو قسمیں ہوں گی ایک خلیفہ راشد یہ تو چار یار رضی اللہ عنہم اور پانچویں پانچ چھ مہینے کے لئے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ ہو گئے تھے۔ دوسرا خلیفہ غیر راشد اور خلیفہ غیر راشد کو بادشاہ اور مَلِک بھی سُنیوں کی اصطلاح میں کہتے ہیں۔ یزید اور عبدالملک وغیرہ سب اسی قسم کے ہیں۔ ہاں عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ البتہ مروانیوں میں سے خلیفہ راشد ہوئے ہیں فقط صفحہ ۱۸۸۔ نیز حضرت نانوتوی قدس سرّہٗ اپنی معرکۃ الآراء کتاب ''ہدیۃ الشیعہ'' کے صفحہ ۲۸۱ مطبوعہ جدید لاہور تحریر فرماتے ہیں۔ حضرت امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ نے بعد شہادت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلافتِ مغصوبہ (بزعم شیعہ) قبول کی اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے یزید پلید سے خلافتِ مغصوبہ کے طالب ہوئے یہاں تک کہ نوبت شہادت کو پہنچی﴾ کے کردار میں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا دامن بالکل پاک ہے اور اُن پر کوئی اعتراض نہیں آ سکتا۔

قارئین پر رسالہ کے مطالعہ کرنے کے بعد یہ چیز واضح ہو جائے گی۔ ہماری وضاحت کی ضرورت نہیں ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## جمہور اُمت نے یزید کو فاسق قرار دیا ہے

البتہ ہم با حوالہ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ یزید کو جمہور اُمت اور اساطین اسلام نے فاسق قرار دیا ہے بلکہ بعض نے تو تکفیر ﴿جن حضرات نے یزید پر کفر کا فتویٰ دیا ہے اُن میں بیہقی وقت حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۲۵ ہجری) سرفہرست ہیں چنانچہ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو''السیف المسلول'' اُردو مطبوعہ فاروقی کتب خانہ ملتان از صفحہ ۴۸۷ تا صفحہ ۴۹۱ تفسیر مظہری اُردو مطبوعہ دہلی صفحہ ۵۶، ۵۷، ج ۹۔ تحت آیت استخلاف عربی صفحہ ۵۵۴، ج ۶۔ نیز فرماتے ہیں یزید نے دین محمدی کا انکار کر دیا۔ تفسیر مظہری اُردو صفحہ ۳۰۷، ج ۸۔ تحت آیت الم تر الی الذین بدّلوا نعمت الله کفراً۔ اور اسی طرح علامہ آلوسی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں و انااقول الّذی یغلب علٰی ظنّی ان الخبیث لم یکن مصدقا برسالته النبی صلی الله علیه وسلم۔ روح المعانی صفحہ ۶۶، ج ۲۶۔ اسی طرح امام ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یزید پر واقعہ حرہ کی وجہ سے نکیر فرمائی ہے۔ سوال فی یزید بن معاویہ (معاویہ رضی اللہ عنہ) لامام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ صفحہ ۱۷ اور امام ابن جوزی نے بھی یزید کو کافر قرار دیا ہے بلکہ اس مسئلہ پر ایک مستقل کتاب تصنیف فرمائی ہے۔ ''الرد علی المحصب العنید المانع من یزید'' السیف المسلول صفحہ ۴۸۸﴾ بھی فرمائی۔ گو محتاط و مختار مسلک یہ ہے کہ تکفیر اور لعن سے کف لسان کیا جائے۔ مگر اس کو خلیفہ عادل بھی نہ کہا جائے جیسا کہ بعض خود ساختہ محقق کہتے ہیں کہ یزید خلیفہ عادل ﴿مولانا محمد اسحاق سندیلوی ندوی تحریر فرماتے ہیں کہ یزید ایک صالح مسلمان تھے اور خلیفہ عادل بھی تھے۔ جواب شافی صفحہ ۱۷۔ مؤلفہ مولانا سندیلوی﴾ تھا اور تمام وہ بزرگ جو یزید کو فاسق قرار دیتے ہیں انہوں نے تحقیق نہیں کی۔ ﴿جواب شافی صفحہ ۱۶۔ شیخ الاسلام علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ و من اٰمن بالله والیوم الاخر لا یختار ان یّکون مع یزید ولا مع امثالهٖ من الملوک الّذین لیسوا بعادلین۔ اور جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ یزید یا اس جیسے غیر عادل

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بادشاہوں کے ساتھ بھی ہو سکے سوال فی یزید بن معاویہ صفحہ ۲۸۔ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے قاضی ابو یعلیٰ سے روایت کی کہ انہوں نے اپنی کتاب ''معتمد الاصول'' میں اپنی اسناد سے صالح بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی کہ صالح نے کہا۔ ابا جی ایک قوم ہمیں یزید کی دوستی کا الزام دیتی ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا۔ اے بیٹے جو خدا پر ایمان رکھتا ہے وہ یزید کے ساتھ دوستی نہیں کر سکتا اور جن پر خدا نے اپنی کتاب میں لعنت فرمائی اس پر لعنت کیوں نہ کی جائے۔ الخ۔ السیف المسلول صفحہ ۴۸۸۔ صواعق محرقہ صفحہ ۲۲۲۔ اور اس کے بعد امام احمد رحمہ اللہ نے سورہ محمد کی آیات تلاوت فرمائیں۔ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ اور امام احمد رحمہ اللہ کی عبارتوں پر مولانا سندیلوی غور فرمائیں۔ کہ یزید کی محبت سے کیا نتیجہ نکلتا ہے ﴾ یہ ایک ایسا سنگین الزام ہے جو آج تک علماء دیوبند پر کسی دشمن نے بھی نہیں لگایا۔ اس کا تو یہ مطلب ہوا کہ جن بزرگوں نے یزید کو فاسق قرار دیا ہے وہ سارے غیر محقق اور غیر محتاط تھے بلکہ بقول استادنا المکرم حضرت مولانا مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی مدظلہم معاملہ اس کے برعکس ہے یعنی، وہ لوگ جو یزید کو صالح قرار دیتے ہیں اگر تحقیق کرتے تو وہی کچھ کہتے جو ان بزرگوں نے کہا یعنی یزید فاسق تھا۔ اب حوالہ جات ملاحظہ فرمائیے۔

(۱) و اما الحسین فانّه لمّا ظهر فسق یزید عند الکافة من اهل عصره۔ لیکن حسین رضی اللہ عنہ تو جب یزید کا فسق و فجور اس کے دَور کے سب لوگوں کے نزدیک نمایاں ہو گیا، مقدمہ ابن خلدون صفحہ ۲۱۶ تحت الفصل التاسع والعشرون فی معنی البیعۃ۔ ﴿ حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ مہتمم دارالعلوم دیوبند لکھتے ہیں بہرحال مخالفین یزید تو اسے فاسق جانتے ہی تھے مبایعین (بیعت کرنے والے) یزید بھی اسے فاسق ہی سمجھتے تھے اس لئے اس کا فسق متفق علیہ ہے جسے ابن خلدون نے عندالکافہ کے لفظ سے تعبیر کیا ہے۔ شہید کربلاء اور یزید صفحہ ۸۹۔ طبع جدید لاہور ﴾

(۲) و بعد اتفاقهم علی فسقه اختلفوا فی جواز لعنه بخصوص اسمه۔ اور یزید کے فسق پر متفق ہونے کے بعد اختلاف ہوا اس پر نام لے کر لعنت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تے ہیں۔ الصواعق المحرقه صفحہ ۲۲۲ مطبوعہ ملتان اتحاف السادہ شرح احیاء العلوم صفحہ ۴۸۸ ج ۷ لکھتے ہیں۔ قال ابن حجر المکی و ھو الالیق بقواعد المذھب فلا یجوز لعنهٗ و ان کان فاسقاً خبیثاً۔ (ترجمہ) اگرچہ یزید فاسق و خبیث تھا مگر اس پر لعنت کرنی جائز نہیں۔

(۳) شیخ الاسلام علامہ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ (م ۷۲۸ھ) فرماتے ہیں۔ و من جعلهٗ من الخلفاء الرّاشدین المھدیّین فھو ایضًا ضالٌّ مبتدعٌ کاذبٌ۔ اور جو شخص یزید کو خلیفہ راشد کہے وہ گمراہ بدعتی اور جھوٹا ہے۔

(سوال فی یزید بن معاویہ صفحہ ۱۵ مطبوعہ بیروت ۱۳۹۶ھ)

(۴) فاضل جلیل مولانا عبدالحق حقانی صاحب تفسیر حقانی (م ۱۳۳۶ھ) تحریر فرماتے ہیں۔ ان (حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ) کے بعد ان کا بیٹا یزید بدبخت ان کی جائے حاکم ہوا اس نالائق دنیا دار نے" مزید تحریر فرماتے ہیں: "اس کم بخت کے بے دین ہونے میں کیا شک ہے"۔ ملاحظہ ہو عقائد الاسلام لمولانا عبدالحق صاحب حقانی رحمۃ اللہ علیہ۔ مطبوعہ کراچی۔ اس کتاب پر مندرجہ ذیل اکابر کی تقریظات ہیں۔

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی۔ حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ سابق مہتمم دار العلوم دیوبند۔ امام المحدثین علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ۔ مفتی اعظم ہند مولانا کفایت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

(۵) قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہٗ (م ۱۳۲۳ھ) فرماتے ہیں۔ بعض ائمہ نے جو یزید کی نسبت کفر سے کف لسان کیا ہے وہ احتیاط ہے کیونکہ قتل حسین رضی اللہ عنہ کو حلال جاننا کفر ہے۔ مگر یہ امر کہ یزید قتل کو حلال جانتا تھا متحقق نہیں۔ لہٰذا کافر کہنے سے احتیاط رکھے مگر فاسق بے شک تھا الخ فتاویٰ رشیدیہ، صفحہ ۴۹۔ مطبوعہ کراچی نیز فرماتے ہیں۔ مگر اجماع جیسا پانچ پہلوں پر ہوا تھا یزید پر کون سا اجماع اہل حق ہوا تھا وہ تو متغلب بزور ہو گیا تھا اور اجماع عوام کچھ معتبر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نہیں۔ ہدایۃ الشیعہ صفحہ ۹۵۔ اس کے بعد فرماتے ہیں...... اب حقیقت خلفائے خمسہ کی اور تغلب یزید پلید کا مثل آفتاب روشن ہوگیا اگر کور باطن نہ سمجھے تو کسی کا کیا قصور۔ ہدایۃ الشیعہ صفحہ ۹۵ مطبوعہ دار الاشاعت کراچی۔

(۶) مفتی اعظم دار العلوم دیوبند حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۴۷ھ) یزید کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔ در ظلم و جور تعدی و فسق او کلام نیست الخ فتاویٰ دار العلوم دیوبند مطبوعہ دیوبند مرتبہ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ۔ یزید کے مظالم وغیرہ اور فسق میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (صفحہ ۸۰، جلد نمبر ۵، ۶)

(۷) امام العصر حضرت علامہ محمد انور شاہ صاحب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کربلا کے میدان میں حسین ابن علی رضی اللہ عنہ کی جنگ یزید سے اور حرہ کی یہ جنگ یزید کے زمانہ میں ذوالحجہ ۶۳ھ اہل مدینہ کے ساتھ لڑی گئی اور یزید کی طرف سے مسلم بن عقبہ اس پر مامور تھا اس جنگ میں اہل مدینہ پر بڑے بڑے مظالم ہوئے اور یہ ایام یزیدی دور کے سیاہ ترین ایام ہیں چنانچہ مؤرخ مدینہ علامہ سمہودی رحمۃ اللہ علیہ مرحوم ومغفور (م ۹۱۱ھ) لکھتے ہیں:

وكانت وقعة الحرة، و قتل الحسين، و رمى الكعبة بالمنجنيق من اشنع شيء جرى في ايام يزيد۔ وفاء الوفا، جلد ۱، ص ۱۳۷۔ مقتولین کی مجموعی تعداد بہت زیادہ ہے البتہ جو مہاجرین وانصار صحابہ رضی اللہ عنہم اور جلیل القدر تابعین اس میں شہید ہوئے وہ ایک ہزار سات سو اور عورتوں بچوں کے علاوہ مخلوط لوگ جو شہید ہوئے وہ دس ہزار افراد ہیں۔ اور سات سو حفاظ قرآن اور ستانوے قریشی شہید ہوئے۔ وفاء الوفا ص ۱۲۶، جلد نمبر ۱، تاریخ الخلفاء للسیوطی رحمۃ اللہ علیہ، ص ۸۱۔ اور مسجد نبوی میں تین دن رات تک اذان ونماز نہیں ہوسکی۔ وفاء الوفا ص ۱۳۸، جلد نمبر ۱۔ چنانچہ سیدنا سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد کے اندر پناہ گزین تھا اور جب بھی نماز کا وقت آتا تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف سے اذان کی آواز سنتا تھا۔ وفاء الوفا صفحہ ۱۳۴، جلد نمبر ۱۔ نیز مسجد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں ان دنوں گھوڑے باندھے گئے اور

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مسجد شریف میں لید اور پیشاب کرتے رہے۔ وفاء الوفا۔ ص۱۳۶، ج نمبر۱۔ اور جب جنگ سے فراغت کے بعد یزیدی عملہ دربار یزید میں آیا تو یزید نے ان کا شکریہ ادا کیا اور ان کو اپنا مقرب ہی بنالیا۔ فلما قدم مروان علی یزید شکر لہٗ ذالک وادناہٗ ۔ وفاء الوفا۔ ص۱۳۴، جلد نمبر۱۔ نیز جلیل القدر صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے گھر کا سارا سامان لوٹ لیا گیا اور ان کی ریش مبارک اُکھاڑ دی گئی۔ العیاذ باللہ۔ روی الطبرانی عن ابی ھارون العبدی قال. رأیت ابا سعید الخدری رضی اللہ عنہ ممعّط اللحیہ. فقلت تعبثہ بلحیتک ۔ قال ۔ لا۔ ھذا ما لقیت من ظلمة اھل الشام ۔ دخلوا من الحرۃ فاخذوا ما کان فی البیت من متاع او خرثی ثم دخلت طائفة اخریٰ فلم یجدوا فی البیت شیئًا فاسفوا ان یخرجوا بغیر شیء. فقالو. اضجعوا الشیخ فیجعل کل یاخذ من لحیتی خصلة ۔ وفاء الوفا۔ ص۱۳۵، جلد نمبر۱۔ جس یزید کو مولانا سندیلوی ندوی خلیفہ عادل ثابت فرماتے ہیں اس کے مظالم کی داستان بڑی طویل ہے ہم نے بطور نمونہ چند ایک مظالم کا ذکر کردیا ہے۔ باقی کو ان پر قیاس کر کے سمجھ لیا جائے کہ وہ کیسا خلیفہ عادل تھا۔ کیا یہ تمام اکابر بلاتحقیق ہی باتیں لکھ دیا کرتے تھے آج چودہ سو سال بعد صرف یزیدی گروہ کے سرخیل سندیلوی صاحب کو ہی صحیح واقعات کا علم ہوا ہے اور آج تک کسی فرد واحد کو بھی صحیح واقعات کا علم نہیں ہوسکا؟ ۔ یا پھر سندیلوی صاحب کے پیش رو محمود احمد عباسی نے تحقیق کی ہے۔ یزید کو خلیفہ عادل کہنا درحقیقت ان تمام بزرگوں کی تغلیط کرنا ہے جو یزید کو فاسق و فاجر کہہ چکے ہیں اور جن کی کفش برداری کو خود مولانا سندیلوی بھی باعث سعادت جانتے ہیں۔ ملاحظہ ہو جواب شافی ص۱۶، مؤلفہ مولانا محمد اسحاق سندیلوی ندوی۔۱۲﴾ و مدینہ میں اہل مدینہ کی جنگ عقبہ بن مسلم ﴿اصل نام مسلمہ بن عقبہ ہے یہ قلب مکانی سہو کتابت ہے۔ علوی غفرلہ﴾ کی فوج سے (جو یزید کی طرف سے مدینہ کا حاکم تھا) اور مکہ میں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کی جنگ حجاج سے نیز عبدالرحمٰن بن اشعث کے واقعہ میں قراء قرآن کی جنگ حجاج سے، اسی قبیل سے ہیں (یعنی ظالموں کے خلاف ان کے ظلم وجور سے بچنے کے لئے لڑی گئی ہیں الخ) اکفار

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

الملحدین مترجم۔ ص ۶۸ مطبوعہ مجلس علمی کراچی ترجمہ مولانا محمد ادریس صاحب میرٹھی۔

(۸) امام المحققین حضرت مولانا علامہ عبدالحیٔ لکھنوی قدس سرہٗ (م۔۱۳۰۴ھ) سے سوال کیا گیا درحق یزید چگونہ اعتقاد باید داشت؟ یزید کے بارہ میں کیا عقیدہ رکھنا چاہئے۔ تو جواب میں بہت سے اقوال نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔ ومسلک اسلم آن ست کہ آں شقی رابمغفرت وترحم ہرگز یاد نباید کرد وبہ لعن او کہ درعرف مختص بکفار گشتہ زبان خود را آلودہ نباید کرد الخ۔ کہ یزید کے متعلق اسلم ترین مسلک یہ ہے کہ اس (یزید) بدبخت کو مغفرت اور رحمۃ اللہ کے کلمات سے ہرگز یاد نہ کرے اور نہ ہی لعنت سے اپنی زبان کو آلودہ کرے الخ۔ فتاویٰ عبدالحیٔ رحمۃ اللہ علیہ۔ ص ۸،۹، ج نمبر ۳ (مطبوعہ یوسفی لکھنؤ)

(۹) علامہ علی القاری حنفی رحمہٗ اللہ نے بھی یزید کو خلفاء جور میں شمار کیا ہے۔

(ملاحظہ ہو شرح فقہ اکبر، ص ۱۱۷ مطبوعہ شاہدرہ دہلی ۱۲۷۷ھ)

(۱۰) استاذ العلماء رئیس المتکلمین حضرت الاستاذ مولانا محمد ادریس کاندھلوی قدس سرہٗ (م۔۱۳۹۴) تحریر فرماتے ہیں: ''امام حسین رضی اللہ عنہ کا یزید پلید سے مقابلہ''

امام حسین رضی اللہ عنہ کا خروج خلافتِ راشدہ کے دعویٰ کی بناء پر نہ تھا اس لئے کہ خلافت راشدہ کی مدت تیس سال گذر چکی تھی بلکہ مسلمانوں کو ظالموں کی حکومت سے چھڑانا تھا کہ مسلمانوں پر ظالم اور فاسق وفاجر کی حکومت قائم نہ ہو جائے۔ اس لئے کہ یزید کی حکومت ابھی پوری طرح قائم نہ ہوئی تھی۔ اہل مکہ اہل مدینہ اور اہل کوفہ نے ابھی تک یزید کے ہاتھ پر بیعت نہ کی تھی اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے بیعت نہ کی۔ اور احادیث میں جو یہ آیا ہے کہ بادشاہ وقت سے بغاوت اور اس کی اطاعت سے خروج جائز نہیں اگرچہ وہ بادشاہ ظالم ہو اس کا مطلب یہ ہے کہ جس بادشاہ کا بلانزاع اور بلامزاحمت کامل تسلط ہو جائے وہ اگرچہ ظالم ہو اس کی اطاعت سے خروج اور بغاوت جائز نہیں اور جس کا ابھی تک تسلط ہی نہ ہوا ہو اور ہنوز اس کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حکومت ہی قائم نہ ہوئی ہو تو اس کا مقابلہ خروج اور بغاوت نہ کہلائے گا۔ دفع تسلط اور رفع تسلط میں بڑا فرق ہے قائم شدہ تسلط کا رفع یعنی اس کا ازالہ خروج اور بغاوت ہے اور کسی ظالم کے تسلط کو قائم نہ ہونے دینا اس کا نام منع تسلط ہے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا خروج یزید پلید کے دفع اور منع تسلط کے لئے تھا نہ کہ رفع تسلط کے لئے۔

ماخوذ از فتاوی عزیزی ﴿حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی قدس سرہٗ (م ۱۲۳۹ھ) تحریر فرماتے ہیں۔ خروج حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ بنا بر دعوئ خلافت راشدہ پیغامبر کہ بمر در سی سال منقضی گشت نبود بلکہ بنا بر تخلیص رعایا از دست ظالم بود و اعانۃ المظلوم علی الظالم من الواجبات ۔ و آنچہ در مشکوٰۃ ثابت است کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم از بغی و خروج بر پادشاہ وقت اگر چہ ظالم باشد منع فرمودہ اند پس در آں وقت است کہ آں پادشاہ ظالم بلا نزاع و مزاحم تسلط تام پیدا کردہ باشد و ہنوز اہل مدینہ و اہل مکہ و اہل کوفہ با تسلط یزید پلید راضی نشدہ بودند و مثل حضرت حسین و عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن عمر و عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم بیعت نکردہ بالجملہ خروج حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ برائے دفع تسلط او بود نہ برائے رفع تسلط و آنچہ در حدیث ممنوع است آں خروج است کہ برائے رفع تسلط سلطان جائز باشد والفرق بین الدفع والرفع ظاہر مشہور فی المسائل الفقہیہ ۔ فتاویٰ عزیزی ۔ ص ۲۲ ۔ ج نمبر ۱، مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱۳۱۱ھ ﴾ ص ۲۲، ج نمبر ۱۔ خلافت راشدہ طبع اوّل ص ۲۰۸، ۲۰۹، مصنفہ مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ۔

(۱۱) امام پاکستان رأس المحققین علامہ دوران استاذنا المکرم حضرت مولانا سید احمد شاہ بخاری قدس سرہٗ۔ چوکیروی ﴿حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ قطب زمان حضرت مولانا احمد علی لاہوری قدس سرہٗ کے اجلہ خلفاء میں سے تھے اور سنی و شیعہ نزاعی مسائل میں اللہ تعالیٰ نے خاص مہارت بخشی تھی آپ نے کئی سال تک پندرہ روزہ ''الفاروق'' رسالہ چوکیرہ سے نکالا جو شیعی اعتراضات کا جواب اور ناموس صحابہ رضی اللہ عنہم کا پاسبان تھا۔ آپ چوکیرہ ضلع سرگودھا میں مدرسہ عربیہ دارالہدیٰ کے بانی اور صدر مدرس رہے۔ مگر زندگی کے آخری چند سال آپ نے سرگودھا شہر میں گزارے وہاں ایک عظیم الشان مسجد جامع مسجد فاروق اعظم اور ایک مدرسہ دارالعلوم فاروق اعظم

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

قائم فرمایا مگر آپ تھوڑا ہی عرصہ بعد میں حیات رہے بالآخر ۱۳۸۹ھ کو انتقال فرمایا اور اپنے آبائی گاؤں اجنالہ ضلع سرگودھا میں مدفون ہوئے۔۱۲۔شیر محمد علوی غفرلہ ﴾ (م ۱۳۸۹ھ)

یزید اور واقعہ کربلا کے سلسلہ میں ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

**سوال:** واقعہ کربلا میں کس حد تک یزید کا ہاتھ ہے؟ اور وہ اس وقت کربلا سے کتنا دُور تھا کیا وہ قابل دشنام ہے۔ کیا یہ سچ ہے۔ کہ وہ فاسق و فاجر تھا؟

**جواب:** واقعہ کربلا کی تمام تر ذمہ داری یزید پر عائد ہوتی ہے۔ وہ اگرچہ اس واقعہ کے وقت ظاہر میں کربلا سے بہت دُور تھا۔ مگر حقیقت میں وہ اسی قدر نزدیک تھا کیونکہ کوئی کام اس کی رائے کے بغیر نہیں ہو رہا تھا۔

امام حسین رضی اللہ عنہ جیسی عظیم شخصیت پر ہاتھ ڈالنا کسی فوجی افسر یا کسی صوبہ کے گورنر کا ذاتی فعل نہیں ہوسکتا۔ ہم اس موقع پر اہل سنت کی مشہور و معروف درسی کتاب شرح عقائد نسفیہ کی ایک عبارت پیش کرتے ہیں جو سوال مذکور کے ہر ایک جزء کا شافی جواب ہوگی۔ (دیکھو کتاب مذکور مطبوعہ دیوبند۔ ص ۱۱۳)

**والحق ان رضا یزید بقتل الحسین واستبشارہ بذالک واھانۃ اھل بیت النبی علیہ السلام مما تواتر معناہٗ وان کانِ تفاصیلہ احادًا فنحن لانتوقف فی شانہ بل فی ایمانہٖ لعنۃ اللّٰہ علیہ و علیٰ انصارہ و اعوانہٖ.**

**ترجمہ:** ''اور حق بات یہ ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے قتل پر یزید کا راضی ہونا اور پھر اس پر خوشی کا ظاہر کرنا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھرانے کو رُسوا کرنا اگرچہ لفظوں کے اعتبار سے اخبار احاد ہیں مگر معنی کی رُو سے متواتر ہیں پس ہمیں اس کے بے ایمان ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے اس لئے ہم کہتے ہیں کہ خدا کی لعنت ہو یزید پر اور اس کی امداد کرنے والوں پر چاہے امداد مشورہ سے کریں اور چاہے اسلحہ سے اس کی امداد کریں۔''

**نوٹ:** شرح عقائد کی مذکورہ بالا عبارت میں غور کرو۔ اس میں صیغہ متکلم مع الغیر اپنی ذات کی نہیں بلکہ تمام اہل سنت کی ترجمانی کر رہا ہے۔ اور علم عقائد کی کتابوں میں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

صرف اسی شرح عقائد کو نصاب تعلیم کے اندر داخل ہونے کا شرف حاصل ہے اور آج تک کسی عالم نے اس کتاب کو نصاب تعلیم سے خارج کرنے کا اِرادہ نہیں کیا۔

پندرہ روزہ ''الفاروق'' چوکیرہ۔ ص ۲۲۔ ۱۵ رمئی ۱۹۵۷ء جلد نمبر ا، شمارہ نمبر ۱۴۔

تقریباً اسی قسم کی تفصیل علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور کتاب عقائد شرح مقاصد میں تحریر فرمائی ہے۔ (ملاحظہ ہو صفحہ ۳۰۷، جلد نمبر ۲ مطبوعہ جدید لاہور)

(۱۲) حکیم الامت مجدّد الملت حضرت مولانا الشاہ اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہٗ (م ۱۳۶۲ھ) ایک طویل سوال کا جواب تحریر فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔ یزید فاسق تھا اور فاسق کی ولایت مختلف فیہ ہے۔ دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم نے جائز سمجھا۔ حضرت امام (حسین رضی اللہ عنہ) نے ناجائز سمجھا اور گو اکراہ میں انقیاد جائز تھا مگر واجب نہ تھا اور متمسک بالحق ہونے کے سبب یہ مظلوم تھے اور مقتول مظلوم شہید ہوتا ہے۔ شہادت غزوہ کے ساتھ مخصوص نہیں۔ بس ہم اسی بنائے مظلومیت پر ان کو شہید مانیں گے۔ باقی یزید کو اس قتال میں اس لئے معذور نہیں کہہ سکتے کہ وہ مجتہد سے اپنی تقلید کیوں کراتا تھا خصوص جب کہ حضرت امام رضی اللہ عنہ آخر میں فرمانے بھی لگے تھے کہ میں کچھ نہیں کہتا۔ اس کو تو عداوت ہی تھی۔ چنانچہ امام حسن رضی اللہ عنہ کے قتل کی بنا یہی تھی۔ اور مسلّط کی اطاعت کا جواز الگ بات ہے۔ مگر مسلّط ہونا کب جائز ہے۔ خصوص نااہل کو۔ اس پر خود واجب تھا کہ معزول ہو جاتا۔ پھر اہل حل وعقد کسی اہل کو خلیفہ بناتے۔ (امداد الفتاویٰ۔ ص ۴۱۶۔ ج نمبر ۴)

(۱۳) امام ربانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ (م۔ ۱۰۳۴ھ) تحریر فرماتے ہیں۔ و یزید بے دولت از اصحاب نیست در بدبختی او کرا سخن کارے کہ آن بدبخت کردہ ہیچ کافر فرنگ نکند۔ بعضی از علماء اہل سنت کہ در لعن او توقف کردہ اند نہ آنکہ از وے راضی اند بلکہ رعایت احتمال رجوع توبہ کردہ اند۔

مکتوبات امام ربانی۔ ص ۱۳۳، دفتر اوّل مطبوعہ ترکی۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ یزید بدبخت صحابی نہیں ہے اور اس کے بدبخت ہونے میں کوئی کلام نہیں ہے اس بدبخت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نے ایسے کام کیے جو فرنگی کافروں نے بھی نہیں کیے بعض علماء اہل سنت نے (مثل امام غزالی رحمہ اللہ وغیرہ) جو اس پر لعنت کرنے میں توقف کیا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اس کو پسند کرتے ہیں اور اس سے راضی ہیں۔ بلکہ محض اس احتمال پر کہ شاید اس نے آخر وقت میں توبہ کر لی ہو اس بناء پر لعنت نہیں کرتے۔

(۱۴) شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی قدس سرہٗ (م۔ ۱۳۷۷ھ) فرماتے ہیں۔ خلاصہ کلام یہ کہ مؤرخین میں سے ان لوگوں کا قول کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ حیات میں یزید معلن بالفسق تھا اور ان کو اس کی خبر تھی اور پھر انہوں نے نامزد کیا ہے بالکل غلط ہے۔ ہاں ہو سکتا ہے کہ اس وقت میں خفیہ طور پر فسق و فجور میں مبتلا ہو مگر ان کو اس کے فسق و فجور کی اطلاع نہ ہو۔ ان کی وفات کے بعد وہ کھل کھیلا اور جو کچھ نہ ہونا چاہئے تھا کر بیٹھا۔ (مکتوبات شیخ الاسلام۔ ص ۲۶۶۔ ج نمبرا، مطبوعہ لاہور شائع کردہ مولانا سید حامد میاں صاحب۔ جامعہ مدنیہ لاہور)

(۱۵) امام اہل سنت مولانا عبدالشکور صاحب فاروقی لکھنوی رحمہ اللہ (م۔ ۱۳۸۱ھ) جو اپنے وقت کے بہت بڑے محقق تھے اور ان کی تحقیقات خصوصاً سنی شیعہ نزاعی مسائل میں ان پر اکابر دیوبند نے اعتماد فرمایا اور امام التبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس صاحب نے تو ان کو امام وقت قرار دیا ہے۔ تحریر فرماتے ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فرزند حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا واقعہ کربلا سبق لینے کے لئے کافی ہے۔ کہ ایک فاسق کے ہاتھ پر بیعت نہ کی اور اپنی آنکھوں کے سامنے تمام خاندان کٹوا دیا۔ (ابوالائمہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مقدس تعلیمات۔ ص ۳۳)

(۱۶) امام المجاہدین قطب الاقطاب حضرت سید احمد شہید قدس سرہٗ (م ۱۲۴۶ھ) فرماتے ہیں۔ (حضرت حسین کا) یزید کے ساتھ جنگ کرنے کا باعث اس سے ناجائز اُمور کے صادر ہونے کے سوا اور کوئی نہ تھا اور جب یہ آدمی ناجائز کام کا مرتکب ہوا اور اس پر اصرار کیا اور کام کو بہتر اور جانا تو حضرت ہمام رضی اللہ عنہ کی جانب سے دھتکارنے کے لائق ہو گیا اور آپ کے دشمنوں کے متابعت کنندوں میں داخل

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہو گیا۔صراط مستقیم اُردو ص ۱۰۴۔مطبوعہ کراچی۔(صراط مستقیم حضرت سید صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ان علوم کا ذخیرہ ہے جو حضرت شاہ محمد اسماعیل شہید اور حضرت مولانا عبدالحیٔ صاحبان قدس سرہما نے جمع کیا تھا۔حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ان علوم کو ایک خاص ترتیب کے ساتھ مدوّن کر کے کتابی شکل میں ضبط فرمالیا تھا۔علوی غفرلہ۔)

(۱۷) امام المناظرین شیخ المحدثین حضرت مولانا خلیل احمد صاحب محدث سہارن پوری ثم المدنی قدس سرہٗ (م ۱۳۴۶ھ) تحریر فرماتے ہیں۔جناب امام (حسین رضی اللہ عنہ) یزید کو بوجہ اس کے فسق یا کفر کے علی اختلاف القولین لائق امامت ہی نہیں سمجھتے تھے۔(ملاحظہ ہو۔مطرقۃ الکرامہ علی مرآۃ الامامۃ۔ص ۲۸۵۔مطبوعہ جدید لاہور)

خلاصہ: یہ ہے کہ جو لوگ اپنے آپ کو اکابر دیوبند سے وابستہ کہتے ہیں ان کو سوچنا چاہئے کہ یزید کو اکابر نے کیا کہا ہے۔ہم نے بطور نمونہ کے چند اکابر کی کتابوں سے چند حوالہ جات نقل کر دیئے ہیں۔ورنہ تقریباً تمام محققین اکابر کے ہاں یہی بات مسلم ہے کہ یزید فاسق و فاجر تھا۔اس کو خلیفہ عادل کہنا یا صالح مسلمان کہنا صحیح نہیں ہے۔

اگر اس کے متعلق زیادہ تفصیل درکار ہو تو ''شہید کربلا اور یزید'' مصنفہ حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند اور ''شہید کربلاء'' مصنفہ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہٗ ملاحظہ فرمائیں۔

**نوٹ**: احقر نے یہ مضمون اوّل سے آخر تک اپنے شیخ مربی سیدی حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب مدظلہم اور اپنے استاذ مکرم حضرت مولانا مفتی جمیل احمد صاحب تھانوی مدظلہم کو سنایا۔ان دونوں حضرات نے بطور تائید چند کلمات بھی تحریر فرمائے جو کہ ابتدائے مضمون میں ہدیہ قارئین کر دیئے گئے ہیں۔وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

کتبہ: خادم اہل سنت الاحقر شیر محمد علوی غفرلہٗ

مدرسہ خدام اہل سنت تعلیم القرآن کرم آباد وحدت روڈ۔لاہور

۲۳ جمادی الثانی ۱۴۰۲ ہجری

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# دیباچۃ الکتاب

از قلم: فیض رقم قائدِ اہل سنت

## الحاج حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب رحمہ اللہ

(بانی و مرکزی امیر تحریک خدام اہل سنت پاکستان)

الحمد للّٰہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علٰی رسولہ سیدنا محمّد رحمۃ للعالمین و خاتم النبیّین وعلٰی خلفاء الراشدین المھدیین و علٰی اٰلہ و اصحابہ اجمعین.

اما بعد! حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند، قدس سرہٗ (متوفی ۴ جمادی الاولیٰ ۱۲۹۷ھ مطابق ۱۵/اپریل ۱۸۸۰ء) کے مکتوبات مبارکہ کا ایک مجموعہ بنام قاسم العلوم پاکستان میں شائع ہوا ہے جس میں گیارہ مکاتیب ہیں۔ ان میں ایک مکتوب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے اثبات میں ہے۔ اس وقت پاکستان میں یزیدیت وخارجیت کی ایک مستقل تحریک چل رہی ہے جس کے بانی دورِ حاضر میں محمود احمد صاحب عباسی مصنف کتاب ''خلافت معاویہ و یزید'' اور تحقیق مزید وغیرہ ہیں عباسی پارٹی اور اس کے مصنفین تحریر وتقریر کے ذریعہ یہ پروپیگنڈہ کر رہے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ برائے نام خلیفہ تھے اور ان کی خلافت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

خلافت نبوت نہیں تھی۔ یہ لوگ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر بھی خروج و بغاوت کا الزام لگاتے ہیں اور ان کو طالب جاہ و اقتدار قرار دیتے ہیں۔ اور ان کے برعکس یزید کو عادل و صالح، پاکباز و متقی اور خلیفہ راشد قرار دیتے ہیں اور اس یزیدی مشن میں بہت زیادہ سرگرم ہیں۔ یزیدیت اور خارجیت کی یہ تحریک اس لئے بھی خطرناک ہے کہ یہ لوگ سنی اور دیوبندی بن کر کام کر رہے ہیں۔ چنانچہ عباسی پارٹی کے ایک مصنف مولوی عظیم الدین (کراچی) اپنی کتاب ''حیات سیدنا یزید'' میں عباسی صاحب کے متعلق لکھتے ہیں، شیخ الاسلام امام اہل سنت علامہ محمود احمد عباسی رحمۃ اللہ علیہ (ص ۱۴۶)۔ یہ پارٹی انجمن محبین صحابہ رضی اللہ عنہم اور مجلس حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ وغیرہ مختلف تنظیموں کی شکل میں کام کر رہی ہے۔ جس کی وجہ سے ناواقف لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ لوگ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عقیدت مند ہیں اور مخالفین کے حملوں کا دفاع کرتے ہیں۔ اس غلط فہمی کی وجہ سے بعض دیوبندی مسلک کے تعلیم یافتہ افراد بھی اس فتنہ کا شکار ہو رہے ہیں اور چونکہ پاکستان میں روافض کی طرف سے بھی بہت زیادہ اشتعال انگیزی پائی جاتی ہے خصوصاً محرم اور چہلم کے ایام میں تو گویا سارا ملک ماتم کدہ بن جاتا ہے۔ ماتمی مجالس کے علاوہ ماتمی جلوسوں کا بھی پھیلاؤ ہے۔ نذر و منت کے نام پر بھی ہر سال ماتمی جلوسوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق صاحب چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر پاکستان کی طرف سے ''صحابہ آرڈیننس'' کے نفاذ کے باوجود بھی اعدائے صحابہ رضی اللہ عنہم تبرا بازی سے باز نہیں آتے جس کے رد عمل میں سنی مسلمان ہر اس تحریک و مجلس سے تعاون کرنے کی کوشش کرتے ہیں جس کا عنوان مدح و تحفظ ناموس صحابہ ہو۔ (رضی اللہ عنہم اجمعین)

## مسلکِ اعتدال

بے شک حضور خاتم النبیین رحمۃ للعالمین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور باقی اُمت کے مابین

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ایک واحد واسطہ ہے۔ حسب ارشاد نبوی مَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّی اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِی اَبْغَضَهُم (جو شخص میرے اصحاب کے ساتھ محبت رکھے گا وہ میری ہی محبت کی وجہ سے ان سے محبت رکھے گا۔ اور جو ان سے بغض رکھے گا وہ میرے ساتھ بغض رکھنے کی وجہ سے ہی ان سے بغض رکھے گا) اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنا ایمان کی اور ان سے بغض رکھنا نفاق کی علامت ہے۔ لیکن جس طرح حُبِّ اہلِ بیت کی آڑ میں بغض صحابہ مذموم ہے اس طرح حب صحابہ کی آڑ میں بغض اہل بیت بھی مذموم ہے۔ مسلک اہل سنت والجماعت ایک معتدل مسلک ہے جس میں افراط وتفریط نہیں پائی جاتی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے چاروں خلفائے راشدین، تمام صحابہ کرام، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اَزواج مطہرات جو حسبِ ارشاد خداوندی و ازواجه امهاتهم تمام مؤمنین اور مؤمنات کی مؤمنہ مائیں ہیں۔ اور اَزرُوئے قرآن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت ہیں اور حضور کے ازروئے حدیث اہل بیت حضرت علی المرتضیٰ۔ حضرت فاطمۃ الزہرا، حضرت حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہم ہیں۔ ان سب سے محبت رکھنا ایمان ہے اور بغض رکھنا نفاق ہے۔ لہٰذا جو لوگ حُبِّ صحابہ کرام کا عنوان قائم کر کے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت حضرت علی المرتضیٰ۔ حضرت فاطمۃ الزاہرا رضی اللہ عنہا، امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہم کی صحیح شرعی عظمت کو گھٹاتے ہیں وہ بھی صراط مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں۔ ان میں اور روافض میں مقصد اور نتیجہ کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں ہے۔ اگر یہ لوگ اہل سنت ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں تو یہ ان کا تقیہ ہے۔

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کی توہین

محمود احمد عباسی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت پر تنقید کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: ''دشمنانِ دین اور کفار سے تیغ آزمائی کرنے کے بجائے طلب وحصول خلافت کی غرض سے تلوار اُٹھائی گئی تھی''۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس کے بعد اپنی تائید میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ’’ازالۃ الخفاء‘‘ کی ایک عبارت سے غلط استدلال کرتے ہوئے اپنے ناپاک نظریہ کی تائید مزید میں ایک غیر مسلم مستشرق کی عبارت پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

’’شاہ صاحب کے اس خیال کی تائید ایک آزاد نگار مُستشرق کے بیان سے ہوتی ہے۔ وے خوئے نے اپنے مقالہ بعنوانِ خلافت میں یہ لکھتے ہوئے کہ: بلوائیوں کے جم غفیر نے (حضرت) علی رضی اللہ عنہ کو زمام خلافت ہاتھ میں لے لینے کے لئے بلایا اور طلحہ و زبیر رضی اللہ عنہم کو ان کی بیعت کے لئے مجبور کیا۔ کہا ہے کہ: حقیقتِ نفس الامر یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو (خلیفہ شہید کی) جانشینی کا استحقاق واقعتاً حاصل نہ تھا۔ علاوہ ازیں یہ بھی واضح ہے کہ تقدس و پارسائی کا جذبہ تو اُن کے (طلب خلافت میں کارفرما نہ تھا بلکہ حصولِ اقتدار اور حُبِّ جاہ کی تدابیر تھا۔ اس لئے معاملہ فہم لوگوں نے گرچہ وہ (حضرت) عثمان رضی اللہ عنہ کے طرزِ حکمرانی کی مذمت کرتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ان کا جانشین تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔‘‘

(انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا۔ گیارہواں ایڈیشن، جلد ۵، صفحہ ۲۰)۔ (خلافت معاویہ و یزید طبع چہارم، ص ۵۵)

ایک غیر مسلم (کافر) تو یہ کہہ سکتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ میں تقدس و پارسائی کا جذبہ نہ تھا وغیرہ۔ لیکن ایک مسلمان یہ جسارت نہیں کرسکتا۔ کیونکہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ از روئے قرآن و حدیث قطعی جنتی ہیں۔ وہ قرآن کے موعودہ خلیفہ راشد ہیں۔ بیعت رضوان میں شامل ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں اپنے راضی ہونے کا اعلان فرما دیا ہے۔ اب یہ فیصلہ کرنا ناظرین کا کام ہے کہ عباسی صاحب نے اپنے مؤقف کی تائید میں ایک غیر مسلم کی مندرجہ بالا عبارت نقل کر کے کون سا راستہ اختیار کیا ہے۔

(۴) حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہدف تنقید بناتے ہوئے اپنے عناد قلبی کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مدینہ چھوڑ کر کوفہ میں سکونت اختیار کرنا بھی اہلِ مدینہ سے دل برداشتہ ہونے کی وجہ سے نہ تھا بلکہ اپنی سیاسی مصلحتوں کی بناء پر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تھا اور جیتے جی مدینہ میں قدم نہ رکھنا بھی اہالیان مدینہ سے دل برداشتہ ہونے کی بناء پر نہ تھا۔ شاید ان کے ضمیر نے اجازت نہ دی کہ جب یہ تین اندوہ ناک حالات ان کی سیاسی لغزشوں کے نتیجہ میں پیش آ چکے ہوں۔

(۱) یعنی خلیفہ کے قتل کو جس کی بیعت میں وہ داخل تھے نہ روکنا۔ (۲) قتل کے بعد ان کے خون کا قصاص نہ لینا اور (۳) سب سے بڑھ کر اپنی ماں اُم المؤمنین سے جو قاتلین سے قصاص لینے گئی تھیں برسر پیکار ہونا، اور ان سبائیوں کی سازش سے جو ان کی فوج میں شامل ہو کر گئے تھے اور ان کی اہانت کے موجب اور اذیت جسمانی پہنچ جانے کے باعث ہوئے تھے ان کو بدستور اپنا مشیر بنائے رکھنا۔ ان حالات میں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آرام گاہ کے سامنے کیسے حاضر ہو سکتے تھے۔ خصوصاً آپ کی محبوب ترین رفیقہ حیات کے ساتھ اس طرزِ عمل کے بعد تحقیق مزید ''ص ۷۷'' بطور نمونہ یہاں صرف دو عبارتیں درج کی ہیں جن سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ عباسی صاحب کے دل میں کیا ہے۔ اور یہ حُب اُم المؤمنین کی آڑ میں سنت ہے یا سبائیت و خارجیت۔ ان کی مزید تفصیل ان شاء اللہ میری زیر تالیف کتاب ''خارجی فتنہ'' میں آئے گی۔

## امام حسین رضی اللہ عنہ کی توہین

اہل سنت والجماعت کے عقیدہ میں حسب ارشاد نبوی (حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور) حضرت حسین رضی اللہ عنہما جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔ لیکن محمود احمد صاحب عباسی ان کو بھی جاہ و اقتدار کا طالب سمجھتے ہیں اور ان پر بھی ایک غیر مسلم مؤرخ کی عبارت کی آڑ میں تنقیدی نشتر چلاتے ہوئے لکھتے ہیں:

''آزاد اور بے لاگ مؤرخین نے حضرت حسین کے اقدام خروج کے سلسلے میں اسی بات کو بیان کیا ہے۔ مشہور مؤرخ ''دوزی'' کا ایک فقرہ اس بارے میں قابل لحاظ ہے وہ لکھتا ہے: ''کہ اخلاف یعنی آنے والی نسلوں کا عموماً یہ شعار رہا ہے کہ وہ ناکام مدعیوں کی ناکامی پر جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں اور بسا اوقات انصاف

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور قومی امن اور ایسی خانہ جنگی کے ہولناک خطروں کو نظر انداز کر دیتے ہیں جو ابتداء میں نہ روک دی گئی ہو۔ یہی کیفیت اخلاف کی (حضرت) حسین رضی اللہ عنہ کے متعلق ہے جو ان کو ایک ظالمانہ جرم کا کشتہ خیال کرتے ہیں۔ ایرانی شدید تعصب نے اس تصویر میں خدو خال بھرے اور (حضرت) حسین رضی اللہ عنہ کو بجائے ایک معمولی قسمت آزما کے جو ایک انوکھی لغزش و خطائے ذہنی اور قریب قریب غیر معمولی حُبِّ جاہ کے کارن ہلاکت کی جانب تیز گامی سے رواں دواں ہوں، ولی اللہ کے رُوپ میں پیش کیا ہے۔ ان کے ہم عصروں میں اکثر و بیشتر انہیں ایک دوسری نظر سے دیکھتے تھے اور انہیں عہد شکنی اور بغاوت کا قصوروار خیال کرتے تھے۔ اس لئے کہ اُنہوں نے (حضرت) معاویہ رضی اللہ عنہ کی زندگی میں یزید کی ولی عہدی کی بیعت کی تھی اور اپنے حق اور دعویٰ خلافت کو ثابت نہ کر سکے تھے۔" (ص ۴۷، تاریخ مسلمانان اسپین مؤلفہ دوزی مترجمہ فرانسس گریفن سٹوکس مطبوعہ لندن ۱۹۱۳ء) (خلافت معاویہ و یزید طبع چہارم ص ۱۲۵)

یہاں اس بحث کی گنجائش نہیں کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے اس اقدام کی کیا نوعیت تھی صرف اس مقصد کے تحت بحوالہ دوزی عباسی کی عبارت پیش کی ہے، کہ عباسی صاحب حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے متعلق کیا نظریہ رکھتے ہیں اور وہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو ایک خدا پرست طالب رضائے حق صحابی مانتے ہیں یا جاہ پسند اور نفس پرست انسان۔

## یزید اور عباسی

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ جو اہل سنت والجماعت کے عقیدہ میں چوتھے خلیفہ راشد ہیں اور امام حسین رضی اللہ عنہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب نواسے اور فیض یافتہ صحابی اور جنتی شخصیت ہیں۔ ان دونوں کے متعلق عباسی صاحب کا نظریہ ان کی مندرجہ بالا عبارتوں سے پیش کر دیا ہے۔ اب ان کی وہ عبارتیں ملاحظہ فرمایئے جن میں اُنہوں نے یزید بن معاویہ کے متعلق اپنی محبت و عقیدت کا اظہار کیا ہے۔

چنانچہ خصائل محمودہ کے عنوان کے تحت لکھتے ہیں: علم و فضل، تقویٰ و پرہیزگاری

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پابندی صوم وصلوٰۃ کے ساتھ امیر یزید حد درجہ کریم النفس، حلیم الطبع، سنجیدہ ومتین تھے۔ ایک عیسائی رومی مؤرخ نے ان کی سیرت کے بارے میں ان کے ہم عصر کا بیان ان الفاظ میں لکھا ہے: ''وہ (یعنی امیر یزید) حد درجہ حلیم وکریم سنجیدہ ومتین۔ غرور وخود بینی سے مبرّا۔ اپنی زبردست رعایا کے محبوب، تزک واحتشام شاہی سے متنفر تھے۔ عام شہریوں کی طرح سادہ معاشرت سے زندگی بسر کرنے والے اور مہذّب تھے''۔

(انسائیکلو پیڈیا آف اسلام، ص ۱۱۶۳)

علامہ ابن کثیر نے ان کے خصائل کے بارے میں اسی قسم کے الفاظ تحریر کئے ہیں لکھتے ہیں: وقدکان یزید فیه خصال محمودة من الکرم والحلم والفصاحة والشعر والشجاعة وحسن الرائی فی الملک و کان ذا جمال حسن المعاشرة۔ (ص ۲۲۰، ج ۸، البدایہ والنھایہ و تاریخ الاسلام ذہبی ص ۹۳، جلد ۳)

ترجمہ: ''اور یزید کی ذات میں قابل ستائش صفات حلم وکرم۔ فصاحت وشعر گوئی اور شجاعت و بہادری کی تھیں، نیز معاملات حکومت میں عمدہ رائے رکھتے تھے اور وہ خوب صورت اور خوش سیرت تھے''۔ (خلافت معاویہ ویزید''، ص ۱۰۰)

اس کے بعد حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے جو لکھا ہے حسب ذیل ہے:

''وکان فیه ایضا اقبال علی الشھوٰت و ترک بعض الصلوٰة فی بعض الاوقات و اما تتها فی غالب الاوقات''۔ (ترجمہ) اور اس میں یہ بھی عادتیں تھیں شہوتوں کی طرف اس کا میلان تھا اور بعض اوقات میں بعض نمازیں چھوڑ دیتا تھا۔ اور اکثر اوقات میں وہ نمازوں کو فوت کر دیتا تھا۔''

چونکہ مندرجہ عبارت سے یزید کا فسق ثابت ہوتا تھا اس لئے عباسی صاحب نے یہ عبارت نہیں لکھی حالانکہ یہ کھلی ہوئی خیانت ہے۔ جب حافظ ابن کثیر کی رائے یزید کے بارے میں لکھنا مقصود تھا تو ان کی اس بارے میں ساری عبارت درج کرنا لازم تھا، تاکہ ناظرین کو ان کی رائے صحیح طور پر معلوم ہو جائے۔ اس سے عباسی صاحب کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تحقیق و دیانت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ جب اس حرکت پر گرفت ہوئی تو دوسرے ایڈیشن میں بھی وہ حذف شدہ عبارت نہیں لکھی، بلکہ حاشیہ میں یہ نوٹ دے دیا کہ:

''اس عبارت کے بعد ہی لفظ ایضاً کے ساتھ جو الفاظ درج ہیں وہ اس لئے حذف کردیئے گئے کہ جن بزرگوں کو امیر یزید کے حالات سے ذاتی واقفیت تھی اُنہوں نے امیر موصوف کی پابندی نماز اور اتباع سنت کا حال بیان کیا ہے مثلاً برادر حسین رضی اللہ عنہ محمد بن الحنفیہ وغیرہم نے جو دوسری جگہ درج ہے۔ نیز اس موقع پر ان کی کریم النفسی کا ذکر کیا گیا ہے''۔ (خلافت معاویہ رضی اللہ عنہ و یزید، ص ۱۰۰)

یہ عذر گناہ بدتر از گناہ ہے۔ اعتراض تو یہ ہے کہ اگر یزید کے بارے میں ابن کثیر رحمہ اللہ کی رائے کا صحیح اظہار مقصود تھا، تو پھر یہ تدبیر صحیح ہے جو عباسی صاحب نے اختیار کی ہے۔ اسے کہتے ہیں میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو۔ (۲) نیز لکھتے ہیں:

## یزید فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی پیروی میں

''امیر یزید کو حکومت وسیاس اُمور میں ہی حضرت فاروق اعظم کی پیروی کا اہتمام نہ تھا بلکہ طرزِ معاشرت میں بھی ان کی پیروی کرتے، زندگی حد درجہ سادہ تھی۔ عام باشندوں کی طرح ان کا لباس سادہ ہوتا۔ حکومت کے طمطراق وتزک شاہی سے سخت متنفر تھے۔ لاکھوں روپیہ وظائف وعطایا کا دوسروں کو دریا دلی سے دیتے، مگر اپنی ذات پر معمولی خرچ کرتے زہاد وعباد امت کی مجالس میں شریک ہوتے حضرت ابوالدرداء، جیسے زاہد صحابی سے بہت مانوس تھے۔ امیر یزید کے ہم جلیس زہاد وعباد اُمت تھے۔ علماء وفضلاء تھے۔ طلاب وشیدایان علم تھے الخ۔'' (ایضاً طبع چہارم، ص ۱۰۱)

## کردار یزید کا دُوسرا پہلو

مندرجہ عبارت سے تو ثابت ہوتا ہے کہ یزید بڑا عابد وزاہد تھا۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ جیسے صحابی سے فیضان حاصل کرتا تھا۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں وفات پائی ہے اور یزید کی پیدائش بھی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں ہوئی ہے۔ خدا جانے یزید نے کس عمر میں یہ صحبتیں حاصل کی ہیں۔ یہ بحث کتاب ''خارجی فتنہ'' میں آئے گی۔

یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ یزید تو عباد و زہاد کی مجالس کے فیضان سے عابد و زاہد بن گیا تھا۔ کیا حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو بھی حضور رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی آغوش اور صحبت اور دعوات و برکات سے کچھ حصہ ملا تھا یا نہیں؟ بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبیست۔

اب کردار یزید کا دوسرا روشن پہلو عباسی صاحب ہی کی عبارت سے ملاحظہ فرمائیں۔

(الف) انسائیکلو پیڈیا آف اسلام کے لائق مقالہ نگار رقم طراز ہیں: ''یہ حقیقت ہے کہ یزید نے (اپنے والد) معاویہ رضی اللہ عنہ کی پالیسی و طریق کار کے بدستور جاری رکھنے کی کوشش کی اور ان کے باقی ماندہ رفقائے کار کو قائم و برقرار رکھا تھا۔ وہ خود شاعر تھا۔ موسیقی کا ذوق رکھتا تھا۔ اہل ہنر اور شعراء کا قدردان اور اَدب و آرٹ کا مربی اور سرپرست تھا''۔ (خلافت معاویہ و یزید، ص ۳۷۵)

(ب) یہ بات بھی صحیح ہے کہ یزید شکار کے شوقین تھے مگر وہ اَمن پسند و صلح جو اور فیاض اور فراخ دل شاہزادہ تھے۔ (انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا۔ گیارھواں ایڈیشن، ایضاً ص ۳۷۷)

(۲) عباسی صاحب لکھتے ہیں: اس میں شک نہیں کہ امیر یزید بڑے شکاری اور زبردست شاہسوار تھے۔ پروفیسر ہتی نے اسلام میں پہلا بڑا شکاری انہیں کہا ہے۔

(The First Great Hunter in Islam)

## یزید کا چیتے کو سدھانا

اور لکھا ہے وہی پہلے شخص ہیں جنہوں نے ایک چیتے کو سدھایا تھا کہ گھوڑے کے دھڑ کے پچھلے حصہ پر سوار چلا کرے۔ مؤرخ الخضری نے بھی لکھا ہے کہ یزید شکار کے بڑے شوقین تھے''۔ (ص ۱۲۴، جلد ۲) مگر شکار کا شوقین ہونا اور شکاری چیتے پالنا تو ممنوع نہیں۔ قرآن مجید میں شکاری چوپایوں اور پرندوں کے ذریعہ شکار کھیلنے کے احکام میں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

خدا نے جب شکار حلال کیا اسے حرام کون کہہ سکتا ہے اور اُمر مباح کے مرتکب کو فاسق کیسے کہا جا سکتا ہے''۔ (تحقیق مزید، ص ۱۶۹)

**الجواب**: شکار کے مباح ہونے کا یہ مقصد تو نہیں کہ خلیفہ وقت شکار ہی کھیلتا رہے اور چیتا سدھانے اور اس کے کرتب دیکھنے اور دکھانے میں عیش و بدمستی کی زندگی گزارے۔ کیا خلفائے راشدین نے بھی شکار کے مباح ہونے کی وجہ سے اس قسم کے مظاہرے کئے تھے۔ عبرت، عبرت، عبرت۔

## یزید کے حرم میں مغنیہ

بعنوان ''منصف مزاجی'' عباسی لکھتے ہیں: ''منصف مزاجی کی یہ کیفیت تھی کہ ذاتی معاملات میں بھی امیر یزید امن انصاف کو ہاتھ سے نہ جانے دیتے۔ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے سلامہ نامی ایک کنیز کا واقعہ بیان کیا ہے جو مدینہ منورہ کی رہنے والی حُسن و جمال میں یکتا اور ہمہ صفت موصوف تھی۔ قرآن شریف اچھی قرأت سے سناتی، شاعر اور مغنیہ تھی۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے فرزند عبدالرحمٰن جو خود بھی شاعر تھے اور جن کا ذکر ایک قصہ میں اُوپر گزر چکا۔ اس کنیز کی امیر یزید سے بہت کچھ ثناء و صفت کر کے اس کی خریداری پر راغب کیا۔ کنیز کے آقا سے خریداری کا معاملہ طے کر لیا گیا۔ کنیز مذکورہ مدینہ سے دمشق آ کر داخلِ حرم کی گئی اور دوسری کنیزوں پر اسے فوقیت حاصل ہوگئی۔ لیکن جب یہ راز اُفشاء ہوا کہ یہ کنیز اور مدینہ منورہ کا ایک اور شاعر احوص بن محمد ایک دوسرے کے دام میں گرفتار ہیں۔ امیر یزید نے ''احوص'' کو جو دمشق میں موجود تھا نیز سلامہ کو مواجہہ میں طلب کر کے تصدیق کی۔ ان دونوں نے فی البدیہہ اشعار میں اقرار محبت کیا سلامہ نے کہا کہ شدید محبت مثل رُوح کے میرے رگ و پے میں سرایت کئے ہوئے ہے تو کیا اب رُوح اور جسم میں مفارقت ہو سکے گی۔ امیر یزید نے یہ حال دیکھ کر سلامہ کو احوص کے حوالے کرتے ہوئے فرمایا۔ اے احوص اب یہ سلامہ تمہاری ہے تم اسے لو۔ پھر اسے اچھا انعام عطا کیا'' (البدایہ والنہایہ، جلد ۸، ص ۲۳۹)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

عباسی صاحب نے یہاں جتنا واقعہ سلامہ (مغنیہ یعنی گانے بجانے والی) کا لکھا اس سے بھی یزید کے زُہد وتقویٰ پر کافی روشنی پڑتی ہے لیکن ابن کثیر کی درمیان کی عبارت عباسی صاحب نے حذف کردی ہے جس سے یزید صاحب مجسم زہد وتقویٰ ثابت ہوتے ہیں۔ چنانچہ ابن کثیر لکھتے ہیں:

**وکان عبدالرحمن بن حسان رضی الله عنه والاحوص یجلسان علیها الخ** (عبدالرحمٰن اور احوص دونوں سلامہ (یعنی گلوکارہ) کے پاس بیٹھتے تھے، لیکن سلامہ کا اصل تعلق احوص کے ساتھ ہوگیا تھا اس لئے عبدالرحمٰن نے رقابت کی وجہ سے یزید کو سلامہ کی خریداری کی ترغیب دی تھی۔ احوص کو جب اس کا علم ہوا تو وہ یزید کے پاس جا کر ٹھہرا۔ یزید نے بھی اس کا اکرام کیا۔ سلامہ نے ایک خادم کو لالچ دے کر احوص کے اس کے پاس لانے کے لئے بھیجا۔ یزید کو خادم نے اس اَمر کی اطلاع کردی تو یزید نے خادم سے کہا کہ تم احوص کو سلامہ کا پیغام پہنچا دو۔

چنانچہ احوص سلامہ کے بلانے پر اس کے پاس آگیا۔ ساری رات سحری تک وہ دونوں ایک کمرے میں اکٹھے رہے۔ اور یزید ساری رات ان کو چھپ کر دیکھتا رہا۔ البدایہ والنہایہ کے الفاظ یہ ہیں: **وجلس یزید فی مکان یراهما ولا یریانهٗ** (اور یزید ایسی جگہ بیٹھا جہاں سے وہ ان کو دیکھتا تھا لیکن وہ دونوں اس کو نہیں دیکھتے تھے) صبح جب احوص سلامہ کے ہاں سے نکلا تو خلیفہ (یزید) صاحب نے اس کو پکڑ لیا۔ پھر سلامہ کو بلایا تو دونوں نے اپنے عشق کا اقرار کرلیا۔ اور سلامہ نے وہ شعر پڑھا جس کا ترجمہ خود عباسی صاحب نے بھی لکھ دیا ہے۔

## مقام عبرت

عباسی صاحب کی مندرجہ عبارات سے ثابت ہوا کہ:

(۱) یزید موسیقی کا شوق رکھتا تھا۔ (۲) اسلام میں پہلا بڑا شکار کا کھلاڑی تھا اور اسی سلسلہ میں چیتا بھی سدھایا ہوا تھا۔ (۳) مغنیّہ (گانے بجانے والی عورتوں) کو اپنے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حرم میں رکھتا تھا۔ (۴) سلامہ مغنّیہ اپنے اوصاف وکمالات کی وجہ سے سب پر فوقیت لے گئی تھی۔ (۵) سلامہ کے دو عاشق تھے جن میں احوص کامیاب ہوگیا تھا۔

(۶) یزید نے خادم کو اجازت دے دی کہ وہ احوص کو سلامہ کے پاس لے آئے۔

(۷) سلامہ اور احوص ساری رات اکٹھے رہے۔ (۸) خلیفہ صاحب بھی سحری تک ساری رات عشق بازی کا مظاہرہ دیکھتے رہے۔ (۹) جب صبح دونوں نے معاشقہ کا اقرار کرلیا تو امیر المؤمنین نے انتہائی منصف مزاجی کے تحت سلامہ کو احوص کے حوالے کر دیا اور اس کو انعام و اکرام سے نوازا۔

اب کوئی منصف مزاج صاحب ہمیں بتائیں کہ کیا یہی کردار ایک عادل وصالح اور خلیفۂ راشد کا ہوتا ہے۔ کیا منصب خلافت کے یہی تقاضے ہونے چاہئیں؟۔ مفروضہ زُہد وتقویٰ کا یہی اعلیٰ نمونہ ہے۔ ساری رات اس قسم کا نظارہ دیکھنا کیا یہ بھی خلیفہ صاحب کی نفلی عبادت میں شامل ہے۔ کیا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا یہی نمونہ تھا جس کے متعلق عباسی صاحب لکھ رہے ہیں کہ: ''امیر یزید کو حکومت وسیاسی امور میں ہی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی پیروی کا اہتمام نہ تھا بلکہ طرزِ معاشرت میں بھی اُن کی پیروی کرتے۔ زندگی حد درجہ سادہ تھی۔'' کیا دوسرے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے یزید کو یہی فیضان حاصل ہوا تھا جس کا ڈھنڈورا عباسی صاحب پیٹ رہے ہیں۔ اگر مذکورہ کردار والے خلیفہ کو اکابر اہل سنت والجماعت نے فاسق قرار دیا ہے تو بتائیں ان کا کیا جرم ہے۔ ایسے شخص کو عادل وصالح اور راشد خلیفہ کہنا جرم ہے یا فاسق قرار دینا۔ عبرت، عبرت، عبرت۔

## سندیلوی بحق عباسی

مولانا محمد اسحٰق صاحب سندیلوی سابق شیخ الحدیث ندوۃ العلماء لکھنؤ (حال جامعہ اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی) بھی یزید کے حامی ہیں۔ چنانچہ اپنے ایک رسالہ بنام قاضی مظہر حسین صاحب (چکوال) کے اعتراضات کا ''جواب شافی'' ص ۱۷ پر لکھتے ہیں:

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

میری رائے حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کے جلیل القدر بھائی اور یزید کے چشم دید گواہ حضرت محمد بن حنفیہ رحمہ اللہ کی تحقیق کے عین مطابق ہے کہ: ''یزید ایک صالح مسلمان تھے اور خلیفہ عادل بھی تھے۔ الخ''۔ حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ:

''حضرت محمد بن حنفیہ کا مفصل ارشاد علامہ ابن کثیر نے اپنی تاریخ البدایہ والنہایہ جلد نمبر ۸، ص ۲۱۸ تا ۲۲۳، مطبوعہ بیروت میں دیا ہے''۔

**الجواب:** (۱) اس کی مستقل بحث تو زیر تالیف کتاب ''مولانا محمد اسحاق سندیلوی اور خارجی فتنہ'' میں آئے گی، یہاں دریافت طلب اَمر یہ ہے حضرت محمد بن حنفیہ یزید کے پاس کتنا عرصہ ٹھہرے تھے؟ (۲) حضرت محمد بن حنفیہ کے بڑے بھائی حضرت حسین رضی اللہ عنہ جو صحابی بھی ہیں اور حسب حدیث نبوی جنت کے جوانوں کے سردار بھی ہیں۔ انہوں نے یزید کی کیوں مخالفت کی تھی؟ اگر سندیلوی صاحب ان کی مخالفت کو حصول اقتدار کی خواہش پر مبنی قرار دیں تو یہ بدظنی حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شرف صحابیت کے خلاف ہے۔ (۳) علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے حضرت محمد بن حنفیہ کا مذکورہ قول نقل کرنے کے باوجود یہ لکھا ہے کہ: ''شہوتوں کی طرف اس کا میلان تھا اور بعض اوقات میں بعض نمازیں چھوڑ دیتا تھا اور اکثر اوقات میں وہ نمازوں کو فوت کر دیتا تھا''۔ (البدایہ والعقایہ جلد ۸، ص ۲۲۰)۔ (۴) اگر یزید صالح و عادل خلیفہ تھا تو اہلِ مدینہ نے اس کی بیعت کو کیوں توڑا جس کی بناء پر واقعہ ''حرہ'' پیش آیا اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور ان کے بیٹوں نے اس کی مخالفت کیوں کی جس کے نتیجہ میں آپ شہید ہو گئے۔ (۵) مولانا سندیلوی کے ممدوح محمود احمد عباسی صاحب نے البدایہ والنہایہ سے سلامہ اور احوص کے معاشقہ کا جس طرح ذکر کیا ہے اور یزید کا اس بارے میں جو کردار سامنے آتا ہے، (جیسا کہ پہلے عبارت پیش کی جا چکی ہے) کیا اس کے باوجود بھی یزید کو صالح اور عادل خلیفہ قرار دے سکتے ہیں۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## کتاب خلافت معاویہ ویزید کی تائید از سندیلوی

عباسی صاحب کی کتاب ''خلافت معاویہ ویزید'' شائع ہوئی تو حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند نے اس کے خلاف ایک بیان دیا تھا جس کے جواب میں مولانا محمد اسحاق صاحب سندیلوی نے ''دیوبند سے ایک عجیب بیان'' کے عنوان سے ایک مضمون لکھا تھا جو صدق جدید لکھنؤ مؤرخہ ۱۳ر نومبر ۱۹۵۹ء میں شائع ہوا۔ جس میں اُنہوں نے لکھا کہ ''کتاب خلافت معاویہ ویزید'' تو زلزلہ فگن ثابت ہوئی۔ اگر شیعہ حضرات اس کی اشاعت سے مضطرب ہیں تو جائے تعجب نہیں ہے مگر بعض اہل سنت کا ان کی ہم نوائی کرنا حیرت انگیز ہے۔

خصوصاً مہتمم دارالعلوم دیوبند کا یہ اعلان بھی تحیّر خیز ہے کہ کتاب کے مضامین مسلک اہل السنّت والجماعت کے خلاف اور جذبات کو مجروح کرنے والے ہیں۔ میں نے کتاب اوّل سے آخر تک دیکھی اس کا موضوع تاریخی واقعات ہیں نہ کہ مذہبی عقائد الخ۔ سندیلوی صاحب کا یہ بیان عباسی صاحب نے ''خلافت معاویہ ویزید'' طبع سوم ص ۱۸، پر نقل کیا ہے لیکن بجائے نام کے یہ لکھا ہے کہ:

دارالعلوم ندوہ کے ایک فاضل اُستاد نے ''دیوبند سے ایک عجیب بیان'' کے عنوان سے الخ۔ سندیلوی صاحب کے اس بیان کی تردید ماہنامہ دارالعلوم دیوبند جنوری ۱۹۶۰ء میں مولانا ابوالمنظور احمد استاذ مدرسہ احیاء العلوم بانسواڑہ دکن نے کردی تھی۔ یہاں سندیلوی صاحب کے مذکورہ بیان کا ذکر اس لئے کردیا گیا ہے کہ اُنہوں نے کتاب خلافتِ معاویہ ویزید'' اوّل سے آخر تک دیکھی ہے اور اس کتاب میں سلامہ۔ احوص اور یزید کا قصہ بھی مذکور ہے۔ اس لئے میں نے عرض کردیا ہے، کہ اس قصہ کے تحت خلیفہ یزید کا کردار جو سامنے آتا ہے کیا یہ کسی صالح اور عادل خلیفہ کا کردار ہوسکتا ہے؟ اور سندیلوی صاحب کا یہ لکھنا بھی بالکل غلط ہے کہ اس (کتاب) کا موضوع تاریخی واقعات ہیں نہ کہ مذہبی عقائد''۔ کیونکہ عباسی صاحب نے اس کتاب میں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بعنوان ''سبائی پارٹی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت'' خلافتِ مرتضوی پر مفصل بحث کی ہے اور اپنے مؤقف کی تائید میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی عبارتیں پیش کی ہیں۔

کیا سندیلوی صاحب کے نزدیک حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت کی بحث مذہبی عقائد سے کوئی تعلق نہیں رکھتی؟ حالانکہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت بھی خلفائے ثلاثہ کی طرح آیت تمکین اور آیت استخلاف کا مصداق ہے۔ چنانچہ ''جواب شافی'' میں موصوف نے یہ تصریح کردی ہے کہ: ''حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت بھی آیت استخلاف و آیت تمکین کی مصداق ہے۔ الخ

مولانا سندیلوی یزید کو خلیفہ صالح مانیں یا خلیفہ راشد، وہ اپنے نظریہ میں آزاد ہیں کیونکہ وہ اکابر سلف کی تحقیق کو تسلیم نہیں کرتے لیکن ان کا یہ کہنا کس قدر تعصب یا کج فہمی پر مبنی ہے کہ محمود احمد عباسی کی زیر بحث کتاب کا موضوع تاریخی واقعات ہیں نہ کہ مذہبی عقائد۔

## اکابر اسلام اور سندیلوی

میں نے ''دفاع صحابہ'' میں لکھا تھا کہ: مولانا موصوف (یعنی سندیلوی صاحب) بھی یزید کو ایک صالح اور عادل خلیفہ قرار دیتے ہیں جس کی وضاحت انہوں نے ایک غیر مطبوعہ مکتوب میں کردی ہے۔ حالانکہ حضرت مجدد اَلف ثانی شیخ احمد سرہندی، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، علامہ حیدر علی مؤلف منتہی الکلام وغیرہ۔ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی اور امام اہل سنت حضرت مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی (جن کو امام تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس قدس سرہٗ نے امام وقت قرار دیا ہے) سب یزید کو فاسق قرار دیتے ہیں۔

اس کے جواب میں سندیلوی صاحب فرماتے ہیں: ان بزرگوں کے ساتھ محبت و عقیدت کو میں اپنے لئے باعث سعادت سمجھتا ہوں اور ان کی کفش برداری میسر ہونے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کو باعث عزت، لیکن باوجود اس کے ان کی ہر رائے کی اتباع کو ضروری نہیں سمجھتا۔ اس کے ساتھ یہ جانتا ہوں کہ یہ بزرگانِ اُمت مخلص اور حق پسند تھے اگر تحقیق فرماتے تو وہی کہتے جو میں کہتا ہوں الخ۔ (جواب شافی، ص ۱۶)

یہاں سندیلوی صاحب سے مختصراً سوال یہ ہے کہ اگر بغیر تحقیق کے ان حضرات نے (جن کی کفش برداری کو آپ باعث عزت سمجھتے ہیں) یزید کو فاسق قرار دیا ہے تو کیا ان کے علم وتقویٰ پر اعتماد کیا جا سکتا ہے؟ اس صورت میں آپ کا ان حضرات سے اپنی عقیدت کا اظہار کرنا کیا تقیہ کے دائرہ میں تو نہیں آتا۔ کیا سندیلوی صاحب کو یہ معلوم نہیں کہ محدثین اور شارحین حدیث نے بھی یزید کی شخصیت پر بحث کی ہے اور فن اسماء الرجال کے ماہرین نے بھی اس کو غیر عادل اور غیر ثقہ قرار دیا ہے۔ کیا آپ یہ ثابت کر سکتے ہیں کہ اسماء الرجال کی کتابوں میں کسی نے اس کو عادل اور صالح قرار دیا ہے اور سندیلوی صاحب یہ بھی جانتے ہوں گے کہ جرح تعدیل پر مقدم ہوتی ہے۔ تو اس اُصول کی بناء پر یزید کو غیر ثقہ اور غیر عادل کہنا ہی صحیح ہے۔

مشہور محقق مؤرخ ابن خلدون بھی یزید کو بالاتفاق فاسق قرار دیتے ہیں اور دورِ حاضر کے مؤرخ علامہ سید سلیمان ندوی کی تحقیق میں بھی وہ فاسق ہے۔ یہ صدیوں کے محققین اہلِ سنت جن میں فقہاء محدثین بھی ہیں، اور مؤرخین و متکلمین بھی، مجددینِ اُمت بھی ہیں اور مصلحینِ ملت بھی یزید کو فاسق کہتے ہیں (حتیٰ کہ بعض اکابر نے اس کی تکفیر بھی کی ہے) تو کیا ان سب حضرات نے بلاتحقیق یزید کو فاسق کہہ دیا ہے؟

سندیلوی صاحب کے پاس وہ کون سی کتب پہنچ گئی ہیں جن سے یہ حضرات ناواقف تھے۔ اسلاف اسلام کی اگر یزید کے بارے میں تحقیق کا یہ حال ہے تو دوسرے عقائد ومسائل میں ان پر کیونکر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔

قارئین کرام! سندیلوی صاحب کی تضاد بیانیوں کے انکشاف کے لئے میری زیرِ تالیف کتاب ''خارجی فتنہ'' کا انتظار فرمائیں۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## حضرت مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ

بعض لوگ یزید کے مقابلہ میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو باغی قرار دیتے ہیں۔ان کو شہید تسلیم نہیں کرتے حالانکہ اہل سنت والجماعت کا اس بات پر اجماع ہے کہ حادثہ کربلا میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ شہید ہیں۔ حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہٗ نے اپنے ایک محققانہ مکتوب میں اس مسئلہ کے مالہ و ما علیہ پر مفصل اور مدلل بحث فرمائی ہے اور اسی سلسلہ میں یزید کو فاسق قرار دیا ہے۔

حامیانِ یزید اپنے مؤقف کی تائید میں یزید کی بیعت کے متعلق بخاری شریف سے جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد پیش کرتے ہیں اس کا بھی شافی جواب دیا ہے۔ یزید کی بیعت کرنے یا نہ کرنے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اختلاف اجتہاد پر مبنی تھا۔ چنانچہ حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جامع علوم مولوی فخر الحسن صاحب دام کمالاتہ

ھیچمدان محمد قاسم پس از سلام مسنون و شوق مکنون عرض پرداز است. در اوائل عشرہ ماہ گزشتہ پس از رد و کد بسیار انجام کار رفتن کول تا اختتام بخاری و صحیح مسلم قرار یافتہ بود و خواستہ بودم کہ پا بریل نہم و بکول رسم. لیکن ھمدراں ایام لطیفۂ غیبی بعض اسباب ناگفتہ بہ را برروی کار آوردہ بجانب وطن کشید . پنجم ماہ مذکوربدیوبند رسیدہ ھفتم بوطن رسیدم و پس از عید پانزدھم یا شانزدھم بازبدیوبند آمدہ یک روز بغرض تقسیم انعام دیگر قیام کردہ روز شنبہ از انجا روانہ شدم. و بمیرٹھ (میرٹھ. یو . پی) یک شب گذارہ بخورجہ رسیدم. دو وشب در آنجابودہ امروز روز یازدھم است غالباً کہ دراینجا رسیدہ ام. ھنگام واپسی بدیوبند نامہ آنعزیز رسید . از ھماں روز فکر جوابش بسرم بود اما درآں کہ ھم کاھلم و ھم بمشاغل کثیرۃ شاغل.

ھر روز حوالہ بفردامیکردم و بازھماں عذر اَوّل سد راہ تحریر می شد. امروز کہ ایں سلسلہ تحریر اجوبہ خطوط احباب جنبانیدم جواب نامہ آں عزیز نیزیاد آمد بتجسس افتادم. بدستم نیامد لیکن خطے دیگر کھنہ متضمن خیالات علامہ طوسی دربارہ امامۃ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حضرت علی و دلائل ضرورۃ امام معصوم بنظر آمد. چوں مضمون اخیرش ہمان است کہ در نامہ اخیر بود و ایں طرف چوں ایں نامہ در رواروی وطن رسیدہ بود اتفاق تحریر جوابش نشدہ بود، مصلحۃ دید احقر آں شد کہ جواب جملہ مضامینش زیر قلم کشیدہ نزد آں عزیز رسانم شاید بدعای یادم کنند. ای عزیز دست ایں افتادہ باید گرفت. بارگناہانم ندانم کجا برد.

برادرم، علامہ طوسی بایں علم و عقل بسخناں ابلہ فریب ابلہاں رامی فریبد. دلائل عصمۃ ائمہ کہ نوشتہ دعاوی است نہ دلائل. ہاں اگر ایں دعاوی را کہ در پیرایہ دلائل آوردہ باثبات میرسانید. دلائل دعویٰ عصمت ائمہ و منصوص بودن آنہا می شد و اذ لیس فالیس.

ترجمہ

جامع علوم مولوی فخر الحسن صاحب دام کمالاتہ

از ناچیز محمد قاسم سلام مسنون اور شوق مکنون کے بعد عرض پرداز ہے کہ گزشتہ ماہ ﴿گذشتہ ماہ کے پہلے دہے یعنی ۱۲۸۹ھ کے ماہ ذوالحجہ کے پہلے دس دِن میں۔ مترجم﴾ کے پہلے دہے میں بہت بحث اور حجت کے بعد آخرکار بخاری اور صحیح مسلم کے ختم ہونے تک کول ﴿کول پہلے زمانے میں علی گڑھ کو کہا جاتا تھا۔ مترجم﴾ (علی گڑھ) کی روانگی طے پا گئی تھی۔ میری خواہش تھی کہ ریل میں سوار ہوں اور علی گڑھ پہنچ جاؤں لیکن عین ان دنوں میں غیبی ہاتھ بعض نا قابل بیان اسباب کو ظہور میں لایا جس نے مجھے نانوتے میں کھینچ بلایا۔ مذکورہ ماہ کی پانچ ﴿۵ ذوالحجہ ۱۲۸۹ھ مراد ہے۔ مترجم﴾ کو دیوبند پہنچ کر سات کو وطن پہنچا اور عید ﴿عید سے عیدالاضحیٰ مراد ہے﴾ کے بعد پندرہویں ﴿پندرہویں یا سولہویں ان میں ۱۶/ ذوالحجہ صحیح ہے کیونکہ دارالعلوم دیوبند کی رپورٹ میں ہے ''۱۶ ذوالحجہ ۱۲۸۹ھ (دسمبر ۱۸۷۳ء) کو دیوبند کی جامع مسجد میں تقسیم انعام کے لئے ایک عام جلسہ منعقد ہوا۔ حضرت مولانا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

محمد قاسم صاحب نے اپنے دست مبارک سے انعام تقسیم فرمایا۔" (رپورٹ ۱۲۸۹ھ) یہ جلسے جمعہ کے روز جمعہ کی نماز کے بعد ہوا کرتے تھے۔ یہ بھی جمعہ کے روز ہوا اور اگلے روز مولانا محمد قاسم صاحب ہفتے کے روز روانہ ہو کر میرٹھ پہنچے۔ ۱۸/ذوالحجہ کو خورجے پہنچے۔ ۱۸، ۱۹/ذوالحجہ اتوار پیر کو وہاں قیام فرمایا۔ ۲۰ ذوالحجہ ۱۲۸۹ھ کو منگل کے دن علی گڑھ پہنچے۔ دس دن علی گڑھ گزارنے کے بعد گیارہویں روز یکم محرم ۱۲۹۰ھ کو آپ نے یہ مکتوب مولانا فخرالحسن صاحب کو لکھا ہے۔ اس روز یا یکم ہوگی اور اگر چاند ۲۹ کا ہوا تو محرم کی ۲ ہوگی اور دن جمعہ یا ہفتے کا ہوگا۔ مترجم﴾ یا سولہویں تاریخ کو پھر دیو بند آ کر ایک روز (دارالعلوم میں) انعام کی تقسیم کی وجہ سے پھر قیام کر کے ہفتہ کے روز وہاں سے روانہ ہوا اور میرٹھ میں ایک رات گذار کر خورجہ پہنچا اور دو رات وہاں رہ کر آج غالباً گیارہواں دن ہے کہ یہاں علی گڑھ پہنچ گیا ہوں۔

دیو بند کو واپسی کے وقت آپ کا خط ملا۔ اسی دن سے اس کے جواب کا بوجھ سر پر تھا لیکن تمہیں معلوم ہے کہ میں کاہل بھی ہوں اور بہت ہی مصروفیات میں مصروف بھی۔ ہر روز خط لکھنے کو کل پر ٹالتا رہا اور پھر وہی سُستی جواب لکھنے میں رکاوٹ بنتی رہی۔ آج کہ احباب کے خطوط کے جوابوں کے لکھنے کی حرکت پیدا ہوئی تو آپ کے خط کا جواب لکھنا بھی یاد آیا۔ خط تلاش کرنے میں لگ گیا لیکن نہ ملا۔

لیکن آپ کا دوسرا پرانا خط، علامہ طوسی کے حضرت علی کی امامت کے بارے میں اور "امام معصوم کی ضرورت" کے دلائل پر شامل خیالات کے متعلق نظر پڑ گیا۔ چونکہ اس کا آخری مضمون بھی وہی ہے کہ جو آخری خط میں تھا اور اس طرف چونکہ یہ خط بھاگ دوڑ میں وطن پہنچا تھا تو اس کے جواب میں لکھنے کا اتفاق نہ ہوا تھا۔ اس لئے میری رائے یہ ہوئی کہ اس کے تمام مضامین کا جواب لکھ کر آپ کے پاس بھیج دوں شاید آپ کے دل سے میرے لئے دُعا نکل جائے۔ اے عزیز اس عاجز کا ہاتھ پکڑنا چاہئے گناہوں کے بوجھ نے خدا جانے مجھے کہاں پہنچا دیا ہے۔

میرے بھائی، علامہ طوسی ﴿علامہ طوسی، طوس کے رہنے والے مشہور حکیم یعنی محقق نصیرالدین

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

محمد۔ تمام علوم حکمت و فلسفہ، علم ہندسہ، علم فلکیات، تاثیر سیارات کے ماہر تھے۔ آغاز شباب میں اپنے وطن طوس سے نیشاپور آئے اور امام سراج الدین قمری کے درس میں شامل ہوئے اور بہت بڑے ماہر علوم وفنون بن گئے۔ بارگاہ قلعہ المموت اور اسماعیلیوں کے پیشوائے اعظم کی جانب سے فدائی (فرقۂ اسماعیلیہ کے رضا کار) ان کو نیشاپور سے ''قلعہ الموت'' میں پہنچانے پر مامور ہوئے۔ چنانچہ ایک روز اچانک شارع بساتین میں گھیر لیا اور قتل کی دھمکی دے کر الموت لے گئے۔ سالہا سال وہاں قید رہے اسی قید کی حالت میں ''مکارم اخلاق ناصری، رسالہ میۃ تذکرہ (علم ہیئت میں)، کشف الفتاح من اسرار القطاع (اقلیدس میں)'' اور مجسطی کی کتابیں لکھیں۔ قید سے چھوٹ کر ہلاکو خاں کے دربار میں پہنچے۔ بعد ازاں ''رصد مراغہ، تخریج خانی اور شرح اشارات'' کتابیں لکھیں۔ غرض کہ یہ شخص اپنے زمانے کا بہت بڑا محقق، تمام علوم عقلیہ اور نقلیہ اور نظم ونثر میں علماء وحکماء میں بلند درجہ رکھتا تھا۔ مگر مذہب کا شیعہ تھا۔ اس کی وفات ۶۷۲ھ میں ہوئی۔ مذہب انسان کا غلط بھی ہو لیکن بڑے سے بڑا محقق بھی غلط مذہب کو صحیح ثابت کرنے کے لئے اپنا سب علم وفضل بالائے طاق رکھ دیتا ہے۔ علامہ طوسی نے امامت کے بارے میں جو کچھ کہا ہے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے اس کی دھجیاں اُڑا کر رکھ دی ہیں۔ مترجم۔ (تاریخ الحکماء اُردو ترجمہ درۃ الاخبار فارسی ص ۸۲، مطبوعہ الامان پریس دہلی) اس علم وعقل کے ہوتے ہوئے بے وقوفوں کو جال میں پھانسنے والی باتوں سے بے وقوفوں کو فریب دیتے ہیں۔ انہوں نے اماموں کی گناہوں سے پاکی کے متعلق جو دلائل لکھے ہیں وہ محض دعوے ہیں دلائل نہیں۔ ہاں اگر ان دعووں کو جو دلائل کے لباس میں انہوں نے بیان کئے ہیں ثابت کر دیتے تو وہ ان کی معصومیت کے دعوے اور ان کے منصوص ہونے کے دلائل بن جاتے اور جب ان کو ثابت نہ کیا تو دلیل بھی نہیں بن سکتے۔

## ضرورت امام درنظر علامہ طوسی

نہ بینم کہ در علیل اوّل می نویسد کہ احتیاج امام بھر ایں است کہ در رعبۃ احتمال خطا است اگر در امام ہم احتمال خطا باشد تسلسل لازم آید انتہٰی.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## علامہ طوسی کی نظر میں امام کی ضرورت

تم نے غور نہیں کیا کہ طوسی پہلی دلیل میں لکھتا ہے کہ امام کی احتیاج اس لئے ہے کہ رعایا میں غلطی کا احتمال ہے۔ اگر امام میں بھی خطا کا احتمال ہو تو پھر تسلسل ﴿تسلسل ایک منطقی اصطلاح ہے جس کا یہ مطلب ہے کہ ایک چیز دوسری پر اور دوسری تیسری پر اور تیسری چوتھی پر چلی جائے اور یہ سلسلہ ختم نہ ہونے پائے﴾ لازم آتا ہے (اور تسلسل محال ہے) انتہٰی۔

## بر دلیل طوسی جرح قاسم العلوم رحمۃ اللہ علیہ

سبحان اللہ چہ دلیل است و چہ دعویٰ. اوّل ایں امر مسلم نیست کہ وضع امام بہر غرض مذکور است. بہر ہردعویٰ دلیلی کار است. اینکہ دعویٰ کردہ است کہ احتیاج امام بہر ایں غرض است از کجا آوردہ . از عقل و نقل شاھدی نیاوردہ.

## قاسم کی جرح طوسی کی دلیل پر

سبحان اللہ! کیا دلیل ہے اور کیا دعویٰ۔

اوّل تو یہی اَمر تسلیم نہیں ہے کہ امام کی ضرورت مذکورہ غرض کے باعث ہے کیونکہ ہر دعوے کے لئے دلیل درکار ہے اور انہوں نے یہ جو دعویٰ کیا ہے کہ امام کی ضرورت اس وجہ سے ہے کہ رعایا میں غلطی کا احتمال ہے، یہ دعویٰ کہاں سے گھڑا ہے۔ انہوں نے اس کے لئے عقلی اور شرعی طور پر کوئی شاہد پیش نہیں کیا۔

## وجہ ضرورت امام بنظر قاسم العلوم رحمۃ اللہ علیہ

بلکہ اگر در الفاظ قرآنی غور بکار بریم بدانیم کہ وضع امام فقط بہرامر بالمعروف و نہی عن المنکر است. ارشاد فرمودند .

"اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ
وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ"

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

چون این قدر محقق است درین امر بحث میکنم که امر بالمعروف و نهی عن المنکر را عصمة ضروری است یانی.

## قاسم العلوم رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں امام کی ضرورت

بلکہ اگر قرآن کریم کے الفاظ میں ہم غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ امام کا تقرر صرف نیکی کے حکم کرنے اور برائی سے منع کرنے کے لئے ہوا کرتا ہے چنانچہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: ''وہ لوگ کہ اگر ہم ان کو زمین میں اقتدار دیں تو نماز قائم کریں گے، زکوٰۃ دیں گے، لوگوں کو نیکی کا حکم کریں گے اور برائی سے منع کریں گے۔'' (پارہ نمبر ۱۷ سورۂ حج رکوع نمبر ۵ میں ہے۔ مترجم)

جب اتنی ضرورت (ضرورت امام سے متعلق) تحقیق میں آ گئی تو پھر میں اس بات میں بحث کرتا ہوں کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لیے معصوم ہونا ضروری ہے یا نہیں؟

## ضرورت عصمت برائے اَمر بالمعروف و نہی عن المنکر

هر که بهرهٔ از عقل دارد میداند که اگر در تحقق حوادث ضروری است فقط مبادی آن ضرور است ازجزاء و شرائط هر چه جز این است از ضروریات نمی توان شد. اجزاء داخل ماهیت حوادث می باشد. کار شرائط فقط ایصال اثر واسطه فی العروض الی المعروض می باشد.

الغرض در تحقق حوادث اگر ضروری است واسطه فی العروض و واسطه فی الثبوت و معروض ضروری است. اجزاء درجانب واسطه فی العروض است و معروض درجانب واسطه فی الثبوت که آنرا شرائط خوانند . چه شرط آن است که خارج از ماهیت باشد. و باز موقوف علیه بود. و دانی که معروض بهمیں صفت است لیکن

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

هویدا است که عصمة به نسبة اَمر بالمعروف وغیره نه واسطه فی الثبوت است نه واسطه فی العروض نه معروض.

القصه در ماهیت اقامة صلٰوة و اَمر بالمعروف اگربنگریم امری نمی برآید که با عصمة هم آغوش بود بلکه این هم ضروری نیست که آمر بالمعروف وغیره وقت تمکین او عالم بجمیع علوم باشد. آری این قدر ضروری است که قبیل از امر بالمعروف و نهی عن المنکر از معروف و منکر آگاه شود اگرچه از زبان دیگر علماء باشد. چنانچه پیدااست ور مانه امامت دیگران درکنار خود امامة حضرت پیغمبر آخرالزمان صلی الله علیه وسلم محل تامل خواهد بود. چه علوم نبوی صلی الله علیه وسلم علوم تدریجی است.

باقی ماند اینکه تسلسل خواهد بود، سبحان الله این چنین فهم و فراست همچنین علامه را سزد. اگر مجموعه دین معلوم یک علم می بود آن وقت البته اگر علامه شیعیان این چنین ارشاد میفرمودند بجا بود ورنه بطور معقول می تواند که در یک هزار مسئله امام وقت تصحیح مدارک رعیت فرماید ودریک مسئله مثلاً از رعیة تصحیح علم خود خواهد. هاں اگر بر امام شوری دروقائع نازله و مسائل وارده از علماء رعیة حرام بودی و باز واجب بودی که هرچه در رای اوآید بفرماید، اگرچه مخالف دگران باشد آن وقت دلیل مذکور شاید با تمام میرسید مگر شاید آیة.

"اَمْرُهُمْ شوریٰ بَیْنَهُمْ" (سورۂ شوریٰ رکوع نمبر۴)

تابگوش علامه نرسیده. و چون رسیدی این کار کارسنیان است با حفظ آیات شیعیان را چه سرو کار. و آنهم چنین علامه روزگار را

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

که مقتداء فرقهٔ خود باشد . مع هذا خطابات عامه مثل "یاَایُّهَا النَّاس، یاَایُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا"وغیره باز بهر چه کاراند. و همچنیں آیة "فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ کُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ" (سورۂ توبہ، رکوع نمبر ۱۵)

نعوذ بالله لغو گفتار خواهد ماند. اگر فهم کلام ربانی سواء معصوم دیگراں را محل بود ایں خطابات و هم چو آیات از قسم تکلیف مالا یطاق است ورنه امام را کلام ربانی کافی است آخر در شان همیں کلام "تبیانًا لِکُلِّ شَیْءٍ وَهدیً وَّ رَحْمَةً وَ بُشْریٰ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ" فرموده اند. وقتیکه امام را فهم کلام است و کلام تبیاناً لکل شیءٍ بازچه حاجت که امام معصوم باشد آری اگر تبیانا لکل شیءٍ نبودی، ضرورت وحی افتادی آں وقت اگر عصمة شرط می فرمودند که نزد ما بهر وحی ضروری نیست ضروری میگفتیم. هاں مثل انبیاء اگر پیروی افعال ائمه هم از هر قسم که باشد فرض بودی آں وقت البته بحکم برهاں عصمة ائمه ضروری بود و اینکه " علیکم بسنتی و سنة الخلفاء الراشدین من بعدی" فرموده اند اطاعة و اتباع مطلق افعال لازم نفرموده اند بلکه سنن معتاده که پیش نظر هر آئنده دردنده از اصحاب و علما کرده باشند.

زیرا که خلفاء راشدین بحکم عموم خطاب

"اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءَ"

وهمچنیں بارشاد عموم

"من احداث فی امرنا هذا ما لیس منه فهو ردّ"

مامور بآں اندکه عمل " بِمَا اُنْزِلَ " کنند و پیروی ما سوا نکنندو ایں طرف خطاب "کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

الخ" بگوش همه اهل اسلام فرارسیده و پروانه "وائتَمِروُا بَیۡنَکُمۡ بِمَعۡرُوۡفٍ" سنیۂ بی باکاں دریده امیر باشد یا خلیفه. نظر بریں نه ادانی رعیة را گنجائش رد و اِنکار، و امیر و خلیفه را استماع نصیحت هر کس و ناکس درکاربود اکنون غور بکن که چوں رعیت چنیں باشد و امیر چناں و از آنطرف حکم "اِتَّبِعُوۡا مَا اُنۡزِلَ" و نعره حسن احدث الخ قافیه را چناں تنگ کرده باشد ممکن نیست که امری غیر مشروع و محدث جاری تواں شد.

اگر گه و بیگاه بحکم خطاء بشری و غلطی فهم حکمی خلاف "مَا اُنۡزِلَ" خلیفه صادر فرموده باشد همااندم اراکین دین تنبیه فرموده باشند. و باز بجاده مستقیم آورده باشند.

اکنوں بداں که سنة خلفاء آں خطاء اَوّل خواهد بود یا صواب. ثانی بلکه اگرفهم باشد لفظ سنة خود برسلوک و معمول بودن آں دلالة دارد که بی تکرر عمل صورة نه بندد. چنانچه محاوره داناں عرب و واقفانِ اطلاقات قرآن وحدیث واقف اند.

بالجمله معصومیت اگر ضروری است در پیروی اعمال ضروری است.باقی در نزول وحی آں رامداخلة نیست آری درباره ایصال معصومیة از کذب ضروری است فقط . مگر ایصال چیزی دیگراست و نزول چیز دیگر البته غرض در نزول همیں ایصال است در نبی و نائبان نبی فقط چه اگر وحی متعلق بخاصه نفس موحی الیه باشد آندم بعصمة از کذب هم سروکار نخواهد ماند. باینهمه میگویم که امام هر چند بلند مرتبه باشد اماتا هم نائب نبی است. اگر در امام خطاء فهم محال است در نبی بدرجۂ اولی ممتنع خواهد بود . مگر حافظان

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

قرآنی میدانند که اکابر انبیاء مثل آدم و موسیٰ علیهما السلام و داؤد علیه السلام درفهم مطالب و حقائق وقائع خطا کرده اند. حضرت آدم علیه السلام در فهم حکم و خطاب.

"لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ"

خطاکردند . و اگر شیعیان به مقابلۂ ما گویند که هر چه کردند عمداً کردند خطا نکردند، عذره گناه بدتر از گناه باشد باقی حضرت موسیٰ علیه السلام بایں همه سامان تذکر و اسباب یادگاری که ازیاد کردن قصۂ قصد ِ مصاحبة حضرت خضر علیه السلام تا آخر صحبة هویدااست در فهم حقائق آں وقائع که حضرت خضر بنموند ازکجا بکجا رسیدند و حضرت داؤد علیه السلام باآنکه نبی بودند در قصه نقش غنم که در آیة.

"وداؤد وَ سُلَيْمَانَ اِذْ يَحْكُمَانِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شَاهِدِيْنَ فَفَهَّمْنَا هَا سُلَيْمٰنَ الخ"

مذکور است ، بحقیقة الامر نرسیدند و حضرت سلیمان علیه السلام باآنکه تا آنزمانه نبی نشده بودند حق به مقداًررسانید ند. واللّٰه بحقیقة الحال.اَوّل الحاصل اَوّل ، دلیل اَوّل نا تمام است و اگر تمام است هر چه در امام ضروری است در نبی ضرورتر . چوں آنجانیست ایں جا چگونه ضروری بود. ایں است حال دلیل اَوّل. و از حال دلیل ثانی مپرس که ازیں هم بتراست.

## نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کیلئے پاک دامنی کی ضرورت

جس شخص کو عقل سے حصہ ملا ہے وہ جانتا ہے کہ حوادث کے وقوع میں آنے کے لئے کوئی ضروری چیز ہے تو وہ اس کے فقط مبادی ضروری ہیں یعنی اس کے اجزاء اور

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

شرائط ان کے سوا جو کچھ ہے وہ ضروریات میں سے نہیں قرار دیا جاسکتا۔ اجزاء تو حوادث کی حقیقت میں داخل ہوتے ہیں۔ اس لئے ضروری ہیں اور شرائط کا کام تو واسطہ ﴿واسطہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں ایک واسطہ فی العروض اور دوسرا واسطہ فی الثبوت۔ واسطہ فی العروض وہ ہوتا ہے جس میں واسطہ عرض سے اَوّلاً متصف ہوتا ہے اور ذی واسطہ دوسرے درجے میں۔ جیسے ہاتھ کی حرکت قفل کھولتے ہوئے چابی کی حرکت کے لئے واسطہ ہے کہ دونوں متحرک ہیں۔ پہلے ہاتھ حرکت کرتا ہے اور پھر چابی کے واسطے سے حرکت کرتی ہے لیکن واسطہ فی الثبوت میں صرف واسطہ ہی متصف بالعرض ہوتا ہے اور ذی واسطہ حکما متصف ہوتا ہے جیسے کشتی اور کشتی میں بیٹھنے والا کہ حرکت کشتی ہی کرتی ہے اور بیٹھنے والا ساکن ہوتا ہے لیکن وہ حرکت کشتی کے واسطے سے سوار کے لئے بھی ثابت ہے۔ مترجم﴾ فی العروض کا اثر معروض تک پہنچانا ہوتا ہے۔

غرض یہ کہ حوادث کے واقع ہونے میں اگر ضروری ہے تو واسطہ فی العروض اور واسطہ فی الثبوت اور معروض ضروری ہے رہے اجزاء تو وہ واسطہ فی العروض کی جانب میں ہیں اور معروض واسطہ فی الثبوت کی جانب میں ہے کہ اس کو شرائط کہتے ہیں کیونکہ شرط وہ ہوتی ہے جو کہ ماہیت سے خارج ہو کر پھر موقوف علیہ ہو۔ اور تمہیں معلوم ہی ہے کہ معروض اسی صفت پر ہوتا ہے لیکن ظاہر ہے کہ معصومیت امر بالمعروف وغیرہ کے لحاظ سے نہ واسطہ فی الثبوت ہے نہ واسطہ فی العروض ہے اور نہ خود معروض ہے۔ (لہٰذا معصومیت نہ جز کے درجے میں ہے اور نہ شرط کے درجے میں)

قصہ یہ ہے کہ اقامت صلوٰۃ اور اَمر بالمعروف کی ماہیت کو اگر ہم غور سے دیکھیں تو کوئی بات ایسی نہیں نظر آتی ہے کہ جو عصمت کے ساتھ وابستہ ہو بلکہ یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ اَمر بالمعروف وغیرہ اپنی قدرت کے وقت تمام علوم کا عالم ہو۔ ہاں اس قدر ضروری ہے کہ اَمر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے ذرا پہلے، معروف اور منکر سے واقف ہو اگرچہ دوسرے علماء کی زبان کے ذریعہ سے ہی ہو۔ چنانچہ ظاہر ہے ورنہ دوسروں کی امامت تو الگ رہی، خود حضرت پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

محل تامل ہو جائے گی کیونکہ علوم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تدریجی علوم ہیں۔ باقی رہا طوسی کا یہ قول کہ تسلسل لازم آئے گا، واہ واہ کیا کہنے، اس جیسی فہم وفراست ان جیسے علامہ کو ہی زیب دیتی ہے۔ اگر سارا دین ایک ہی صاحب علم کے معلومات کا مجموعہ ہوتا اس وقت البتہ اگر شیعوں کے یہ علامہ یہ بات ارشاد فرماتے تو بجا تھا ورنہ عقلی طور پر ہو سکتا ہے کہ ہزار سائل میں سے امام وقت پبلک کے معلومات کی تصحیح کرے اور ایک مسئلہ میں مثلاً رعایا سے اپنے علم کی تصحیح کرائے۔ ہاں اگر نازل ہونے والے واقعات اور پیش آنے والے مسائل میں علمائے رعایا سے مشورہ کرنا امام پر حرام ہوتا اور پھر یہ بھی واجب ہوتا کہ جو کچھ اس کی رائے میں آئے فرمادے اگرچہ ان کا فرمایا ہوا دوسرے علماء کے مخالف ہی کیوں نہ ہو اس وقت مذکورہ دلیل شاید پوری ہو سکتی۔

''اور وہ لوگ کہ ان کا معاملہ آپس میں مشورہ سے ہوتا ہے۔''

علامہ کے کان تک نہیں پہنچی ہے اور کیسے پہنچتی کہ یہ کام تو سنیوں کا ہے۔ آیتوں کے حفظ سے شیعوں کو کیا تعلق اور وہ بھی اپنے زمانے کے اس جیسے علامہ کو کہ جو اپنے فرقے کا پیشوا ہو اس کے ساتھ ساتھ عام خطابات جیسے ''اے لوگو! ایمان والو'' وغیرہ پھر کس مقصد کے لئے ہیں اور اسی طرح یہ آیت:

''ان میں سے ہر فرقے میں کیوں نہ ایک گروہ'' الخ

خدا کی پناہ فضول ہو کر رہ جائے گا۔ اگر کلام خداوندی کا سمجھنا معصوم کے سوا دوسروں کے لئے محال ہوگا تو اس قسم کے خطابات اور آیات تکلیف مالا یطاق کی قسم سے نہ ہو ورنہ امام کو کلام ربانی کافی ہے۔ تو آخر اس کلام ربانی کی شان میں ''ہر چیز کا بیان کرنے والا اور مؤمنین کے لئے خوش خبری، رحمت اور ہدایت اور متقین کے لئے ہدایت، اللہ تعالیٰ نے فرمائے ہیں جبکہ امام میں کلام سمجھنے کی قابلیت ہے اور کلام خود ہر چیز کا بیان ہے پھر کیا ضرورت ہے کہ امام معصوم ہو۔ ہاں اگر کلام ربانی ہر چیز کا بیان نہ ہوتا تو وحی کی ضرورت پڑتی اور اس وقت امام کے لئے معصوم ہونا شرط قرار دیتے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کیونکہ معصومیت ہمارے نزدیک وحی کے لئے ضروری ہے، ہم بھی ضروری کہتے ہاں انبیاء کی طرح سے ائمہ کے افعال کی پیروی بھی خواہ وہ افعال کسی قسم کے ہوں اگر فرض ہوتی تو البتہ دلیل کی بناء پر ائمہ کا معصوم ہونا ضروری ہو جاتا ( کیونکہ انبیاء کی طرح ائمہ بھی واجب الاطلاعت ہیں ) مطلق افعال کی پیروی اور اتباع کو ضروری نہیں فرمایا ہے بلکہ وہ مروّجہ سنتیں جو ان خلفائے صحابہ اور علماء میں سے ہر آنے اور جانے والے شخص کی نظروں کے سامنے کی ہوں اس لئے کہ خلفائے راشدین عام خطاب ''پیروی ﴿پوری آیت یہ ہے: ''اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ ط قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ'' (سورۃ الاعراف، آیت ۳، رکوع نمبر ۱)﴾ کرو تم جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوا اور اس کے سوا اولیاء کی پیروی مت کرو'' کے حکم کے مطابق اور اسی طرح عام حکم کے مطابق کہ

''جس شخص ﴿اس حدیث کا گزشتہ کسی مکتوب میں حوالہ دیا جا چکا ہے جو اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ حدیث یہ ہے: ''عن عائشۃ رضی اللّٰہ عنہا قالت قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا ھٰذَا مَا لَیْسَ مِنْہُ فَھُوَ رَدٌّ'' (بخاری و مسلم) مترجم﴾ نے ہمارے اس اَمر (یعنی دین) میں ایسی نئی بات پیدا کی جو دین میں سے نہیں ہے تو وہ قابل رد ہے۔''

اس بات کے مامور ہیں کہ اللہ کی طرف سے نازل کی گئی چیز کی پیروی کریں اور اللہ کی نازل کی ہوئی چیز کے ماسوا کی پیروی نہ کریں اور اس طرف ''تم ایک ﴿پوری آیت یہ ہے: ''کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ ط وَلَوْ اٰمَنَ اَھْلُ الْکِتَابِ لَکَانَ خَیْراً لَّھُمْ ط مِنْھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَکْثَرُھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝'' مترجم﴾ ایسی اُمت ہو جو لوگوں کے لئے پیدا کی گئی ہو کہ لوگوں کو نیکی کا حکم کرتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو''۔ کا خطاب تمام مسلمانوں کے کانوں میں پہنچ چکا ہے اور ''آپس میں نیکی کا ایک دوسرے کو حکم کرو'' کے پروانے نے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بے خوف لوگوں کے سینوں کو چاک کر دیا۔ امیر ہو یا خلیفہ نظر بنا بریں نہ تو رعایا کے ادنیٰ طبقے کو رد کرنے اور انکار کی گنجائش رہتی ہے اور نہ امیر اور خلیفہ کو ہر کس و ناکس کی نصیحت کو سننے کی ضرورت باقی رہتی ہے۔ اب غور کرو کہ جب رعیت ایسی ہو اور خلیفہ اس طرح کا ہو۔ دوسری طرف ''پیروی کرو جو تمہاری طرف نازل کیا گیا'' کا حکم اور ''من احدث'' کا نعرہ اس طرح قافیہ تنگ کر رہا ہو تو پھر ممکن نہیں ہے کہ کوئی بات بھی شریعت کے خلاف یا کوئی بدعت جاری ہو سکے۔ اگر وقت بے وقت خطاء بشری اور غلط فہمی کے باعث خلیفہ نے خلاف قرآن کوئی حکم صادر کر دیا ہو تو اسی وقت دین کے اراکین نے ضرور تنبیہ فرمائی ہوگی اور پھر سیدھی راہ پر اس کو لے آئے ہوں گے۔

اب غور کرو کہ سنت خلفاء وہ خطا ہوگی جو اوّلاً ہوئی تھی یا وہ رائے ثواب اَمر غلط قرار دیا جائے گا جو ابتداء میں ان سے اَز راہ بشریت سرزد ہو گیا تھا یا وہ اَمر درست جو بعد میں ارکان دین کے مشورے سے طے پایا۔ خلفاء کی سنت پہلی غلطی ہوگی یا جو بعد میں قائم ہوئی بلکہ اگر عقل ہو تو سنت کا لفظ خود اس بات کے مروّج ہونے اور معمول ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ جس کی صورت بار بار عمل کے بغیر اختیار نہیں کرتی۔ چنانچہ عربی محاورات جاننے والے اور قرآن و حدیث کی تعبیرات سے واقف لوگ سمجھتے ہیں۔

## خلاصہ

یہ کہ معصومیت اگر ضروری ہے تو اعمال کی پیروی میں ضروری ہے۔ باقی وحی کے نزول میں اس کو مداخلت نہیں ہے۔ ہاں تبلیغ احکام کے سلسلے میں جھوٹ سے فقط پاک ہونا ضروری ہے لیکن کسی آیت کا پہنچا دینا اور بات ہے اور نزول آیت دوسری بات ہے۔ البتہ وحی کے نازل ہونے کی غرض نبی اور نائب کو صرف وحی کا پہنچا دینا ہے۔ کیونکہ اگر وحی صرف پیغمبر کی ذات خاص سے متعلق ہو تو اس وقت کذب سے معصوم ہونے سے بھی کوئی سروکار نہ رہے گا۔ اس کے باوجود میں کہتا ہوں کہ امام کتنا ہی بلند مرتبہ ہو پھر بھی نبی کا نائب ہے۔ اگر امام میں سمجھنے میں غلطی محال ہے تو نبی میں بدرجہ اولیٰ غلطی ناممکن ہوگی۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

لیکن قرآن کے حافظ جانتے ہیں کہ بڑے بڑے پیغمبر مثلاً آدم اور موسیٰ علیہما السلام اور داؤد علیہ السلام سے بھی حقائق اور واقعات کے مطالب کے سمجھنے میں بھول چوک ہوگئی ہے، حضرت آدم علیہ السلام سے اس خطاب اور حکم کے بارے میں:

''کہ اس درخت کے پاس تم دونوں مت جانا''

بھول چوک ہوگئی اور اگر شیعہ ہمارے مقابلے میں یوں کہیں کہ انہوں نے جو کچھ کیا جان بوجھ کر کیا نہ کہ بھول ﴿جان بوجھ کر کرنے کی تردید خود قرآن کریم کر رہا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں: ''فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا'' آدم علیہ السلام نے درخت کے پھل کو بھول کر کھالیا اور ہم نے جان بوجھ کر کھانے کا ارادہ نہیں پایا۔ مترجم﴾ سے کیا تو عذر گناہ، گناہ سے بدتر ہوگا۔ باقی حضرت موسیٰ علیہ السلام ﴿موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کا واقعہ مشہور ہے کہ کشتی کا تختہ توڑنے، ایک لڑکے کو قتل کرنے اور دیوار سیدھی کرنے کے بارے میں موسیٰ علیہ السلام بار بار بھول میں مبتلا ہو رہے تھے حالانکہ خضر علیہ السلام نے دو دفعہ صبر سے واقعات دیکھتے جانے کی یاددہانی کرائی اور موسیٰ علیہ السلام بھول کی معذرت کرتے رہے۔ مترجم﴾ باوجود ان تمام یاددہانیوں کے سامان کے ہوتے ہوئے قصے کے یاد رکھنے کی وجہ سے واضح ہے پھر بھی ان واقعات کی اصلیت کے سمجھنے میں جو حضرت خضر علیہ السلام سے نمودار ہوئے کہاں سے کہاں پہنچے اور حضرت داؤد علیہ السلام باوجود اس بات کے کہ نبی تھے بکریوں ﴿داؤد علیہ السلام کا کھیت کے بارے میں فیصلہ اور سلیمان علیہ السلام کا تصفیہ گزشتہ مکتوب کے حاشئے میں گذر چکا ہے۔

یہ آیت سورۂ انبیاء میں ہے۔ مترجم﴾ کے کھیت چر جانے کے بارے میں جو کہ آیت:

''اور داؤد (علیہ السلام) اور سلیمان (علیہ السلام) جب کہ فیصلہ کر رہے تھے کھیتی کے بارے میں جبکہ اس کو قوم کی بکریوں نے چر لیا تھا تو ہم ان کے حکم کو دیکھ رہے تھے۔ ہم نے سلیمان کو اس مسئلہ میں سمجھا دیا'' الخ مذکور ہے داؤد علیہ السلام نبی ہونے کے باوجود حقیقت امر کو نہ پہنچے اور حضرت سلیمان علیہ السلام باوجودیکہ اس وقت نبی نہ تھے انہوں نے حق حق دار کو دلایا۔ باقی حقیقت حال کو اللہ زیادہ جانتا ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

الحاصل پہلے تو یہ بات ہے کہ علامہ کی دلیل اوّل ہی ناقص ہے اور اگر مکمل مان لی جائے تو جو بات امام میں ضروری ہے وہ نبی میں زیادہ ضروری ہے، جب نبی میں نہیں تو امام میں کس طرح ضروری ہے۔ یہ تو ہے اوّل دلیل کا حال۔ رہی دوسری دلیل اس کا تو پوچھنا ہی کیا کہ پہلی سے بھی بدتر ہے۔

## نزد علامہ طوسی امام حافظ شریعت است

علامه طوسی می نویسد که امام حافظه شریعت است. اگر خطاء در فهم او جائز باشد حافظ نباشد. سبحان الله ؎

بریں فهم و دانش بباید گریست

اگر مطلبش اینست که شریعت را وجودی است در خارج اما در محل آفات از دست برد مخالفان اندیشهٔ گم گشتگی.

مسلم. مانیز میگوئیم که شریعت محمدی دریں عالم خود حضرت محمد مصطفےٰ صلی الله علیه وسلم آورده اند . کلام ربانی بطفیل اوشاں نزول فرموده وخود اوشاں صلی الله علیه وسلم به شهادت "یُعَلِّمُهُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ" بیان مطالبش نمودند. اما اندیشه ها است که اعداء دین برهم نزنند کلام الله را بسوزند و احادیث را که شرح معانی قرآنی است بشویند یا هرچه سامان برهمی دین و زوال شرع متین ازیں جهاں باشد بکنند لیکن بهرنگاهداشت ایں چنیں دین متین که در خزانهای الفاظ معلومه مرکوز است فهم معانی چه ضرور است. حافظان قرآن الفاظ را یاد میکنند و از معانی خبر ندارند و عالماں که الفاظ را یادندارندازوشاں پرسیده معانی می بر آرند.

## علامہ طوسی کے نزدیک امام حافظ شریعت ہوتا ہے

علامہ طوسی لکھتے ہیں کہ امام شریعت کا محافظ ہوتا ہے۔ اگر اس کی فہم میں غلطی جائز

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہو سکتی ہے تو پھر وہ محافظ نہ رہا۔ سبحان اللہ۔ اس سمجھ اور علم پر رونے کا مقام ہے۔

اگر مطلب یہ ہے کہ شریعت کا خارج میں وجود ہے البتہ آفات کے مواقع پر دشمنوں کی دستبرد سے گم ہو جانے کا اندیشہ ہے تو مسلم، ہم بھی کہتے ہیں کہ شریعت محمدی اس دنیا میں خود حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم لائے ہیں۔

کلام ربانی ان کے طفیل میں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا اور خود انہوں نے ان پر اللہ کا درود وسلام ہو ''یعلمھم الکتٰب والحکمۃ'' کی گواہی کے مطابق اس قرآن کریم کا مطلب بیان فرمایا لیکن ایسے خطرات موجود ہیں کہ دین کے دشمن اس کو درہم برہم نہ کر دیں اور کلام اللہ کو جلائیں اور حدیثوں کو قرآن کریم کے معانی کی شرح میں مٹا دیں یا جو بھی دین کی پراگندگی اور شرع متین کے زوال کی صورت اس دنیا میں ہو سکتی ہے، کر ڈالیں لیکن اس جیسے دین متین کی حفاظت کے لئے کہ الفاظ معلومہ کے خزانوں میں مدفون ہے۔ معانی کا سمجھنا کیا ضرور ہے۔ قرآن کریم کے حافظ صاحبان الفاظ کو یاد کرتے ہیں اور انہیں معانی کا کچھ پتہ نہیں ہوتا اور علماء حضرات جو کہ الفاظ قرآن یاد نہیں رکھتے حافظوں سے پوچھ کر معانی نکال لیتے ہیں۔

## اصل دین کلام ہمیں است

بالجملہ اصل دین کلام مبین است کہ تِبْیَانًا لِکُلِّ شَیْءٍ بران شاھد است و احادیث بحکم ''یُعَلِّمُھُم الْکِتٰبَ'' شرح آن. ھر کہ ایں متن و آں شرح رایاد کرد حافظہ دین شد. فھمیدہ باشد کہ نفھمیدہ باشد آری وقت تنفیذ احکام کہ ھماں اَمر بالمعروف و نھی عن المنکر است فھم دین ضروری است آنرا خود فھمی آمر ضرور نیست چنانکہ دانستہ.

و از ھمیں جا است کہ طالوت امام بود و نبی نبود امایک نبی در برابر میداشت تاھرچہ بفرماید ایں نیز ھماں بفرماید و اگر مرادش اینست کہ اقامت دین بفرماید مانیز میگوئیم کہ امام مقیم دین و

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حامی شرع متین که همانا مرادف اقامة الصلٰوة و ایتاء الزکٰوة و اَمر بالمعروف و نهی عن المنکر است می باشد لیکن ایں قدر اعلم هم ضرور نیست تا بعصمة از خطاء فهم چه رسد.

آری افضل همیں است که اعلم ازدیگراں باشد. مگر نه آنکه احتمال خطا ممکن نباشد چه ایں خود سواء ذات کبریائی ممکن نیست. نبی باشد یاولی. چنانچه قصص مذکوره بایں نظر که قصص اکابر انبیاء اند بهر اثبات ایں کلیه کافی است . چه دیگراں از انبیاء بدرجه اولٰی در محل خطا خواهند بود. و اگر قصص مذکوره دریں باره دلیل کافی نیست قصه "اسیران" بدرکه خود قصهٔ سرور انبیاء است دلیل عدم عصمة فهم انبیاء است.

الغرض عصمت عملی چیز دیگر است و عصمت فهمی چیز دیگر. دریں قدر شک نیت کے انبیاء دیده و دانسته مخالفة اوامر و نواهی خدا وندی نمکینند. و دلیلش یاد دارم که در پرچه های سابق عرضداشته ام لیکن ازیں قدر عصمة فهمی لازم نمی آید.

بایں همه آیة:" فَمَا اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِکَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ
وَّلا نَبِیٍّ اِلَّا اِذَا تَمَنّٰی اَلۡقَی الشَّیۡطٰنُ فِیۡ اُمۡنِیَّتِهٖ"

بهر تفسیرے که گیری بر وقوع خطاء فهمی جمله انبیاء و رسل دلالة دارد. وچوں نباشد هر که محل حوادث نیست معرض خطا نمی تواں شد. ور نه هر که باشد در محل خطا است . لیکن دانی محل حوادث نبودن منحصر دریک فرداست که ذات کبریائی است. علمش محیط است و صاف که منشاء آں بجز وجود امر دیگر نیست. ظلمة شیطانی ودیگر حوادث مظلمه راتا باورسائی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نیست که نورش را مکدر کندو در خطا افگند.

باقی در ممکن اَوّل ظلمة عدم، دامنگیر حال اوست ،چه امکان خاص باقتران وجود و عدم صورة بندد و همیں است که ممکنه خاص بایجاب و سلب ترکیب یافته .

(۲) دوم صدها کدورات مظلمه از بدن و متممات بدن اغذیه و اشربه و فضلات آں ها و اصحاب و اقران نیک و بد میرسد. و شیطان و جنات که دراصل فطرة مظلم افتاده اند بوساوس گوناگون دل صافی را مکدر میگردانند بهرحال ماوراء ذات کبریای هر که باشد در محل حوادث است و معرض کدورات . نبی باشد یا ولی اما به نسبة ما گنهگاران تیره دروں نور اوشاں سراپا نور است اما مقابل او تعالٰی صفائی و شفا فی کجا. تا از خطاء و غلطی فهم عصمة ضروری باشد . غایة ما فی الباب مثل ماتیره دروناں در هر امر غلط نکرده باشند. اما چوں علة خطاء فهم مشترک است اگر فرق است فرق شدة و ضعف است . خطاء فهم نیز مشترک باشد. هاں فرق شدة خطا و ضعف خطا و قلة و کثرت بوجه مذکور ضروری است.

و اگر غرض طوسی از حفظ شریعة ایں است که شریعة خود از خلا آرد اَوّل ایں معنی به نسبة ایں لفظ از قبیل المعنی فی بطن الشاعر است.

(۲) دوم ایں گوزشتر هنوز دعویٰ است که بدلیلی مدلل نمی تواں شد.

## اصل دین کلام مبین ہے

بالجملہ اصل دین کلام مبین ہے کہ جو ہر چیز کو بیان کرنے والا ہے اور حدیثیں ’’یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ‘‘ کے حکم کے مطابق اس کی شرح ہیں جس نے اس متن (کلام اللہ) اور اس شرح (یعنی احادیث) کو یاد کرلیا وہ دین کا حافظ ہوگیا خواہ اس نے معنی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سمجھے ہوں یا نہ سمجھے ہوں۔ ہاں احکام ﴿احکام کے نفاذ کے وقت امر کا خود سمجھنا ضروری نہیں ہے بلکہ دوسرے عالم کے سمجھانے پر اسی کے مطابق نفاذ اَمر کردے گا اس لئے فہم دین ظہور میں آئے، اگرچہ دوسرے کے کہنے پر۔ مترجم﴾ کو نافذ کرنے کے وقت کہ یہ نافذ کرنا ہی اَمر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے دین کا سمجھنا ضروری ہے اس کیلئے خود آمر کا سمجھنا ضروری نہیں ہے جیسا کہ تمہیں معلوم ہوگیا ہے۔

اور یہیں سے یہ بات نکلتی ہے کہ طالوت ﴿موسیٰ علیہ السلام کے بعد ایک بادشاہ جالوت نے بنی اسرائیل پر حملہ کیا، ان پر مسلط ہوا اور ان کو لوٹا اور شہر سے نکال دیا، بنی اسرائیل بیت المقدس میں جمع ہوئے اور اپنے زمانے کے پیغمبر شموئیل علیہ السلام سے کہا کہ ہمارے لئے کوئی بادشاہ مقرر کردیں تاکہ ہم جہاد کریں۔ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے طالوت کو بادشاہ مقرر کیا ہے چنانچہ طالوت کے ساتھ مل کر انہوں نے جہاد کیا۔ طالوت تمام اوامر ونواہی سے واقف نہ تھا بلکہ حضرت شموئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ہدایات اور احکام کو نافذ کرتا تھا جس سے معلوم ہوا کہ طالوت قوم کا امام ہوتے ہوئے پیغمبری احکام سے بقدر ضرورت واقف ہو کر ان کا نفاذ کرتا تھا (مترجم﴾ امام تھا اور نبی نہ تھا۔ لیکن اپنے ساتھ ایک نبی (شموئیل علیہ السلام) بھی رکھتا تھا تاکہ وہ نبی جو فرمائے یہ بھی وہی حکم دے۔ اور اگر اس کی (طوسی کی) مراد یہ ہے کہ دین کو قائم کردے۔ ہم بھی کہتے ہیں کہ امام دین کا قائم کرنے والا اور شرع متین کی حمایت کرنے والا ہوتا ہے کہ وہی نماز قائم کرے، زکوٰۃ دینے، نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کے مترادف ہے لیکن اتنی بات کے لئے خود عالم ہونا ضروری نہیں ہے۔ کجا غلط فہمی سے محفوظ ہونا ضروری ہو۔ ہاں افضل بات یہی ہے کہ دوسروں سے زیادہ عالم ہو۔ مگر نہ یہ کہ غلطی کا احتمال اس میں ممکن نہ ہو کیونکہ غلطی سے پاکی سوائے ذات خداوندی کے اور کسی کے لئے ممکن نہیں ہے۔ نبی ہو یا ولی۔

چنانچہ انبیاء کے مذکورہ واقعات اس نظر سے کہ وہ بڑے بڑے انبیاء کے قصے ہیں اس قاعدہ کلیہ کے ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں کیونکہ دوسرے (چھوٹے انبیاء)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بدرجہ اولیٰ خطاء کی جگہ میں واقع ہو جائیں گے مگر مذکورہ واقعات اس بارے میں کافی و شافی دلیل نہیں ہیں تو بدر کے قیدیوں ﴿بدر کے قیدیوں کو باستثنائے بعض آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کے مشورے سے فدیہ لے کر چھوڑ دیا تھا۔اس کا ذکر گزشتہ مکتوب کے حاشئے میں آچکا ہے۔مترجم﴾ کا قصہ جو کہ خود انبیاء کے سردار (صلی اللہ علیہ وسلم) کا قصہ ہے۔ انبیاء علیہم السلام کے خطائے فہم سے غیر معصوم ہونے کی دلیل ہے۔

غرض یہ ہے کہ انبیاء کی عملی عصمت (گناہ سے معصوم ہونا) اور چیز ہے اور فہم کی عصمت دوسری چیز ہے۔اتنی بات میں شک نہیں ہے کہ انبیاء جان بوجھ کر خداوند کریم کے اوامر اور نواہی کی مخالفت نہیں کرتے ہیں اور اس کی دلیل مجھے یاد ہے۔ پہلے اوراق میں عرض کر چکا ہوں لیکن اتنی بات سے فہم کی عصمت لازم نہیں آتی۔

ان سب باتوں کے باوجود آیت ذیل:

''نہیں بھیجا ﴿یہ آیت پارہ نمبر ۱۷، سورۂ حج رکوع نمبر ۱۴ میں ہے۔اس آیت کی تفسیر میں علامہ شبیر احمد صاحب عثانی لکھتے ہیں'' قدیم سے یہ عادت رہی ہے کہ جب کوئی نبی یا رسول کوئی بات بیان کرتا یا اللہ کی آیات پڑھ کر سناتا ہے شیطان اس بیان کی ہوئی بات یا آیت میں طرح طرح کے شبہات ڈالتا ہے یعنی بعض باتوں کے متعلق بہت لوگوں کے دلوں میں وسوسہ اندازی کر کے شکوک وشبہات پیدا کر دیتا ہے مثلاً نبی نے آیت حُرِّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ الخ پڑھ کر سنائی شیطان نے شبہ ڈالا کہ دیکھو اپنا مارا ہوا تو حلال اور اللہ کا مارا ہوا حرام کہتے ہیں، یا آپ نے اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ پڑھا اس نے شبہ ڈالا کہ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ میں حضرت مسیح وعزیر اور ملائکہ بھی شامل ہیں یا آپ نے حضرت مسیح کے متعلق پڑھا كَلِمَتُهٗ اَلْقَاهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ شیطان نے سمجھایا کہ اس سے حضرت مسیح کی ابنیت اور اُلوہیت ثابت ہوتی ہے اس القاء شیطانی کے ابطال اور رد میں پیغمبر علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی وہ آیات سناتے ہیں جو بالکل صاف ہوں اور ایسی پکی باتیں بتلاتے ہیں جن کو سُن کر شک وشبہ کی گنجائش نہ رہے گویا متشابہات کی ظاہری سطح کو لے کر شیطان جو اغوا کرتا ہے آیات محکمات اس کی جڑ کاٹ دیتی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہیں جنہیں سن کر تمام شکوک وشبہات ایک دم کافور ہو جاتے ہیں۔" علامہ شبیر احمد عثمانی کی اس تفسیر پر انبیاء کی فہمی خطا کا اندیشہ اس آیت سے باقی نہیں رہتا۔ لہٰذا مولانا محمد قاسم صاحب کا یہ فرمان کہ اس آیت کو جس حیثیت سے کہ خطائے فہمی ثابت ہوتی ہے درست نہیں رہتا۔ ہاں بعض مفسرین نے ایسی تفسیریں کی ہیں جن سے مولانا کا مدعا ثابت ہوتا ہے دیکھو تفسیر موضح القرآن حضرت شاہ عبدالقادر صاحب اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں "نبی کو ایک حکم یا (ایک خبر) اللہ کی طرف سے آتی ہے اس میں ہرگز ذرّہ برابر تفاوت نہیں ہوسکتا اور ایک اپنے دل کا خیال (اور رائے کا اجتہاد) ہے وہ کبھی ٹھیک پڑتا ہے اور کبھی نہیں۔ مترجم﴾ ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول اور نہ نبی لیکن جب اس نے کوئی تمنا کی تو شیطان نے اس کی تمنا میں ملاوٹ کر دی۔"

جس تفسیر سے بھی اس مذکورہ آیت کو لو گے تمام انبیاء اور رسولوں کی فہمی خطاء کے پیش آجانے پر دلالت کرتی ہے اور کیوں نہ ہو کیونکہ جو ہستی حوادث کا محل نہیں ہے (یعنی اللہ تعالیٰ) وہی ہستی محل خطا نہیں ہوسکتی ورنہ ہر کسی سے خطا سرزد ہوسکتی ہے لیکن تمہیں معلوم ہے کہ حوادث کا محل نہ ہونا صرف ایک فرد میں منحصر ہے اور وہ ذات خدا ہے کیونکہ اس کا علم محیط اور روشن ہے کیونکہ اس علم کا منشاء وجود باری کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ شیطان کی پیدا کردہ تاریکی اور دوسرے ظلمت خیز حوادث کی خدا تک پہنچ نہیں ہے کہ وہ اس کے نور کو غبار آلود کر دیں اور غلطی میں ڈال دیں لیکن ممکن ہستی میں سب سے پہلے تو تاریکی عدم اس کا دامن پکڑے ہوئے ہے کیونکہ امکان ﴿جس چیز کے وجود وعدم کا ہونا ممکن ہو تو اس کو امکان خاص کہتے ہیں۔ مثلاً زَیْدٌ مَوْجُوْدٌ و زَیْدٌ لَیْسَ بموجود دونوں درست ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ زید کا وجود اور عدم وجود دونوں ممکن ہیں۔ مترجم﴾ خاص وجود عدم دونوں کے ممکن ہونے سے صورت اختیار کرتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ (قضیہ) ممکنہ خاصہ ﴿ممکنہ خاصہ وہ قضیہ ہے جس میں محمول کا ثبوت موضوع کے لئے اور محمول کا سلب موضوع سے دونوں ممکن ہوں مثلاً زَیْدٌ مَوْجُوْدٌ میں زَیْدٌ موضوع اور موجود محمول ہے۔ زید کے لئے نہ وجود ضروری ہے اور نہ عدم ضروری ہے اور ممکنہ عامہ وہ قضیہ ہوتا ہے کہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس میں جو حکم بیان کیا جاتا ہے اس کی مخالف جانب ضروری نہ ہو خواہ جانب موافق واجب ہو یا ممکن ہو۔ مثلاً اَللّٰہ مَوْجُوْدٌ میں اللہ کے وجود کا حکم لگایا ہے تو اس کی جانب مخالف یعنی اللہ کا عدم ضروری نہیں۔ یہ دونوں قضایا یعنی ممکنہ خاصہ اور ممکنہ عامہ عموم وخصوص کی نسبت رکھتے ہیں ہر ممکنہ خاصہ پر ممکنہ عامہ صادق آئے گا لیکن ہر ممکنہ عامہ پر ممکنہ خاصہ کا صادق ہونا ضروری نہیں۔ مترجم﴾ کی ترکیب میں اثبات ونفی دونوں شامل ہیں۔

دوسرے یہ کہ سینکڑوں تاریک کدورتیں بدن کی اور بدن کو تربیت دینے والی غذاؤں اور پینے کی چیزوں اور ان کے فضلات اور اچھے بُرے ہم زمانہ اور ساتھیوں کی طرف سے پہنچتی رہتی ہیں اور شیطان اور جنات کہ اصل میں تاریک فطرت واقع ہوئے ہیں طرح طرح کے وسوسوں سے صاف دل کو میلا کر دیتے ہیں۔ بہرحال ذات کبریائی کے سوا جو بھی ہے حوادث کے مقام میں اور کدورتوں کی جگہ میں ہے۔ خواہ وہ نبی ہو یا ولی لیکن ہم سیہ دل گنہگاروں کی بہ نسبت اولیاء اور انبیاء کا نور سراپا نور ہے لیکن پھر بھی اس اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں صفائی اور شفافی کہاں ہوسکتی ہے کہ بھول چوک اور غلط فہمی سے عصمت ضروری ہو۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہم جیسے سیہ دلوں کی طرح ہر بات میں انبیاء اور اولیاء غلطی نہیں کرتے۔ لیکن چونکہ غلط فہمی کا سبب ہم ہیں اور ان میں مشترک ہے اس لئے اگر ہم میں اور ان میں کوئی فرق ہے تو قوت اور ضعف کا ہے سمجھنے میں خطا ہو جانا دونوں میں مشترک ہے۔ ہاں ﴿یعنی انبیاء اور اولیاء کی فہمی خطا بہت معمولی اور بہت کم ہوگی اور ہم جیسوں کی خطا بہت بڑی اور بہ کثرت ہوگی۔ مترجم﴾ شدت خطا اور ضعف خطا اور قلت خطا اور کثرت خطاء کا فرق وجہ مذکور کی وجہ سے ضرور پایا جائے گا۔

اور اگر طوسی کی غرض حفظ شریعت سے یہ ہے کہ شریعت کو امام خود خدا سے لے کر آتا ہے تو اوّل تو اس لفظ کے یہ معنی کرنا بالکل ایسے ہی ہیں۔

جیسا کہ کہا گیا ہے المعنی فی بطن الشاعر۔ دوسرے یہ کہ یہ پوچ کلام ابھی تک ایک ایسا دعویٰ ہے کہ جو کسی دلیل سے مدلل نہیں کیا جاسکتا۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## دلیل سوم طوسی

اکنون حال دلیل سویمش بنگر که چه قدر پوچ است می نویسد که بحکم " اطیعوااللّٰہ واطیعوا الرسُول و اولی الامر منکم " امتثال اوامر و نواھی امام واجب است. پس اگر معصوم نباشد انکار ہروی واجب باشد نه امتثال . ایں دلیل نیز برفهم و فراست جناب علامه شیعیان شهادتی میدهد که مپرس . این سخن ازهماں قبیل است که " من چه میگویم و تنبور من چه میگوید" چه ما حصل آیة ایں است که اطاعت اهل اَمر باید کرد. مگر چه ضرور است که مراد از اهل امر، امیر و امام باشد ، بلکه علماء ربانی باشند. که به نیابت حضرت رسول الله صلی الله علیه وسلم اوامر و نواهی نبوی و خداوندی بخلائق میرے ساتھ و بهمیں وجه مطاع خلائق گردیده باشند چنانچه حضرت رسول الله صلی الله علیه وسلم بوجه نیابة خدا وندی مطاع خلائق گردیدند . پس شیعیان که دریں مقام مدعی اند باوجود ایں احتمال که به نسبة احتمال مقصوذ اوشاں به شهادة معنی اظهر است چگونه استدلال بایں آیة خواهند کرد. و سلمنا که مراد از اولی الامر امیر و امام مصطلح است لیکن منشاء اطاعة اوشاں همیں اولی الامری است نه نفس ذات اوشاں.

چنانچه منشاء اطاعة نبوی صلی الله علیه وسلم وصف رسالة است نه ماهیت وذات محمد صلی الله علیه وسلم چنانچه لفظ رسول و اولی الامر خود بریں قدردلیل کافی است و طاعة ذاتی منحصر دراں ذات خدا وندی است که خالق همه ذوات و اوصاف و بهمیں وجه اسم ذات یعنی الله اختیار فرمودند. لیکن چوں ایں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

چنیں است اگر ضروری است امتثال هماں اوامر ضروری است که اوامر خدا وندی باشندور نه وصف رسالة و اولی الامری ازمیان خواهد برخاست . پس اگر فرضاً نبی وقت ماورای اوامر خدا وندی امری فرموده باشد چنانچه در صحاح اهل سنة موجود است که در تابیر نخل ازخود منع فرمودند، اطاعة دراں امر بحکم آیة لازم و واجب نیست چنانچه خود فرمودند.

"اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْيَا كُمْ"

اوکما قال. لیکن وقتیکه اهل سنت درباره نبی ایں چنیں گفته باشند و اوشاں چه کنند. خدا وند علیم خود چنیں.میفرماید چنانکه دانستی . درباره امام بدرجه اولی تسلیم نخواهند کرد که بهر گونه مطاع باشد و منکر و مدعاعلیه رادانی که باحتمالے رد قول مدعی تواں کردچه جائیکه خود منطوق کلام مستدل به باشد وبه همیں وجه غالباً پس ازیں آیة جمله دیگر آورده اندکه بمنزله شرح و تفسیر است به نسبة آیة اولٰی درباره اشاره مذکوره اعنی جمله.

"فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِىْ شَىْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ
اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ"

مطلب مذکور پس از مطالعه. جمله لا حقه از علم الیقین بحق الیقین میرسد بلکه برامکان خطا ائمه دلالتے داردکه مپرس مگر فهم بکار است. ورنه نابینایاں رابا ایں روشنی آفتاب هم بنظرنمی آید.

الغرض اگر امام معصوم نخواهد بود اگر در فهم معصوم نیست هرچه بحکم خطا گفته باشد منجمله اوامر خدا وندی نخواهد بود. نی بلکه وصف امامة وَ اولی الامر نیز ازمیاں خواهدخاست

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اگر کسی انکار کند بر امام انکار نمیکند و اگر تسلیم نمیکند انکار از حکم خدا وندی ندارد قول باطل را رد میکند و امر غیرخدا را پس پشت می اندازد. مگر نمیدانم که دریں امر علامۂ شیعیاں چه گناهی دیده اند بجز آنکه موافق (آیة)

"اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ"

باشد دیگر چه باشد.

و اگر خاطی در عمل است و باعتبار اعمال معصوم نیست انکار بر افعالش ندانم بچه طور مخالف فرمان واجب الادغان

"اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُوْلِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ"

است ماچناں شنیده ایم که امر چیزی دیگر است و فعل چیزی دیگر، مقتضاء اطاعة اولی الامر امتثال او امراست نه اتباع افعال تا انکار برافعال امام مخالف ایں باشد. ایں است حال دلیل سویم.

## طوسی کی تیسری دلیل

اب طوسی کی تیسری دلیل کا حال دیکھ لو کہ کس قدر لچر ہے لکھتا ہے کہ "اللہ کی، رسول کی اور اولی الامر کی اطاعت کرو" کے حکم کے مطابق امام کے اوامر ونواہی کا بجالانا واجب ہے پس اگر امام معصوم نہ ہوتا تو اس کے احکام کا انکار واجب ہوتا نہ کہ احکام کو ماننا۔ یہ دلیل بھی شیعوں کے علامہ کی سمجھ بوجھ (یعنی حماقت) پر ایسی شہادت دیتی ہے کہ کچھ نہ پوچھئے۔ یہ بات تو ایسی ہی ہے کہ جیسا فارسی کا محاورہ" میں کیا کہہ رہا ہوں اور میرا تنبور کیا کہہ رہا ہے" کیونکہ آیت کا خلاصہ تو صرف یہ ہے کہ اہل اَمر کی اطاعت کرنی چاہیے مگر کیا ضرور ہے کہ اہل اَمر سے مراد، امیر اور اِمام ہی ہو بلکہ علماء ربانی ہو سکتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب ہونے کی وجہ سے خدا اور رسول کے احکامات لوگوں کو پہنچاتے ہیں اور اسی وجہ سے وہ مخلوق کے پیشوا بن گئے ہیں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جیسا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے نائب ہونے کی وجہ سے مخلوق خدا کے پیشوا ہوئے پس شیعہ صاحبان کہ اس موقع پر مدعی بنے ہوتے ہیں۔ اس احتمال کے ہوتے ہوئے کہ جوان کے مقصود احتمال کی بہ نسبت معنوی شہادت سے زیادہ ظاہر ہے۔ اس آیت سے کس طرح استدلال کر سکتے ہیں اور ہم نے مانا کہ اُولی الامر سے مراد امیر اور اصطلاحی امام ہی ہو لیکن ان کی اطاعت کا منشاء ان کا اولی الامر ہونا ہے نہ مطلق ان کی ذات۔ چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا منشاء آپ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ہونے کا وصف ہے نہ ذات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور نہ آپ کی ماہیت انسانی۔ چنانچہ رسول اور اُولی الامر کا فقط اتنی بات پر خود کافی دلیل ہے اور ذاتی اطاعت اس ذات خدا تعالیٰ میں منحصر ہے جو کہ تمام ذوات اور ان کی صفات کا خالق ہے اور اسی وجہ سے اسم ذات یعنی (اطیعوا اللہ میں) اللہ اختیار فرمایا۔ لیکن جب بات یہ ہے تو اگر ضروری ہے تو انہی احکام کی اطاعت ضروری ہے جو کہ خدا کی طرف سے ہوں ورنہ رسالت اور صاحب اَمر ہونے کا وصف جاتا رہے گا۔ پس اگر فرض کرلو کہ اپنے وقت کا نبی، اگر خداوندی احکام کے سوا کسی بات کا خود حکم دے جیسا کہ اہل سنت کی صحیح کتب میں موجود ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں ﴿عرب کے لوگ کھجور کے نر درخت کے پھول مادہ درخت کے اُوپر جھاڑا کرتے تھے جس سے کھجوریں زیادہ آیا کرتیں۔ ایسا کرنے کو تابیر کہتے ہیں۔ (مظاہر حق کتاب الایمان) حدیث میں ہے:

"عَنْ رَافِعِ بِنْ خَدِيْجٍ قَالَ قَدِمَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يأتبرونَ النَّخْلَ فَقَالَ مَا تَصْنَعُوْنَ قَالُوْا كُنَّا نَصْنَعُهُ قَالَ لَعَلَّكُمْ لَوْ لَمْ تَفْعَلُوْا كَانَ خَيْراً فَتَرَكُوْهُ فَنَقَصَتْ قَالَ فَذَكَرُوْا ذالک لَهُ فَقَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اِذَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ اَمْرِ دِيْنِكُمْ فَخُذُوْابه وَاِذااَمَرْتُكُمْ بشيء من رائي فانّما انا بشر. (مسلم)

رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینے تشریف لائے اور وہاں کے لوگ کھجور کے درختوں کی تابیر کیا کرتے تھے آپ نے دریافت فرمایا کہ تم کیا کرتے ہو۔ انہوں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نے کہا ہم حسب عادت کرتے ہیں۔ فرمایا شاید کہ اگر تم نہ کرو تو بہتر ہے۔ لہٰذا انہوں نے چھوڑ دیا تو اس سال میوہ کم ہوا۔ راوی نے کہا یہ بات انہوں نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہی تو آپ نے فرمایا میں تو ایک بشر ہوں اگر میں تم سے تمہارے دین کے بارے میں کہوں تو اسے اختیار کر لو اور اگر میں تم سے اپنی عقل سے کوئی بات کہوں تو اس کے سوا نہیں کہ میں ایک بشر ہوں۔ اور بعض روایات میں اسی حدیث سے متعلق یہ الفاظ ہیں ''انتم اعلم بامور دینا کم '' تم اپنے دنیا کے معاملات کو خوب جانتے ہو۔ (مظاہر حق) ﴾ کی شاخ بندی سے منع فرمایا تو اس بات میں آیت کے حکم کے مطابق اطاعت لازم اور واجب نہیں ہے۔

جیسا کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

''تم لوگ اپنے دنیا کے معاملات کو خود زیادہ جانتے ہو۔''

یا جیسا کہ فرمایا۔ لیکن جب اہل سنت نبی کے بارے میں ایسا عقیدہ رکھتے ہوں اور وہ بھی کیا کریں جب خداوند علیم خود اسی طرح فرماتے ہیں جیسا کہ تمہیں معلوم ہو چکا تو امام کے بارے میں تو بدرجہ اولیٰ تسلیم نہیں کریں گے کہ ہر طرح سے وہ قابل اطاعت ہو گا اور منکر اور مدعا علیہ یعنی منکر دعویٰ کو یہ حق پہنچتا ہے کہ مدعی کے خلاف ایک احتمال بھی نکل آئے تو مدعی کے دعوے کو رَد کر دے کہا یہ کہ کلام کا واضح مفہوم وجہ استدلال ہو اور غالباً اسی وجہ سے آیت کے بعد دوسرا جملہ لائے ہیں جو اشارۂ مذکورہ کے بارے میں آیت اولیٰ کے متعلق شرح اور تفسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ میری مراد یہ آیت ہے،

''پس ﴿یہ آیت پارہ نمبر ۵ سورۂ نساء رکوع نمبر ۵ میں ہے۔ مترجم﴾ اگر تم کسی چیز میں جھگڑ پڑو تو اس میں اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو۔''

مذکورہ مطلب بعد والے جملے کے مطالعے کے بعد علم الیقین سے حق الیقین کے درجے پر پہنچ جاتا ہے بلکہ ائمہ کی لغزش کے ممکن ہونے پر ایسی دلالت کرتا ہے کہ کچھ نہ پوچھو۔ مگر اس کیلئے سمجھ کی ضرورت ہے۔ ورنہ اندھوں کو تو آفتاب کی روشنی میں بھی کچھ نظر نہیں آتا۔

غرض یہ ہے کہ اگر امام معصوم نہ ہو گا تو اگر وہ فہم میں معصوم نہیں ہے تو وہ جو کچھ لغزش

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کے باعث کہا ہوگا تو وہ منجملہ خدائی احکامات کے نہ ہوگا یہی نہیں بلکہ اس وقت اس بارے میں امامت اور صاحب اَمر ہونے کی صفت بھی درمیان سے اُٹھ جائے گی۔

اس صورت میں امام کا کہنا ماننے سے انکار کردینا، امام کا انکار کرنا نہیں ہے اور اگر اس کی غلط بات کو تسلیم نہ دے تو حکم خداوندی کا انکار لازم نہیں آتا بلکہ وہ امام کے غلط حکم اور باطل بات کو رد کر رہا ہے اور غیر اللہ کے حکم کو پس پشت ڈال رہا ہے۔

مگر میں نہیں جانتا کہ شیعوں کے علامہ نے اس معاملے میں کیا گناہ دیکھا ہے سواء اس کے کہ اس آیت کے موافق: ''اتباع ﴿سورۂ اعراف رکوع نمبر۱، پوری آیت اس طرح ہے: ''اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ ط قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ ''(سورۃ الاعراف، آیت ۳، رکوع نمبر۱)﴾ کرو تم جو تمہارے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور اس کے سوا اور اولیاء کی پیروی مت کرو۔'' یہی ہے اور اس کے سوا کیا ہے۔ اور اگر (امام سے) کسی عمل میں خطاء ہوتی ہے اور اعمال کے اعتبار سے معصوم نہیں ہے تو اس کے افعال پر نکیر کرنا میں نہیں سمجھتا کہ کس طرح خدا کے واجب الاطاعت حکم کے مخالف ہوگا (جو کہ اس نے فرمایا ہے کہ)

''اطاعت ﴿پارہ نمبر ۵، سورۂ نساء رکوع نمبر ۵۔ مترجم﴾ کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور جو تم میں سے صاحب حکم ہو۔'' ہم نے تو ایسا سنا ہے کہ اَمر اور چیز ہے اور فعل دوسری چیز ہے۔ اُولی الامر کی اطاعت کا مقتضاء احکام کی تعمیل ہے نہ کہ اس کے افعال سے انکار ''اطیعوا اللّٰہ و اطیعوا الرسول '' کے مخالف قرار دیا جا سکے۔

یہ ہے علامہ طوسی کی تیسری دلیل کی حقیقت۔

## دلیل چہارم علامہ طوسی

اکنوں از حال دلیل چهارم نیز بشنو علامه شیعیاں میفرمایند که اگر امام معصیة کند از عوام در درجه کم تر باشد. چه امام از قبح معاصی آگاه تر است و از مناقب طاعات خبردار تر ما میدانستیم که

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

علامه نصیر الدین لا جرم علامه باشد این نمیدانستیم که این چنین سخنهاء بی سروپا نیز یاد آورده اند. بناء این دلیل بردو مقدمه است که بهر ثبات دو مقدمه مذکوره ضروری است.

## مقدمۂ اوّل

اَوّل آنکه امامة مفضول بر افضل وفاضل نمی توان شد.

## مقدمہ دوم

دوم آنکه امام را آگاهی و اطلاع قبائح معاصی و مناقب طاعات ازدیگرانزیاده تربابد.لیکن دانی که هر دو مقدمة باطل است. امامت طالوت دلیل بطلان مقدمه اولیٰ است. ومضامین مسطوره بالاکه در شرط بودن علم و نبودن آن بهرامام گزشته مذکوره شده بهر ابطال مقدمه ثانیه کافی است. بایں همه علامه را اگر دلیلی بهم نه رسیده بود ازیں‌مصادره "علی المطلوب کدام" مطلوب بدست افتاد. آخردریں گفتن که امام را عصمة ضروری است ودریں قول که امام راافضلیة و اعلمیة پر ضروراست چنداں فرق نیست که آں رادعویٰ و ایں‌رادلیل گردانید. آری اگر اَوّل رادلیل و ثانی رادعویٰ قراردادی قدری گنجائش ردو کدبود. چه اَوّل خاص است و مستلزم ثانی و ثانی عام است و مستلزم اَوّل نیست . بالجمله بهر اثبات خاص اگرعام را آرندکاری نمی برآید. هاں بدیں نظر که عام ، خاص رالازم محل باشد مصادره لازم خواهدآمد.

باقی ماند آنکه چوں عصمة ضروری شد تنصیص نیز ضروری باشد ورنه معرفة امام محال است. چه معنوی است نه امر خارجی که به چشم و گوش تواں دید و شنید.، بهر ابطالش کاغذ سیاه

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کردن ضرور نیست و همانا دریں دعویٰ قلم بقلم نصاریٰ رفته اندکه بشارة نبی اَوّل بهر نبی ثانی شرط میکند. هاں اگر دلائل مردوده به ثبوت میرسید آں وقت دریں امر نیز بحث میکردیم بایں همه مرادش از تنصیص ، اگر تعیین و تشخیص نام و نشان و صورة و شکل و حسب و نسب است که مفادش تشخص جزئی باشد، ایں چنیں تعیین در انبیاء هم مفقود تاباًئمه چه رسد.

از آدم علیہ السلام گرفته تابه نبی آخر الزماں صلوات الله علیهم اجمعین یکی نیست که از سابق ایں چنیں تعیین بهر اوکرده باشند. و اگر فرضا برائے محمد رسول الله صلی الله علیه وسلم هم چنیں کرده باشند آں تعیین در حق کدام مؤمن بکارآمده.هاں معجزات علمی و عملی را اگر گوئی بجااست. لیکن ازاں تا بایں فرق امت که محتاج بیان نیست و اگر مرادش ایں است که بوصفی تعبیر کنند که بجزیک کس بر کسی دیگر منطبق نشود.

اَوّل ضرورش معلوم ورنه حاجة اعجاز که بالاتفاق ضروری است چه باشد

دوم: در جمله انبیاء مفقود خصوصاً در اَوّل انبیاء یعنی آدم علیه السلام

سوم: گوئیم که ایں تعیین بهر خلفاء اربعه فرمودند چنانچه آیة

"وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ"

اگر به دیده تدبر دیده شود بریں قدر گواهی دارد و هم چنیں

"عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَ سُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ مِنْ بَعْدِی"

وحدیث

"اِقْتَدوا بِالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِیْ"

بهر امامة ائمه اربعه یا دو ازده شاں شاهد می تواں شد چه لفظ "مِنْ بَعْدِیْ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

" که در حدیث دوم است سواء شیخین رضی الله عنهما بر کسی راست نمی آید. و در حدیث اوّل همیں لفظ با لفظ راشدین پیوسته تعیین خلفاء اربعه میفرماید. چه معنی رشد که همانا اهتداء و اتباع نبویست "من کل الوجوه" اگر یافته می شود چنانچه از سیرة و صورة شان هویدا بود.

بالجمله اگر تعیین فرموده اند بهر ایں مرد ماں فرموده اند نه بهر دیگراں و اگر مرادش از تنصیص آں باشد که خود امام را دربارهٔ تقررش برمنصب امامة وحی از خدا آید. اگر تسلیم کنیم مطلبش نخواهد برآمد چه وحی امام اگر حجة باشد بهر او حُجة و باشد بهر دیگراں که هنوزدر امامتش تامل دارند چه کارخواهد کرد. چه تسلیم قول نبی یا ولی بعد تسلیم نبوة وولایتش ضروری است. در تسلیم نبوة و ولایتش تاثیری ندارد ورنه هماں مصادره علی المطلوب لازم خواهد آمد. و آنکه درباره شرط بودن علم سبق کفر دربارهٔ امامة دست باآیة.

"لَایَنَالُ عَهْدِیُ الظّٰلِمِیْن"

زده اند .شاید بعالم سکر یا وقت وجدزده باشند. اگر فرض کنیم که در

"اِنِّیْ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا"

از امام امام مصطلح شیعه مراد داشته انداز ظلم که در "ظّٰلِمِیْنَ" مضمون است ظلم بالفعل بکدام دستاویز گرفته اند. اگر فهم باشد درهمچو آیات اشارة بملکات و مراتب بالقوة است ورنه "هُدیً لِلّمُتَّقِیْنَ" وغیره جملهاء قرآنی مضحکه اطفال ملحداں خواهدشد. کس نمیداند که بهر متقیانِ بالفعل هدایت دواءِ کدام مرض است. تحصیل حاصل امرے هوده است که ازخداوند متین محال و اگر تسلیم کنیم که مرتبهٔ فعلی در همچو آیات مراد است لازم آید که

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ھدایة مشرکاں و کافراں و فاسقاں و ایمان و توبه اوشاں محال باشد چه در همیں قرآن می فرمایند.

(۱) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِیُ الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ (۲) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِیُ الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ.

(۳) وَاللّٰهُ لَا يَهْدِیُ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ.

اکنوں بجز آنکه ازیں الفاظ مراتب بالقوه مراد دارند چاره نیست. ورنه قصص ایمان آوردن بسیاری از کافراں و توبه کردن بسیاری از فاسقاں که در همیں قرآن موجود است چه معنے داشته باشد. آیت

"اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ لَمَّا اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ" (قرآن کریم)

وهم دیگر آیات را دکن ومداح تواباں واحکام و خطابات توبه وایمان را پیش نظر کن و بازبگو که اگر توبه کافراں و فاسقاں از محالات بودی ایں وقوع توبه چگونه بودی و ایں سه خطابات چه کار کشودی.مگر آنکه نزد شیعیاں‌ایمان آوردن کافراں یا هدایة اوشاں فیض شیطانی باشد کار خدا نبا شد نعوذ باللہ من ذالک.

و حق ایں ست که نه ازامام دریں آیة امام مصطلح مراد است ونه از "ظالمین" دریں آیة ظالمان بالفعل و آز انکه هدایت یافته اندیا وقت خروج امام آخر الزماں‌یا پس و پیش آں هدایة / خواهند یافت دو مرتبه "ملکه" ازکفر و فسق و ظلم چناں منزه بودند که آب در مرتبه ملکه از حرارة. آری چنانکه آب ازصحبة آتش حرارة بودمیکشلو آں وقت اطلاق حاربراں رواست همچناں کسانیکه هدایة یافته اند یا خواهندیافت بصحبة کفار و فساق وصف کفروفسق و ظلم گرفته مصداق ایں اطلاقات معروفه اعنی "کافر" و "فاسق" و"ظالم" می شوند.

باقی ماند اینکه اگر امام مصطلح شیعه مراد نیست بازچه مراد

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

است ”از مابشنو که ان شاء اللہ تیر بر هدف میزنیم.“

عزیز منا اَوّل دو مقدمه یاد دارد.

## مقدمہ اَوّل

(۱) یکی آنکہ موافق: ”مَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ“ تامقدور از الفاظ قرآنی معنی حقیقی موضوع عرب مراد داری.

## مقدمہ دوم

(۲) دوم آنکه ” سَتَكُوْنَ اِمَامًا“نفرموده اند.

”اِنِّیْ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا.“

فرموده اند. اندریں دو مقدمه اگر غور بکار بری خود بخود دانی که مفاد ایں آیت وعدۂ عطاء نبوة است چه معنی امام در محاورات همیں پیشواء است در هر اَمر که باشد لیکن دریں آیة ایں مطلق را مقید بجعل خود کرده اند. که سواء از نوع نبوة امامة یافته نشود . وبالجملہ امام جنسی است که نبی وغیرنبی از انواعِ اوست و فصل نوع نبی مفهوم مجهولیة خدا وندی است که باارسال رسل دم مساوات میزند و شاید همیں حکمت باشد که خدا و رسول صلی اللہ علیه وسلم متعدی خلافت احدی از خلفاء نشدند.

## شبہ

و آنکه در سینه ات خطور کرده باشد که هر چه بعالم از حوادث سرمیزند همه مجهول خدا تعالیٰ است.

## جواب

جوابش ایں ست که بجا است اما فرق ”واسطه“ و ”بالواسطه“

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

است. در صورة اولی منسوب بوسائط می شود و همیں است که احسان و ظلم را بما نسبت میکنند و در صورة ثانیه حوادث منسوب بخدامی باشد. مثل ارسال رسل و علم لدنی وغیره.

اگر جای تنگ نمی شد مثالی عرض میکردم مگر بوجوه شهرة بر فهم آں عزیز میگذارم. و دلیل دیگر که بهر اثبات امامة امام برحق حضرت رابع الخلفاء آورده قابل آں نیست که اهل علم روبجوابش کنند. تعداد اوصاف کدام کس نمیداند آری اگر میزانی بهر وزن اوصاف بمیان نهاده می گفتند که پله اوصاف رابع الخلفاء به نسبة پله اوصاف خلفاء ثلاثه گراں است. بظاهر گنجائش انکار نبود. اکنوں ما را همیں بس است که اگر تسلیم کنیم که امامة مفضول باوجود فاضل قبیح است "وهوکما تریٰ بَلْ رَأَیْتَ" تاهم چه حرج که خلفاء ثلاثه در وزن اوصاف معدوده فاضل تر بودند ورنه وعده خدا وندی که درباره خلافة از لسان غیب آیة:

"وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ" وغیره

بگوش همه رسیده به ترتیب مذکوره ظهورنفرمودی. باقی انکار ثبوت ایں اوصاف ازذواة خلفاء ثلاثه انکار بداهت است که جوابش بجز انکار ثبوت اوصاف معلومه در حضرت علی رضی الله عنه نمی تواں شد لیکن موافق "هر کسی را بهر کاری ساختند"

ایں خدمته به مقابله رفاض حواله خوارج شد. بایں همه میگوئیم که اگر وفور شجاعة وغیره اوصاف معدوده از کثرت وقائع معلوم و ظهور آثار مشهور ه دریافتة اند میدانم که تقدیم مصطفوی نیز نزد شیعیاں نازیبا شده باشد. مقتضاء ایں دلیل آں است که حضرت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مرتضٰی را اوّل پیشواء خلق میکردند . آخر ازدست حضرت مرتضٰی رضی الله صدها کافر کشته شدند و حضرت سید المرسلین صلی الله علیه وسلم یکبارهم کافری را بجهنم نرسانیدند و همچنیں۔

قیاس کن زگلستان من بهار مرا

چون از کشف حقیقت جمله مزخرفات طوسی که درباره امامة رقمزده بود ، فراغة یافتیم وخوب دانستی که مراد از

"اِنّی جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا"

چیست، ایں نیز دانسته باشی که ایں علر شیعه که امام حسب مصطلح شیعه نیزمجعول من الله باشد وحی براومی آید و احکام خدا بروی نزول می فرماید قابل پذیرائی نیست چه در مقام مناظره مدعیان را دعویٰ مجرد سودی نمی بخشد. دلیلی محکم بدست می باید. و اگر بالفرض دلیلی ناقض دعویٰ منکران دعوے در انبان خود داشته باشد بازبکدام دهان و زبان آں دعویٰ را در محفل مناظره پیش خواهند کرد . ایں جا قصه هم چنیں است "نه بینی که وقوع ایں چنیں امامة پس از رحلة حضرت خاتم النبیّن صلی الله علیه وسلم منقوض بهمیں وصف خاتمیة است چه امام مصطلح شیعه اگر غور کرده شود مرادف نبی است نزدشاں. وحی براومی آید و نسخ احکام سابقه می فرماید. در نبی زیاده ازیں چه می باشد". غرض از امام و پیشوا گردانیدنش همیں باشدکه در هر قول و فعل و اَمر و نهی دیگراں اتباع دیگراں نکنند نبی باشد آں دیگراں یا ولی. و اگر کنند بوجه ارشاد او کنند بی واسطه دیگراں را پیشوا. خود ندانند چنانچه مادر بسیاری از احکام اتباع انبیاء سابق حسب ارشاد نبوی صلی الله علیه

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

**وسلم میکنیم پس وقتی که وحی آمد و نسخ احکام سابقه فرموده درنبوۃ چه کمی است که نبی نگویند و امامش خوانند.**

## علامہ طوسی کی چوتھی دلیل

اب ذرا علامہ طوسی کی چوتھی دلیل کا حال سنئے۔شیعوں کے علامہ صاحب فرماتے ہیں کہ اگر امام گناہ کرے تو درجہ میں عوام سے کم تر ہوگا۔ کیونکہ امام گناہوں کی برائی سے زیادہ آگاہ ہوا کرتا ہے اور طاعتوں کی خوبیوں سے زیادہ خبردار ہوا کرتا ہے۔ ہم تو یہ سمجھتے تھے کہ علامہ نصیر الدین طوسی یقیناً علامہ ہوں گے لیکن ہم یہ نہیں جانتے تھے کہ اس قسم کی اوٹ پٹانگ باتیں بھی انہوں نے ذکر کی ہیں۔اس دلیل کی بنیاد دو مقدموں پر ہے کہ اس دلیل کو ثابت کرنے کے لئے وہ دونوں مقدمے ضروری ہیں۔

## مقدمہ اوّل

(۱) اوّل یہ کہ امامت اس شخص کی جو کم تر درجہ کا ہو اپنے سے افضل اور زیادہ فاضل پر نہیں ہوسکتی۔

## مقدمۂ دوم

(۲) دوسرے یہ کہ امام کو گناہوں کی برائیوں اور طاعات کی خوبیوں سے دوسروں کی بہ نسبت زیادہ آگاہی اور واقفیت ہونی چاہئے۔

لیکن تمہیں پتہ ہے کہ یہ دونوں مقدمے ﴿ دونوں مقدمے یعنی کم تر درجے والے کی فاضل تر پر امامت کا نہ ہوسکنا اور امام کا دوسروں کی بہ نسبت طاعات اور سیئات سے زیادہ واقف ہونا اس لئے غلط ہے کہ طالوت دونوں حالتوں میں حضرت شموئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کم درجہ تھا اور پھر اس کو امام بنایا گیا۔مترجم﴾ باطل ہیں۔ پہلے مقدمہ کے باطل ہونے کی دلیل طالوت کی امامت ہے اور مذکورہ بالا (میرے) مضامین جو امام کے لئے عالم ہونے اور نہ ہونے کے بارے میں ہے۔ دوسرے مقدمے کے باطل کرنے کے لئے کافی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہے ان سب باتوں کے باوجود اگر علامہ کو کوئی دلیل دستیاب نہ ہوئی تھی تو اس مصادرہ ﴿دعوے ہی کو دوسرے عنوان سے دلیل بنا دینے کو مصادرہ علی المطلوب کہا جاتا ہے۔ یہ علم المناظرہ کی ایک اصطلاح ہے۔ مترجم﴾ علی المطلوب سے کون سا مقصد حاصل ہوا۔ آخر اس کہنے میں امام کے لئے عصمت ضروری ہے اور اس قول میں کہ امام کے لئے زیادہ فاضل ہونا اور زیادہ عالم ہونا بہت ضروری ہے۔ چنداں فرق نہیں ہے کہ (طوسی نے) اس کو دعویٰ اور اس کو دلیل بنا دیا۔ ہاں اگر اوّل کو دلیل اور دوسرے کو دعویٰ قرار دیتے تو بحث کرنے کی قدرے گنجائش تھی۔ کیونکہ اوّل ﴿مطلب یہ ہے کہ جہاں خاص ہو وہاں عام پایا جائے گا اور جہاں عام ہو وہاں خاص پایا جانا ضرور نہیں۔ مترجم﴾ خاص ہے اور ثانی کو مستلزم ہے اور ثانی عام ہے اور وہ اوّل کو مستلزم نہیں ہے، خلاصہ یہ ہے کہ اگر خاص کو ثابت کرنے کے لئے اگر دلیل میں عام کو پیش کریں گے تو کام نہیں نکلتا۔ ہاں اس خیال سے کہ عام خاص کے لئے لازم ہوتا ہے، مصادرہ علی المطلوب لازم آجائے گا۔

باقی رہی یہ بات کہ چونکہ عصمت ضروری ہوگئی ہے تو اس کا اعلان بھی ضروری ہوگا۔ ورنہ امام کی شناخت محال ہو جائے گی کہ یہ معنوی اَمر ہے نہ کہ خارجی کہ آنکھ اور کان سے دیکھ سکیں اور سن سکیں۔ اسی کو باطل ثابت کرنے کے لئے کاغذ کالا کرنا ضروری نہیں ہے۔ اور (علامہ طوسی) اس دعوے میں نصاریٰ کے قدم بہ قدم چلے ہیں کہ جو پہلے نبی کی طرف سے دوسرے نبی کے آنے کی بشارت دینا شرط قرار دیتے ہیں۔ ہاں اگر رد کئے گئے دلائل ثبوت کو پہنچ جاتے تو اس وقت ہم اس معاملے میں بحث کرتے۔ ان تمام باتوں کے باوجود اگر تنصیص سے علامہ کی مراد امام کا حسب و نسب شکل وصورت اور نام ونشان کا متعین کرنا تو اس کا فائدہ تشخص جزئی ہوگا اور اس قسم کا تعین انبیاء میں بھی نہیں پایا جاتا کہا یہ کہ ائمہ میں پایا جائے۔ آدم علیہ السلام سے لے کر نبی آخر الزمان صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین تک ایک بھی نبی ایسا نہیں ہے کہ پہلے سے اس سے قسم کی تعیین اس کے لئے کسی نے کی ہو اور اگر فرض کرلو کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

علیہ وسلم کے لئے اس قسم کی تعیین کی ہو تو وہ تعیین کس مؤمن کے کام آئی۔ ہاں علمی ﴿یعنی علمی و عملی معجزات دیکھ کر لوگ ایمان لاتے اور نبی کی اس طرح تعیین ہوئی۔ مترجم﴾ اور عملی معجزات کے متعلق اگر کچھ تو درست ہے لیکن اس میں اور اُس میں واضح فرق ہے کہ جو بیان کا محتاج نہیں اور اگر علامہ کی مراد یہ ہے کہ یہ اس کا ایسا وصف بیان کریں کہ ایک کے سوا کسی دوسرے پر چسپاں نہ ہو سکے تو: اوّل تو اس کی ضرورت ہی کیا ورنہ اعجاز کی ضرورت کہ متفقہ طور پر ضروری ہے کیا رہے گی۔ دوسرے تمام انبیاء میں ایسی تعیین وصف مفقود ہے خاص طور پر سب سے پہلے نبی ﴿کیونکہ آدم علیہ السلام سے پہلے کوئی نبی یا انسان تھا ہی نہیں جو آدم علیہ السلام کی پیشین گوئی کرتا یا ان کی تعیین کرتا لہٰذا کسی نبی کی تعیین کیسے ہو سکتی ہے تو پھر آدم علیہ السلام طوسی کے خیال کے مطابق نبی ہو سکتے ہیں۔ مترجم﴾ یعنی آدم علیہ السلام ہیں۔

تیسرے ہم کہتے ہیں کہ یہ تعیین خلفاء اربعہ کیلئے ہے۔ چنانچہ آیت (حسب ذیل)

”اللہ نے تم میں سے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان لائے“

کو غور کی نگاہ سے دیکھا جائے تو اتنی بات پر گواہی دیتی ہے اور اسی طرح:

”تم میری ﴿پوری حدیث جو مشکوٰۃ ”باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ“ میں ہے حسب ذیل ہے: ”عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَاَنَّ هٰذِهٖ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَاَوْصِنَا فَقَالَ اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ كَانَ عَبْداً حَبْشِيًّا فَاِنَّهٗ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِيْ فَسَيَرَىٰ اِخْتِلَافًا كَثِيْراً فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ تَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ“ (احمد، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کی مگر ترمذی اور ابن ماجہ نے صلوٰۃ کا ذکر نہیں کیا) مترجم﴾ سنت اور میرے بعد کے خلفاء راشدین کی سنت کو اپنے اُوپر لازم کرلو۔“

اور حدیث ذیل: ”تم میرے بعد میں آنے والے لوگوں کی پیروی کرو۔“

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

"چاروں اماموں یا ان کے بارہ اماموں کی امامت کے لئے گواہ ہو سکتی ہے کیونکہ" من بعدی "(کے الفاظ) جو کہ دوسری حدیث کے ہیں سوائے شیخین (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ) کے کسی پر فٹ نہیں ہوتے اور پہلی حدیث میں یہی لفظ" راشدین" کے لفظ کے ساتھ مل کر خلفاء اربعہ کی تعیین کر دیتا ہے کیونکہ "رشد" کے معنی کہ وہ رشد یقیناً نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اور ان سے ہدایت حاصل کرنا ہے اور وہ رشد ان ہی حضرات میں پایا جاتا ہے جیسا کہ ان کی صورت اور سیرت سے ظاہر تھا۔

بالجملہ اگر تعیین فرمائی ہے تو ان ہی اشخاص کے لئے فرمائی ہے نہ کہ دوسروں کے لئے اور اگر اعلان سے ان کی مراد یہ ہے کہ خود امام کے منصب امامت پر تقرر کے وقت، خدا کی طرف سے وحی آتی ہے۔ اگر ہم مان بھی لیں تو طوسی کا مطلب کچھ نہ نکلے گا کیونکہ امام کی وحی اگر حجت ہوگی تو ماننے والوں کے لئے ہوگی۔ دوسروں کے لئے کہ ابھی اس کی امامت میں تامل رکھتے ہیں کیا فائدہ دے گی کیونکہ نبی یا ولی کے قول کو تسلیم کرنا اس کی نبوت یا ولایت کو ماننے کے لئے ضروری ہے۔ خود اس کی ولایت یا نبوت کو مان لینے میں کوئی اثر نہیں رکھتی ورنہ وہی مصادرہ علی المطلوب لازم آئے گا اور یہ کہ امامت کے بارے میں زمانہ سابق میں کفر کا نہ ہونا شرط قرار دیا ہے اور اس آیت "میرا ﴿یہ آیت اور اگلی آگے پیچھے ہیں۔ آیات کی ترتیب اس طرح ہے:" وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ط قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ط قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ط قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ "(پارہ الم، سورۂ بقرہ، آیت 124) اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو چند باتوں (احکام) میں آزمایا انہوں نے ان کو پورا کر دکھایا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابراہیم میں ضرور تجھے لوگوں کا امام بنانے والا ہوں۔ انہوں نے کہا اور میری ذریت میں سے بھی۔ فرمایا میرا عہد ظالمین کو شامل نہیں ہے"۔ مترجم﴾ عہد ظالمین کو نہیں پہنچتا۔" کو دستاویز بنایا ہے تو شاید نشہ کے عالم میں یا بے ہوشی کے وقت بنایا ہوگا۔ اگر ہم فرض کر لیں کہ:

"میں تجھے لوگوں کا امام بنانے والا ہوں"

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

میں امام سے شیعوں کا اصطلاحی امام مراد لیا ہے تو پھر ظلم سے جو کہ ''ظالمین'' میں ہے بالفعل ظلم کا ہونا کس سند سے لیا ہے۔ اگر سمجھ ہو تو اس جیسی آیات میں بالقوہ مراتب اور ملکات کی طرف اشارہ ہے ورنہ ''ھدیً للمتقین '' وغیرہ قرآن کی آیتیں ملحدوں کے لئے بچوں کا کھلونا بن کر رہ جائیں گی۔ کوئی نہیں جانتا کہ بالفعل متقیوں کے لئے ہدایت، کس مرض کی دوا ہے۔ حاصل شدہ بات کو حاصل کرنا فضول ہے جو کہ خدائے قدیر سے محال ہے اور اگر ہم تسلیم کرلیں کہ اس جیسی آیات میں مرتبہ فعلی مراد ہے تو پھر لازم آتا ہے کہ مشرکوں کافروں اور فاسقوں کی ہدایت اور ان کا ایمان اور توبہ محال ہے کیونکہ اسی قرآن مجید میں فرماتے ہیں:

(۱) اور اللہ قوم کافرین کو ہدایت نہیں دیتا۔

(۲) اور اللہ فاسقوں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

(۳) اور اللہ ظالمین کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

اب اس کے سوا کہ ان الفاظ سے بالقوہ ﴿بالقوہ کافرین، فاسقین اور ظالمین سے وہ کافر، فاسق اور ظالم مراد ہیں جن کی فطرت کفر، فسق اور ظلم کو ہمیشہ کے لئے قبول کر چکی ہو وہ کبھی ہدایت پر نہیں آتے، البتہ کتنے کافر ہوتے ہیں جو ایمان لے آتے ہیں لہٰذا وہ بالفعل تو کافر ہوتے ہیں لیکن بالقوہ نہیں کہ وہ مؤمن ہو جاتے ہیں جیسے قوم یونس علیہ السلام۔ مترجم﴾ مراتب مراد لیں اور کوئی چارہ نہیں ہے۔ ورنہ بہت سے کافروں کے ایمان لانے اور بہت سے فاسقوں کے توبہ کرنے کے قصے جو کہ اسی قرآن میں موجود ہیں کیا معنی رکھتے ہیں۔ اور آیت (ذیل)

مگر قوم ﴿پوری آیت یہ ہے: ''فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ط لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ'' (سورۂ یونس، آیت ۹۸، رکوع نمبر ۱۰) یونس علیہ السلام کی قوم نینوٰی میں جو موصل کے پاس عراق میں ایک شہر ہے آباد تھی۔ یہ لوگ بُت پرست تھے۔ پیغمبر علیہ السلام نے ان کو بت پرستی سے منع فرمایا۔ مگر نہ مانے۔ آخر یونس علیہ السلام تین روز تک عذاب کی خبر دے کر اور غضب

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ناک حالت میں بستی کو چھوڑ کر چلے گئے۔ قوم کے لوگوں نے توبہ کی، بت توڑ ڈالے۔ سچے دل سے ایمان لے آئے تو اللہ تعالیٰ نے ان سے عذاب کو ہٹا لیا۔ مترجم ﴿یونس جب وہ ایمان لے آئی تو ہم نے ان سے عذاب کو ہٹا دیا''۔

اور دوسری آیات کو یاد کیجئے اور توبہ کرنے والوں کی مدح اور توبہ وایمان کے خطابات کو پیش نظر رکھئے اور پھر بتایئے کہ اگر کافروں اور فاسقوں کی توبہ محالات میں سے ہوتی تو پھر قوم یونس علیہ السلام کی توبہ کا واقعہ کس طرح ممکن ہوتا اور یہ مذکورہ بالا تینوں خطابات کیا مشکل کشائی کرتے شاید کافروں کا ایمان لانا اور ہدایت پانا شیعوں کے نزدیک شیطانی فیض ہوگا۔ خدا کا فیض نہ ہوگا۔ تو ہم اس بات سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں۔

اور حق یہ ہے کہ نہ تو اس آیت میں امام سے اصطلاحی امام مراد ہے اور ''نہ ظالمین'' سے اس آیت میں بالفعل (ظالم لوگ) مراد ہیں اور جو لوگ کہ ہدایت یافتہ ہیں یا امام آخر الزماں (امام مہدی علیہ السلام) کے نکلنے کے وقت یا ان سے آگے پیچھے ہدایت پائیں گے تو وہ ہدایت یافتہ اپنی استعداد اور قوت کے مرتبے میں کفر، فسق اور ظلم سے ٹھیک اسی طرح پاک تھے جیسے کہ پانی مرتبۂ قوت میں حرارت سے پاک ہوتا ہے۔ ہاں جیسا کہ پانی آگ کی صحبت سے حرارت کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور اس وقت حار (گرم) کا لفظ اس پر بولنا درست ہو جاتا ہے۔ اسی طرح سے وہ لوگ جنہوں نے ہدایت پالی یا ہدایت پائیں گے وہ کفار اور فاسق لوگوں کی صحبت سے کفر، فسق اور ظلم کا وصف لے کر ان مشہور اوصاف کے نام سے متصف ہو کر کافر، فاسق اور ظالم بن جاتے ہیں۔

باقی رہی یہ بات کہ اگر امام سے شیعوں والا اصطلاحی امام مراد نہیں ہے تو پھر کون سا مراد ہے۔ ہم سے سنئے کہ ان شاء اللہ ہم تیر نشانے (ہم تیرے نشانے پر لگاتے ہیں کا جملہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی جا بجا انکساریوں کے اظہار کے باوجود اس غیبی طاقت کا مظاہرہ کر رہا ہے جو اہل علم اور صحت مند محققین کی قلم یا زبان سے مناظرے یا مباحثے کے وقت نکل جاتا ہے اور صحیح یہ ہے کہ حضرت قاسم العلوم کا مقام اس جیسے جملوں کیلئے موزوں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور ہر محل ہوتا ہے) (مترجم) پر لگاتے ہیں۔ میرے عزیز! پہلے دو مقدمے یادر کھئے:

## مقدمہ اوّل

ایک تو موافق: ''نہیں (پوری آیت یہ ہے) وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (پارہ ۱۳ سورۃ ابراہیم ۱) بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر اس کی قوم کی زبان میں حتی المقدور قرآن کے الفاظ سے اصلی معنی جو عربوں کے نزدیک ہوتے ہیں تم مراد لو۔'' (اُردو والے معنی مراد نہیں لینا)

## مقدمہ دوم

دوسرے یہ کہ ''سَتَكُوْنَ اِمَامًا'' (تو عنقریب امام ہوگا) نہیں فرمایا ہے (بلکہ)

''میں آپ کو لوگوں کا امام بنانے والا ہوں۔''

فرمایا ہے۔ ان دو مقدمات میں اگر غور کو کام میں لاؤ تو تم خود جان لوگے کہ اس آیت کا مطلب نبوۃ عطاء کرنے کا وعدہ ہے کیونکہ امام کے معنی عرب کے کلام میں اسی ''پیشوا'' کے ہیں خواہ وہ کسی اَمر کا پیشوا ہو لیکن اس آیت میں ''مطلق'' امامت کو اپنے بنائے ہوئے امام سے ''مقید'' کیا ہے تا کہ نوع نبوت کے سوا کوئی اور امامت نہ پائی جائے۔ بالجملہ امام ایک جنس ہے کہ نبی اور غیر نبی اس کی قسموں میں سے ہے اور نوع نبی کی فصل خدا کی طرف سے بنائے جانے کا مفہوم ہے جو ارسل رساں کے ساتھ برابری کا دم مارتا ہے اور شاید یہی حکمت ہوگی کہ خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلفاء میں سے کسی ایک کی بھی خلافت کے درپے نہیں ہوئے۔

## شبہ

اور وہ بات جو تمہارے دل میں کھٹکتی ہوگی کہ دنیا میں جو حوادث بھی سرزد ہوتے ہیں وہ اللہ ہی کے پیدا کئے ہوئے ہوتے ہیں۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## جواب

اس کا جواب یہ ہے کہ درست ہے لیکن واسطہ اور بلا واسطہ کا فرق ہے، پہلی صورت میں حوادث وسائط کی طرف منسوب ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ احسان اور ظلم کی ہماری طرف نسبت کرتے ہیں اور دوسری صورت میں ''واقعات'' خدا کی طرف منسوب ہوتے ہیں مثلاً رسولوں کا بھیجنا اور علم ﴿علم لدنی وہ علم ہوتا ہے جس میں بندے کے کسب کو دخل نہ ہو بلکہ اللہ تعالیٰ اپنی جانب سے تحصیل کئے بغیر کسی کے دل میں ڈال دے جیسے خضر علیہ السلام کا علم جس کے بارے میں خود اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: وَعَلَّمْنَاهُ مِنْ لَدُنَّا عِلْمًا۔ مترجم﴾ لدنی وغیرہ۔ اگر جگہ تنگ نہ ہوتی تو میں ایک مثال پیش کرتا لیکن شہرت کی وجہ سے آنعریز کی سمجھ پر چھوڑتا ہوں۔

اور دوسری دلیل کہ امام برحق چوتھے خلیفہ (حضرت علی رضی اللہ عنہ) کی امامت کے ثابت کرنے میں (طوسی نے) بیان کی ہے اس قابل نہیں ہے کہ اہل علم اس کے جواب کی طرف منہ کریں۔ (ان کی) صفات کی تعداد کون نہیں جانتا ہاں اگر کوئی ترازو اوصاف کے تولنے کے لئے درمیان میں رکھ کر کہتے کہ چوتھے خلیفہ (حضرت علی رضی اللہ عنہ) کی خوبیوں کا پلہ تینوں خلفاء کی خوبیوں کے پلے کی بہ نسبت بھاری ہے تو بظاہر انکار کی گنجائش نہ تھی۔ اب تو ہمیں یہی کافی ہے کہ اگر ہم تسلیم بھی کرلیں کہ مفضول کی امامت فاضل کے ہوتے ہوئے ٹھیک نہیں ہے جیسا کہ ''وہ آپ دیکھتے ہیں بلکہ دیکھ لیا'' پھر بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ تینوں خلفاء اوصاف معدودہ کے وزن میں زیادہ فاضل تھے ورنہ خدا کا وہ وعدہ جو خلافت کے بارے میں آیت ذیل کی غیبی زبان سے۔

''وعدہ ﴿پوری آیت یہ ہے: ''وَعَدَاللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ. وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ'' سورہ نور، رکوع ۷، آیت ۵۵﴾ کیا ہے اللہ نے ان لوگوں سے جو تم میں سے ایمان لائے اور اچھے عمل کئے۔''

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سب کے کانوں تک پہنچ چکا ہے۔مذکورہ ترتیب سے ظہور میں نہ آتا۔ باقی ان اوصاف کا یہ تینوں خلفاء کی ہستیوں میں ثبوت کا انکار ایک بدیہی چیز کا انکار ہے کیونکہ پھر اس کا جواب حضرت علی رضی اللہ عنہ میں اوصاف معلومہ کے ثبوت کے انکار کے سوا نہیں ہوسکتا لیکن موافق (مصرعہ) ''ہر ایک آدمی کو کس کام کے لئے بنایا ہے''

یہ خدمت روافض ﴿روافض وہ فرقہ ہے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وصی اور خلیفہ بلافصل مانتا ہے۔مترجم﴾ کے مقابلے میں خارجیوں نے ﴿خارجی وہ فرقہ ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اطاعت سے نکل کر ان کو مسلمان بھی نہیں مانتا۔ یہ لوگ علمائے اسلام کے نزدیک دائرۂ اسلام سے خارج ہیں۔مترجم﴾ انجام دی۔

ان سب کے باوجود ہم کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ میں شجاعت اور دوسرے اوصاف معدودہ کی فراوانی کو اور مشہور لڑائیوں سے دریافت کیا ہے تو پھر میں یہ جانتا ہوں کہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقدم ہونا بھی شیعوں کے نزدیک نازیبا ہوگا۔اس دلیل کا تقاضہ یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خلق کا اوّل پیشوا بناتے۔ آخر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے سینکڑوں کافر مارے گئے اور حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار بھی ایک کافر کو جہنم میں قتل کر کے نہ پہنچایا۔

''میرے باغ سے میری بہار کا اندازہ لگالو۔''

جب طوسی کی تمام فضولیات کی حقیقت سے امامت کے بارے میں جو لکھی گئیں نقاب اُٹھا کر ہم نے فراغت پالی اور تم نے خوب جان لیا کہ:

''میں تجھے لوگوں کا امام بنانے والا ہوں۔''

سے کیا مراد ہے تو یہ بھی تمہیں معلوم ہوگیا ہوگا کہ شیعوں کا یہ عذر کہ امام شیعوں کی اصطلاح کے مطابق بھی اللہ کی طرف سے بنایا جاتا ہے۔اس پر وحی آتی ہے اور خدا اپنے احکام اس پر نازل فرماتا ہے، قابل قبول نہیں ہے کیونکہ مناظرہ کے مقام میں مدعیوں کو صرف دعویٰ کردینا کوئی فائدہ نہیں دیتا بلکہ اس کے لئے کوئی ٹھوس دلیل

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

چاہئے اور اگر بالفرض کوئی دلیل منکرین دعویٰ کے دعوے کو توڑنے والے اپنی زنبیل میں طوسی رکھتے ہوں تو پھر کس منہ اور زبان سے اس دعوے کو مناظرہ کی محفل میں پیش کریں گے یہاں پر قصہ اسی طرح ہے۔ دیکھتے نہیں ہو کہ اس جیسی امامت کا حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد واقع ہونا اسی وصف ختم نبوت کی وجہ سے ٹوٹ کر رہ گیا ہے کیونکہ شیعوں کا اصطلاحی امام اگر غور کیا جائے تو ان کے نزدیک وہ نبی کے ہم معنی ہے۔ اس پر وحی آتی ہے اور پہلے احکام کو وہ منسوخ بھی کرتا ہے تو نبی میں اس سے زیادہ کیا ہوتا ہے۔ غرض اس کے امام اور پیشوا بنانے سے یہی مطلب ہوتا ہے کہ ہر قول، فعل اور امر و نہی میں دوسرے لوگ اس کی پیروی کریں۔ دوسروں کا اتباع نہ کریں وہ دوسرے نبی ہوں یا ولی۔ اور اگر کریں تو اس کے حکم سے کریں۔ بغیر واسطے کے دوسروں کو اپنا پیشوا نہ جانیں۔ چنانچہ ہم بہت سے احکام میں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اگلے انبیاء کے احکام کی پیروی کرتے ہیں۔ پس جب امام پر وحی آئی اور اس نے پہلے احکام کو منسوخ کر دیا تو پھر (اس شیعوں کے امام کی) نبوت میں کیا کمی رہ گئی کہ اس کو نبی نہ کہیں امام کہیں۔

## تحقیق حدیث

"اِخْتِلَافُ اُمَّتِیْ رَحْمَةٌ"

**اکنوں وقت آں است کہ از معنی حدیث: "اِخْتِلَافُ اَصْحَابِیْ رَحْمَةٌ" کہ حسب تحریر آنعزیز بیھقی در مدخل از ابن عباس و دار قطنی و دارمی و ابن عساکر ازابن عمر روایت کردہ اندو حاکم تصحیح آں نمودہ ھرچہ بذھن نارساء ایں ھیچمدان آید یادگار خود گذاشتہ شود۔**

## تحقیق حدیث

"میری اُمت کا اختلاف رحمت ہے"

اب اس ہم مقام پر پہنچ گئے ہیں کہ اس حدیث یعنی:

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

''میرے صحابہ کا اختلاف رحمت ہے۔'' جیسا کہ آپ کی تحریر کے موافق بیہقی نے مدخل میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور دار قطنی اور دارمی اور ابن عساکر نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اور حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے، اس ناچیز کے نارساذہن میں جو کچھ آتا ہے اپنی یادگار کے طور پر چھوڑ دیا جائے۔

## مقدمات کہ بس نفیس و نازک است

عزیز من! اوّل دوسه مقدمه که بس نفیس و نازک است زیر قلم میکشم.

مقدمهٔ اوّل: آنکه افعال لازمه حسب اصطلاح صرف و نحو همواره افعال مالم یسم فاعده و صفات مفعولیه می باشند. آری بوجه اقامة مفعول بجای فاعل بهر طور ظاهر بیناران بغلط می افتند (که مفعول را فاعل می شمارند) اگر اقامة او بجای فاعل فقط درباره اعراب می بود چنانچه در مفعول فعل مجهول می بینی تاهم کار سهل بودچه اختلاف صیغه بهر هدایت کافی بود این جا که اعراب هم اعراب فاعل است وصیغه هم صیغهٔ فاعل اگر ناظر غلط کاری کند (که مفعول را فاعل داند) چه دوراست.

این جا اگر حقیقة الحال را کما هی می فهمند چه هر فعل را از فاعل و مفعول ناگزیر است و فاعل بی مفعول ومفعول بی فاعل نباشد. پس اگر در قَامَ زَیْدٌ مثلاً زید فاعل است مفعولی نیز ضروری است لیکن لازم است نه که متعدی که زیدرا فاعل فعل قراردهند و مفعولی دیگر برآرند . لاجرم این رامفعول خوانی و فاعلی بهر اوبرآری.

مع هذا افعال لازمه همیشه مطلوع افعال متعدیه می باشند که درماده شریک این افعال می باشند چنانکه میگویند که .

''اَقَمْتُهٗ فَقَامَ وَاَقْعَدْتُهٗ فَقَعَدَ وَقَطَعْتُهٗ فَانْقَطَعَ''

وامثال ذالک. این مطاوعة بطور مذکور قرینهٔ دگر است . بهر آنکه

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

افعال لازمه، افعال مالا یسم فاعله می باشند و فاعل آن، فاعل افعالی می باشد که آنها مطاوع آن افعال متعدیه می بود.

## مقدمات جو کہ بہت ہی نفیس اور نازک ہیں

میرے عزیز! اوّل دو تین مقدمے جو کہ بہت نفیس اور نازک ہیں تحریر کرتا ہوں:

پہلا مقدمہ: اوّل یہ کہ وہ افعال ﴿جیسے جَاءَ زَیْدٌ: یعنی زید آیا میں جاءَ فعل لازم ہے جو مفعول نہیں چاہتا صرف فاعل پر ختم ہوگیا ہے۔ مترجم﴾ جو مفعول نہیں چاہتے صرف ونحو کی اصطلاح کے مطابق ہمیشہ فعل مجہول ہوتے ہیں (یعنی ان کی نسبت فاعل کی طرف نہیں ہوتی) اور مفعول کی صفات ہوتے ہیں۔ ہاں اگر فاعل کی جگہ مفعول کو رکھ دینے کی وجہ سے بہر حال ظاہری نظر رکھنے والے غلطی میں پڑ جاتے ہیں (کہ مفعول کو فاعل جانتے ہیں) اگر اس کا فقط فاعل کی جگہ رکھ دینا، اعراب کے بارے میں ہوتا چنانچہ فعل مجہول کے بارے میں تم دیکھتے ہو تو پھر بھی کام آسان تھا کیونکہ صیغہ کا مختلف ہونا ہدایت کے لئے کافی تھا۔ یہاں کہ اعراب فاعل کا اعراب ہے اور صیغہ بھی فاعل کا صیغہ ہے تو اگر دیکھنے والا غلطی کھا جائے (کہ مفعول کو فاعل جان لے) تو کیا بعید ہے۔ اس جگہ اگر حقیقت حال کو صحیح طور پر سمجھتے ہیں تو معنی سنج لوگ سمجھتے ہیں کیونکہ ہر فعل کے لئے فاعل اور مفعول ضروری ہے اور فاعل مفعول کے بغیر اور مفعول فاعل کے بغیر نہیں ہوتا ہے۔ پس اگر مثال کے طور پر قَامَ زَیْدٌ (زید کھڑا ہوا) میں ''زید'' فاعل ہے تو مفعول بھی ضروری ہے لیکن لازم ہے نہ کہ متعدی کہ ''زید'' کو فاعل قرار دیں اور دوسرا مفعول نکالیں۔ مجبوراً اس کو مفعول کہو اور اس کے لئے فاعل پیدا کرو۔

اس کے ساتھ (یہ بھی خیال میں رکھیں) افعال لازم ہمیشہ متعدی افعال کے تابع ہوتے ہیں جو کہ مادے میں اِن لازم افعال کے شریک ہوں جیسا کہ کہتے ہیں کہ:

''میں نے اسے کھڑا کیا تو وہ کھڑا ہوگیا اور میں نے اسے بٹھایا تو وہ بیٹھ گیا اور میں نے اس کو کاٹا تو وہ کٹ گیا۔''

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور اسی طرح کی اور مثالیں۔ یہ مذکورہ مطاوعت (یعنی فعل لازم کا فعل متعدی کی پیروی میں آنا) اس اَمر کا ایک دوسرا قرینہ بن جاتا ہے کہ لازمی افعال درحقیقت ایسے افعال ہوتے ہیں جن کا فاعل نامزد نہیں ہوتا اور ان کا فاعل درحقیقت ان افعال متعدیہ کا فاعل ہی ہوتا ہے جن کے یہ مطاوع ہوتے ہیں۔

## مقدمۂ دیگر

**چوں ایں‌قدر محقق شد. مقدمه دیگر بشنوکه گاهی افعال عرضیه اعنی اوصاف عرضیه با معروض خود نسبتی خاص میدارند که باعتبار آں نسبة فاعلیة آں افعال معروضات آں رامی سزد. مثلاً آئینه وقت مقابلۀ آفتاب اگر معروض نور می باشد بهر ایصال آں نور تا بدر و دیوار وغیره اشیاء که مقابله آئینه باشد و مقابل آفتاب نبود وجود آئینه درمیاں ضروری است.**

**بالجمله یک مفعول گاهی واسطه مفعولیة ، مفعول ثانی می شود. آئینه و در ودیوار وغیره همه در تنویرمفعول آفتاب اند و بهر آئینه ودر و دیوار وغیره فاعل هماں یک آفتاب است و بس.**

**مگر بایں نظر که بظاهر بدر ودیوار وغیره نور از آئینه میرسد اگر آئینه رادر حق درو دیوار وغیره فاعل گونند بجا است وافعال ممکنات خصوصاً ارادیات همه ازیں قسم اند. فاعل حقیقی هماں یک ذات پاک خداتعالیٰ است و قوة ارادیه بادیگر قواء عملیه معروض و مفعول است و مفاعیل ظاهره که آنرا مفاعیل خود می انگاریم نیز مفعول او تعالیٰ است مگر اَوّل واسطه ایصال فعل و اثر نالباتی است و فرق دریں قسم افعال و آں افعال که دو سه مفعول را اقتضاء کنند، مثل اعطاء و علم وغیره آں است که در قسم ثانی مفاعیل آنها از ضروریات تحقق**

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

آں افعال می باشد. و در قسم اوّل موقوف علیه و ضروری بهر تحقق فعل فقط یک مفعولی می باشد از یک و زائد ازاں چنانکه ممکن است که باشد،ہمچناں ممکن است که نباشد.

## دوسرا مقدمہ

جب اس قدر تحقیق میں آگیا تو دوسرا مقدمہ سنو کہ کبھی عرضیہ ﴿عرضیہ افعال وہ کہلاتے ہیں جو ذاتی افعال نہیں ہوتے جیسے آئینے کا نور آئینے کا عرضی فعل ہے اصلی نہیں بلکہ آفتاب سے حاصل ہوا ہے جو اُصلی ہے یہی معنی عرضی اوصاف کے ہیں۔ مترجم﴾ افعال میری مراد ہے عرضیہ اوصاف اپنے معروض کے ساتھ ایک خاص نوعیت کا تعلق رکھتے ہیں کہ اس تعلق کے اعتبار سے ان افعال کا فاعل ہونا ان کے معروضات کے لئے موزوں ہوتا ہے۔ مثلاً آئینہ آفتاب کے سامنے ہونے کے وقت اگر نور کا معروض ہوتا ہے تو اس نور کو در و دیوار وغیرہ اشیاء تک پہنچانے کے لئے جو کہ آئینے کے مقابلے میں ہوں اور آفتاب کے بالمقابل نہ ہوں اس آئینہ کا وجود درمیان میں ہونا ضروری ہے۔

بالجملہ ایک مفعول کبھی دوسرے مفعول کی مفعولیت کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ خود آئینہ اور در و دیوار وغیرہ سب تمام روشن ہونے میں آفتاب کے مفعول ہیں۔ آئینے اور در دیوار وغیرہ کے لئے فاعل فقط ایک آفتاب ہے مگر اس خیال سے کہ ظاہر میں در و دیوار وغیرہ کو نور آئینے سے پہنچتا ہے۔ اس لئے اگر آئینے کو در و دیوار وغیرہ کے حق میں فاعل کہیں تو درست ہے اور تمام ممکنات ﴿ممکنات عالم کے افعال سے مراد باری تعالیٰ کے سوا مخلوقات کے افعال مثلاً سورج، زمین وغیرہ کی گردش اور کائنات میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے وہ ممکنات عالم کے افعال ہیں۔ مترجم﴾ عالم کے افعال خاص طور پر ارادی ﴿ارادی افعال وہ ہوتے ہیں جو اِنسان یا کوئی جاندار اپنے اِرادے سے کرتا ہے مثلاً اُٹھنا، بیٹھنا، چلنا پھرنا، کھانا پینا، یہ سب ایسے افعال ہیں جو اِرادے سے ظاہر ہوتے ہیں۔ مترجم﴾ افعال تمام اسی قسم سے ہیں۔ اصلی فاعل وہی ایک خدا تعالیٰ کی ذات پاک ہے اور قوتِ ارادیہ دوسری عملی قوتوں کے ساتھ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

معروض و مفعول ہے اور ظاہری مفعولات کہ ان کو ہم اپنے فعل کا محل وقوع خیال کرتے ہیں۔ دراصل وہ بھی اللہ تعالیٰ کے مفعول ہیں۔ پہلا مفعول دوسرے مفعول تک (فاعل حقیقی کے) فعل اور اثر کے پہنچانے کا واسطہ ہے اور اس قسم کے افعال اور ان افعال میں کہ دو تین مفعول کا تقاضہ کرتے ہیں۔ مثل اعطاء وغیرہ، ان کے درمیان فرق یہ ہے کہ دوسری قسم (یعنی ان افعال میں جو دو تین مفعول چاہتے ہیں) میں ان کے مفعولات خود ان افعال کے مفہوم کے تحقق کے لئے ضروری ہیں۔ اور قسم اوّل (۱) میں موقوف علیہ اور ضروری فعل کے تحقق کے لئے صرف ایک مفعول ہوتا ہے ایک سے لے کر سو تک اور اس سے بھی زائد جیسا کہ ہونا ممکن ہے۔ اسی طرح نہ ہونا بھی ممکن ہے۔

## مقدمہ سوم

سوم آنکه در بعض افعال لازمه مثل اختلاف و ایتلاف وغیره دو جهة مرکوز است که بیک جهة متعدی است و بیک جهة لازم، خلاصه ایں ثقریر اگر برآری ایں است که مضامین اضافیه را درتحقق و فهم خود تحقق و فهم طرفین و حاشیتین ضروری است. فوقیة درتحتیة مثلا در حق ارض اگرلازمی است بایں اعتبارکه در طرف ثانی موجب تحقق مقابل خود است درحق طرف ثانی متعدی است . گو بظاهر بایں نظر که بتحیة و فوقیة انواع متقابله اند، از یک قسم نیست که وصولش ازایں طرف بآنطرف بتصور آید، اطلاق تعدی بحسب ظاهرهے جا باشد.

لیکن ایں قدر ضروری است که هر که را اوّل گیری لاجرمدر طرف ثانیش مؤثر خواهی گفت که اصل تعدی هست چه بناء آں برهمیں تاثیر است و بس مگرجائیکه اختلاف نوعیة هم ازمیان برخیزد آنجا ایں مغلطه هم نباشدتادر تجویز تاثیر تامل کنی مثلاً

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مفهوم تقابل و تخالف و توافق و تناقض هرچند اضافی است لیکن این را اگر "مقابل" و "مخالف" و "موافق" ومتناقض" آن خوانی آن رانیز "مقابل" و "مخالف" وموافق" ومناقض" این دانی. مثل فوقیة و تحتیة و فاعلیة و مفعولیت اختلاف نوعیة نیست که این چنین غلط خوری لیکن تعدی رادانی که گاهی بی واسطه حرفی می باشد ووقتی بواسطه حرفی از حروف جاره بآ و علیٰ و فی و من وغیره میباشداهل نظر باریک همه را تعدی میگویند و ظاهر بینان فقط افعال را که بی واسطه متعدی شوند متعدی خوانند . مگر در لفظ مفهوم اختلاف چون غور کردیم دانستیم که اختلاف هر چند لازم است اما اضافی است و هر دو طرفش از یک نوع می باشند مابین دو کس یا دو چیز اگر اختلاف و تخالف باشد این اگر مخالف آن است و مختلف ازان، آن نیز مخالف این است و مختلف ازین غرض هر دو طرف یک مفهوم عارض می شود.

وچون این قدر محقق شدبدان که در اختلاف اصحابی وغیره اضافة اختلاف الی الاصحاب هر چند بظاهر نظر اضافة مصدر الی الفاعل است لیکن اگر بغور بینی ، بدانی که اضافت الی المفعول است مگر بواسطه فی. حاصل کلام اندرین صورة آن شد که

"الاختلاف فی اصحابی رحمة"

و غرض شارع ازین کلام آن ست که اختلافی که درامة من از جانب او تعالیٰ افتاده منشاء آن رحمة باشد نه غضب وجهش آن است که چون اصحاب و امة را مد نظر ومقصوده لی اتباع نبوی صلی اللہ علیه وسلم و امتثال اوامر و نواهی خدا وندی باشد. بازاگر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اختلاف باشد به مجبوری باشد اعنی بایں همه اهتمام تمام بجانب اتباع و امتثال که از لفظ " اصحابی و امتی " هویدا است ورنه اطلاق ایں لفظ نازیبا است . چنانچه پیداااست ممکن نیست که منشاء اختلاف حب جاه یا کینه پروری یا خواهشی از خواهش هائے دنیوی نفسانی باشد اگر باشد نارسائی فهم یکی از مختلفان باشد.

نظر بریں گنجائش مواخذه نیست که عتاب و عتاب را سزدناچار و گذاشتن ضرور افتادوچوں و گذاشتند امة و اصحاب را وسعتی بهم رسید که در صورة اتفاق ممکن نبود و میدانی توسعه چه قسم رحمت و عناية است.

و آنکه "ستختلف امتی" فرموده بوعید "كُلُّهُمْ فِي النَّار" ترسانیده اند. آنجا اضافت فاعلية اختلاف بجانب مختلفان است . چنانچه اُمتی را فاعل صیغه "ستختلف" نهاده اندو میدانی که انتساب فاعلية بدد و گونه می باشد:

(۱) یکی بطورا صدار چنانچه در افعال متعدیه می باشد.

(۲) دوآبطور انفعال چنانچه در افعال لازمه.

باز انفعال رابدوقسم منقسم ساخته اند:

(۱) یکی آنکه منفعل صفة عارضه را از فاعل اعنی واسطه فی العروض بگیرد و ذات او بحال خود ماند. اعنی حقیقتش دم عروض هماں باشد که قبل عروض بود. چنانکه در اکثر افعال لازمه از قیام و قعود وغیره مشاهده میکنی. ذات قائم و قاعد وقت عروض قیام و قعود هم هماں است که پیشتر از عروض بود.

(۲) دویم آنکه از حقیقة خود برگرد و قبل از عروض چیز دگرشد . ایں قسم را صیرورة گویند. پس چنانکه در

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

"صارا لطين خذفا"

طينية رفته "خذ فية" عارض ميشود همچناں درجمله صير ورات خيال بايد كرد. دريں چنيں مواقع هر چند معروض صفت عارضه هماں است كه معروض صفة زانكه بود.

چه خذفيت بر چيزى عارض بود آنكه "طين من حيث هوطين" معروض خذفية شده ورنه لازم آيد كه اجتماع آں دو مفهوم شود كه مابين آں نسبة منع جمع است و باهم ربط تضاد دارند زيراكه بقاء معروض، دم عروض و هم تا بقاء عروض آں چناں ضرورى است كه منكرش بجز احمقاں ديگرى نباشد ليكن بايں نظر كه اظهار زوال يكى و عروض ديگرى مد نظر مى باشد، نه تنها عروض ديگرى. معروض را بعنوان وصف زائل معروض قرار ميدهند.

غرض افعاليكه بهر صيرورة مى باشند گوبظاهر بسيط بودند ليكن اگر بغورديده شود همچو امكان خاص كه مركب از ده امكان عام متعارف باشد ايں چنيں افعال نيز مركب ازدو فعل متعارض مى باشند . چوں اختلاف متضمن" ستختلف"

نيز ازهميں قسم است لاجرم فاعل آں كه همانا معروض صفة اختلاف است امتى قراردادند.تادانى كه از حالة اصلى كه مصداق "اُمتى" بودن نبوى صلى الله عليه وسلم بود برگرديدند و ازيں جا دانسته باشى كه استثناء الا واحدة استثناء منقطع است ويمكن كه متصل باشد مگر تاويلش آں باشد كه از حالة اصلى كه وحدة بود بكثرت كذائى ظهورخواهد كرد.

بالجملة ايں جا انتساب اختلاف بجانب مختلفاں انتساب فاعلية

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

**است نه انتساب مفعولیة که بواسطه می باشد. چه اگر مثل "اختلاف امتی" ایں جا نیز اضافت بودی، می تواں گفت که اضافت بمعنی "فی" است نه بمعنی لام" ایں جا امتی رافاعل قرار داده اند نه مفعول فیه.**

## تیسرا مقدمہ

تیسرے یہ کہ بعض لازم افعال جیسے ''اختلاف'' و''ائتلاف'' وغیرہ میں دو حیثیتیں موجود ہیں کہ ایک حیثیت سے متعدی ہیں اور ایک حیثیت سے لازم۔ اس تقرر کا خلاصہ اگر تم نکالنا چاہو تو یہ ہے کہ اضافی مضامین کے لئے سمجھ میں آنے اور وجود میں آنے کے سلسلے میں دونوں جانبوں اور دو طرفوں کا سمجھ میں آنا اور پایا جانا ضروری ہے، مثلاً بلندی اور پستی کا پایا جانا اور ان کا سمجھنا اپنے مقابل کے فہم و تحقق پر موقوف ہے چنانچہ ظاہر ہے لیکن یہ بھی ظاہر ہے کہ اُونچائی ﴿اس عبارت کا یہ مطلب ہے کہ سقف کی فوقیت اپنے حق میں اور زمین کی تحتیت اپنے حق میں لازم ہے متعدی نہیں ہے لیکن چونکہ سقف کی فوقیت زمین کی تحتیت کا موجب اور زمین کی تحتیت، سقف کی فوقیت کے متحقق ہونے کا موجب ہے اس لئے ان میں سے ہر ایک دوسرے کے حق میں متعدی ہے۔ مترجم﴾ مثلاً چھت کے حق میں اور نیچائی مثلاً زمین کے بارے میں اگر لازم ہے تو اس لحاظ سے کہ وہ دوسری طرف میں اپنے مقابل کے واقع ہونے کا موجب ہے اس لئے دوسری طرف کے حق میں وہ متعدی ہے گو ظاہر بین اس خیال کے ساتھ کہ اُونچائی اور نیچائی ایک دوسرے کے مقابل نوعیتیں ہیں۔ دونوں ایک ہی قسم کی نہیں ہیں کہ اس کا اس طرف سے اس طرف پہنچنا تصور میں آسکے، اس لئے متعدی ہونے کا اطلاق کرنا ظاہر کے اعتبار سے بے جا معلوم ہوتا ہے لیکن اس قدر ضروری ہے کہ جس کسی کو بھی تم پہلے لوگے لامحالہ وہ اپنے دوسرے کے مدمقابل میں مؤثر پاؤ گے کہ متعدی ہونے کی بنیاد یہی ہے کیونکہ اس کی بنا فقط اسی تاثیر پر ہے لیکن جس جگہ کہ نوعیت کا اختلاف درمیان سے اُٹھ جائے گا وہاں یہ غلط فہمی بھی نہیں ہوگی کہ تاثیر کو تجویز میں تم تامل کرنے لگو مثلاً

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تقابل، تخالف، توافق اور تناقض کا مفہوم ہر چند کہ اضافی ہے۔

لیکن تم اگر اس چیز کو اس چیز کا مقابل ومخالف وموافق اور اس کے متناقض کہو گے تو اس کو بھی اس کا مقابل، مخالف، موافق اور اس کے متناقض جانو گے کیونکہ اُونچائی، نیچائی اور فاعل ہونے اور مفعول ہونے کی مانند نوعیت کا اختلاف نہیں ہے کہ اس قسم کی غلطی کھاؤ۔ لیکن متعدی ہونے کو تم جانتے ہو کہ کبھی تو کسی حرف کے واسطے کے بغیر ہوتا ہے اور کسی وقت حرف جارہ میں سے کسی حرف ب، علیٰ، فی اور من وغیرہ کے واسطے سے ہوتا ہے۔ باریک نظر والے سب کو متعدی کہتے ہیں اور ظاہر بیں صرف انہی افعال کو جو بغیر واسطہ حرف جر متعدی ہوتے ہیں متعدی کہتے ہیں لیکن (لفظ) ''اختلاف'' کے معنی میں جب ہم نے غور کیا تو جانا کہ اختلاف ہر چند لازم ہے لیکن اضافی ہے اور اس کے دونوں اطراف ایک ہی قسم کے ہوتے ہیں۔ دو آدمیوں یا دو چیزوں کے درمیان اگر اختلاف اور تخالف ہو یہ اگر اس کے مخالف اور اس کے مختلف ہے تو وہ بھی اس کے مخالف اور اس سے مختلف ہوگا۔ غرضیکہ دونوں طرف ایک ہی مفہوم عارض ہے (یہ اس سے مختلف اور وہ اس سے مختلف ہے)

اور جب اس قدر تحقیق میں آ گیا تو جان لو کہ در اختلاف اصحابی وغیرہ اختلاف کی نسبت اصحاب کی طرف ہر چند ظاہر نظر میں مصدر کی اضافت فاعل کی طرف ہے لیکن اگر غور سے دیکھو تو جانو گے کہ اضافت مفعول کی طرف ہے لیکن لفظ جار فی کے ذریعہ سے ہے۔ اس صورت میں کلام کا حاصل یہ ہوا کہ:

''اختلاف میرے صحابہ میں رحمت ہے۔''

اور صاحب شریعت (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) کی غرض اس بات سے یہ ہے کہ جو اِختلاف میری اُمت میں اس خدا تعالیٰ کی جانب سے واقع ہو اس کا منشاء رحمت ہوگا نہ کہ غضب اور اس کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ اصحاب اور اُمت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دلی طور پر اتباع مدنظر اور مقصود ہے اور خدا تعالیٰ کے احکام اور نواہی کو بجالانا مقصود ہے تو

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پھر جو اختلاف ہوگا وہ بمجبوری ہوگا یعنی اتباع اور امتثال کو پورے اہتمام کے ساتھ اختیار کرتے ہوئے اختلاف کرنا جیسا کہ اصحابی اور اُمتی سے ظاہر ہے ورنہ اس لفظ کا اطلاق نازیبا ہوجائے گا جیسا کہ ظاہر ہے (کیونکہ صحابہ میں) ممکن نہیں ہے کہ اختلاف کا منشاء حب جاہ یا کینہ پروری یا دنیاوی ﴿یعنی صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اس بات کا پورا اہتمام کرتے ہیں کہ وہ منشائے نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان کر اس کا اتباع کریں لیکن اگر اس منشاء کے سمجھنے میں کوشش کے باوجود اگر ایک کو غلط فہمی ہو جاتی ہے اور وہ دوسرے اصحاب سے اختلاف کرتا ہے تو پھر اس اجتہادی غلط فہمی کی وجہ سے صحابی قابل مواخذہ نہیں ہے۔ مترجم﴾ نفسانی خواہشات میں سے کوئی خواہش ہو اگر منشائے اختلاف ہوگا بھی تو اختلاف کرنے والوں میں سے کسی ایک کی سمجھ کی نارسائی ہوگی۔

اس پر نظر رکھتے ہوئے مواخذہ کی گنجائش نہیں ہے کہ عتاب اور عذاب کا سزاوار ہو۔ ناچار (اختلاف کرنے والے کا) مواخذہ نہ کرنا ضروری ہوا اور جب چھوڑ دیا تو اصحاب اور اُمت کو توسیع مل گئی جو کہ (امت کے) اتفاق کی صورت میں ممکن نہ تھی اور تمہیں معلوم ہے کہ یہ (امت کو) توسیع کس قسم کی رحمت اور عنایت ہے۔

اور وہ بات کہ ''عنقریب میری امت اختلاف کرے گی۔'' فرما کر اس دھمکی کے ساتھ کہ ''تمام جہنم میں ہیں'' ڈرایا ہے۔ اس جگہ اختلاف کے فاعل ہونے کی اضافت اختلاف کرنے والوں کی جانب ہے چنانچہ ''اُمتی'' کو ''ستختلف'' کے صیغے کا فاعل رکھا ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ فاعلیت کا منسوب کرنا دو طرح پر ہوتا ہے۔

(۱) ایک تو صادر کرنے کے طور پر جیسا کہ متعدی افعال میں ہوتا ہے۔

(۲) دوسرے انفعال کے طور پر جیسا کہ لازم افعال میں ہوتا ہے۔ پھر انفعال کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے: (۱) ایک یہ کہ متاثر ہونے والا عارض ہونے والی صفت کو فاعل یعنی واسطہ فی العروض سے حاصل کرے اور اس کی ذات اپنی حالت پر رہے یعنی اس کی حقیقت عارض ہونے کے وقت بھی وہی ہو جو عارض ہونے سے پہلے تھی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جیسا کہ اکثر لازم افعال میں جیسا کہ قیام (کھڑا ہونا) اور قعود (بیٹھنا) وغیرہ میں تم دیکھتے ہو۔ کھڑا ہونے والا اور بیٹھنے والا کھڑا ہونے اور بیٹھنے کی حالت پیش آنے کے وقت وہی ہے جو کہ قیام وقعود سے پہلے تھا۔

(۲) دوسری قسم وہ ہے جو اپنی حقیقت سے بدل جائے کہ وہ عارض ہونے سے پہلے اور ہی چیز تھی اور عارض ہونے کے بعد اور چیز بن گئی اس قسم کو صیرورۃ ﴿ایک حقیقت یا ایک حالت سے دوسری حقیقت یا حالت کی طرف منتقل ہونے کو صیرورت کہا جاتا ہے۔ مترجم﴾ کہتے ہیں پس جیسا کہ: ''ہوگئی کچی مٹی ٹھیکری'' میں ''مٹی ہونا'' ختم ہوکر ''کنکر ہونا'' عارض ہوجاتا ہے۔ اسی طرح تمام صیرورات کو خیال کرنا چاہیئے۔ اس جیسے موقعوں میں، عارض ہونے والی صفت کا معروض ہر چند وہی ہے جو کہ صفت کا معروض تھا کیونکہ کنکر وہی چیز بنی ہے جو پہلے مٹی تھی۔ یہ نہیں کہ مٹی کے مٹی ہوتے ہوئے کنکر ہونا بھی اس کو عارض ہوگیا ورنہ تو یہ لازم آئے گا کہ دو ایسے مفہوم یک جا پائے جائیں جن کے درمیان نسبت منع الجمع ﴿منع الجمع ایک ایسی نسبت ہے جو ایسی دو چیزوں کے درمیان پائی جاتی ہے جو ایک دوسرے کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتیں۔ جیسے آگ اور پانی کہ ان کا ایک جگہ جمع ہونا نہیں ہوسکتا۔ مترجم﴾ کی ہے اور وہ دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں (جیسا کہ آگ اور پانی) کیونکہ جس کو کوئی چیز عارض ہوئی اس کا باقی رہنا، عارض ہونے کے وقت اور عارض ہونے کی بقاء تک ایسا واضح طور پر ضروری ہے کہ اس کا منکر بے وقوفوں کے سوا دوسرا نہیں ہوسکتا لیکن اس خیال کے پیش نظر ایک صفت کے زائل ہونے اور دوسری صفت کے عارض ہونے کا اظہار یہ دونوں اَمر مدنظر ہوتے ہیں نہ کہ فقط دوسرے وصف کے عارض ہونا اس لئے معروض کو وصف زائل کے عنوان سے بھی معروض قرار دیتے ہیں۔

غرض وہ افعال جو صیرورۃ کے لئے ہوتے ہیں اگرچہ بظاہر بسیط ہوتے ہیں لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو امکان ﴿امکان خاص اور امکان عام منطق کی دو اصطلاحیں ہیں جن میں سے امکانِ عام میں صرف جانب مخالف کی عدم ضرورت کا اظہار مقصود ہوتا ہے اور

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

امکان خاص میں جانب موافق اور جانب مخالف دونوں غیر ضروری ہوتی ہیں۔ مثلاً ''الانسان موجُوْدٌ'' ممکنہ خاصہ ہے کہ انسان کا وجود بھی ضروری نہیں ہے اور عدم وجود بھی ضروری نہیں۔ یہی ممکنہ عامہ کی مثال بن سکتی ہے کہ اس میں جانب مخالف کی عدم ضرورت کا اظہار ہوتا ہے دوسرے الفاظ میں امکان خاص دو امکان عام سے مرکب ہوتا ہے جس کے یہ معنی ہیں کہ امکان خاص مرکب ہے اور امکان عام بسیط ہوتا ہے۔ مترجم ﴾ خاص کی مانند کہ جو دو متعارض امکان عام سے مرکب ہوتا ہے۔ اس قسم کے افعال بھی دو متعارض افعال سے مرکب ہوتے ہیں۔ چونکہ ستختلف میں پایا جانے والا اختلاف بھی اسی ''صیر ورت'' کی اسی قسم میں داخل ہے، اس لئے لازمی طور پر اس کا فاعل کہ وہی صفت اختلاف کا معروض ہے۔ ''اُمتی'' کو قرار دیا تا کہ تم جان لو کہ اصلی حالت سے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی ہونے کے مصداق سے وہ لوٹ گئے اور یہیں سے تم نے یہ بھی جان لیا ہوگا کہ'' الاواحدۃ''(مگر ایک) کا استثناء منقطع ﴿استثنائے منقطع وہ ہے جو مستثنٰی منہ کے ذکر کے وقت فوراً نہ کیا جائے۔ مثلاً آج تمام طلبہ آئے اور تھوڑی دیر ٹھہر کر پھر کہا۔ خالد کے سوا تو یہ منقطع استثناء کہلاتا ہے اور اگر استثناء کو مستثنٰی منہ کے ساتھ بیان کر دیا جائے تو یہ متصل استثناء کہلاتا ہے۔ جیسے آج تمام طلبہ آئے لیکن خالد نہیں آیا۔ مترجم ﴾ ہے اور ممکن ہے کہ استثناء متصل ہو۔ مگر اس کی توجیہ یہ ہوگی کہ اُمت اصلی حالت سے جو کہ وحدت تھی اس طرح کی کثرت میں ظہور پذیر ہوگی۔

خلاصہ یہ کہ یہاں اختلاف کی نسبت اختلاف کرنے والوں کی جانب ان کے فاعل ہونے کے اعتبار سے ہے نہ کہ مفعول ہونے کے اعتبار سے جو بواسطہ حرف جار ہوتی ہے کیونکہ اگر اختلاف اُمتی کی طرح یہاں پر بھی اضافت تو کہہ سکتے تھے کہ اضافت فی کے معنی میں ہے نہ کہ لام کے معنی میں۔ یہاں پر ''اُمتی'' کو فاعل قرار دیا ہے نہ کہ مفعول فیہ۔

## وجہ دخول نار

ووجه دخول نار ایں باشد که حالة سابقه را که مصداق اُمتی بودن بود ازخود گذاشتند چنانچه فاعل گردانیدن اوشاں دلیل برآں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

است و ایں ازاں قبیل باشد که درحق اهل کتاب فرموده اند.

"فاختلفوا من بعد ما جاء تهم البينات بغيا بينهم"

اعنی باوجود وضوح حقیقة دین و کتاب خود که مجیئی بینات را / لازم است فقط بوجه عدوان و بغی آن را بگذاشتند و دانی که ایں چنیں اختلاف که منشاء آں صفة ذمیمه عبد باشد از عدو ان و بغی وغیره قابل آں نیست که ازاں در گزرند.

بالجمله ایں اختلاف از افعال ارادیه اوشاں است و اختلافی که رحمتش خوانده اند ازحرکات اضطراریه . و ثواب و عقاب متفرع براِراده است، براضطرار نتواں شد. آری چنانکه شکل نیکو و سیرة نیک اگر قابل ثواب نیست منجمله رحمت ضرور است هم چنیں اختلافی که بمجبوری باشد اگر قابل ثواب نیست قابلیة اسم رحمة دارد وچوں نباشد هرچه از اراده بنده نیست فاعلش محض اِراده خدا وندی است. لا جرم از افعال خدا وندی باشد. اکنوں اگر محرک آں فعلی نا سزا از افعال بندگاں شده آں را از اقسام قهر و غضب و آثار آں دانند ورنه از آثار رحمة شمارند. زیراکه تحرک غضب را اِراده ناسزا ضروری است و تحرک رحمة گاهی بمحرکی باشد که ازبندگان باشد. اعنی فعلی نیک خواه قلبی باشد یابدنی و گاهی بے سبب هم رحمة عامه حرکة فرماید چنانچه تکون همه عالم و عطاء استعدادات حسنه و صفات حمیده و اشکال نیکو و دیگر نعماء بے اختیاری بهمیں طور صورة بسته.

باقی ماند اینکه اگر اختلاف متضمن صیرورة است می باید که دو هر دو جاصیرورة باشد و لازم آید که مصداق اُمتی بودن هرچه بود در هر دو جازائل گردیده باشد.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

## جواب

جوابش ایں است کہ اَوّل چه ضرور است که اختلاف هر جا که باشد متضمن صیرورة باشد. لفظ کان و صار را بنگرید که گاهی متضمن صیرورة می باشند و گاهی نمی باشند چنانچه ناظران رسائل نحو میدانند

هاں ایں قدر مسلم که بهر ترجیح معانی مشترکه مرجحی باید. ایں جا قرینه عمل رحمة و آنجا قرینه وعید ، دخول نار، بدیں جانب میکشد که در "اختلاف امتی صیرورة نباشد درنه درمستختلف باشد. غایة ما فی الباب جمله "اختلاف اُمتی" و هم جمله "ستختلف" هر دو مهمله باشند به نسبة افراد اختلاف.

و ایں طرف اختلاف منقسم بدو قسم باشد

(۱) یکی متضمن صیرورة (۲) دیگر آنکه متضمن صیرورة نبود

وایں امردافی که به نسبة ما هیة اختلاف مستبعد نیست. چه اختلاف بین الشیئین بهر دو طور متصور است. اینکه حاملة اولی منقلب شود. چنانچه اکثراست و آنکه هر دو برحقیقة خود باشند ودرامور زائده از حقیقة و مسمی تغیر واقع شود. چنانچه زید در حالت قیام مخالف عمرو است . اگر قاعد باشد. لیکن ازیں اختلاف قیام و قعود، اختلاف در زیدیة زید و عمریة عمر و فرقی نرسیده که صیرورة گفته شود . و اگر ایں قدر پسند خاطر نیست میگوئیم که اختلاف بهرجا که باشد "صیرورة " هم بآغوش اوبود. بلکه از ضروریات تحقق اوست . چه اختلاف را لازم است که حالة اولی که اتفاق بود زائل شده حالة دیگر بجایش پانهد که آنرا اختلاف گویند . مگر به ایں معنے که هرچه از لوازم و ضروریات انقلاب

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

است مثل زمان و مکان آنهم از حقیقة خود منقلب گردد. فی ، بلکه هر که موصوف و معروض اختلاف باشد آنرا ضرور است که از حالتی بحالتی رونهد . و این جادانی که در ستختلف اُمتی معروض اختلاف امتی است زیراکه فاعل اوست و در "اختلاف اُمتی" موصوف و معروض نیست بلکه ظرف چنانچه مقتضاء اضافة به معنی فی نیز همیں است و موصوف آن دریں جمله مسائل و مذاهب است نه غیر ظاهر است...... که اختلافی که فیما بین مذاهب است بی آنکه صیرورة یمیان آید صورت نه بندد. اگر فرض کنیم که شافعی المذهب حنفی شود لا جرم حالة اَوّل زائل شده حالة ثانیه بجایش قائم خواهد شد و بهر تصحیح اضافة به معنی فی وقوع فی درصله اختلاف در محاورات قرآنی دلیل کامل است مثل " فاختلفوا فیه " وغیره بلکه در کلام الله در سورة روم:

"وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافُ اَلۡسِنَتِكُمۡ وَاَلۡوَانِكُمۡ.
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلۡعٰلِمِيۡنَ" (سورۃ الروم، آیت ۲۲، رکوع نمبر ۳)

فرموده اند. ازیں جا هویدااست که السنه والوان را ظرف اختلاف قرارداده اندو مشار الیه "ذالِک "همیں السنه والوان می نماید. زیراکه بحکم "وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ " اَوّل اختلاف را منجمله آیات شمردند . باز اگر مشار الیه "ذالک" همیں خلق و اختلاف دارند. لازم آید که هر ظرف باشدو هم مظروف. لا جرم مشار الیه ذلک السنه والوان باشد. اندریں صورت به شهادت فی ذلک اضافة "اختلاف السنتکم" اضافة به معنی فی باشد. مگر آنکه باعتبار الفتاح دیدۀ عبرت که به مشاهده اختلاف مذکور رومیدهد مجازاً

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نفس اختلاف راهم ظرف آیات قرارداده باشند و صورة حال اندریں صورت آں باشد که نفس اختلاف نیز منجمله آیات است. بازدراں هم آیات بسیار برای عالماںنهاده اند. والله اعلم بحقیقة الحال.

## مختصر

عقلیه و معنویه بیجا می شود اگر کسی را تمیز حق و باطل داده اند و ماده فهم یکسو و در طبیعه نهاده
اند و باز بر سر انصاف باشد کسی بگوید یا نگوید خود بخود خواهد گفت که شیعیان چه غلط کار اند
و چه دور از حقائق و اسرار معنی فهمی این است که اهل سنت را کرامت فرموده اند و حقیقت خاتمیت
این است که او شان را عنایت نموده اکنون دقیقه باید نوشت امام را که درین حدیث سوی
زمانه اضافه فرموده اند درین صفت که چیست پس باید شرحش این که طبائع بشری بلحاظ
اختلاف ادوار چنان مختلف الامراض و الاحوال میگردد که اجسام او شان باعتبار اختلاف
فصول و تبدل و تغیر آب و هوا معروض امراض مختلفه می شوند پس در هر زمانه مرضی از امراض
روحانی که بر فی قلوبهم مرض اشاره بدان هست بیش می آید و آثار خود می نماید درین چنین
وقت رحمت عامه خداوند خاص پیغمبر باید به بصیرة و تشخیص آن امراض علاجی نماید دیر چنین
زمانه هدایت در اتباع آنکس منحصر میگردد هر که دنبال او بگرفت براه راست آمد و نه در بیابان
ضلالت و هلاکت خواهد برد هست این چنین کس را باین لحاظ که پیش مذ زمانه خود می باشد
امام میگویند و باین اعتبار که احکام او بحکم امراض زمانه نبیا و امر و نواهی سابقان که
کهنه نو و جدید می نماید مجدد خوانند مگر چون اوامر و نواهی ان اگرچه جدید نماید ماخوذ از کلام
الله و حدیث می باشند و مثالش درین باره چنان می باشد که طبیبی که بیمار آمد و وقت بیماری
از نوادر اطمره و نفائس یتربیه باز میدارد و بدوا نیز امر میفرماید حالانکه در ایام صحت قصه منعکس
بوده و این امر و نهی را و استفاده از کتب طب می باشد مع حقائق هر شی و خواص آن را دانسته
با امر و نهی میفرماید ز نمونه آن کس را که امام باشد نبی نخوانند چه این امر و نهی او مستند بوحی
جداگانه نیست بلکه از همین کلام الله و حدیث حقائق و خواص اعمال و غیره در یافته بحکم مرض
وقت امر و نهی میفرماید و با حکام جدیده سیاست می نماید این دقیقه را خوب باید فهمید

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تجدد احکام محمول بر شریعه تازه کرده اید و سرمایه غلطی فاحش شود و اثر انها بالجمله مناسب
هر زمانه تخصیص را تعیین میسر نباید دران زمانه که جاهلیه کبری اگر اتودون خواند حضرت معدن العلوم
سرور انبیاء را صلی الله علیه وآله وسلم بر انگیختند الحق دران زمانه همچنین یگانه اقلیم عظمت علم
الاولین والآخرین می بایست نه آن سرور انبیاء بودی نه گمراهان آن زمانه را ازان جهالت
بدر کشیدی چه هر کاری هر مردی این چنین جهالة کبری نا گر مرتفع می شود با چنین علم وسیع
مرتفع می شود نه بهر قدر که باشد پس ازان هر قدر که جهالة را می باید باندازه اش عالمی را
میسر شوند و مردمان را بهر اندازه اش کامیاب میسر باید پس ازین تقریر حاجة بیان وجه تشبیه
در تشبیه جاهلیه مکنون هست نماند چه خود ظاهر شد که مردن کسیکه باتباع امام وقت نشناخته
درباره مزدن تمیز حق و باطل هر قدر که باشد همچون مردن کسانی هست که قبل بعثت
نبوی در ایام فترة مردند چه او شان و ایشان درین امر قلیل و کثیر شرکة دارند که حق را از
باطل نشناختند اکنون از شیعیان باید پرسید که اگر بالفرض حضرت امام مهدی علیه السلام
بنفسه حیات از پرده عدم برون آمده باشند تاهم چه کردند تمام امة بزعم شیعیان گمراه
شد کار او شان آن بود که گمراهان را بهدایة میسر بودند نه آنکه بهدایة یافتگان هم برگشتند و
گمرهایه تاهم نرستند این امامة شد قیامة شد منتظران را نفس بر لب آمد ما نیم چه تفاوت
هست ابوبکر و عمر رضی الله عنهم با آنکه امام نبودند اقالیم و شیعه فتح کردند و اسلام را وسعة
دادند بیت المال از مال مالامال شد نماز و صوم رواج گرفت کفار بی شمار مسلمان شدند
و بلاد دار الکفر دار الاسلام گشتند هزارها مساجد بنا کرده شدند غرض انانکه مرد این کار نبودند
کارها کردند و حضرت امام که برای همین کار بودند آنچنان سر بسر دابه سر من رای فرو بردند
که کارخانه هدایة برهم خورد و ضلالة روا کرد دار الاسلام دار الکفر گردید شیعیان مغلوب
شدند تاهم هیچ التفات میسر نباید این امامة مزعومی شیعه اگر بالفرض درست باشد بظاهر
چنان می نماید که بوجه لطف که بر خدا بزعم شیعه واجب هست بلاحظه این مذاهب که و

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کرده شده مغلوب شده حضرت امام معزول شدند ورنه نعوذ بالله کلام امام این بود که با عدا من
زده بجو تاجران خانع بل فکر خواب کنند با اینهمه اگر حضرت امام بر روی کار آیند هم سنی و شیعی
راهم نیز که اوشان را بل شاهد و نیز گمرهای هدایة اوشان را شناسد پس اگر بالفرض آن
روز روشن ظهور حضرت امام پیش آید سنی و شیعه همه یکسان خواهند شد هر که را داعی توفیق
دیده بصیرة خواهد کشاد و دست بدست اوشان خواهد داد و گردن اطاعة زیر فرمان
خواهد نهاد والا همچو گمراهان پیشین رو خواهد تافت این اعتقاد سابق ما درین معرفة و عدم
معرفة چه مداخلة بلکه عجب مناسبتی بیک انشاء الله شدنی هست که شیعیان با این دعوی های
معرفة محبة همچو یهودیان که از پیشتر بحضرت خاتم الانبیا اظهار عقیده نیکو کردند و بازده
انحراف ورزیدند رو از حضرت امام خواهند تافت چه اوشان چنانکه خواهند دانست ایشان را
موافق کلام الله خواهند بود و کلام الله خود ظاهر هست که بجز کار سنیان هیچ نمی آید درین
صورت شیعیان اوشان را امام سنیان پنداشته رو نفاق خواهند نهاد و آری دجال
موافق خیال خود خواهند دید هم و فروغ وجنة همراه و هم اجابت وجه مردم بر دست آن گمراه
بوهم او امام مهدی خود خواهند دانست و بهاویه ضلال خواهند افتاد والله یهدی من یشاء
الی صراط مستقیم

تمت

"قاسم العلوم" کے گیارہ مکتوبات کا ترجمہ "انوار النجوم" سے مکمل ہوا۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# غلطنامہ رسالہ قاسم العلوم

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۹ | مختصر | مختصر | ۲ | ۱ | والمتناع | امتناع | ۱۰ | ۱۰ | نیست | نیت | ۵ | ۱ | درکی | درکی |
| ۴ | ۱۵ | رہا | والی | ″ | ۱۱ | در | از | ″ | ۱۱ | ثرد | برد | ۴ | ۵ | انقیاد | انقیاد |
| ۴ | ۱ | در | زر | ″ | ۲۰ | بیاست | بابست | ۲۲ | ۱۹ | گفتار | گفتا | ″ | ۱۱ | ″ | کہ |
| ۶ | ۴ | ارد | نگار | ″ | ۲۱ | بجاہ | بجار | ۲۳ | ۴ | حاجت | حاجت | ″ | ۲۱ | گراگر | گر |
| ۵ | ۹ | عشر | عشر | ″ | ″ | لام | ہم | ۲۵ | ۲ | گوید | گویند | ۹ | ۱۷ | رہانید | رہانید |
| ۵ | ۱۲ | التعبیر | تعبیر | ۴ | ۹ | تہادہ | نہادہ | ″ | ″ | پوید | پوبند | ۸ | ۱۲ | ممتحنہ | ممتحنہ |
| ۵ | ۲ | ہراہ | ہرلا | ″ | ۸ | براقصات | براقصات | ″ | ۱۷ | خرم | خرزم | ۸ | ۲ | خلق | حلق |
| ۵ | ۲۰ | ہدایت | ہدایت | ۶ | ۱۵ | تنہا | تنہا | ۲۹ | ۲ | نزد | نزد | ″ | ۴ | یکطرف | دیکطرف |
| ۷ | ۱ | روایۃ | روایۃ | ۵ | ۵ | اشیا | اشیای | ″ | ۴ | یازجس | یازنس | ″ | ″ | ابہم | انہم |
| ۶ | ۳ | حوا | حوا | ۶ | ۱۱ | بررد | برود | ″ | ۱۱ | یافتہ | یافتم | ۱۰ | ۱۵ | تہنبد | نہشد |
| تمت | | | | ″ | ۱۵ | بانہ | بانہ | ۲۰ | ۳ | مصطلح | مصطلح | ۱۲ | ۱۸ | آن | در |
| ۱ | ۶ | بیشتر | بیشتر | ″ | ۱۸ | درین | دربن | ″ | ۵ | جار | جا | ۱۳ | ۱۳ | ساعات | ساعات |
| ۴ | ۴ | ازروز | امروز | ۶ | ۹ | فقد | فقط | ″ | ۲ | حاجت | حاجب | ۱۵ | ۱۷ | کردہیم | کردہیم |
| ۵ | ۷ | ازنفر | امروز | ۵ | ۴ | قصارت | انتشارات | ″ | ۷ | ارتبین | المتزبین | ۱۸ | ۲ | باعتقاد | اعتقاد |
| ۶ | ۱۰ | ببسو | بیسود | ″ | ۱۰ | گو | | ۵ | ۹ | مصطلح | مصطلح | ″ | ۳ | تخمیس | تخمیس |
| ″ | ۱۳ | سرانی | سانی | ۶ | ۱۸ | این | بزنشم | تمت | | | | ″ | ۱۳ | زود | زرنظ |
| ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ″ | ۲۱ | زوند | [illegible] | ۱ | ۱۲ | نبعض | فیض | ″ | ۱۵ | پیرایہ بود | پیرایہ |
| ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۱ | ۱۱ | او | [illegible] | ″ | ۱۳ | نبل | نیل | ۷ | ۲۰ | اشد | باشد |
| ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۶ | ۱۲ | گنت | گفت | ۰ | ۷ | ومرسی | سرمی | ۲ | ۲ | یکون | [illegible] |
| ۰ | ۰ | ۱۰ | ۰ | ۱۳ | ۱۳ | ذات | ذاب | ″ | ۱۲ | کت غیر | شاید | ۵ | ۲۱ | تناقض | [illegible] |
| ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | | ۱۵ | حرجی | برنی | ۳ | ۲ | بلکہ | کہ | ۳۳ | ۱۱ | آید | آمد |
| ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۰ | ۲۰ | [illegible] | بالا | ۰ | ۱۶ | برآید | برآہ | ۳۴ | ۹ | صیغہ | [illegible] |

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مباحثہ سفر رڑکی کے
چند گم شدہ اوراق کی دریافت

# حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ
اور
# سوامی دیانند سرسوتی کی خط و کتابت

(پس منظر، تفصیلات، متعلقہ تحریریں اور طرفین خطوط)

جمع و ترتیب

نور الحسن راشد کاندھلوی

مجلہ صحیفۂ نور۔ مولویان۔ کاندھلہ، ضلع مظفر نگر
یوپی (ہند)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# سفر رڑکی کے ایک گمشدہ ورق کی بازیافت

## قاسم العلوم، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کی سوامی دیانند سرسوتی سے مناظرہ کے لیے مراسلت

## (طرفین کے خطوط اور متعلقات)

نورالحسن راشد کاندھلوی

### تمہید

قاسم العلوم حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کی سیرت وخدمات کے اہم عنوانات وابواب میں سے ایک اہم اور قابل ذکر عنوان، رڑکی میں سوامی دیانند سرسوتی کے اسلام پر اعتراضات کے جوابات کے لیے سفر سوامی جی سے زبانی گفتگو اوران کے اٹھائے ہوئے سوالات پر مباحثہ کی کوشش کی تھی۔

حضرت مولانا رڑکی تشریف لے گئے تھے، سترہ دن رڑکی میں قیام کیا، سوامی صاحب سے مناظرہ ومباحثہ کی ہرچند کوشش کی، مگر سوامی جی کسی صورت اس پر تیار نہ ہوئے۔ بالآخر سوامی جی خاموشی سے رڑکی سے چلے گئے۔ حضرت مولانا نے سوامی جی کی موجودگی میں رڑکی میں ان کے اعتراضات کے جوابات کی تقریریں اور مواعظ اپنے شاگردوں (خصوصاً مولانا فخرالحسن) سے بازاروں اور عوامی مجمعوں میں کرائے، اور خود بدولت (حضرت مولانا محمد قاسم) نے رڑکی سے واپس آکر سوامی جی کے اعتراضات کے جواب میں ''قبلہ نما'' اور ''انتصار الاسلام'' تصنیف فرمائیں، مگر مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ (مرتب حالات مولانا محمد قاسم، وفات ۱۳۰۲ھ) سے مولانا مناظر احسن گیلانی (مؤلف سوانح قاسمی، تین جلدیں وفات: ۱۳۷۵ھ) تک اور مولانا گیلانی سے عصر حاضر تک، حضرت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مولانا محمد قاسم پر تفصیلی اجمالی لکھنے والے تقریباً سب ہی علماء اور اہل قلم نے حضرت مولانا کے سفر رڑکی، سوامی صاحب سے مناظرہ کی کوشش اور رڑکی سے واپسی کے بعد مذکورہ بالا تصانیف کا ذکر کیا ہے نیز حضرت مولانا محمد قاسم نے قبلہ نما کے آغاز پر اور مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی کے قلم سے انتصار الاسلام کی مفصل تمہید میں اس سفر کے مقاصد اور ان کتابوں کی وجہ تالیف کا مفصل ذکر ہے، بعد میں بھی یہ دونوں کتابیں بارہا چھپیں، ان کے فاضل تصحیح کرنے والوں اور ناشرین نے بھی ان کی وجہ تالیف پر روشنی ڈالی ہے، مگر ان کتابوں اور مضامین میں کہیں بھی اس کا ذکر نہیں آیا کہ حضرت مولانا کے رڑکی کے قیام کے دوران حضرت مولانا کی سوامی دیانند سرسوتی سے طویل مراسلت ہوئی تھی، حالاں کہ یہ مراسلت اس قدر ناپید اور کم یاب نہیں تھی کہ اس سے استفادہ دشوار ہو، اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اس خط وکتابت سے مراجعت واستفادہ کے بغیر سفر ومباحثہ رڑکی کا تذکرہ نا تمام ہے۔

یہ مراسلت سوامی دیانند سرسوتی کی مفصل سوانح "جیون چرتر مہرشی دیانند سوامی" میں شامل ہے جو ۱۹۰۰ء کے قریب شائع ہوئی تھی اور اس کی اشاعت پر تقریباً سو سال گزرنے کے بعد اس وقت پہلی مرتبہ حضرت مولانا کے احوال وسوانح کے ضمن میں اس اہم ماخذ سے استفادہ کیا جارہا ہے اور یہ خط وکتابت مباحثہ رڑکی کے ضمن میں پیش کی جارہی ہے۔ فلحمد لله علىٰ ذلك

یہ مراسلت اور اس کے متعلقات کا تذکرہ تفصیل چاہتا ہے، اس کو راقم سطور نے ترتیب ذیل پر مرتب کیا ہے:

۱۔ سب سے پہلے اس مراسلت کے ماٰخذ "جیون چرتر سوامی دیانند سرسوتی" کا کچھ تعارف ہے۔ اور اس کتاب میں شامل مراسلت کی ترتیب وغیرہ میں جو غلطیاں ہوگئی ہیں، پائی گئی ہیں ان کی نشاندہی کی ہے۔

۲۔ سوامی دیانند سرسوتی کا مختصر حال، ہندو مذہب کے احیاء اور اپنے نظریات

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور تعلیمات کی اشاعت کے لیے ان کی جد و جہد اور حضرت مولانا محمد قاسم سے رڑکی میں مباحثہ کی ناکام کوشش کا کچھ ذکر کیا گیا ہے۔

۳۔ رڑکی میں سوامی دیانند کے آنے مباحثہ کے چیلنج اور حضرت مولانا محمد قاسمؒ نیز حضرت مولانا کے شاگردوں حضرت مولانا فخر الحسن گنگوہیؒ کے سفر رڑکی کی وہ سر گذشت وخود نوشت جو حضرت مولانا نے قبلہ نما کے آغاز اور مولانا فخر الحسن گنگوہی نے انتصار الاسلام کی مفصل تمہید میں لکھی ہے، جوں کی توں پیش کی گئی ہے، تاکہ اہل معاملہ کی زبان سے تمام واقعات اور تاریخ سامنے آجائے۔

۴۔ آخر میں مراسلت ہے، جس میں حضرت مولانا کے رڑکی کے پہنچنے پر شائع کرائے گئے اشتہار، آریہ سماج کی طرف سے جوابی اشتہار اور حضرت مولانا کے سوامی دیانند کے نام خطوط اور سوامی دیانند کے جوابات ترتیب وار نقل کیے گئے ہیں۔ درمیان میں جو توضیحات ضروری تھیں ان پر بھی کچھ روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور اس مراسلت کو مفید سے مفید تر بنانے کا خیال پیش نظر رہا ہے یہ کوشش کس حد تک کامیاب رہی اس کا فیصلہ قارئین فرمائیں گے۔

۵۔ مباحثہ رڑکی کے متعلق ایک اہم اور معاصر دستاویز، عربی کے نامور ادیب اور عالم (شیخ الہند کے والد ماجد) مولانا ذوالفقار علی دیوبندی کی وہ اہم تحریر ہے جو مولانا کی تالیف ''الهدية السنية في ذكر المدرسة الديوبندية'' (طبع اول مجتبائی، دہلی ۱۳۰۰ھ) کا ایک حصہ ہے۔ حضرت مولانا سے مباحثہ کے ڈر سے سوامی دیانند کے اچانک رڑکی سے فرار کی خبر عام ہو گئی تھی، اس وقت مولانا ذوالفقار علی صاحب نے اس واقعۂ فرار پر عربی میں چند شعر لکھے تھے، وہ اشعار بھی اس تحریر کے ساتھ شامل ہیں اور یہ دونوں چیزیں اردو ترجمہ کے ساتھ اس مراسلت کے آخر میں ضمیمہ کے طور پر پیش کی جا رہی ہیں:

نام نیکو رفتگاں ضائع مکن　☆　نہ بماند نام نیکت پائدار

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# ابتدائی گزارشات

## سوامی دیانند کی سوانح:

"جیون چرتر مہارشی سوامی دیانند" مرتبہ لکھشمن میں درج حضرت مولانا محمد قاسم کے مکتوبات کی حضرت مولانا سے نسبت میں شبہ نہیں، ان خطوط کی عبارت اور ان کا طرز تعبیر حضرت مولانا کی جانب ان خطوط کی نسبت کی تصدیق کر رہا ہے۔ حضرت مولانا نے قبلہ نما کی تمہید میں اور حضرت مولانا فخر الحسن نے "انتصار الاسلام" کے دیباچہ میں جو لکھا ہے یہ خطوط اسی اجمال کی تفصیل ہیں۔ مذکورہ دونوں کتابوں میں بعض باتیں مجمل ہیں، خطوط میں ان کی وضاحت ہے اور خطوط میں جو اشارات ہیں، مذکورہ بالا کتابوں سے ان کی تصدیق ہو رہی ہے، اس لیے ان خطوط کی حضرت مولانا سے نسبت پر اعتماد کیا جائے گا۔

حضرت مولانا نانوتوی اور سوامی دیانند کی زیر تعارف خط وکتابت سے مباحثہ رڑکی کے متعلق متنوع معلومات سامنے آرہی ہیں، حضرت مولانا کے مذاق ومزاج، سوامی جی کی فکر، دونوں کے نظریات اور اختلاف رائے کا واضح علم ہوتا ہے۔ اور ان خطوط کے ذریعہ سے حضرت مولانا کی زندگی کے ایک اہم عنوان کی دریافت اطلاعات پر وقیع اضافہ ہو رہا ہے۔ مگر مکتوبات سے استفادہ سے پہلے چند باتیں قابل ذکر ہیں:

الف: سوامی دیانند اردو بلکہ عام سادہ ہندی سے بھی تقریباً ناواقف تھے سنسکرت جانتے، بولتے اور لکھتے تھے اور حضرت مولانا کی زبان اعلیٰ درجہ کی فلسفیانہ عالمانہ زبان ہے، اس لیے ممکن ہے کہ سوامی اور ان کے متعلقین کو ان خطوط کے پڑھنے سمجھنے میں کچھ تامل ہوا ہو۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ بعض خطوط میں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نقل کی فروگذاشتیں ہیں کہیں کہیں الفاظ اور مفہوم واضح نہیں، ایک دو جگہ متفرق الفاظ مکرر ہیں۔ تین خط ناقص بھی ہیں (-- -- ) جیون چرتر کے مرتب نے اس کا صرف وہی حصہ نقل کیا ہے جو غالباً سوامی جی کے مقاصد کے لیے مفید تھا۔

ب: سوامی جی کے جیون چرتر میں حضرت مولانا کے اکثر خطوط پر، لکھنے والے کا نام "محمد قاسم علی" یا "قاسم علی" لکھا ہوا ہے، جو صحیح نہیں ہے۔ حضرت مولانا، اپنا نام محمد قاسم لکھا کرتے تھے، حضرت مولانا نے اپنے قلم سے اپنا نام قاسم علی کبھی نہیں لکھا، اس وقت تک حضرت مولانا کی جو مطبوعہ یا غیر مطبوعہ تحریریں اور خطوط وغیرہ راقم سطور کی نظر سے گزرے ہیں، ان سب میں حضرت مولانا نے اپنا نام محمد قاسم لکھا ہے۔ اگرچہ حضرت کے بعض معاصرین اور نامور مسلم علماء نے (جن کے حضرت مولانا سے روابط اور خط و کتابت تھی) حضرت مولانا کا نام محمد قاسم علی بھی لکھ دیا ہے، مگر غالباً یہ ان لوگوں کا خیال یا غلط فہمی ہے، مگر جیون چرتر کے مرتب سے جس نے حضرت مولانا کے مکتوبات بہ چشم خود دیکھے ہیں، یہ مغالطہ حیرت انگیز ہے۔ نیز اس کتاب میں مباحثہ رڑکی کے تحت درج حضرت مولانا محمد قاسم کے خطوط کے شمار میں اور خطوط کی تاریخ تحریر میں بھی کچھ غلطیاں ہو گئی ہیں۔ خطوط کا شمار درست نہیں اور تاریخ تحریر بھی آگے پیچھے ہو گئی ہے، دونوں طرح کی کچھ غلطیوں کی وضاحت ضروری ہے:

(۱) حضرت مولانا کے رڑکی آنے اور پہلا اطلاعاتی اشتہار چھپوانے کی تاریخ ۱۸ر اگست لکھی ہے، صحیح ۸ر اگست (مطابق ۸ر شعبان ۱۲۹۵ھ پنجشنبہ) ہے، تفصیل اپنے موقع پر آ رہی ہے۔

(۲) حضرت مولانا کے خط نمبر ۴ پر شمار درج ہونے سے رہ گیا ہے (ملاحظہ ہو، جیون چرتر صفحہ ۵۳۵) اس صفحہ ۵۳۵ پر چوتھا خط غلط نقل ہوا ہے، اس کی یہاں ضرورت نہیں تھی۔ اور جو اصل چوتھا خط ہے، اس پر نہ عنوان ہے نہ تاریخ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تحریر۔

(۳) صفحہ ۵۵۰ پر درج خط نمبر ۶ وہی خط ہے جو صفحہ ۵۳۵ پر خط نمبر ۴ کے تحت درج ہوا ہے، مگر وہاں اس کا اندراج صحیح نہیں تھا، صحیح یہی ہے کہ یہ چھٹا خط ہے اور صفحہ ۵۵۰ پر برمحل نقل ہوا ہے۔

(۴) اس کتاب کے الفاظ سے واضح ہے کہ اس کے مرتب نے مکمل مراسلت درج نہیں کی، حضرت مولانا کے ایک خط نمبر ۷ مورخہ ۱۸/ اگست کے متعلق لکھ دیا ہے کہ یہ خط ناقص ہے، اس خط کا وہ حصہ جس میں حضرت مولانا نے چند شکایتیں لکھی تھیں، کتاب میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس خط کی آخری صرف دو سطریں جیون چرتر میں درج ہیں، اور بھی دو خط ناقص معلوم ہوتے ہیں۔

(۵) جیون چرتر کے مرتب و مؤلف نے مباحثہ رڑکی کے سلسلہ میں سوامی دیانند کے نام لکھے، چند خطوط بہ ظاہر جان بوجھ کر، اپنی اس کتاب میں شامل نہیں کئے، مثلاً حضرت مولانا نے اپنے خطوط نمبر ۵ و نمبر ۶ (دونوں ۱۷/ اگست ۱۸۷۸ء کے لکھے ہوئے ہیں) میں لکھا ہے کہ "نیاز نامہ صبح کا جواب پہنچا" یعنی حضرت مولانا نے ۱۷/ اگست کے مذکورہ دونوں خطوط کے علاوہ ایک خط اور لکھا تھا، جس کا سوامی جی نے جواب بھی دیا تھا، مگر حضرت مولانا کا وہ خط یہاں درج نہیں ہے۔

(۶) جیون چرتر کے مؤلف نے حضرت مولانا کے مکتوب نمبر ۸ مرقومہ ۱۸/ اگست ۱۸۷۸ء (۱۸/ شعبان ۱۲۹۵ھ) کو اس سلسلہ مراسلت کا آخری خط قرار دے کر اس پر یہ عنوان لگایا ہے: "مولوی صاحب کا آخری خط" (صفحہ ۵۵۴) یہ اطلاع بھی صحیح نہیں، حضرت مولانا نے اس کے بعد بھی سوامی دیانند کو (جب وہ رڑکی میں موجود تھے) کم سے کم ایک خط یا خطوط لکھے، مگر سوامی نے ان کا جواب نہیں دیا تھا، جس کا حضرت مولانا نے تمہید "قبلہ نما" میں ذکر کیا ہے، تفصیل آخری خط کے تحت آئے گی انشاءاللہ تعالیٰ

(۷) سوامی دیانند کے خط نمبر ۴ (جیون چرتر صفحہ ۵۴۰ تا ۵۵۸) کی تاریخ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تحریر ۵/اگست ۱۸۷۸ء لکھی ہے، جو یقیناً غلط ہے، صحیح تاریخ ۱۵/اگست ہونی چاہیے۔

(۸) کچھ اور بھی چھوٹے موٹے تسامحات ہیں، ان میں سے بعض کا اپنے اپنے موقعوں پر ذکر کر دیا ہے اور بعض کو نظر انداز کر دیا ہے۔

(۹) جیون چرتر میں درج مکتوبات پرانے طریقہ پر نقل کیے گئے ہیں، نہ پیراگراف ہیں نہ علامات قرأت، بعض فقرے یا کلمات مکرر چھپ گئے ہیں، بعض میں تذکیر و تانیث کا فرق ہے، چند خطوط کی تاریخ تحریر میں بھی کچھ فرق ہو گیا ہے، لہٰذا مکرر فقرے نکال دیے اور تاریخ تحریر وغیرہ جو یقیناً غلط چھپ گئی تھیں، ان کو بھی صحیح کرنے کی کوشش کی ہے، جس کی حاشیہ میں وضاحت کر دی ہے۔

(۱۰) اس وقت ان مکتوبات کا یہی ایک ماخذ راقم سطور کے علم و نظر میں ہے، اور آئندہ صفحات میں درج حضرت مولانا کے تمام مکتوبات کی یہی اساس ہے۔ مگر اس کتاب میں درج مکتوبات کے اور ماخذ کی تلاش ضروری ہے، ضروری ماخذ مل جاتے ہیں تو زیر نظر مکتوبات کا استناد مکمل ہو جائے گا اور ان کا صحیح متن کرنے میں مدد ملے گی اور فرد گزاشتوں پر اطلاع ہو جائے گی اور اس طرح یہ مکتوبات زیادہ بہتر اور مکمل صورت میں سامنے آسکیں گے، واللہ الموفق وھو یھدی السبیل

یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ پیش نظر ماخذ "جیون چرتر مہرشی سوامی دیانند" کی اس طباعت پر جو ہمارے سامنے ہے، یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ اصل ہے، یا ترجمہ ہے۔ بظاہر یہ ہندی تاریخ کا اردو روپ ہے، لالہ لاجپت رائے کی تصریحات سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب پہلی مرتبہ ہندی میں "جنم ساکھی" کے نام سے چھپی تھی، یہ بظاہر اردو نسخہ اسی کا ترجمہ ہے۔ مگر راقم سطور کو اس کا ہندی نسخہ نہیں ملا، اس لیے یہ کہنا مشکل ہے کہ ہندی اردو نسخوں میں کچھ فرق ہے یا نہیں، اور ہندی ایڈیشن میں حضرت مولانا کے مکتوبات کس طرح پیش

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

لے گئے ہیں، اپنی اس کوتاہی اور لالہ لاجپت رائے کی پرزور تنقید کے باوجود جیون
پترمیں درج حضرت مولانا کے مکتوبات یہاں اس لیے پیش کیے جارہے ہیں کہ
ان کے صحیح اور مکمل متن کی جستجو ہو اور اس سلسلہ کی ناتمام معلومات کی تلاش
میں پیش رفت ہو سکے۔

آخر میں دو باتیں اور! ہماری ایک بڑی کوتاہی یہ ہے کہ حضرت مولانا نانوتویؒ
(اور ہمارے اکابر علماء کی بھی) کے ہندوؤں، پنڈتوں اور عیسائیوں وغیرہ سے جو
ملاقاتیں اور مباحثے وغیرہ ہوئے ان کے متعلق واقفیت کے لیے ہمارے پاس وہ
تحریرات واطلاعات (ریفرنس بکس) تو ہیں، جو حضرت مولانا کے ساتھیوں اور
شاگردوں نے لکھیں۔ لیکن اس وقت کے اردو یا دوسری زبانوں کے اخبارات
نے ان مباحثوں، تقریروں اور حضرت مولانا کے افادات پر جو کچھ تاثر ظاہر کیا
اور حضرت مولانا کا جن پادریوں اور پنڈتوں سے مقابلہ ہوا ان لوگوں نے اپنی
تصانیف اور مضامین میں اس واقعہ کو جس طرح پیش کیا، اس کے دیکھنے کا اور اس
سے استفادہ کا ہمارے یہاں معمول نہیں، بلکہ اس کو برا سمجھا جاتا ہے حالانکہ
دراصل کمال وہی ہے جس کا مخالف معترف ہو اور اس کو داد و تحسین پیش کرے۔
ہندوؤں یا عیسائیوں نے اس قسم کی جو کتابیں (مختلف علمائے کرام سے مباحثوں اور
مناظروں کی جو روداد یں) مرتب کی ہیں اس میں اپنی عظمت بلند مقامی اور اپنے
دلائل براہین کی قوت کے پرشور دعوؤں کے باوجود کہیں نہ کہیں حقیقت ضرور
جھلک گئی ہے اور ان سے بھی بلا ارادہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ ''الاسلام یعلو ولا
یعلی'' اس لیے اس قسم کے مطالعہ میں ان کتابوں اور رسائل کو نظر انداز کرنا
صحیح نہیں، یقیناً ان مباحث و مضامین کو بہتر طریقے سے مرتب کرنے کے لیے
اس دور کے تمام علمی ریکارڈ کی چھان بین ضروری ہے، خصوصاً حضرت مولانا
کے شاہ جہاں پور، دہلی اور رڑکی میں جن لوگوں سے مباحثے اور مناظرے ہوئے،
ان کی مخالف تحریرات و کتب سے مطابقت و تحقیق بے حد ضروری ہے، اس

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ثبوت اور حوالہ کے بغیر ہماری تاریخ واطلاعات یک طرفہ اور غیر مسلموں کی نظر میں غیر دیانتدارانہ ہیں، لہٰذا اس بڑے کام کو بلا تاخیر شروع کیا جانا چاہیے۔

اس مراسلت سے ایک خاص بات یہ معلوم ہورہی ہے کہ باہمی مراسلت اور مباحثہ وغیرہ کے کیا آداب ہیں، اور سخت سے سخت مخالف سے خط وکتابت اور بحث وگفتگو میں کس قدر شائستگی اور اعتدال وتوازن مطلوب ہے، حضرت مولانا اپنے بڑے مقام کے باوجود سوامی صاحب کو کس طرح یاد فرماتے ہیں، اور سوامی جی بھی (صحیح اسلامی تعلیمات سے تقریباً ناواقفیت کے باوجود) تہذیب ومتانت اور اپنے مد مقابل کے علمی مذہبی مقام کا جو خیال رکھتے ہیں وہ بلاشبہ لائق تحسین ہے۔ ہمارا حال یہ ہے کہ ہم معمولی سے معمولی اختلاف کی وجہ سے بڑے سے بڑے فاضل اور صاحب کمال کو بے حیثیت وذلیل سمجھتے اور مانتے ہیں اور ہر اک بات میں اپنے مقابل کی تضحیک وتذلیل کو نہ صرف حق بلکہ ضروری جانتے ہیں۔

رہ گئی رسم اذاں، روح بلالی نہ رہی
فلسفہ رہ گیا، تلقین غزالی نہ رہی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# سوامی دیانند سرسوتی کا مختصر تعارف اور پیش نظر ماخذ کی علمی تاریخی حیثیت

موضع موردی، نزد احمد آباد گجرات کے پنڈت کریاشنکر کے گھر میں دسمبر ۱۸۲۴ء کو ایک لڑکا پیدا ہوا اور جس کا نام امبا شنکر رکھا گیا۔ (جیون چرتر: ص ۳۱)
ں لڑکے کو بت پرستی سے ایک واقعہ کی وجہ سے نفرت ہوئی، یہ اکیس سال کی مر میں گھر سے چھپ کر نکل گئے، ویدوں اور ہندو مذہب کی پرانی کتابوں پڑھنے مجھنے کا بہت شوق تھا، اس لیے کئی پنڈتوں کے پاس رہے، آخر میں ایک بڑے ندو فاضل سوامی ورجانند کے شاگرد بنے، پنڈت ورجانند نے سنیاس دے کر ، سوتی کا لقب دیا اور اسی وقت سے ہندو دھرم کی تبلیغ میں لگ گئے، سوامی دیانند نے ابتدائی زندگی بہت سخت اور مشقت کے سفروں میں گزاری۔ آخر میں بہت شہرت ملی۔

سوامی دیانند نے ہندو مذہب کے قدیم نظریات اور تعبیرات سے اختلاف و ش کرتے ہوئے ہندو مذہب کی نئی تعبیر و تشریح کی اور اپنے نئے اصلاحی یالات کو بہت محنت سے پورے ملک میں پھیلا دیا، اپنے خاص اصولوں اور ظریات کی بنیاد پر آریہ سماج کی بنیاد رکھی، جو ہندوستان کی سب سے بڑی اور ظم ہندو تنظیموں میں ممتاز ہے۔

یدوں کی شرح پر کتابیں لکھیں، وید کے پرانے اور مغربی شارحوں سے کھل اختلاف کیا، اپنے خیالات برملا ظاہر کیے اور کئی کتابیں لکھیں، جن میں سے یارتھ پرکاش سب سے زیادہ مشہور اور کثیر الاشاعت ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مگر یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ سوامی دیانند کی زندگی میں ستیارتھ پرکاش صرف ایک مرتبہ پانچ سو کی تعداد راجہ جے کشن داس بنارس کے خرچہ سے ۱۸۷۵ء میں بنارس ہی سے چھپی تھی، اس میں صرف بارہ باب تھے، تیرہواں، چودھواں باب اس میں موجود نہیں تھا اور نہ اسلام اور عیسائیت پر عمومی اعتراض تھے۔ یہ ستیارتھ پرکاش جو مروج ہے سوامی دیانند کے موت کے بعد چھپی تھی، لالہ لاجپت رائے نے بھی اس کا ذکر اور اعتراف کیا ہے۔ نیز ستیارتھ پرکاش کا جو اصل نسخہ (مسودہ) اب تک محفوظ ہے، اس میں بھی فقط بارہ باب ہیں۔

ستیارتھ پرکاش کی پہلی طباعت میں کئی باتیں ایسی تھیں جو عام ہندو نظریات کے خلاف تھیں اور ایسے ہی بعض تاریخی حقیقتیں بھی واضح کی گئی تھیں، یہ پہلی طباعت بہت کمیاب ہے، تاہم اس کے کچھ نسخے موجود ہیں۔

سوامی دیانند سرسوتی کی تقریباً ایک ہفتہ کی بیماری کے بعد ۳۰؍اکتوبر ۱۸۸۳ء کو اجمیر میں موت ہوئی اور وہیں آخری رسومات ادا کی گئیں۔ تفصیلات کے لیے سوامی جی کی جیون چرتر وغیرہ دیکھئے۔

سوامی دیانند کے حالات پر اور ان کی کتابوں اور نظریات کے رد میں بہت کچھ لکھا گیا ہے، اردو میں مفصل ترین سوانح "جیون چرتر مہرشی سوامی دیانند ہے" (جس کا زیر نظر صفحات میں بار بار ذکر ہوا ہے) اس کتاب کے لیے لیکھ رام آریہ مسافر نے دس برس سے زائد عرصہ تک لوازمہ فراہم کیا، مگر وہ کتاب لکھنے سے پہلے (۶؍مارچ ۱۸۹۷ء کو) مارے گئے تھے، اس لئے ایک اور آریہ اپدیشک (واعظ) لکھشمن نے اس کو ترتیب دیا، جیون چرتر کا پہلا ایڈیشن جو یونین اسٹیم پریس لاہور میں، آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب کے اہتمام سے چھپا تھا، راقم سطور کے سامنے ہے۔ یہ پہلی طباعت ۱۹۰۰ء کے قریب کی ہے، مگر اس پر سن تالیف وطباعت دونوں درج نہیں، یہ کتاب مقدمہ تمہید اور ضمیمہ وغیرہ ملا کر ساڑھے تیرہ سو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے۔ پیش نظر نسخہ میں ضمیمہ کے آخری

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

صفحات موجود نہیں، اس لیے مکمل ضخامت کا علم نہیں ہو سکا، ممکن ہے انہیں ضائع صفحات میں سنہ طباعت ہو۔

مگر سوامی دیانند کے ایک مشہور معتقد، ممتاز آریہ سماجی اور ہندوستان کے ایک مشہور سیاسی رہنما، لالہ لاجپت رائے کو مذکورہ کتاب کے مندرجات سے کم اتفاق تھا۔ لالہ لاجپت رائے نے اس کتاب پر مفصل تنقید کی اور اس کی معلومات پر وقیع اور مستند اضافہ کیا تھا، یہ تبصرہ اور اضافہ (مہرشی سوامی دیانند سرسوتی اور ان کا کام) کے نام سے شائع ہوا، اس کا پہلا ایڈیشن جو رفاہ عام پریس لاہور میں چھپا تھا، ہمارے ذخیرہ میں موجود ہے۔

لالہ لاجپت رائے نے اس کتاب میں پنڈت لیکھ رام آریہ مسافر کی اطلاعات پر سخت اعتراضات کیے ہیں اور اہم سوالات اٹھائے ہیں۔ دونوں کتابوں اور مصنفین کی فکر میں اور خیالات میں واضح فرق اور کھلا اختلاف ہے، اور اس کتاب پر لالہ لاجپت رائے نے جو تبصرہ کیا ہے، اس کا ایک فقرہ یہاں درج کر دینے میں کوئی حرج نہیں!

"ان (پنڈت لیکھ رام) کی تحقیقات اور محنت کا نتیجہ نومبر ۱۸۹۷ء میں شائع ہو کر پبلک کے سامنے پیش کیا گیا، اگر ہم اس نو سال کے عرصہ کو اور اس کتاب کو دیکھتے ہیں جو سوانح عمری کے نام سے آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب کی طرف سے مشتہر کی گئی ہے تو ہمیں سخت مایوسی ہوتی ہے اور بے اختیار ہماری زبان سے نکلتا ہے":

بڑا شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرہ خون نہ نکلا

"پنڈت لیکھ رام کی مرتب کردہ "جنم ساکھی" میں کوئی ایسی چیز نہیں جس کو ہم نو سالہ محنتوں کا معقول ثمرہ کہہ سکیں اور ہم خوش ہیں کہ دبے الفاظ میں پرتی ندھی سبھا کی طرف سے سوانح عمری مذکور کے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

دیباچہ میں یہ امر تسلیم کیا گیا ہے"[1]

لالہ لاجپت رائے نے اسی دیباچہ میں دوسری جگہ لکھا ہے کہ:

"اس کتاب میں متضاد، ایک دوسرے کی تردید کرنے والے بیانات وواقعات کا ایسا مجموعہ ہے کہ تمیز اور خبرداری سے پڑھنے والا منشی حیران رہتا ہے کہ سچ کیا ہے اور جھوٹ کیا ہے، اصلیت کتنی ہے اور مبالغہ کتنا (مثلاً دیکھئے حالات جے پور بیان کردہ سوامی جی و تحقیق کردہ پنڈت لیکھ رام)"[2]

تاہم لالہ لاجپت رائے نے بھی سوامی دیانند کے رڑکی کے سفر کا دو صفحہ میں ذکر کیا ہے، اور اس میں حضرت مولانا محمد قاسم کے تشریف آوری کا بھی تذکرہ ہے، لکھا ہے کہ:

"مسلمان صاحبان نے مولوی محمد قاسم صاحب دیوبندی کو مباحثہ کے لیے بلایا، مولوی صاحب سوامی جی کے درمیان کئی روز شرائط کے تصفیہ کے لیے باہمی لمبی چوڑی خط و کتابت ہوتی رہی، کئی دفعہ شرائط طے ہوئیں اور کئی دفعہ منسوخ ہوئیں، آخر کار مولوی صاحب کی جانب سے اجتناب پایا گیا، تو اس سلسلہ کو بند کر دیا گیا"[3]

---

[1] سوامی دیانند سرسوتی اور اس کا کام، از لالہ لاجپت رائے، دیباچہ ص د، مرتبہ اگست ۱۸۹۸ء (طبع اول لاہور، بلا سنہ)

[2] سوامی دیانند سرسوتی اور ان کا کام، از لالہ لاجپت رائے، دیباچہ د، مرتبہ اگست ۱۸۹۸ء (طبع اول لاہور، بلا سنہ)

[3] کتاب مذکور۔ باب دوم، صفحہ ۲۷۲، ۲۷۳

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی کا رڑکی کا سفر

## (مقاصد، تفصیلات، سرگذشت سفر اور متعلقات)

سوامی جی نے اپنے نظریات کے پرچار کا کام، بیساکھ ۱۹۲۰ (اپریل ۱۸۶۳ء) میں شروع کیا تھا جو سوامی کی زندگی کے آخری دنوں (اکتوبر ۱۸۸۳ء) تک جاری رہا۔ پنڈت جی کا طریقہ یہ تھا کہ سفر کے لیے پہلے سے تیاری ہوتی، جہاں جانا ہوتا تھا وہاں تعاون کرنے والے دعوت دیتے، سب خرچہ کی ذمہ داری لیتے، رہنے کے لیے مکان کا معقول انتظام کرتے، ملازم، خادم، ضروری سامان، اور رسوئیا (کھانا بنانے والا) ساتھ ہوتا تھا۔ سوامی جی وہاں پہنچ کر سب سے پہلے اپنے آنے کا اشتہار چسپاں کراتے، اپنی قیام کا اور دوسری جگہوں پر تقریریں اور پروگرام شروع کردیتے تھے۔ سوامی جی کے ایک اہم سوانح نگار لکھشمن کے الفاظ میں:

> "عام طور پر یہ ظاہر کردیا گیا کہ سوامی جی وید مت کو مانتے ہیں اور دیگر جدید مذاہب یعنی پورانی، قرآنی، کرانی، جینی وغیرہ کے نقص اور قباحات بدلائل عقلی و نقلی ثابت کرتے ہیں۔ اس لیے جو صاحب منجملہ مذاہب مذکورہ بالا کے اپنے مذہب کی تصدیق اور وید مت کی تردید کرنے کی طاقت رکھتے ہوں، آکر اس طور سے مباحثہ کریں" [1]

سوامی جی اپنی تقریروں میں اور موضوعات کے علاوہ اسلام کی تعلیمات، قرآن پاک اور شریعت اسلامی پر ضرور اعتراضات کرتے تھے اور گویا چیلنج کرتے تھے کہ کوئی بھی مسلمان آئے اور ان سے بحث و مناظرہ کرے۔

---

[1] جیون چرتر، سوامی دیانند سرسوتی، مرتبہ لکھشمن صفحہ ۷۹۹ (طبع اول لاہور، بلا سنہ)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اگرچہ سوامی دیانند سے علمائے اسلام کے بار بار مناظرے اور گفتگو ہوئی، مگر سوامی دیانند کی یہ روش برقرار رہی۔ سوامی جی اپنے اسی معمول اور مناظرہ وغیرہ کے خیال سے میلہ خداشناسی کے موقع پر بھی (ایک اور مشہور مخالف اسلام، پنڈت اندرمن کے ساتھ) ۱۵؍مارچ ۱۸۷۷ء کو چاندا پور آئے تھے، اس کے تین دن بعد حضرت مولانا محمد قاسم اور مولانا ابوالمنصور دہلوی رونق افروز چاندا پور ہوئے تھے۔ سوامی دیانند کے سوانح نگار نے لکھا ہے:

"اسی روز (۱۹؍مارچ ۷۷ء کو) اسی وقت ہندوستان کے سب سے بڑے اور مشہور عربی مدرسہ دیوبند کے فاضلؒ استاد اول اور رسالہ تقریر دل پذیر وغیرہ کے مصنف مولوی محمد قاسم صاحب ساکن نانوتہ علاقہ رام پور ضلع سہارنپور جن کے ہاتھ سے مولوی صاحبان کو دستار فضیلت ملتی ہے اور مولوی سید ابوالمنصور[۱] صاحب دہلوی امام فن مناظرہ جن کے پاس سلطان روم کا تمغہ فضیلت موجود ہے اور جن کی کتابیں زندہ جاوید وغیرہ پادری صاحبان کے مقابل تصنیف موجود ہیں"[۲]

جلسہ خداشناسی میں حضرت مولانا سے سوامی جی وغیرہ کی مذہبی عقائد و نظریات پر گفتگو ہوئی مگر اس پر سوامی دیانند نے مولانا سے مباحثہ یا مناظرہ کی بات نہیں کی، جو مختصر بات چیت ہوئی تھی سوامی جی کو اس سے حضرت مولانا کے علم و فضل، عالی دماغی اور وسعت پرواز کا اندازہ ہو گیا ہو گا، اس لیے اس وقت سوامی جی نے اسی میں عافیت سمجھی ہو گی کہ مولانا سے مباحثہ نہ ہو۔

بعد کے سوا سال میں سوامی جی کی ان اطلاعات پر بہت اضافہ ہوا ہو گا بلکہ تحقیق ہو گئی ہو گی کہ عقلیات، کلام اور معقولی و فلسفیانہ مباحث میں حضرت مولانا کو مہارت حاصل ہے، نیز مولانا پورے ہندوستان میں یکتا اور تمام علمائے اسلام کے پیشوا اور مقتدا ہیں۔ اس لیے مباحثہ شاہ جہاں پور کے تقریباً سوا سو سال بعد

---

۱ جیون چرتر سوامی دیانند سرسوتی، مرتبہ لیکھ رام مسافر و آتما رام سرسوتی کتب قرآنی ص ۲۹۹ (طبع اول، لاہور بلا سنہ)
۲ جیون چرتر ص ۳۸۲

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جب سوامی دیانند رڑکی آئے اور انہوں نے اپنے روزانہ کے دھرم پر چار کے سلسلہ کو شروع کیا تو پہلے ہی دن سے اسلام پر اعتراضات کرنے شروع کئے۔ مقامی مسلمانوں نے سوامی جی سے گذارش کی کہ آپ بلاشبہ اپنے مذہب اور خیالات کا پرچار کریں، مگر مذہب اسلام پر زیادہ کرم نہ فرمائیں، لیکن سوامی نے اس درخواست پر کچھ توجہ نہیں کی۔ اپنی تقریریں اسی طرح جاری رکھیں سوامی جی کے تذکرہ نگار کے الفاظ میں:

"قوی سے قوی اعتراض جو مذہب اسلام پر ہو سکتے ہیں، کیے"[1]

جب بات بڑھ گئی تو مسلمانوں کے مقامی نمائندوں نے سوامی جی سے مباحثہ کی بات کی، مگر سوامی جی نے اس کو بھی ناقابل التفات سمجھا، جب اصرار بڑھا تو شرط لگائی کہ اگر مولبی کاسم (مولانا قاسم) آئیں، تو ان سے مباحثہ کے لیے تیار ہوں۔ اس وقت سوامی دیانند کو یقیناً معلوم ہوگا کہ حضرت مولانا بہت بیمار ہیں، کھانسی کی زیادتی کی وجہ سے بات کرنی بھی مشکل ہے اور ضیق النفس کی تکلیف کی وجہ سے مولانا کے اپنے سب کام اور مصروفیات بند ہیں۔ اس لیے مولانا کا سفر کرنا بہت مشکل ہے اور مباحثہ کرنے میں جس قوت وصحت، حاضر دماغی، مسلسل نشست اور متواتر گفتگو کی ضرورت ہوتی ہے مولانا کا اپنی سخت اور لمبی بیماری کی وجہ سے اس کو برداشت کرنا مشکل ہوگا اور میری واہ واہ ہو جائے گی۔ مقامی مسلمانوں اور واقفین حالات کو بھی اچھی طرح معلوم تھا کہ حضرت مولانا کی صحت ایسی نہیں کہ وہ تشریف لا سکیں گے، مگر سوامی جی ٹس سے مس نہ ہوئے، ان کی ایک ہی آواز ایک ہی رٹ تھی کہ:

"مولبی کاسم آئیں گے تو ان سے گفتگو کریں گے اور کسی سے ہرگز گفتگو نہ کریں گے۔"[2]

---

[1] جیون چرتر سوامی دیانند ص ۵۱۵

[2] تمہید۔ انتصار الاسلام ص ۳ (دہلی: ۱۲۹۸)

رڑکی کے مسلمانوں کے خطوط اور قاصدوں سے حضرت مولانا کو سوامی دیانند کے مذہبی اعتراضات اور اس اصرار کی خبر ملی، مگر حضرت مولانا کی نظر میں سوامی دیانند کچھ ایسے بڑے فاضل اور ماہر اسلام نہیں تھے کہ ان کے اعتراضات سے کچھ پریشانی ہوتی اور اُن کی لن ترانیوں کے جواب میں مشکل پیش آتی۔ اس لیے اول اول حضرت مولانا نے رڑکی جانے سے منع فرمادیا اور کہا کہ مدرسہ (دیوبند) کا کوئی طالب علم یا (حضرت مولانا کا) کوئی شاگرد چلا جائے گا اور سوامی جی کی کتھا میں کھنڈت ڈال آئے گا۔ مذکورہ تمام واقعات کا حضرت مولانا اور فخر الحسن گنگوہی دونوں حضرات نے صاف ذکر کیا ہے۔ مولانا فخر الحسن نے لکھا ہے:

"اگر کبھی کوئی طالب علم یا کوئی فارسی خواں پنڈت جی کے اعتراضوں کے جواب میں کچھ جرأت بھی کرتا ہے تو پنڈت جی اور ان کے معتقد اس کو خاطر میں نہیں لاتے اور یہ کہہ دیتے ہیں کہ ہم جاہلوں اور بازاریوں سے گفتگو نہیں کرتے، اپنے مذہب کے کسی بڑے عالم کو بلاؤ اس سے گفتگو کریں گے۔"[1]

اور خود حضرت مولانا نے بھی سوامی دیانند کے نام اپنے پہلے خط میں اس کا وضاحت سے ذکر کیا ہے، تحریر فرماتے ہیں:

"ہیچ مداں کمترین محمد قاسم ایک عرصہ سے کھانسی میں مبتلا تھا، کھانسی کی یہ شدت تھی کہ بعض اوقات بات کرنی دشوار تھی اور بعض ضرورتیں بھی درپیش تھیں جو اتنے میں شور اٹھا کہ جناب رڑکی میں رونق افروز ہوئے ہیں۔"[2]

چند قدم چلنے سے سانس اکھڑنے کی جان لیوا بیماری، حد سے بڑھی ہوئی کمزوری، اور نہایت مجبوری کے باوجود جب حضرت مولانا نے بقول خود غیرت دین کی وجہ سے اس چیلنج کو قبول فرمالیا اور کسی نہ کسی طرح رڑکی تشریف فرما

---

[1] تمہید انتصار الاسلام ص ۲ (طبع اول، دہلی)
[2] سیون چرتر، سوامی دیانند ص ۱۷۱

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہو گئے، تو یقیناً یہ خبر سن کر سوامی جی حیران و پریشان ہو کر رہ گئے ہوں گے۔ سوامی جی کے خواب و خیال میں بھی نہیں ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے ایسے مخلص بندے، دین اسلام کے ایسے سچے خادم اور خدمت دین کے جذبہ سے سرشار، خود کو اس طرح مٹا دینے اور فنا کر دینے والے اصحاب اب تک موجود ہیں، جو ایسے حال میں بھی جب کہ اپنی زندگی اور صحت سے ایک درجہ میں مایوسی ہے، پیدل سفر کر کے یہاں جلوہ افروز ہو جائیں گے۔ حضرت مولانا کا رڑکی پہنچنا سوامی جی کے لیے ایک بڑا امتحان اور ایسی کڑوی گولی تھی جس کو نہ اگلنا ان کے بس کا تھا نہ نگلنا۔

اُدھر یہ پریشانی تھی اور یقیناً مشورے ہو رہے ہوں گے کہ اس بلائے بے درماں سے چھٹکارے کی کیا صورت ہو، کہ حضرت مولانا نے (سوامی دیانند ہی کے طریقہ پر عمل کرتے ہوئے) رڑکی پہنچتے ہی، اپنے رڑکی پہنچنے اور سوامی جی کی فرمائش بلکہ اصرار کے مطابق، مناظرہ کے لیے تیار ہوتے، بلکہ خود سوامی جی کو چیلنج کرنے کا اشتہار کے ذریعہ سے اعلان فرمادیا۔

حضرت مولانا نے اشتہار چھپوا کر رڑکی میں چسپاں کر دیئے اور دوسرے دن ۹ر اگست ۱۸۷۸ء (۹ر شعبان ۱۲۹۵ھ) کو سوامی کو براہ راست خط لکھ کر مناظرہ کا شوق پورا کرنے اور کھلے عام مباحثہ کرنے کی دعوت دے کر تحریر فرمایا کہ تاریخ اور وقت طے کیجئے، بندہ حاضر ہے۔ سوامی جی بے چارے حیران و پریشان، نہ جائے رفتن نہ پائے ماندن کا مضمون سامنے تھا۔ حضرت مولانا کی گزارش منظور کرتے ہیں تو اپنے علم کی پوٹلی کی اوقات معلوم ہوتی ہے، مناظرہ سے انکار کرتے ہیں تو ان کی بلند بانگ دعوؤں کی قلعی کھلتی ہے۔ سوامی جی کی ذہانت نے اس کا ایک حل اور نکالا کہ اول تو ان لوگوں کو شرائط کی بحث سے الجھاؤ اور کوشش یہ کرو کہ شرائط طے نہ ہو سکیں اور اگر کسی طرح شرائط طے بھی ہو جائیں گی تو کوئی تدبیر کر یں گے۔

یہی ہوا شروع شروع میں شرائط پر لمبی چوڑی نشستیں جمیں، مشورے ہوئے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مگر جب حضرت مولانا اور ان کے عالی ہمت رفقاء اور علمائے کرام نے دیکھ لیا کہ یہ لوگ راستہ پر آنے والے نہیں ہیں، اس لیے انہوں نے شرائط کی بات ہی ختم کر دی اور کہہ دیا کہ ایک بار میدان میں آؤ تو سہی، دیکھا جائے گا، کیسی شرائط، کہاں کے ضابطے:

مومن ہو تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

ظاہر ہے کہ حضرات علمائے کرام کا بغیر کسی شرط کے مباحثہ کے لیے تیار ہو جانا سوامی جی اور ان کی جماعت کے لیے خطرہ کی گھنٹی اور سوہان روح اطلاع تھی، آویں تو جاویں کہاں! لہٰذا اب ایک اور تدبیر کی گئی کہ صاحب! اس طرح مناظرہ اور سر عام مباحثہ کی وجہ سے عام ہندو مسلمانوں میں جھگڑے کا ڈر ہے، اس لیے سر عام مناظرہ نہ ہونا چاہیے، انگریز افسران تک اس طرح کی اطلاعات پہنچائی گئیں۔ افسران کے لیے نقضِ امن کی بات ایسی نہیں تھی کہ وہ اس کو نظر انداز کر دیتے، اس لیے اب افسران کی بھی یہی رائے ہوئی کہ عام جلسہ یا میدان میں مباحثہ نہ ہو، اگر بات چیت ہو تو کسی افسر کے بنگلہ پر، یا سوامی دیانند کی قیام گاہ پر ہو جائے۔ افسران کے بنگلہ پر پہلے سے اجازت لیے بغیر پہنچنا ممکن نہیں تھا، وہاں وہی چند اصحاب آسکتے تھے جن کو وہاں آنے کی اور اس کی نشست میں موجود رہنے کی پہلے سے اجازت مل گئی ہو۔ افسران نے مناظرہ کے لیے وقتی طور سے رکاوٹ کو ختم کرنے کا بھی خیال ظاہر کیا تھا، مگر سوامی جی نے مناظرہ کی ہمت نہیں کی، اب شرط ہوئی کہ سوامی جی کی قیام گاہ پر بات چیت ہو، مگر وہاں بھی مجمع عام میں بات نہ ہو۔ غرض ہر مرتبہ تازہ گفتگو میں نئی نئی شرطیں اور عجیب شگوفے چھوڑتے رہے، نہ شرائط طے ہوں گی، نہ مناظرہ کا موقع آئے گا: نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی!

حضرت مولانا نے جب سوامی کے یہ حیلے بہانے دیکھے اور یقین ہو گیا کہ سوامی جی کسی صورت بھی سر عام بحث و مناظرہ کے لیے تیار نہیں، تو ایک اشتہار

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اور [اشتہار] جس میں سوامی جی اور ان کے ہم نواؤں کو غیرت دلائی گئی تھی اور ان سے کہا گیا تھا کہ سوامی جی کو میدان مناظرہ میں لایئے اور اپنے اعتراضات و سوالات کے جواب سن لیجئے) چھپوا کر رڑکی میں چسپاں کرا دیا مگر سوامی جی اور ان کے متعلقین بہ ظاہر پہلے سے طے ایک منصوبہ کے مطابق، خاموش رہے، آخر میں حضرت مولانا نے سوامی جی کے پاس پیام بھیجا کہ:

"خیر آپ مباحثہ نہیں کرتے نہ کیجئے، ہم مجمع عام میں وعظ بیان کریں گے آپ مع شاگردوں اور معتقدوں کے وعظ تو سن لیں الخ"[1]

سوامی جی وعظ میں تو کیا آتے، رڑکی سے ہی چل دیئے۔ مباحثہ نہ ہونا تھا، نہ ہوا، حضرت مولانا نانوتوی کے الفاظ میں:

"جواب تو در کنار پنڈت جی نے اپنی راہ لی۔ شکرم[2] پر بیٹھ وہ جا، یہ جا"[3]

لیکن حضرت مولانا نے سوامی جی کی رڑکی میں موجودگی کے وقت ہی اپنے شاگردوں اور اپنے ساتھیوں کو ہدایت فرمادی تھی کہ:

"بازار میں کھڑے ہو کر پکارے گلے کہدو کہ پنڈت جی پہلے تو بہت سے زبان درازیاں کرتے تھے، اب وہ زبان درازیاں کہاں گئیں۔ ذرا مردوں کے سامنے آئیں، کوٹھی سے باہر نکلیں، اور یہ فرمایا کہ پنڈت کے اعتراضوں کے جواب علی الاعلان بیان کردو"

حضرت مولانا کے شاگردوں، خصوصاً مولانا فخر الحسن گنگوہی نے سوامی جی کے اعتراضات کے بازاروں مجمعوں میں کھڑے ہو کر جوابات دیئے اور جو لوگ سوامی جی کے اعتراضات اور باتیں سن کر پریشان ہو گئے تھے ان کو یقین و اطمینان دلایا گیا کہ سوامی جی کے اعتراضات کی کچھ بھی علمی عقلی بنیاد نہیں اور ان کی حیثیت پانی کے بلبلے سے زیادہ نہیں تھی، حقائق اس سے بہت مختلف ہیں، جس کا

---

[1] تمہید انتصار الاسلام ص ۷
[2] شکرم۔ تانگہ کی طرح چار پہیوں کی ایک سواری۔ گاڑی
[3] تمہید قبلہ نما ص ۲ (طبع اول: ۱۲۹۸)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سوامی جی ذکر کرتے تھے۔

حضرت مولانا کی رڑکی تشریف لے جانے اور علمائے کرام کی تقریروں اور جوابات سے سفر رڑکی اور سوامی دیانند کے سوالات کے جوابات کا پہلا اور وقتی مرحلہ ختم ہو گیا تھا، مگر حضرت مولانا نے غالباً یہ محسوس فرمایا کہ سوامی دیانند ان کے ہم نوا، یا ان جیسے اور لوگ ان اعتراضات کو اور مقامات پر بھی دہرائیں گے اور ممکن ہے وہاں بڑے علماء یا ایسے اصحاب موجود نہ ہوں جو بروقت ان کے جوابات دے سکیں، اس لیے ان اعتراضات کے جوابات لکھ دیئے جائیں۔

چنانچہ حضرت مولانا نے سوامی دیانند کے سوالات کے جوابات پر قلم اٹھایا۔ کل گیارہ سوالات یا اعتراضات تھے، اس کے جواب کا مجموعہ دو کتابوں پر مشتمل ہے۔ دس اعتراضات کے جوابات انتصار الاسلام میں ہیں، اور ایک اعتراض (جو سوامی جی کے خیال میں بہت بھاری بھرکم اعتراض تھا کہ مسلمان کعبہ کی پوجا کرتے ہیں، جو پتھر کی ایک عمارت ہے) کے جواب میں قبلہ نما رقم فرمائی۔

پہلے دس اعتراضات کے جواب میں جو تحریر یا تالیف مرتب فرمائی تھی اس کا نام، حضرت مولانا تجویز نہیں فرماسکے تھے کہ بیماری جو پہلے سے چل رہی تھی شدید ہو گئی تھی اور اس بیماری میں حضرت مولانا رحلت فرماگئے، بعد میں مولانا فخر الحسن گنگوہی نے اس تالیف (یا مجموعہ جوابات) کا نام ''انتصار الاسلام'' تجویز کیا، ''قبلہ نما'' کا نام اور تکمیل خود حضرت مولانا نے فرمائی تھی اور اس پر ایک تمہید بھی لکھی تھی۔

''انتصار الاسلام'' پہلی بار مطبع اکمل المطابع دہلی سے ربیع الثانی ۱۲۹۸ھ (مارچ ۱۸۸۱ء) میں چھپی تھی، اسی کے ساتھ قبلہ نما (جو گویا اس کا دوسرا حصہ ہے) کی طباعت شروع ہو گئی تھی، قبلہ نما کی طباعت ۲۲؍رجب ۱۲۹۸ (۲۰ جون ۱۸۸۱ء) کو مکمل ہوئی، دونوں کتابوں کی یہ پہلی طباعت یک جا ملتی ہے۔

☆☆☆

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# (بسلسلہ سفر رڑکی)

# (۱)

## حرف آغاز قبلہ نما

## (از۔ قاسم العلوم، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ)

بسم اللہ الرحمان الرحیم

الحمدللہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ
سیدنا محمد خاتم النبین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔
وعلی من تبعھم الی یوم الدین۔

بعد حمد وصلوٰۃ، بندہ ہیچمداں، سراپا گناہ، محمد قاسم ناظرین اوراق کی خدمت میں عرض پرواز ہے کہ ۱۲۹۵ھ آخر رجب میں پنڈت دیانند صاحب نے رڑکی میں آکر سر بازار مجمع عام میں مذہب اسلام پر چند اعتراض کئے، حسب طلب بعض احباب اور نیز بہ تقاضائے غیرت اسلام یہ ننگ اہل اسلام بھی شروع جمادی الاول میں وہاں پہنچا اور آرزوے مناظرہ میں سولہ سترہ روز وہاں ٹھہرا رہا۔

ہر چند چاہا کہ مجمع عام میں پنڈت جی سے اعتراض سنوں اور بالمشافہ بعنایت خداوندی، اسی وقت ان کے جواب عرض کروں، مگر پنڈت جی ایسے کاہے کو تھے، کہ میدان مناظرہ میں آتے، جان چھڑانے کے لیے وہ داؤ کھیلے کہ کاہے کو کسی کو سوجھتے ہیں۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اعتراض تو مجمع عام کیا گئے، پر مناظرہ میں اپنی قلعی کھلنے کا وقت آیا تو پچاس پچاس آدمیوں سے زیادہ پر راضی نہ تھے، وجہ پوچھی تو اندیشہ فساد زیب زبان تھا۔ مگر نہ پہلے مناظروں کی نظیروں کا کچھ جواب، نہ حسن انتظام سرکاری پر کچھ اعتراض، ٹلانے کے لیے دعویٰ بلا دلیل سے مطلب تھا۔ رمضان کی آمد آمد ان کو بھی معلوم تھی اور اس وجہ سے یہ امید تھی کہ کچھ اور دن ٹلیں، یہ لوگ آپ ٹل جائیں گے۔ اس لیے منتیں کیں، غیرتیں دلائیں، حجتیں کیں، سعییں کرائیں، مگر وہاں وہی نہیں کی نہیں رہی۔

مجمع عام کی جا بد شواری دو سو تک آئے، پر اپنے مکان تنگ کے سوا اور کہیں راضی نہ ہوئے۔ وقت صبح کے بدلے چھ بجے شام کے ٹھہرائے، کمی وقت کی شکایت کی تو نو بجے تک کی نوبت آئی، مطلب یہ تھا کہ ہماری فرودگاہ سے بلکہ شہر سے ان کا مکان ڈیڑھ میل تھا، نو بجے فارغ ہو کر چلے تو دس بجے پہنچے، ایک گھنٹہ میں نماز سے فارغ ہوئے۔ اس وقت نہ بازار کھلا ہوا جو کھانا مول لیتے، نہ خود پکانے کی ہمت، جو یوں (ص ا) اپنا کام کیجئے۔ علاوہ ازیں برسات کا موسم، مینہ برس گیا تو اور بھی اللہ کی رحمت ہو گئی۔

غرض، ان کی غرض یہ تھی کہ یہ لوگ تنگ ہو کر چلے جائیں اور ہم بیٹھے ہوئے بغلیں بجائیں۔ پھر اسی تحریر و تقریر کی شاخ اور اوپر لگی ہوئی، غرض کچھ تو بوجہ نماز مغرب، وقت مذکور میں گنجائش کم تھی، رہی سہی اس تدبیر سے گئے، مگر جب بنام خدا ہم نے ان سب باتوں کو سر رکھا، تو منجملہ ان شرائط کے ان کے مکان پر مناظرہ ہونے کو سرکار نے اڑا دیا۔

حکام وقت نے قطعاً ممانعت کر دی کہ سرحدی چھاونی اور رڑکی میں مناظرہ نہ ہونے پائے اور اس سے خارج ہو تو کچھ ممانعت نہیں۔ اس پر ہم نے میدان عیدگاہ وغیرہ میں پنڈت جی سے التماس قدم رنجہ فرمائی کیا، تو پنڈت جی کو اپنے دن نظر آئے اور سوائے انکار اور کچھ نظر نہ آیا، لاچار ہو کر ہم نے یہ چاہا کہ اپنے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اعتراض ہی بھیج دو، تاکہ ہم ہی مجمع عام میں ان کے جواب سنادیں اور مرضی ہو تو آؤ مناظرہ تحریری ہی سہی، مگر جواب تو درکنار، پنڈت جی نے اپنی راہ لی، شکرم پر بیٹھ دہ جا یہ جا!

مجبور ہو کر یہ ٹھہرائی کہ جوان کے اعتراض سننے والوں سے سنے ہیں ان کے جواب مجمع عام سنادیں، مگر چونکہ یہ بات ایک جلسہ ممکن نہ تھی اور ہم کو دربارہ توحید ورسالت وغیرہ ضروریات دین واسلام بھی کچھ عرض کرتا تھااور بوجہ ہجوم بارش، وخرابی راہ وقرب رمضان شریف زیادہ ٹھہرنے کی گنجائش نہ تھی۔

ایک جلسہ میں تو ان تین اعتراضوں کے جواب سنائے، جو سب میں مشکل تھے اور دو جلسوں میں توحید ورسالت کا ذکر کر کے، شب بست وسوم ماہ شعبان کو رڑکی سے روانہ ہوا اور ایک دن منگلور اور دو تین دن دیوبند ٹھہر کر ستائیسویں کو اس قصبہ ویرانہ میں پہنچا، جس کو نانوتہ کہتے ہیں اور اس خاکسار کا وطن بھی یہی ہے۔　(قبلہ نما اکمل المطابع، دہلی)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حضرت مولانا کے اس اشتہار کا تذکرہ کرتے ہوئے، سوامی دیانند کے سوانح نگار لکشمن نے لکھا ہے کہ:

"مسلمانوں نے سوامی جی کے اعتراضات سے گھبرا کر مولوی محمد قاسم، اعلیٰ مدرس مدرسہ دیوبند کو بلایا جس نے ۱۸/ اگست ۱۸۷۸ء کو آتے ہی مندرجہ بالا اشتہار بازار میں چسپاں کرائے۔"[1]

مگر اس اقتباس کی تینوں باتیں غلط ہیں، جن میں سے پہلی بہ ظاہر، جان بوجھ کر غلط لکھی گئی ہے کہ:

"مسلمانوں نے سوامی جی کے اعتراضات سے گھبرا کر مولوی محمد قاسم، اعلیٰ مدرس مدرسہ دیوبند کو بلایا"[2]

سوامی جی کے اعتراضات کے لیے مقامی مسلمانوں کو حضرت مولانا جیسے شیخ العلماء اور جلیل القدر عالم کو بلانے کی چنداں ضرورت نہیں تھی، جیسا کہ مولانا محمد قاسم نے خود اسی اشتہار میں فرمادیا تھا کہ اس پر خود سوامی دیانند کا اصرار تھا کہ "اگر بات کروں گا تو مولبی کاسم (حضرت مولانا محمد قاسم) سے کروں گا" اگرچہ رڑکی کے مقامی علماء اور معمولی فارسی جاننے والے بھی سوامی جی کے اعتراضات کے جوابات دینا چاہتے تھے اور اچھی طرح سے دے سکتے تھے، مگر سوامی جی اس کو کسی صورت بھی پسند نہیں کرتے تھے کہ عامی شخص میرے سوالات کے جوابات دیں اور میری جگ ہنسائی ہو۔ مولانا فخر الحسن نے درج ذیل الفاظ میں اسی حقیقت کا تذکرہ فرمایا ہے:

"اور اگر کبھی کوئی طالب علم یا کوئی فارسی خواں پنڈت جی کے اعتراضوں کے جواب میں کچھ جرأت بھی کرتا ہے تو پنڈت جی اور ان کے معتقد اس کو خاطر میں نہیں لاتے اور یہ کہتے ہیں کہ ہم جاہلوں اور بازاریوں سے گفتگو نہیں کرتے اور اپنے مذہب کے کسی بڑے عالم کو بلاؤ اس سے گفتگو کریں گے"[3]

مقامی علماء کے علاوہ حضرت مولانا کے شاگردانِ گرامی بھی کسی سے کم نہیں

---

[1] [2] حیرن جیون چرتر ص ۵۲ [3] انتصار الاسلام ص ۳

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

تھے وہ بھی سوامی جی کے شبہات کا خاطر خواہ جواب اور علمی استدلال تحقیق فرما سکتے تھے مگر سوامی جی نے ان کو بھی ناقابل التفات سمجھا، شاید اور وجوہات کے علاوہ حضرت مولانا کے شاگردوں کا اس وقت نوعمر ہونا بھی سوامی جی کے پندار علم کے لیے رکاوٹ بنا ہو جب کہ یہ حقیقت پرانے زمانے سے تسلیم کی جاتی ہے کہ ''علم بعقل است نہ بہ سال''

مگر جب بات کو ٹلانا ہو اس کے لیے سو حیلے بہانے کیے جاتے ہیں۔ سوامی جی نے ان صاحبان کی درخواست بھی مسترد کر دی تو حضرت مولانا کا تشریف لانا ضروری ہو گیا تھا مسئلہ سوامی جی کے جوابات کا اس قدر اہم نہیں تھا جس قدر غیرت ملی کو للکارنے کا تھا اس لیے حضرت مولانا نے حالانکہ وہ سخت بیماری کی وجہ سے سفر سے تقریباً معذور تھے، رڑکی آنے کا قصد کیا اور منجانب اللہ یہ کھلی مدد ہو گئی کہ مولانا رڑکی پہنچ گئے اور صحت مند رہے اور سوامی جی سے ملاقاتوں گفتگو اور خط و کتابت کے ذریعہ سے باہم مناظرہ یا آخری درجہ میں اپنے جوابات کے اعتراض سننے کی خواہش بلکہ اپنے مرتبہ سے بہت اتر کر درخواست کرتے رہے مگر سوامی دیانند ایک مرتبہ بھی اس پر تیار نہیں ہوئے۔

۲۔ حضرت مولانا محمد قاسم مدرسہ دیوبند کے مدرس اعلیٰ بلکہ باقاعدہ مدرس بھی کبھی نہیں رہے، مولانا مدرسہ کے اہم ترین سرپرست اور اس کے علمی رہنما اور (غالباً) منصوبہ ساز تھے اس وقت مدرسہ دیوبند کے مدرس اعلیٰ مولانا محمد یعقوب نانوتوی تھے، حضرت مولانا کی (وفات ۱۲۹۷ھ) تک وہی مدرس اول رہے۔

۳۔ اشتہار چھپوانے کی تاریخ ۱۸ر اگست لکھی ہے، جو غالباً سہو کتابت ہے۔ حضرت مولانا ۸ر شعبان ۱۲۹۵ھ، ۸ر اگست ۱۸۷۸ء پنجشنبہ کو رڑکی پہنچے تھے، اسی دن اشتہار لکھ کر چھپوا دیا اور غالباً اسی دن رڑکی کے کوچہ و بازار میں لگوا دیا گیا۔ اس تاریخ کی اشتہار پر درج تاریخ اور بعد کی خط و کتابت دونوں سے تصدیق ہو رہی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہے۔

حضرت مولانا کی طرف سے شائع اس اشتہار کے جواب میں اول سوامی جی کے ساتھیوں کی طرف سے بھی ایک اشتہار چھپا جو درج ذیل ہے۔

ایشیا و یورپ میں جو مہذب اجلاس و مباحثوں کا ابتدائی طرز خط و کتابت ہوتا ہے، اس سے تجاوز چاہے کوئی اپنی تحریر میں استعمال کرے مگر ہم در آنحالیکہ اس کی نامناسبت کے قائل ہیں، ہرگز روا نہیں رکھ سکتے۔ نہ اپنا یہ عقیدہ ہے کہ مطالب اصل سے تعلق معاملات کی گفتگو میں اظہار غلطی تلفظ پر بالخصوص جب کہ اس کی صحت کا بھی کسی کو دعویٰ نہ ہو۔ مثل اطفال مکتب کوشش کرنی بے جا ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو اس موقع پر ان تمام صرف و نحو کی غلطیوں کا ذکر نہ آتا جو کہ مولوی صاحب کے اشتہار میں پاتے ہیں۔

(ا) وہ بھی زمانہ تھا کہ معاملات مذہب میں گفتگو و مباحثہ کرنے سے لوگوں کے سر قلم ہوتے تھے اور ایسا بھی وقت تھا کہ سوائے ایک ملت کے دوسری کی نسبت وعظ اور درس کرنا گویا جان ہی کھو دینا تھا اور ایسے بھی دن تھے کہ جو بادشاہ کا مذہب ہوتا تھا اس کے پیرو تو بہر حال آزاد تھے، لیکن کیا مجال کہ دوسرے مذہب والا اپنے عقائد کا اظہار کر سکے۔ لاکھ اپنے دل میں کوئی حق کو حق کیوں نہ جانے، لیکن باطل کو باطل کہنے کا اختیار نہ رکھتا تھا۔

خلاصہ یہ ہے کہ تحقیق حق وابطال زندانِ سلیمان میں نہیں، تو ان سے متأخرین کے قید خانہ میں تو ضرور تھیں۔

ہزار ہزار شکر ایشور کا اب سلطنت انگلشیہ نے اپنی انصاف پسندی سے رعیت کو آزادی بخشی، جو بات انسان اپنی طبیعت کے زور سے پایہ ثبوت کو پہنچاتا تھا، اس کے اظہار کا طریق بھی پیدا ہو گیا، سچ تو یوں ہے کہ منصفوں اور محققوں کو تو گویا ایک نعمت ہاتھ لگی، ہاں ایسوں کے واسطے تو قیامت کا ہی روز آ گیا جن کا یہ خیال تھا اور ہے کہ جس کے ہم قائل ہیں، چاہے ثبوت کو پہنچو یا نہ پہنچو ہم ویسا ہی مانے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جائیں گے اور جن مسائل کو ہم مانتے ان کے غیر معقول ہونے میں عاقلوں کو چاہئے کچھ بھی کلام نہ ہو، مگر ہم کلام کرنے کا موقع ہی نہ پیدا ہونے دیں گے۔

(۲) مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ ہم نے بذریعہ بعض احباب بہت چاہا کہ تاریخ جلسہ مباحثہ مقرر ہو جاوے الخ۔

ہم نہایت افسوس کرتے ہیں کہ ان احباب میں سے کوئی صاحب ہمارے پاس آکر بیان نہیں کرتے کہ انہوں نے ہم سے جس معاملہ میں گفتگو کی تھی اس کا کیا جواب پایا، اور بعد اس کے وہ ہم سے جواب کے متوقع ہیں یا ہم ان سے۔ ہم میں سے ایک سے بموجودگی ایک دو صاحبان دیگر احباب میں سے ایک (جن کی تعداد سے ہم ناواقف ہیں اور یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ مشار الیہ زمرہ احباب مذکورہ میں سے ہیں (یا نہیں) صاحب نے بمقابلہ مباحثہ گفتگو کی تھی تو جو جو شرطیں انہوں نے بیان کیں ان میں سے سوائے ایک کے کُل فیصل ہو گئی تھیں، ایک باقی جو تنقیح طلب تھی اس کی بابت ان کی رائے طلب کی گئی تھی، اس کا جواب شاید مولوی صاحب کا اشتہار ہو تو ہو اور تو کوئی جواب ہمیں ملا نہیں۔

اب ذرا ناظرین خود غور فرمائیں کہ تعین تاریخ مباحثہ میں اس طرف سے تساہل ہوا، یا اس طرف سے۔ علاوہ ازیں مولوی صاحب کو تو شری سوامی جی سے پہلے ہی تعارف ہو چکا تھا، وہ خود ہی اس معاملہ میں تحریر کرتے ہیں، ہاں اس صورت میں اتنا نقص بیشک تھا کہ مولوی صاحب یا ان کے مریدوں کو شاید وہ فخر حاصل نہ ہوتا جو اشتہار کے شائع کرنے سے ہوا۔

(۳) پھر صاحب اشتہار فرماتے ہیں کہ اعتراض سب کو سنایا جاوے، تو جواب بھی سب ہی دے سکتے ہیں۔ اس منطق کے قربان ہو جائے اگر یوں کہا جاتا کہ اعتراض سب کو سنایا جائے تو جواب دینے کا بھی سب کو اختیار ہے تو باب الفاظ (میں) یہ جملہ غلطی سے مبرّا کہا جاتا، اس میں فلسفہ کی حقیقت ہے کہ جواب سب ہی دے سکتے ہیں عاقل خود ہی واقف ہیں۔ اے صاحب! مذہبی معاملہ تو مشکل

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہے ہمیں تو ایسا کوئی کام نظر نہیں آتا جسے سب کر سکیں۔

(۴) الف) قولہ جس طرح بن پڑے پنڈت جی کو گفتگو پر راضی کریں۔

لہٰذا تحریر بالا کو ایک دو دفعہ بغور پڑھ لیجئے اور پھر دیکھئے کہ پنڈت جی گفتگو کرنے پر راضی بلکہ آمادہ کب نہ تھے، بلکہ ان کے یہاں اس قدر عرصہ تک ٹھہرنے کی وجہ یہی معلوم ہوتی ہے کہ جو صاحب قابلیت گفتگو مذہبی رکھتے ہوں آئیں اور گفتگو کریں۔

(۴ب) سوامی جی صاحب فرماتے ہیں کہ ہم آج (اور شاید فرصت نہ ملے تو کل) مولوی صاحب کی خدمت میں شرائط بحث بہ تفصیل رجسٹری شدہ خط کی معرفت ارسال کریں گے، اگر مولوی صاحب سے جواب باصواب ملا تو خیر ورنہ "عاقلاں خود میدانند"

المشتہر

مریدان سوامی جی دیانند سرسوتی

۱۰ر اگست ۱۸۷۸ء

حضرت مولانا کا پہلا خط

مگر اس وقت سوامی جی اور ان کے ہم نواؤں کی طرف سے حضرت مولانا کو براہ راست مخاطب نہیں بنایا گیا تھا، اگرچہ اشارات سب حضرت مولانا کی جانب ہی تھے، مگر تخاطب عام تھا حضرت مولانا نے اس تکلف کو کہ:

صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں

دور کرنے کے لیے مذکورہ اشتہار سوامی دیانند کو بھیجنا ضروری سمجھا، چنانچہ اشتہار اور اس کے ساتھ ایک خط رجسٹری ڈاک سے سوامی جی کے پتہ پر بھیجا گیا جس میں حضرت مولانا نے سوامی جی کو فیصلہ کن مباحثہ پر آمادہ کرنے کی کوشش فرمائی تھی، یہ خط جو حضرت مولانا نے ۹ر اگست ۱۸۷۸ء (۹ر شعبان ۱۲۹۵ھ) کو تحریر فرمایا تھا، درج ذیل ہے:

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پیشوائے دین ہنود سوامی جی پنڈت دیانند سرسوتی صاحب

اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو ہدایت کرے۔ السلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

یہ کمترین ہیچ مداں محمد قاسم ایک عرصہ سے کھانسی میں مبتلا تھا۔ کھانسی کی یہ شدت تھی کہ بعض اوقات بات کرنی دشوار تھی اور بعض ضرورتیں بھی درپیش تھیں، جو اتنے میں یہ شور اٹھا کہ جناب رڑکی میں رونق افروز ہوئے ہیں اور جملہ مذاہب بالخصوص مذہب اسلام پر اعتراض فرماتے ہیں۔

خیر یہ بات تو قابل لحاظ نہ تھی کیونکہ ہر مذہب والا دوسرے مذہبوں پر اعتراض کیا ہی کرتا ہے، مگر اس کے ساتھ یہ بھی سنا گیا کہ آپ کو کوئی شخص جواب دیتا ہے تو آپ نہیں لیتے اس کو سن کر کمال تعجب ہوا، کیونکہ اعتراض مذہب پر ہو تو بیشک ہر صاحب مذہب منصب رکھتا ہے، پھر اس کی کیا معنے کہ میں تجھ سے جواب نہیں لیتا، اس شخص سے جواب لوں گا۔

پھر اس کے ساتھ یہ بھی سنا گیا کہ بااں ہمہ آپ اشتہار عام اس بات میں بجا و بیجا اوزاں کرا چکے جس کا حاصل یہ ہے کہ جس کسی کا جی چاہے آؤ اور بحث کر جاؤ، اگر یہ منادی عام تھی تو پھر وہاں تخصیص علوم کیونکر قابل لحاظ ہوئی، مگر ہم کو پھر بھی کچھ مطلب نہ تھا اتنے میں سنا کہ آپ میری تخصیص فرماتے ہیں، بوجہ بیماری وضروریات مشار الیہا ہر چند مجھ کو آنا دشوار تھا، مگر یوں سمجھ کر کہ تحقیق راہ حق میں سعی کرنی انسان کا سب سے پہلا فرض ہے، جب خدا خالق اور اس کے راہ ہی کو ہم نے اور ہمارے بھائیوں نے نہ پہچانا تو اور کسی چیز کو جانا بھی تو کیا ہوا، اس امر میں پہلو تہی (مناسب) نہ سمجھی اور آپ کی اس تخصیص کو اس بات پر مبنی سمجھا کہ میری اور آپ کی ایک بار ملاقات اور باہم ایک دو بات بھی ہو چکی ہے اور جس سے تعارف ہوتا ہے، اس کی حال و قال پر زیادہ اطمینان ہوتا ہے اور ویسی گفتگو کرنے میں شاید آپ کو یہ کھٹکا ہو کہ خدا جانے سلیقہ گفتگو بھی ان کو ہے یا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نہیں، گو یہ بات اس وقت مناسب ہے کہ اپنی مقابل کی کیفیت کسی ذریعہ سے معلوم بھی نہ ہوسکے۔ سو یہاں جو مولوی احمد علی صاحب اور حافظ رحیم اللہ صاحب آپ سے گفتگو کی آرزو رکھتے تھے، ان کی لیاقت ایسی نہیں جو کوئی نہ جانتا ہو، مگر ہر چہ باد اباد! آپ کی اس عنایت نے کہ آپ میری تخصیص فرماتے ہیں باوجود موانع مجھ کو کل یہاں تک پہنچایا، ورنہ میں اپنے آپ کو بجناب علم علما اہل اسلام میں شمار نہیں کرتا خواہ مخواہ پیش قدمی کرتا، یہ کام اہل علم اور اہل کمال کا ہے۔ مگر یہ بھی ہے کہ ایسے معرکوں میں بڑے بڑے عالموں کا آنا زیبا نہیں، ہم جیسے کم علم کافی ہیں۔

خیر کل حاضر ہو کر آپ کا اقتداء کیا، یعنی جیسے آپ نے اعلان مباحثہ کے لیے اشتہار آویزاں کرائے تھے، میں نے بھی اشتہار آویزاں کرائے۔ آپ کو ان کی اور ان کے مضمونوں کی خبر پہنچی ہوگی، اس لیے اس کے کسی پرچہ کے ارسال کی ضرورت نہیں۔ بااینہمہ اس نیاز نامہ کے ساتھ آپ کی خدمت میں جدا پرچہ بھی پہنچے۔ خیر بنظر احتیاط بذریعہ رجسٹری ایک خاص خط بھی اسباب میں بھیجنا مناسب سمجھا۔

اب یہ التماس ہے کہ آپ کوئی تاریخ ایسی معین فرمادیں جس کی اطلاع کے بعد دور نزدیک کے شائق بھی شامل ہو سکیں، مگر اتنا ملحوظ رہے کہ ہم محض بیکار نہیں اور نہ بالکل آزاد، ہزاروں کار اور سیکڑوں تعلقات ہمارے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ اگر تاریخ میں زیادہ عرصہ ہوا تو پھر ہم کو ٹھہرنا دشوار ہوگا۔

بعد اس کے ہماری طرف سے یہ التماس ہے کہ آپ گفتگو کریں تو زبان اردو میں کریں۔ آخر یہ شہادت مجمع کثیر آپ اردو بولنے پر قادر ہیں، لیکچر سننے والے سب اس بات کے گواہ ہیں؛ دوسرے یہ کہ بیان کے لیے خواہ مخواہ ایسے تحدید نہ کی جاوے کہ مطلب ضروری بیان نہ ہو سکے؛ اگر نہ ہوا تو مناظرہ ہی کیا ہوا۔ تیسرے یہ کہ جب تک ایک بات میں فیصلہ نہ ہولے تب تک دوسری بات میں گفتگو

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

شروع نہ ہو۔

ہر چند مناسب تو یوں تھا کہ ہم اور آپ ہم پلہ رہتے۔ یعنی دو چار مسئلہ اسی طرح معین ہو جاتے کہ نصف میں ہم معترض تم مجیبؔ اور نصف میں تم معترض اور ہم مجیب۔ مگر ہماری انصاف پرستی دیکھئے کہ ہم اس کی بھی تخصیص نہیں کرتے؛ غرض چاندا پور کی بدنظمی نہ ہو۔ زیادہ بجز انتظار جواب باصواب اور کیا عرض کروں فقط تحریر تاریخ ۹/اگست ۱۸۷۸ء

مکرر یہ ہے کہ بعد شروع مناظرہ انشاء اللہ ہم آپ سے زیادہ ثابت قدم رہیں گے۔ البتہ ایام گزاری بیکاری میں دشوار ہے۔

فقط

العبد

محمد قاسم

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس کی تردید مولانا فخر الحسن گنگوہی کی تحریر سے ہو رہی ہے جو اعتراضات کے جوابات یا مناظرہ کے لیے اپنے ساتھیوں کے ساتھ سوامی جی سے ملے تھے، اور سوامی صاحب نے مباحثہ سے یہ کہہ کر انکار کر دیا تھا کہ:

"مولبی کاسم (مولوی قاسم) اگر آئیں گے تو گفتگو کریں گے، ورنہ اور کسی سے ہرگز گفتگو نہ کریں گے"۔[1]

مگر اس اشتہار کی آخری سطروں:

"سوامی جی صاحب فرماتے ہیں کہ ہم آج (اور شاید فرصت نہ ملے تو کل) مولوی صاحب کی خدمت میں شرائط بحث بہ تفصیل، رجسٹری شدہ خط کی معرفت ارسال کریں گے مگر مولوی صاحب سے جواب باصواب ملا تو خیر ورنہ عاقلاں خود میدانند"۔[2]

سے صاف معلوم ہو رہا ہے کہ سوامی جی نے حضرت مولانا کا خط جان بوجھ کر واپس کیا تھا کہ جواب کے لیے کچھ فرصت اور سوچنے کا موقع مل جائے، بہر حال جب حضرت مولانا کو خط ملا، اسی وقت آریوں کی طرف سے شائع کیا ہوا اشتہار بھی موصول ہو گیا تھا۔ سوامی جی نے حضرت مولانا کے خط کے جواب یہ سطور لکھوائیں:۔

سوامی جی کا پہلا خط:۔

جناب مولوی محمد قاسم علی صاحب۔ آپ کی خدمت میں واضح ہو کہ کل بوقت شام چھ بجے کے رجسٹری چٹھی آپ کی میرے پاس پہنچی اُس چٹھی پر آپ کے دستخط نہ تھے اس واسطے آپ کو تکلیف دی جاتی ہے کہ منشی چٹھی لے کر آپ کی خدمت میں پہنچتا ہے آپ اس پر دستخط ثبت کر دیویں، کیونکہ اشتہار اور لفافہ پر تو آپ کے دستخط موجود تھے مگر صرف چٹھی پر نہ تھے۔ لہٰذا عرض ہے کہ براہ عنایت دستخط چٹھی مذکور پر کر دیویں تاکہ ہم بھی اپنے دستخط کر کے چٹھی براہ ڈاک

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

رجسٹری آپ کے پاس روانہ کردیویں زیادہ خیریت۔

دیانند سرسوتی

رڑکی ضلع سہارنپور ۱۰/اگست ۱۸۷۸ء

اس کے جواب میں مولوی صاحب نے اس چٹھی پر دستخط کر دیئے۔ کوئی خط ارسال نہیں کیا۔

حضرت نے سوامی دیانند کا خط ملتے ہی لفافہ پر دستخط فرمادیئے، مگر غالباً اس تاخیر سے سوامی جی کو کسی وقفہ کی جستجو تھی، جو سوامی جی کو مل گیا اور اسی درمیان سوامی جی کے لوگوں کی طرف سے حضرت مولانا کے اشتہار (اور غالباً خط کے جواب میں بھی) ایک اشتہار چھپوا کر رڑکی میں لگوایا گیا اور ایک اشتہار حضرت مولانا کو بھی بھیجا گیا، اشتہار کا مضمون یہ تھا:

آریوں کی طرف سے اشتہار بنام مولانا محمد قاسم

دونوں اشتہاروں میں اس دور میں انگریز حکومت کی طرف سے بحث و مباحثہ کی جو عام اجازت ملی ہوئی تھی اس کا ذکر ہے، مگر آریوں کے اشتہار میں جو یہ لکھا ہے کہ:

مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ "ہم نے بذریعہ بعض احباب بہت چاہا کہ تاریخ جلسہ مباحثہ مقرر ہو جاوے الخ ہم نہایت افسوس کرتے ہیں کہ ان احباب میں سے کوئی صاحب ہمارے پاس آکر بیان نہیں کرتے کہ انہوں نے ہم سے جس معاملہ میں گفتگو کی تھی اس کا کیا جواب پایا، اور بعد اس کے وہ ہم سے جواب کے متوقع ہیں، یا ہم ان سے ہم میں سے ایک سے بموجودگی ایک دو صاحبان دیگر احباب میں سے ایک (جن کی تعداد سے ہم ناواقف ہیں اور یہ بھی نہیں کہہ سکتے مشار الیہ زمرہ احباب مذکورہ میں سے ہیں یا نہیں) صاحب نے بمقابلہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مباحثہ گفتگو کی تھی تو جو جو شرطیں انہوں نے بیان کیں ان میں سے سوائے ایک کے کل فیصل ہو گئی تھیں۔

## سوامی دیانند کا دوسرا خط:

اس کے ساتھ ہی سوامی جی نے مولانا کو ایک مفصل خط لکھا جس حضرت مولانا کے گرامی نامہ کے مندرجات اور متعلقہ پہلوؤں پر مفصل گفتگو کی ہے۔ حضرت مولانا نے لکھا تھا کہ مولوی احمد علی اور حافظ رحیم اللہ (جو حضرت مولانا کے الفاظ میں فخر الواعظین تھے) آنجناب سے گفتگو کی خواہش کرتے ہیں' ان سے گفتگو ہو جائے۔مگر سوامی جی ان کی دین اسلام سے واقفیت اور خود سے مناظرہ کی لیاقت ناکافی سمجھتے ہوئے ان سے گفتگو کرنے سے انکار کر دیا تھا اور لکھ دیا کہ خود شرائط مناظرہ طے فرمالیجئے، اصل خط ملاحظہ ہو:

پیشوائے دین اسلام، مولوی محمد قاسم صاحب
پرمیشر آپ کو ہمیں اور کل کو راہ حق پر قائم رکھے۔

میں افسوس کرتا ہوں کہ فی الحال آپ کو صحت جسمانی حاصل نہیں ہے، مگر ایشور کی ذات سے امید ہے کہ آپ کو شفا بخشے۔ میں آپ کے اس موقعہ پر تشریف لانے کا اظہار شکر کرتا ہوں، بالخصوص اس وجہ سے کہ آپ حالت بیماری میں تکلیف فرما ہوئے۔ اب بعد اظہار واجبات آپ کے عنایت نامہ کے جواب میں حسب ذیل ملتمس ہوں۔

میں نے اس قصبہ میں آکر حسب عادت خود معاملہ مذاہب میں گفتگو کرنی شروع کی، مگر میں افسوس کرتا ہوں کہ میری وعظ و درس سے بعض اصحاب نے یہ نتیجہ نکالا کہ وہ بحث بالخصوص مخالف اہل اسلام تھی۔

یہ تو میں بہر حال تسلیم کرتا ہوں کہ میں بدانست خود جہاں مناسب سمجھتا ہوں بخلاف اسلام گفتگو کرتا ہوں، لیکن اس معاملہ میں یہاں خصوصیت بجانب اسلام سر تاپا غلط ہے۔ جیسا میں مذہب اسلام پر معترض ہوں ملت عیسائی پر ہر گز

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اُس سے کم نہیں، حتی کہ میں اپنے ہندوؤں کی مذہبی حالت موجودہ سے اظہار اتفاق نہیں کرتا۔ آپ واقف ہوں گے کہ لکچر کے وقت مباحثہ کرنا مدعا فہمی کی حقیقت اور درس کی وقعت کو قطعی ضائع کرنا ہے، اصل تو یہ ہے کہ کوئی کام بھی بلاترتیب وانتظام بدرستی تمام انجام کو نہیں پہنچ سکتا، اس لیے میں نے درس کے شروع کرنے سے پہلے یوں مشتہر کیا تھا کہ جو صاحب میرے بیان میں کوئی ایسا اعتراض پائیں کہ جس کی بابت اُنہیں استفسار منظور ہو یا جواب طلب اعتراض رکھتے ہوں، یا میرے بیان کے متعلق کسی امر دیگر پر معترض ہوں، تو انہیں لازم ہے کہ ایسے بیانات بخلاصہ واشارہ رائے یادداشت سے لکھتے جائیں، بعد اختتام سلسلہ درس جو وقت اس کام کے لیے معین کیا جائے اُس وقت بطور بحث اُن امور میں گفتگو کریں۔

آپ تو عالم ہیں؟ کیا آپ کی یہ رائے نہ ہوگی کہ جب تک کسی پیرایہ میں ایک سلسلہ گفتگو ختم نہ ہو جائے اور جب تک کوئی اپنی رائے کے موافق دعوی کا اثبات حق کا مطالبہ اور قضایا کا اعادہ بہ تفصیل بیان نہ کرے، تب تک بیان میں تباین کی پردہ داری، مانعۃ الجمع کا انشا غرضیکہ اعتراض کی تردید کب کوئی کر سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے اپنے سلسلہ درس کے وقت سے مباحثہ کو علیحدہ کیا تھا بعد اختتام درس میں نے دو روز تک اس امر کا اشتہار دیا کہ جو صاحب چاہیں درس کے متعلق معاملہ کی بابت جو امر بحث واستفسار طلب معلوم ہو اس میں گفتگو کریں، اشتہار میں صرف ایک روز کا ذکر تھا لیکن آخر جملہ تحریر کا یہ مضمون تھا کہ اگر کل اور اشتہار باسترداد اشتہار ہذا شائع نہ ہو تو مضمون اشتہار ہذا کل کے واسطے بھی مسلم گردانا چاہیے۔ اِن دو روز کے عرصہ میں کوئی صاحب مباحثہ کی غرض سے تشریف نہ لائے نہ کسی نے کوئی تحریری اعتراض بھیجا۔ دوسری یہ بات بھی واجب الاظہار ہے کہ میں مناظرہ مہذبانہ طور سے ایسے لوگوں سے ہی کرنا چاہتا ہوں جو اپنے مذہب کے اصول و فروع سے ذرا عمدہ واقفیت رکھتے ہوں۔ یعنی خواہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

میری نسبت عوام کا کچھ ہی عقیدہ ہو۔ مگر میں بنظر مباحثہ گفتگو کرنے کا ارادہ صرف ایسے صاحبوں سے رکھتا ہوں جو خُلق اور علمی (علمی سے مراد علم دین ہے) دونو میں اپنا مثل نہیں رکھتے ہوں آپ کی ان دونوں قابلیتوں پر مجھے بوجہ تعارف سابق بخوبی اطمینان تھا اور یہی سبب ہوا کہ کئی مرتبہ آپ کا ذکر مذہبی معاملات کے متعلق باتوں میں زبان پر لایا گیا۔ مولوی احمد علی صاحب و حافظ رحیم اللہ صاحب کی بابت جو آپ فرماتے ہیں اس معاملہ میں میرا یہ جواب ہے کہ مولوی احمد علی صاحب کی بابت یہ تو میں نے بیشک سنا تھا کہ اُن کی علمی لیاقت بالا وسط اتنی کافی ہے کہ وہ اپنی اہل مذہب میں سے عام اطمینان کے ساتھ اور ملت کے علمائے دین سے گفتگو کر سکتے ہیں، لیکن افسوس ہے کہ مجھے مولوی صاحب کی طرز بحث کی بابت قابل اطمینان خبریں نہ پہنچیں، بلکہ ایسی پہنچیں کہ جن کو سن کر جرأت تہذیبی نے یہ تقاضا نہ کیا کہ مناظرہ شروع کیا جائے۔ میں افسوس کرتا ہوں کہ میں مولوی صاحب کی نسبت اس اظہار شکایت کا باعث ہوا مگر انصاف پسندوں کی خدمت میں امر واقعی کا اظہار کچھ عیب نہیں ہے۔ اب حافظ رحیم اللہ کی نسبت سنئے! ان کی بابت مجھے نہایت معتبر طور سے معلوم ہوا ہے کہ انہیں اپنے مذہب سے اس قدر واقفیت نہیں کہ جو مناظرہ کے واسطے کافی شمار کی جاوے، اس کی سب سے بڑی یہ وجہ معلوم ہوتی ہے کہ حافظ صاحب زبان عربی سے ناواقف ہیں، جس میں قرآن اور حدیث کے علاوہ بڑی بڑی معتبر تفسیریں اور دیگر کتب مذہب پائی جاتی ہیں۔ جو لوگ اس امر کے مدعی ہیں وہ اپنی دعوے کے ثبوت کے ذمہ دار ہیں، بلکہ یہاں تک کہتے ہیں کہ اگر ہم حافظ صاحب سے حدیثوں وغیرہ کی بابت (نہ بطور مناظرہ از اہل مذہب دیگر) چند سوال کریں، اور اگر وہ آپ کے ہی رائے کے موافق جواب دیں تو ہمارے دعوے جھوٹا گنا جائے۔ یہ بیشک تسلیم کیا جاسکتا ہے کہ حافظ صاحب حافظ ہوں گے، لیکن علم ادب کے عالم سے مسائل ریاضی حل کرانا ناممکن ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ان ہر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

دو صاحب سے میرا بحث کرنا باوجہ تھا بے وجہ نہ تھا۔ آپ اپنی قابلیت کی نسبت جو فرماتے ہیں وہ کوئی ذی ہوش تسلیم نہیں کر سکتا، کیونکہ یہ سب جانتے ہیں کہ اہل دماغ اپناذکر فروتنی سے ہی کیا کرتے ہیں، ع۔ "نہد شاخ پر میوہ سر بر زمین" مگر ہاں میں علماء آریہ دھرم سے شمار کے لائق نہیں، قابلیت تو اتنی نہیں کہ مباحثہ یا مناظرہ کا دعوی یا ارادہ کروں، مگر طبیعت و شوق سے لاچار ہوں۔ علاوہ ازیں ایسے ایسے چھوٹے چھوٹے مباحثوں کے واسطے بھی ضرورت نہیں کہ لالہ گھنیالال الکھ دھاری صاحب و منشی اندرمن صاحب و بابو ہریش چندر و گوپال راؤ دہر ید۔ شمکبہ و پنڈت ہیبت رام صاحب وغیرہ تکلیف فرماویں۔ مجھے اس امر کا بڑا تعجب ہے کہ درحالیکہ آپ مجھ سے بالخصوص گفتگو کرنے کے لیے تشریف لائے تھے تو اشتہار عام کے اعلان کی کیا ضرورت ہوئی۔ اگر آپ غریب خانہ پر (درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست) تشریف لانا اپنے شان کے خلاف فرماتے ہیں تو بذریعہ خط و کتابت اظہار مدعا ہو سکتا تھا، لیکن نہ معلوم کہ اشتہار آویزاں کرنے سے کیا غرض مقصود تھی، میرا ہر حال یہ بھی فرض نہ تھا کہ جواب اشتہار تحریر کرتا، لیکن جن لوگوں نے بدانست خود مناسب سمجھ کر جواب تحریر کیا کہ جواب اشتہار کی نقل میں اپنے خط کے ساتھ آپ کی خدمت میں ارسال کروں، لہٰذا اس کی تعمیل کرتا ہوں۔

اب باقی رہی بحث کی بابت گفتگو، روز اور وقت تو تجویز ہو ہی گیا ہے، اب یہ التماس ہے کہ آپ جملہ شرائط بحث جو آپ اپنی دانست میں مناسب سمجھیں، تحریر کر کے عنایت فرمائیں اور علی ہذا القیاس میں بھی جو شرطیں مناسب سمجھوں گا اُن سے آپ کو مطلع کروں گا۔

میں افسوس کرتا ہوں کہ آپ کی تحریر رجسٹری شدہ خط کی معرفت نے اور بھی وقت زیادہ ہرج کیا، اگر دستی رقعوں سے کام چلتا تو ایک دن میں سوال و جواب دونوں کے طے ہو جاتے، لیکن آپ نے جانے کیا ظاہری مصلحت سمجھی؟

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

پھر آپ اپنے عنایت نامہ میں چاند پور کی بد نظمی کا ذکر کرتے ہیں اس سے تو آپ ضرور واقف ہوں گے کہ اس بد نظمی کا باعث کیا تھا؟ جس کا حال میلہ چاندا پور کے منتظم رئیس مکتا پرشاد منشی پیارے لعل صاحب کے رسالہ مطبوعہ سے بخوبی واضح ہو سکتا ہے۔

اب کیا عرض کروں، ہاں اس قدر مناسب ہے کہ اس خط کا خاتمہ بھی آپ کے خط کے خاتمہ کے جواب میں ہو تو بہتر۔ آپ فرماتے ہیں پھر بعد شروع مباحثہ کے! اے صاحب! میری پہلے مباحثہ کی ثابت قدمی کو فراموش نہ کیجئے، مجھے بھی آپ کی ثابت قدمی کے اظہار پر کچھ تعجب نہیں آتا، مگر خدا ایسا کرے کہ مرض کھانسی سے آپ کو ذرا پناہ ملے اور پھر عذر نو کی گنجائش نہ ہو۔

دیانند سرسوتی

۱۱/ اگست ۱۸۷۸ء

## حضرت مولانا کا سوامی کے نام دوسرا خط:

حضرت مولانا اپنی بیماری یا کسی اور وجہ سے اس وقت سوامی جی کے مکان پر جانے سے قاصر تھے، اس لیے سوامی کو لکھ دیا کہ حافظ رحیم اللہ گفتگو اور شرائط مناظرہ طے کرنے میں میری طرف سے مختار عام ہیں، ان سے سب باتیں طے کر لیجئے۔ گرامی نامہ کے الفاظ درج ذیل ہیں:

"بخدمت شریف پنڈت دیانند سرسوتی صاحب! بعد ما واجب گزارش یہ ہے کہ میں تو بعض وجوہ سے حاضر نہیں ہو سکتا' جناب حافظ رحیم اللہ صاحب فخر الواعظین تشریف لاتے ہیں وہ میری طرف سے مختار عام ہیں اُن سے گفتگو کر کے آج سب باتوں کو طے کر دیجئے اور جو بات قابل ترمیم ہو اس کو ترمیم فرما دیجئے۔ والسلام علی من اتبع الهدیٰ

الملتمس

محمد قاسم ۱۱/ اگست ۱۸۷۸ء

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مگر سوامی دیانند نے مولانا کے عذر کو تسلیم نہیں کیا اور کہہ دیا کہ جب تک مولانا بذات خود یہاں نہ آئیں، شرائط مناظرہ طے نہیں ہو سکتے اس لیے مولانا گئے اور مجلس شوریٰ ہوئی۔

## شرائط مناظرہ طے کرنے کے لیے مشورہ:

اس نشست میں حضرت مولانا، سوامی دیانند نیز (سوامی دیانند کی سوانح کے مصنف کے بقول) رڑکی کے انگریز افسروں کے (علاوہ) تیس چالیس آدمی اور تھے اار اگست ۸ے۱۸ء کو شرائط پر گفتگو ہوئی اور یہ شرائط طے ہوئیں:

شرط اول: جس کوٹھی میں کہ سوامی جی اترے ہوئے ہیں وہیں مباحثہ ہوگا (اول مولوی صاحب نے عذر کیا، تب کپتان صاحب نے یہ کہا کہ اگر اس مکان سے عذر ہے تو خاص ہمارے بنگلہ پر مباحثہ ہو جائے، بشرطیکہ آدمیوں کی تعداد ۲۴ سے زیادہ نہ ہو، کیونکہ وہاں زیادہ گنجائش نہیں ہے) مولوی صاحب نے اس کو نامنظور فرما کر کوٹھی (جائے رہائش سوامی جی) پر مباحثہ منظور فرمایا۔

شرط دوم: آدمی فریقین کے چار سو سے زیادہ نہ ہوں گے۔

شرط سوم: احاطہ مباحثہ میں جانے کے واسطے ہوشیار اور فہیم آدمیوں کو ٹکٹ تقسیم کر دیئے جائیں گے۔

شرط چہارم: مباحثہ تحریری ہوگا یعنی جو کچھ کوئی بولے گا وہ تحریر کراتا جاوے گا، تاکہ انکار کی گنجائش نہ رہے اور طبع کرانے کے کام آوے۔

شرط پنجم: ۶ بجے سے ۹ بجے رات تک مباحثہ رہے گا۔

شرط ششم: دونوں جانب سے مناظرہ میں گفتگو مہذبانہ مثل حکما کے ملحوظ رہے، کوئی کسی کے بزرگوں یا پیشواؤں کی نسبت گفتگو سخت استعمال نہ کرے۔

شرط ہفتم: بوقت مناظرہ سوائے میرے اور آپ کے اور کوئی صاحب مباحثہ کے متعلق کسی جانب سے گفتگو نہ کر سکیں گے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

شرط ہشتم: سوامی جی وید کے مجیب بنیں گے اور صرف قرآن پر معترض اور مولوی صاحب قرآن کے مجیب اور صرف وید پر معترض۔

شرط نہم: ۱۸/اگست ۱۸۷۸ء وقت مقررہ سے مباحثہ بموجب شرائط بالا شروع کیا جاوے گا۔

سوامی دیانند کا تذکرہ نگار لکھشمن لکھتا ہے:

"شرائط تحریر ہو کر فریقین کو سنائی گئیں اور دونو نے منظور کیں اس کے بعد مولوی صاحب اور سوامی جی دونو معمول آداب نیاز سے رخصت ہوئے"۔

اور اسی میں یہ بھی لکھا ہے کہ:

وہاں تو خدا جانے کیوں اور کس لحاظ سے مولوی صاحب نے شرائط تسلیم کرلیں، جب مکان پر آئے تو مباحثہ کا خوفناک دن سیاہ پہاڑ کی طرح سامنے دکھائی دینے لگا اور چاندا پور کی سی مصیبت نے پہلے ہی سے گھیرنا شروع کیا، جس سے قبل از وقت عقل آگئی اور مولوی صاحب نے صاف طور پر مباحثہ تحریری اور تعداد سامعین سے انکار کردیا اور فرمایا کہ جلسہ عام ہو اور گفتگو زبانی ہوا کرے، جیسا کہ اُن کے اگلے خط سے ظاہر ہے۔

مگر لکھشمن کا یہ کہنا سراسر غلط ہے، اس کی حضرت مولانا کے گرامی نامہ سے (جو آرہا ہے) صاف تردید ہورہی ہے، یا تو لکھشمن کو صحیح بات معلوم نہیں ہوئی، یا اس کو جان بوجھ کر غلط رنگ دیا گیا۔ بہر حال حضرت مولانا کے خط میں جو اسی دن سوامی صاحب کو لکھا گیا تھا تحریر ہے کہ:

"ہمیں مذکورہ شرائط نامہ پر دستخط کرنے میں تامل نہیں، مگر ہمیں یہ معلوم نہ تھا یعنی سوامی جی اور ان کے ساتھیوں نے اس بات کو شاید جان بوجھ کر چھپائے رکھا کہ سوامی صاحب جس مقام پر قیام کیے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہوئے ہیں، وہ شہر سے کس قدر دور ہے اور کس قدر گنجائش کا ہے، اگر رات کو تقریباً دو سو یا زائد مسلمان وہاں جائیں گے، وہاں اس قدر مسلمانوں کے وضو کے پانی کا کیسے انتظام ہوگا اور واپسی پر ان کے کھانے کا کیا نظم ہے، اس لیے وہاں آنا مشکل ہے۔ مزید تفصیلات اصل خط میں ملاحظہ ہوں:

## حضرت مولانا کا تیسرا خط:

پیشوائے دین ہنود پنڈت دیانند سرستی صاحب!

خدا ہم کو اور آپ کو اور سب کو ہدایت دیوے۔

السلام علی من اتبع الھدیٰ۔ کل آپ کا عنایت نامہ پہنچا۔ آپ کی عنایتیں میرے سر پر، رجسٹری کرا کے بھیجنے کا فقط یہ باعث ہے کہ مجھ کو معتبر طریقہ سے یہ خبر پہنچی تھی کہ آپ اس باب میں خط وکتابت ہو تو رجسٹری شدہ خط ہی کا اعتبار کریں گے، مگر اب اس عنایت نامہ سے معلوم ہوا کہ اس کی کچھ ضرورت نہیں، اس لیے ڈاک کے وسیلہ کی کچھ حاجت نہیں ہے اور ویسے ہی آپ کی خدمت میں بھیجتا ہوں اور یہ عرض کرتا ہوں کہ حسب دستور ایسے معاملات میں انفعال بعد تحریر بہ ثبت مہر یا دستخط سمجھا جاتا ہے۔ گفتگوئے مناظرہ پر دستخطوں کی ضرورت نہیں اور نہ دستور فقط حاضرین کی شہادت پر ظہور غلبہ یا مغلوب کا مدار ہوتا ہے۔ اس میں آپ دستخطوں کی ضرورت سمجھتے ہیں تو شرائط قبل تحریر ودستخط کیوں کر واجب تسلیم ہوں گے، ہاں اتنی بات میں کچھ شک نہیں کہ جب آپ اپنی کسی بات سے نہ ہٹے اور وجوہ معقول کے جواب میں بے وجہ اپنی وہی ایک کہے گئے تو حسب عادت مجھ کو نرم ہونا پڑا، ورنہ اس گفتگو کا انتہا نہ تھا، غرض مفت کی مغزپچی اور تضیع اوقات سمجھ کر قصہ کو مختصر کیا۔ اور نیز بوجہ اندیشہ تاخیر نماز مجھ کو اُٹھنا پڑا۔ ورنہ میری رائے کی کیفیت اُسی تقریر سے واضح ہے جو درباره شرائط آپ کے گوش گزار چکا ہوں۔ ہاں اگر آپ کچھ وجہ معقول دربارہ تعداد

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

حضار و وقت گفتار بیان فرماتے تو بیشک میری راے بدل جاتی۔ البتہ تخصیص تعین مکان میں اپنی یہ کیفیت ہے، نہ کسی کے مکان سے انکار نہ کہیں آنے جانے سے یہاں عار، ایسے لحاظ سے جیسے آپ نے کچھ اصرار نہ کیا تھا، میں نے بھی کچھ تکرار نہ کیا، مگر نہ مجھ کو آپ کے مکان کی فراخی و تنگی سے اطلاع تھی، نہ اُس کے قرب وبعد سے کچھ آگاہ تھا، یہاں آکر سنا تو سب کو یہ بات ناپسند معلوم ہوئی۔ پھر اُس پر نماز کی دقت نظر آئی، دوسو آدمیوں کو نماز کے لیے پانی وغیرہ بہم پہنچنا دشوار معلوم ہوا، اور آنے جانے اور کھانے پینے کی تکلیف علیحدہ رہی۔ میرے احباب شوق مناظرہ میں لبریز ہیں، ان کا مکان پر ٹھہرنا مشکل جو کھانے کا انتظام کریں اور اُس وقت بازار کھلانہ رہے گا جو بازار سے کھاکر کام کریں، علی ہذا القیاس اور مسافروں کو کھانے پینے کی جو کچھ تکلیف ہوگی وہ ظاہر ہے۔ غرض خواہ مسافر خواہ اہل شہر اتنی دور رہنا جماعت کثیر کا جانا اور ہنگام نواخت واپس آنا پسند نہیں کرتے۔ اس سے بہتر یہ ہے کہ آپ قدم رنجہ فرمایا کریں اور قرب شہر رونق افروز ہوکر تشنہ کامان گفتگو کو سیراب کیا کریں۔ باقی رہی تعداد اس کی کیفیت سنئے، یہاں آکر جس کو دیکھا اُسے برہم پایا کہ مشتاقان دیرینہ کو محروم رکھا جاوے کوچہ وبازار میں آپ کے انکار پر جو کچھ تکرار ہو رہی ہے اور آپ کی نسبت جو کچھ اظہار ہو رہے ہیں میں لکھ نہیں سکتا، اور کچھ حاجت بھی نہیں، آپ کو ضرور خبر پہنچی ہوگی۔ اہل اسلام تو اہل اسلام، آپ کے ہندو پنڈت بھی بوجہ مخالفت معلوم برہم ہیں اور پھر بااینہمہ وقت پر رکتے نظر نہیں آتے۔ اگر خدانخواستہ کوئی امر ناگفتہ بہ پیش آیا تو بایں وجہ کہ خواست گاران اجازت عام میں میرا نمبر اول ہے عجب نہیں کہ اُس کی دارو گیر مجھ سے ہو، بالخصوص جب یہ لحاظ کیا جاوے گا اندھیری راتیں ہوں گی اور وقت شب ہوگا اور پھر وہ شوق عام جس نے ایک عالم کو دیوانہ بنا رکھا ہے، پھر کسی قسم کی بے اعتدالی کسی سے آپ کی نسبت ہو جائے تو دور نہیں۔ اندیشہ مذکور اور بھی قوی ہوتا ہے۔ ہاں! اگر آپ باتباع رسلان دین

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اظہار حق میں سینہ سپر ہو جاویں اور مردانہ وار میدان میں آئیں تو پھر کچھ اندیشہ نہیں؛ بلکہ اظہار حق اگر آپ کے ذریعہ سے ہو گیا تو وہ رنج دیرینہ جو آپ کے سوا ماہ اعتراض فرمانے سے ہندو مسلمانوں کے دلوں میں بھرے ہوئے ہیں مبدل بمحبت ہو جاویں گے۔اور آپ اور کل اُن اعتراضوں میں معذور سمجھے جاویں گے، اور اس لیے کوئی ضرر بھی پیش نہ آئے گی اور اگر آئی تو اظہار حق میں پھر دین کے پیشواؤں نے بہت کچھ رنج اُٹھائے ہیں، اُن کا اتباع کچھ برا نہیں۔ پر اخفائے حق میں اگر کچھ رنج پیش آیا تو اس کو کسی کی تقلید میں شمار کر کے اپنے دل کی تسلی فرمائے گا۔ علاوہ بریں یہ اندیشہ تو مجھے آپ کو برابر ہے، میں باوجود کثرت تعلقات ایک وہم غلط سمجھتا ہوں، آپ اس آزادی سے کیوں اتنا ڈرتے ہیں۔اور ان سب کو جانے دیجئے اس ضلع میں علماء اور طلباء اس کثرت سے ہیں کہ ان سب کو جمع کیجئے تو ان کی تعداد حد معین سے کہیں بڑھ جاتی ہے اور برابر خبریں آتی ہیں کہ سب کو شوق مناظرہ ہے شب وروز اسی خیال میں رہتے ہیں، سوائے اس کے اور مذہب جدے رہے، کتنے ستم کی بات ہے کہ اُن کے ارمان دل کے دل میں رہیں اور رڑکی کے اکثر عام وخاص محروم رہیں، پھر کالج کے چند ملازموں کا یہ پاس ہو کہ صبح کی شام کر دی جائے، بالجملہ بوجوہ مذکور یہ دونوں شرطیں یعنی تعداد اور وقت بھی قابل تسلیم نہیں اس لیے یہ آخری گزارش ہے کہ اگر آپ کو مناظرہ کرنا ہے تو کچھ پس وپیش نہ فرمایئے، اجازت عام دیجئے۔ اور وقت کو بھی بدل دیجئے، ورنہ انکار لکھ بھیجئے۔ تاکہ ہم بحالت مایوسی اپنے گھر کی راہ لیں، مگر اس صورت میں یہ رنج رہے گا کہ ہم ناکام گئے اور بدنام ہوئے۔ رہی تاریخ، اس کی تسلیم میں، ہر چند زیر باری بھی ہے اور بوجہ ہرج اوقات دشواری بھی، مگر پھر بھی ہم کو کچھ عذر نہیں، جب چاہیں آپ دستخط کرا لیں! علیٰ ہذا القیاس

اس امر میں بھی ہم کو کچھ تکرار نہیں کہ آپ برخلاف زمانہ گزشتہ تین بیدوں کو کیوں نہیں مانتے اور باوجودیکہ بمشتبہ روایت سب بید برابر ہیں سب کو

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

یکساں کیوں نہیں جانتے۔ اگر بوجہ خرابی مضامین یہ انکار ہے تو وہ ساری روایتیں مثل دستاویز مخدوش پایہ اعتبار سے ساقط ہونی چاہئیں۔ اسی طرح ہم کو اس سے بھی کچھ بحث نہیں کہ وہ ترجمے جو سب علمائے بید کے نزدیک مسلم ہیں آپ کیوں نہیں مانتے، باقی رہی مولوی احمد علی صاحب کی شکایت، ان کی تہذیب سے میں ایک مدت سے واقف ہوں، انہوں نے اپنی طرز سے ہرگز کچھ نہ لکھا ہوگا اگر لکھا ہوگا تو آپ کی اور آپ کے مریدوں کی طعن وتشنیع وزبان درازی کے جواب میں لکھا ہوگا۔ آپ کے تشنیعات کا ثبوت تو میں سوائے اس کے کچھ نہیں دے سکتا کہ سینکڑوں آدمی اس بات کے گواہ ہیں کہ آپ کے اعتراض اس پیرایہ میں بھی تھے چنانچہ یہی وجہ ہوئی کہ جو سرکار کی طرف سے آپ کے لکچر کی ممانعت ہوئی۔ پر آپ کے مریدوں کی تہذیب پر تو بھی اشتہار مرسل گواہ ہے۔ یہ آپ کا نیاز ہے جو اُن کے اس نازیبا کا ہم جواب نہیں دیتے، ورنہ کسی کے اس قول کے موافق ؎

خدا جانے سبب کیا ہے جو ہم خاموش ہیں ظالم
وگرنہ ہم رقیبوں کے ابھی چھکے چھڑا دیتے

ان کے ایسے لتے لئے جاتے کہ شاید اُن کو اپنے پاس سے پاس سرکاری واپس کرنی پڑتی۔ ماشاءاللہ حوصلہ تو دیکھو صرف ونحو کی طرف مصروف ہوئے تو ہو نہ ہو منطق وحکمت کے اندر بھی دخل در معقولات ہے۔ آپ ان کو سنادیں کہ ایک دوبار کے درگزر کے بعد بھی انہوں نے نہ مانا تو پھر موافق مثل مشہور ایک خط دوخط الخ بہ مجبوری ان کو معقول بنانا پڑے گا۔ بالحمدللہ ان کی اُلٹی بات مثل صورت معکوس اُن کے منہ پر زیب نہیں دیتی اور آپ کو جو کچھ کسی نے کہا وہ سب آپ کے مریدوں کے عنایت کا ثمرہ ہے۔

من از بیگانگاں ہرگز نالم
کہ بامن ہرچہ کرد آں آشنا کرد

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

باقی حافظ رحیم اللہ صاحب کی نسبت جو آپ کے مرید کچھ ارشاد فرماتے ہیں، شاید ان کو اس خطاب اور اس سند کی خبر نہیں جو اہل اسلام میں کاملوں کی طرف سے ملنے کا دستور ہے، اور ہم نے فرض کیا کہ ان کو زبان عربی میں وہ ملکہ نہیں جس پر اطلاق زبان دانی صحیح ہو، مگر اہل اسلام میں وہ کون سی کتاب ضروری ہے جس کا ترجمہ زبان فارسی وارد و میں بکثرت موجود نہیں، قرآن کے ترجمے اور احادیث کی کتب کے ترجمے بکثرت بازار و میں موجود ہیں، مطلب فہمی اور اصول وفروع کی آگاہی کے لیے جس پر بناء مناظرہ ہے اتنا کافی ہے، ورنہ میں جانتا ہوں بید شناسی عالم سے مفقود ہو چکی ہے، چنانچہ زبان سنسکرت کے رواج کی کیفیت سے ظاہر ہے۔ اور چاند اپور کی بد نظمی کا جو آپ ذکر کرتے ہیں.تو آپ شاید حسب محاورہ عوام کچھ اور سمجھ گئے۔ اصل میں نظم اس فعل کا نام ہے جس کا نتیجہ انتظام ہوتا ہے، سو وہ انتظام جس کو انتظام مناظرہ کہئے نہ انتظام میلہ، وہ بھی تجویز شرائط ہے، اس میں آپ کو یاد ہوگا کہ آپ پانچ ہی منٹ پر اڑ گئے تھے اور اس باب میں ہم صفیر پادریاں ہوکر بیان فضائل کے لیے وقت میں وسعت نہیں دیتے تھے۔ ہاں بعد میں بہت اصرار وانکار کے بعد اور پادری اسکاٹ صاحب کی تشریف آوری میں پیچھے ان کے تائید سے کسی قدر وقت میں وسعت ہوئی اور میں آپ کی ثابت قدمی پر کب معترض ہوا تھا جو آپ نے یاد دلایا، جس سے مجھ کو یہ یاد آیا کہ منشی پیارے لعل اور منشی مکتا پرشاد نے جن کے ہاں آپ مہمان عزیز تھے اور ہر طرح سے آپ کی دلجوئی اور رضا طلبی کے لیے حاضر تھے، سب سوالوں کو چھوڑ کر سوال آخیر پر بحث کرائی اور جب جلسہ کی طوالت کی امید تھی اس کو یک ہی دن میں ختم کرادیا، جس سے ہمارا وہ سفر دور دراز اور خرچ زائد از حیثیت بیکار گیا۔ اس کی مجبوری شاہجہانپور میں واپس آکر جو موتی میاں صاحب کی طرف سے منشی اندرمن اور آپ کی خدمت میں دو نیاز نامہ کیے بعد دیگرے بھجوائے گئے تو اس کا جواب آپ کو یاد ہوگا۔ کیا آیا جب ہر طرح سے مایوسی ہو چکی تب

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مناظرین اور شایقان مناظرہ نے اپنی اپنی راہ لی اور قہر درویش بر جان درویش کہہ کر چلے آئے۔ اب اس دفتر طویل کو ختم کرتا ہوں پر خاتمہ پر دو ایک بات عرض کیے دیتا ہوں۔ عرض سے اگر کوئی شخص مجبور ہو جائے تو کسی کے نزدیک قابل اعتراض نہیں، بااینہمہ آپ کی دعا سے روز بروز شفا ہوتی جاتی ہے آپ کچھ تردد نہ فرمائیں، پر خدا تعالیٰ ایسا نہ کرے کہ آپ کو کسی بمبئی کی رجسٹری اور تار برقی کا عذر پیش آئے۔ جس کی تصدیق اور ضرورت پیش آمدہ کے اثبات میں آپ کو عرق ریزی کرنی پڑے۔ آخری کلام یہ ہے کہ آپ بغرض تخفیف تصدیع اپنے مریدوں کو ارشاد فرمائیں کہ جواب ترکی بہ ترکی کا خیال نہ فرمائیں۔ ورنہ یہ طرز بھی ہم کو کچھ یاد ہے گو ویسا کمال نہیں جیسا آپ کے مرید آپ کی نسبت خیال فرماتے ہیں جواب بہت جلد مرحمت ہو اور اقرار و انکار جو کچھ ہو، صاف صاف ارقام فرمادیں۔

الملتمس

ہیچمدان محمد قاسم

۱۲ راگست ۱۸۷۸ء

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# سوامی جی کا تیسرا خط

حضرت مولانا کے اصل گرامی نامہ کے جواب میں سوامی جی نے ایک خط اور لکھا اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اسی خط سے سوامی جی کا شوق مناظرہ کم ہونے لگا تھا کہ ان کو حضرت مولانا کے خط کے جواب کے لیے بہت سوچنا غور کرنا ہوگا، لکھتے ہیں:

"آپ کا نوازش نامہ جس کے ورود سے میں کل ممتاز ہوا تھا، عبارت و مضمون کے معاملہ میں ایسا درجہ رکھتا تھا کہ مجھے بہت کچھ غور و فکر کرنے سے پہلے ہی اس کا جواب دینا خالی از حکمت معلوم ہوا" [1]

اس لیے اک دن اس کا مختصر جواب لکھا جو یہ ہے:

پیشوائے دین اسلام مولوی محمد قاسم صاحب پرمیشر ہمیں اور آپ کو اور کُل کو ہدایت کرے۔

آپ کا نوازش نامہ جس کے ورود سے میں کل ممتاز ہوا تھا۔ عبارت و مضمون کے معاملہ میں ایسا درجہ رکھتا تھا کہ مجھے بہت کچھ غور و فکر کرنے سے پہلے ہی اس کا جواب دے دینا خالی از حکمت معلوم ہوا۔ مگر ہاں آج اس کا جواب جہاں تک مختصر ممکن نظر آتا ہے ارسال کرتا ہوں۔

حقیقت یہ ہے کہ آپ کے نوازش نامہ کے ایک ایک لفظ پر اعتراض ہے اور ہر ایک کے واسطے جواب معقول رکھتا ہوں۔ مگر اس شرط کے مفصل تحریر میں اب اپنے واسطے صرف تضیع اوقات سمجھتا ہوں، وجہ یہ کہ معقول بات کا جواب معقول نہیں ملتا۔ بلکہ ایسی طرز کی مجھے آپ سے ہرگز توقع نہیں ہو سکتی تھی مگر اپنا ہرگز یہ عقیدہ نہیں کہ کسی کی نسبت غیر مہذبانہ و ناہموار گفتگو استعمال کی جاوے جیسا کہ آپ اپنی تحریر میں استعمال کرتے ہیں، خیر ان معاملات کو علاحدہ

---

[1] ... ہیورں حیر تحریر صفحہ ۵۳

رکھ کر مدعائے ضروری الاظہار تحریر کرتا ہوں۔ آپ کے اور میرے درمیان کپتان اسواٹ و کرنیل مانسل صاحب کے سامنے یہ چار امر فیصل ہو چکے تھے (۱) تعداد حضار مباحثہ (۲) مکان مباحثہ (۳) وقت مباحثہ (۴) گفتگوے مباحثہ کا تحریر ہو جانا۔

اب میں آپ کی تحریر سے ان سب معاملوں میں آپ کا اتفاق نہیں پاتا۔ میری رائے میں عاقلوں کا یہ طریق ہے کہ جس معاملہ پر متفق ہو کر عہد کرتے ہیں پھر اس سے منحرف نہیں ہوتے، اگر کوئی بات یا دلیل مناسب نہ معلوم ہو تو اس پر اول ہی سے ہرگز اتفاق بھی نہ کرنا چاہیے، مگر بعد معاہدہ انحراف کرنا ہرگز جائز نہیں معلوم ہوتا۔ خیر میں اس بارے میں اپنی رائے یہ ظاہر کرتا ہوں کہ چار امور مذکور جو طے ہو چکے ہیں میں ان میں ہرگز تجاوز نہیں رکھ سکتا، ماننے نہ ماننے کا آپ کو اختیار ہے۔ کچھ جبراً تو آپ کو بحث پر آمادہ کیا ہی نہیں جا سکتا، اگر آپ ہر ایک دفعہ چند شرائط قبول کر کے پھر ان سے منحرف ہو جاویں۔ تو اس کا کچھ علاج نظر نہیں آتا، میں از جانب خود شرائط فیصل شدہ میں تبدیلی مناسب نہیں سمجھتا، اور نہ ایسا کرنے سے اتفاق کرتا ہوں اگر آپ کو شرائط کے فیصل ہونے میں کچھ شبہ ہے تو کپتان صاحب وغیرہ سے جن کے سامنے یہ امور طے ہو چکے ہیں دریافت کیجئے۔

چاروں ویدوں میں سے میرے ایک پر معتقد ہونے کی بابت جو آپ کا بیان ہے۔ جواب اس کے ملتمس ہوں نہیں معلوم آپ نے یہ تحریر کس بنیاد پر کی، میری کون سی تحریر و تقریر سے آپ نے یہ دریافت کیا کہ میں صرف ایک ہی وید کو مانتا ہوں۔ اے صاحب اس معاملہ میں میرا یہ عقیدہ ہے کہ چار ویدوں میں سے ایک جملہ بھی ایسا نہیں جس سے میں منکر ہوں، پھر وید کے ترجموں کی بابت جو آپ فرماتے ہیں سو صاف بیان نہیں کہ کن ترجموں سے مدعا ہے، اردو فارسی عربی میں تو تحقیق ہے کہ ابھی وید کا ترجمہ نہیں ہوا، لیکن انگریزی میں بعض بعض اجزاء کا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ترجمہ ہوا ہے، مجھے ان انگریزی مترجموں کی لیاقت کی نسبت بڑے بڑے اعتراض ہیں، ہم ان کی اتنی علمی ومذہبی لیاقت کو تسلیم نہیں کرتے اور یہی وجہ ہے کہ یہ انگریزی کے چند مختصر سے ترجمے قدیم تفاسیر سے کہیں مطابق نہیں ہوتے۔

خاتمہ میں ملتمس ہوں کہ علاوہ چار شرائط فیصل شدہ کے اور جو شرطیں آپ اپنی رائے میں مناسب سمجھتے ہیں تحریر فرمایئے میں اپنی رائے ان کی نسبت جلد ارسال کروں گا۔

زیادہ نیاز

۱۳ر اگست ۱۸۷۸ء

# حضرت مولانا کا چوتھا خط[1]

مگر ابھی سوامی جی نے مفصل جواب لکھنا شروع بھی نہ کیا ہوگا، اسی فکر میں ہوں کہ اس جنجال سے کیسے نکلوں، کہ حضرت مولانا نے ۱۳ر اگست کو چوتھا خط بھی رقم فرما کر ارسال فرمادیا۔ یہ خط حضرت مولانا کے اور خطوط کی نسبت طویل ہے، اس کا ایک ضمیمہ بھی ہے۔ اصل خط تین صفحہ کا ہے اور اس کے ساتھ ڈھائی صفحات پر مشتمل ضمیمہ بھی ہے۔ سوامی جی کا جواب پڑھنے سے پہلے حضرت مولانا کے چوتھے گرامی نامہ کا مطالعہ ضروری ہے، فرماتے ہیں:

بسم اللہ الرحمان الرحیم

پیشوائے دین ہنود سوامی جی دیانند سرستی صاحب اللہ تعالیٰ ہم سب کو راہ حق

---

[1] سوامی دیانند کی زیر نظر سوانح جیون چرتر میں اس خط کا نمبر شمار درج نہیں مندرجہ ص ۵۴۵، مگر اس سے پہلے ایک خط کو جس کی تاریخ تحریر ۱۳ر اگست لکھی ہے۔ چوتھا خط قرار دیا ہے، مگر دونوں باتیں غلط ہیں: پہلے جو درج ہے جس کو نمبر ۴ لکھا ہے وہ شاید غلطی سے اور بے موقع درج ہوگیا ہے، وہ دراصل نمبر ۶ ہے اور اپنی جگہ آرہا ہے اور جس خط پر شمار درج نہیں وہ نمبر ۴ ہے۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

دکھلائیے۔

السلام علی من اتبع الہدیٰ! کل ایک نیاز نامہ آپ کی خدمت میں آپ کے عنایت نامہ کے جواب میں ارسال کر چکا ہوں، آج یہ نیاز نامہ دو وجہ سے لکھنا مناسب معلوم ہوا۔ اول تو پرسوں جس وقت آپ کا عنایت نامہ پہنچا، بوجہ تشریف آوری بعض احباب اس وقت اس کی مطالعہ کا اتفاق نہ ہوا، تھوڑی دیر میں شام ہوگئی، اس وقت خط خفی کے کے پڑھنے میں دشواری معلوم ہوئی، صبح کو ایک نظر دیکھ کر اس کا جواب لکھا اور اس کی نقل کرا کر اسی وقت آپ کی خدمت میں روانہ کر دیا۔ غرض جلدی میں لکھا تھا، وقت تحریر نیاز نامہ تمام مضامین یاد نہ رہے، جو سب کا جواب لکھتا، اور مضامین تو چنداں قابل لحاظ نہ تھے پھر شکایت اشتہار کی معذرت بحکم ملاقات ونیاز ضروری تھے، اس لیے تاخر معذرت غدر بجالا کر عرض پرواز ہوں کہ اشتہار مذکور کے آویزاں اور چسپاں کرنے سے کچھ اپنا اشتہار اور آپ کی تشہیر مد نظر نہ تھی، فقط اس امر کا جتانا مقصود تھا کہ مناظرہ اور بحث کی خواستگاری ہماری طرف سے شروع نہیں ہوئی، میرے دیوبند سے یہاں تک آنے اور آپ کی اس طرف تشریف لے جانے سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ ابتدا اس کمترین کی طرف سے ہے، مگر یہ امر بے تفصیل جملہ سرگزشت متصور نہ تھی۔

باایں ہمہ بہ تقاضائے محبت مذہب ہر کسی کو اپنے مذہب کی صفائی مقصود ہوتی ہے اور برآت کا اپنے مذہب کے ہر کسی کو خیال رہتا ہے، مگر یہ بات بے اس کے نہیں ہو سکتی، کہ موافق مثل مشہور ''آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک''

دوسروں کے اعتراضوں کو سن کر بے باکانہ اپنے مذہب کے حقانیت کے اظہار کے لیے آ موجود ہو، اور ہر کسی کو زبانی اور نیز اگر ضرورت ہو تو بذریعہ تحریر اپنی آمادگی سے آگاہ کر دے۔

آپ نے کچھ اور سمجھ کر دوستانہ شکایت فرمائی اور مجھ کو ایسا شرمایا کہ کیا کہیے! اور اس شکایت سے بایں وجہ کہ شکایت بے عنایت نہیں ہوتی، اپنا ممنون بنالیا۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس لیے یہ گزارش ہے کہ یہ شکایت میرے نزدیک ہم سنگ عنایت ہے، اور کیا عرض کروں۔ غرض اپنی بڑائی اور آپ کی توہین منظور نہ تھی۔ گو آپ بوجہ خاکساری اپنے آپ کو اتنا نہ سمجھیں جتنا ہم سمجھتے ہیں، میرے خیال میں آپ اپنے زمانہ میں اپنے مذہب میں یکتا ہیں، منشی گھنیا لعل صاحب وغیرہ بھی شاید ہوں تو اتنے ہی ہوں۔ ہاں منشی اندرمن کی نسبت آپ کچھ نہ فرمائیں، بوجہ عدم تعارف منشی گھنیالال کے حق میں تو میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ پر منشی اندرمن کو تو آپ رہنے ہی دیں، دو باتیں تو مجھ سے سن لیجئے، سال گزشتہ میں بوجہ کثرت الفاظ سنسکرت جب میں آپ کی تقریر کو نہ سمجھا تو قبل تکلیف دہی جناب مولوی محمد علی صاحب مصنف سوط اللہ الجبار، منشی اندرمن سے میں نے کہا کہ آپ پنڈت جی کی تقریر کا ترجمہ ہی کردیں انہوں نے آہستہ سے یہ جواب دیا کہ تو یہ ہے مجھے کبھی لکچر دینے کا اتفاق نہیں ہوا۔ جو لوگ یہ کام کرتے رہتے ہیں انہیں سے یہ کام ہوسکتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اول تو صبح کے جلسہ میں میری تحقیق کی نسبت آپ کو دوبارہ یوں کہنے کا اتفاق ہوا کہ کیا کہئے وقت ہولیا، اگر وقت باقی رہتا تو مولوی صاحب کی بات کا بھی جواب دیا جاتا۔ مگر قریب گیارہ بجے کے یعنی آخر جلسہ میں شاید بایں نظر کہ اب جلسہ برخاست ہوجائے گا اور اہل اسلام کو موقع جواب نہ ملے گا آپ نے میرے اس مضمون کی نسبت جس میں میں نے یہ ثابت کیا تھا کہ مادہ عالم وہ وجود واسع ہے جو ذات خداوندی سے ایسی نسبت رکھتا ہے، جیسے شعاعیں کرۂ آفتاب کے ساتھ۔ یہ ارشاد فرمایا کہ اگر مولوی صاحب کا قول صحیح ہو، تو بایں نظر کہ برائی بھی عالم میں ہے خدا کی طرف برائی عائد ہوگی۔ اس کے بعد میں موقع گفتگو پر پہنچا تو پادری صاحبوں نے نہ مانا اور یہ کہا کہ جلسہ کا وقت ہوچکا۔ اس وقت میں نے آپ سے عرض کیا کہ پنڈت جی گفتگو تو اب ہمارے اور آپ کے درمیان ہے، آپ ذرا ٹھہر جائیے۔ آپ نے بھی یہ فرمایا کہ مجھ سے بھی ٹھہرا نہیں جاتا بھوجن کا وقت آگیا ہے، یہاں تک کہ میں نے اپنی یاد

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کی موافق آپ کا ہاتھ تک پکڑا۔ پر آپ ہاتھ چھوڑا کر چل دیئے، جب آپ کی طرف سے بھی بے اعتنائی ہی دیکھی تو پھر میں منشی اندرمن کی خدمت میں پہنچا اور یہ عرض کیا کہ پنڈت جی تو نہیں سنتے آپ ہی سنتے جائیں، ان کو کچھ موقع عذر سمجھ میں نہ آیا، ناچار سننا پڑا۔ میں نے عرض کیا، جواب تو اس اعتراض کا بطور دفع دخل مقدر میں اپنی تقریر اور تحقیق کے وقت ضمن مثال میں دے چکا ہوں، اس کو سمجھ لیجئے۔ تو پھر اس اعتراض کا موقع ہی نہیں رہتا۔ پھر جب پنڈت جی نے اس کا کچھ لحاظ نہ کیا تو مجھ کو مکرر مفصل عرض کرنا پڑا۔ غرض اس وقت وہ مضمون عرض کیا جس کی بنا اس بات پر تھی کہ بحیثیت فاعلیہ و مفعولیہ فاعل کا اثر تو مفعول کی طرف آتا ہے پر مفعول کا اثر فاعل کی طرف نہیں جاتا۔ اس پر منشی صاحب نے فرمایا تو یہ فرمایا کہ شاید پنڈت جی اس پر اور کچھ اعتراض کریں، میں نے ان کے ابھارنے کو یہاں تک کیا کہ پنڈت جی سے قیامت تک بھی انشاء اللہ تعالیٰ اس کا جواب نہ آئے گا، مگر پھر بھی وہ کچھ نہ بولے، اور اٹھ کر چل دیئے۔ اگر وہ بھی منجملہ اہل کمال ہوتے اور آپ کا خیال ان کی نسبت صحیح ہوتا تو اور بھی نہیں تو موقع مذکور میں تو بولتے۔ یہی وجہ معلوم ہوتی ہے کہ باوجودیکہ ان کا نام بھی مناظرین میں تھا، دونوں روز اول سے آخر تک کچھ نہ بولے، بایں نظر کیوں کر کہہ دیجئے کہ وہ تو اہل کمال میں سے ہیں اور آپ بایں ہمہ جرأت ان سے کم نہیں مگر آپ کو ان باتوں کی کیونکر خبر ہوئی ہوگی جو بہ نسبت منشی اندرمن حسن ظن میں کچھ فرق آتا۔ مگر میرے نزدیک ان کا بلانا بے سود ہے، میں تو یوں گمان کرتا ہوں کہ اگر منشی صاحب کو یہ گمان بھی ہوگا کہ شاید مجھ کو گفتگو کرنی پڑے تو انشاء اللہ اس طرف کا خیال بھی نہ کریں گے۔ دوسری وجہ تحریر نیاز نامہ کے یہ ہے کہ آپ کو شاید مجمع عام کے ہونے سے علی ہذا القیاس جلسہ کے قریب شہر ہونے سے اس وجہ سے تامل ہو کہ ہنوز آپ کو اس کی دلائل پر نظر نہیں، اس لیے جلدی میں کچھ وجوہ لکھ کر عرض کرتا ہوں اس کے بعد کچھ اور سمجھ میں آئے گا تو مکرر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

عرض کروں گا۔ اب آپ کی حق پرستی سے مجھ کو یہ امید ہے کہ باوجود اصرار معلوم خلاف عادت آپ بھی مجمع عام ہی کی رائے دیں گے اور کچھ تامل نہ فرمائیں گے۔ اور گو آپ گفتگو سے انکار کر چکے ہیں جیسا آج کے خط سے معلوم ہوتا ہے، مگر پھر بھی طوعاً و کرہاً گفتگو پر آمادہ ہو جائیں گے۔ اے صاحب آپ کے مشتاقوں کو اپنے محروم ہو جانے سے کمال ہی رنج ہے بہر میشر کے لیے اب تو آپ مان ہی لیجیے۔ باقی چاروں ویدوں کی تعلیم سے ہم کو کمال ہی درجہ کی خوشی ہوئی، پر اس کا رنج ہے کہ آپ اس کو بھول گئے جو کپتان سٹوارٹ صاحب کے سامنے چند آدمیوں کے مجمع میں آپ نے ارشاد فرمائے تھے، لیکن بڑا افسوس ہے کہ آپ اس قول کے پھر جانے سے نہیں شرماتے۔ اور ہم کو یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ معاہدہ کر کے نہیں پھرا کرتے۔ سبحان اللہ کیا کہیے، خدا جانے اس میں بھی کچھ بھید ہوگا۔ شاید آپ کو یاد نہ رہا ہو آپ اپنے ان مریدوں سے ہی دریافت کریں جو اس وقت ساتھ تھے۔ ان کو یاد ہوگا ورنہ کپتان صاحب سے دریافت کر دیکھیں، ان سب سے بڑھ کر یہ ہے کہ کرنیل صاحب کو بھی آپ گواہ فیصلہ قرار دیتے ہیں۔ اے صاحب ان کے سامنے تو ہماری آپ کی کچھ گفتگو نہیں ہوئی، مگر کاش آپ اسی پر پختہ رہیں، باقی شکایت عدم تہذیب آپ کو زیبا نہیں، اول تو میرے کلام میں کوئی جملہ خالی از تہذیب نہ تھا، دوسری آپ نے نہ دیکھا کہ ابتداء کس نے کی مصرعہ۔ ”ذرا انصاف تو کیجیے نکالا کس نے شر پہلے“

جس جملہ کو آپ نے غیر مہذب سمجھا اس کے معنی آپ کچھ اور سمجھ گئے ہیں، اس کے یہ معنے نہیں جو آپ سمجھے، زیادہ کیا عرض کروں آپ سے توقع مناظرہ ہی رہی۔

العبد محمد قاسم

۱۳ ؍ اگست ۱۸۷۸ء

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

مکرر گزارش یہ ہے کہ آج آپ نے اور بھی ترقی فرمائی کل کے عنایت نامہ میں تو تین ہی شرطیں طے ہوئیں تھیں۔ آج چوتھی شرط بھی طے ہوگئی، اس انداز سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ روز معہود سامی تک بے طے کیے ہوئے سب شرطیں طے ہوجائیں گی، اتنی راست بیانیوں پر یہ آپ ہی کی جرأت ہے ہم کو منحرف بناتے ہیں۔ مہاراج کرنیل صاحب. آپ کے گواہ ہوگئے، کپتان صاحب کو آپ نے گواہ بنالیا، ہمارے واسطے آپ نے کس کو چھوڑا۔ اے صاحب یہاں سے کرنیل صاحب دور نہیں۔ کپتان صاحب کی چٹھی موجود ہے، وہ منشی احسان اللہ صاحب کو لکھتے ہیں کہ امور مذکورہ میں باہم متفق ہوکر اور فیصلہ کرکے ہم کو اطلاع دو تاکہ ہم اس رائے میں شریک ہوں یا اور کچھ رائے دیں، اگر ان کے نزدیک فیصلہ ہو چکا تھا تو یوں کہو کپتان صاحب کی نسبت بھی آپ نے جھوٹ ثابت کردیا، شاید انہیں باتوں کو آپ معقول باتیں سمجھتے ہیں، جن کے بھروسے یہ فرماتے ہیں کہ معقول بات کا جواب نہیں ملتا۔ اے صاحب اگر آپ کپتان صاحب پر بھروسہ رکھتے ہیں تو وہی ہمارے حاکم رہے جو وہ تجویز فرمادیں اور جس کی طرف ان کی رائے ہو وہی ہم کو منظور ہے، اور انہیں سے یہ بھی دریافت کیا جاوے کہ وید کی بابت آپ نے کیا کہا تھا اور اب کیا کہتے ہیں اور ہم نے مانا فیصلہ ہو گیا تھا، مگر ہم اگر اپنے نفع کی کہیں تو آپ نہ مانیں، آپ فرمائیے ہمارا مجمع عام اور میدان وسیع میں کیا نفع ہے، یہ تو نفع عام ہے اور یا آپ کی جرأت اور علم کا اظہار ہے۔ پھر اگر ہم بعد معاہدہ کے آپ سے یہ التماس کریں کہ آپ بہ نسبت سابق اور عنایت کریں اور تعداد کو معدود نہ کریں تو آپ کو کیوں انکار ہے۔ ہاں اگر اس قسم کی تردید ممنوع ہو تو یوں بھی سہی، آپ انصاف سے کہیے کہ یہ بات کون سے وید کے رو سے ممنوع ہے، باقی یہ جواب جو آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھ کو تیرے لفظ لفظ پر اعتراض ہے۔ واقعی کمال ہے ... انصاف کا جملہ ہے اور کمال ہی درجہ کے حقانیت کی بات ہے اور کیوں نہ ہو اہل علم ہی میں یہ کمال ہوتا ہے کہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کسی کی صحیح بات اور لفظ لفظ کو غلط کردیں، مگر مجھ کو ان اعتراضوں کی اطلاع کی آرزو ہی کیا کہیے، آپ کی اس مختصر نویسی سے یہ رنج اٹھانا پڑا، ورنہ آپ بیشک تحریر فرما ہی دیتے۔ پنڈت جی صاحب میں اس کے آگے کوئی مرتبہ نہیں دیکھتا جو جواب میں لکھوں، بجز اس کے کیا لکھوں کہ آپ کے لفظ لفظ اور غلط صحیح باتیں سب صحیح ہیں، خود یہی کہہ سکتا ہوں اور کیا کہوں۔ جناب پنڈت جی صاحب اگر معاہدہ اسی کا نام ہے تو یوں کہو کل کو آپ ان مالداروں کو بھی افزائش مقدار خرچ فقرا سے منع کریں گے۔ جنھوں نے یہ التزام کر رکھا ہو کہ روپیہ دو روپیہ اور فقیروں کو بانٹ دیا کریں۔ بایں ہمہ اگر کچھ خرابی آگئی تو ہماری جانب سے آئی گئی آپ کو کیا نقصان؟ البتہ اس میں نقصان ہے کہ کہیں کچھ کہہ دیا کہیں کچھ، کپتان صاحب کے بنگلے میں گئے تو تین بیدوں سے انکار کردیا اور مریدوں کے تھامنے کا وقت آیا تو چاروں کو برسر وچشم رکھا، کانپور کے اشتہار میں اکیس شاستروں پر ایمان لائے اور کہیں اور پہنچیں تو صرف چار بیدوں پر قناعت فرمائی، کبھی سارے حصہ واجب التسلیم اور کبھی برہمن کا انکار اور منتر بھاگ کا قرار، مگر تعجب اس پر آتا ہے کہ پہلے زمانہ میں تو آپ تبدیل عقائد پر بھی قادر تھے، اور اب دوسو آدمیوں سے آگے بڑھانے کی بھی طاقت نہیں۔ پنڈت صاحب عقیدہ تو ایک امر خارجی کے تابع ہوتا ہے۔ یعنی کسی مخبر عنہ کی خبر ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ امر خارجی واقعی کسی کے اختیار میں نہیں، واقعی کو کوئی غیر واقعی نہیں بنا سکتا، غیر واقعی کو واقعی نہیں کرسکتے۔ اگر تبدیل عقائد مشار الیہ پر آپ اس وجہ سے قادر ہیں کہ آپ تبدیل امور خارجہ پر بطور مذکور قادر ہیں تو انسا عہد و تسلیم التماس احقر پر آپ کو قدرت کیوں نہیں؟ اور اگر وجہ تبدیل یہ ہے کہ اپنی غلطی معلوم ہوگی تو بیان فرمائیے، آپ کی رائے کی صحت پر کیا دلیل ہے۔

باقی رہی میری رائے اس کی صحت، اول تو آپ کو کپتان صاحب کی کوٹھی پر اس وقت معلوم ہوگئی تھی جب آپ وجوہ معروضہ احقر کی تردید نہ کرسکے اور جو کچھ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

شک ہو گا وہ انشاءاللہ اب زائل ہو جائے گا، یہ تو میں جانتا ہوں کہ تامقدور آپ گفتگو نہ کریں گے اور جس طرح ہو سکے گا ٹلائیں گے، مگر میں اپنے شوق کو کیا کروں اس لیے آپ کے اس پردہ میں انکار پر بھی میں بے پردہ اصرار کیے جاتا ہوں۔ پنڈت صاحب اگر بالفرض میں معاہدہ سے انحراف کرتا ہوں تو آپ بروئے انصاف مباحثہ سے انکار کرتے ہیں، حضرت سلامت معاہدہ اس کو کہتے ہیں کہ ایسے معاملات میں جن میں طرفین کو نفع نقصان کا احتمال ہو جیسے بیع وشرا وعہود سلاطین باہم کسی بات پر راضی رضا ہو جائیں، اس سے انحراف برا ہے یہاں کس کا نفع اور کس کا نقصان ہے۔ یہ جواب انحراف کو مذموم سمجھتے ہیں اور منحرف نہیں ہوتے، آپ اوروں سے تو مشورہ کیجیے۔ اگر اہل فہم ہوں گے تو یہی کہیں گے کہ اگر دوسری بات میں زیادہ خوبیاں نظر آئیں۔ تو پھر پہلی بات پر اڑ جانا اور ہٹ کیے جانا ضد کرنا عاقلوں کا طریقہ نہیں، اوروں کا طریقہ ہے، اس لیے بال ہٹ اور تریاہٹ کسی کو پسند نہیں آتی۔ اب التماس یہ ہے کہ آپ جس طرح بن پڑے میدان اور مجمع عام کو تسلیم فرمایئے ہماری منتوں پر نظر کیجیے، یہ بھی نہیں تو ایک جہان کی آرزو پر خیال فرمایئے۔ اس کی بھی پرواہ نہیں تو موجودہ معروضہ عقلی ہی کا اتباع کیجیے، یہ بھی نہیں ہو سکتا پر میشر ہی کے لیے اعلان حق پر کمر باندھیے، ان سے بھی غرض نہیں تو اپنی اور اپنے مریدوں کی آبرو تو سنبھالیے، یہ بھی منظور نہیں تو یہی کہہ دیجیے کہ مجھ میں جرأت نہیں، ہم اپنا سامنہ لے کر چلے جائیں گے۔ اب گزارش یہ ہے کہ آپ کو پچاس سے دوسو تک آنا تو یاد رہا، پر یہ یاد نہ رہا کہ ہم دوبارہ یہ عرض کر چکے تھے کہ اس شرط کو ملتوی رکھئے، کیا ملتوی کے یہ معنے نہیں کہ اس پر پھر بحث کی جاوے گی، ہاں شاید آپ یہ فرمانے لگیں کہ ملتوی کہنے کو پہلے کہا تھا مگر اس کا کیا جواب دیجیے گا کہ ہم نے اٹھتے وقت یہ کہا تھا کہ اگر آپ دوسو سے زیادہ نہیں بڑھتے تو اتنا تو کرو کہ ان کے سوا جن کے ہم ضامن ہوں وہ آجائیں۔ البتہ آپ نے اس وقت بھی موافق مصرعہ ''خلقے ہمیت یک

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

طرف این بندہ تنہا یک طرف نمانا۔ مگر میری رضامندی کے لیے بھی تو کوئی دلیل چاہیے، اگر آپ ایشور کو گواہ کر کے یہ فرمادیں کہ تو راضی ہو گیا تھا تو یوں ہی سہی، باقی بندوں کے ترجموں کی نسبت آپ کی تحقیقات تو نئی ہی نکلی، اکبر بادشاہ اور دارا شکوہ کے زمانہ کے ترجموں کو پہلے صفحہ ہستی سے نیست و نابود کر دیتا تھا، پھر یہ کلمہ کہنا تھا یوں تو یہ باتیں زیبا نہیں۔ جواب جلد عنایت فرمائیے۔ دن تھوڑے رہ گئے ہیں، آنے والوں کے پیام چلے آتے ہیں، آپ کے حصہ کی شرم بھی ہمیں ہی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ تھوڑی سی خیرات فرمائیں تو سب کا دل بھلا ہو جائے گا۔

محمد قاسم

۱۴ر اگست ۱۸۸۷ء

## سوامی جی کا خط نمبر چار

سوامی جی حضرت مولانا کے مذکورہ دونوں خطوں کا مفصل اور ایک ساتھ جواب لکھا، لطف کی بات یہ ہے کہ اس خط سے خود ان الزامات کی تردید ہو رہی ہے جو سوامی جی نے اپنے تیسرے خط میں حضرت مولانا پر لگائے تھے۔ یہ خط اس مراسلت کا سب سے بڑا خط ہے، جو سوامی دیانند کے جیون چرتر کے طویل ساڑھے آٹھ صفحات پر مشتمل ہے[1] پھر بھی ناقص ہے۔ خط کا آخری حصہ ایسا غائب کیا گیا ہوا تھا کہ جو جیون چرتر کے مرتب سے بھی نہیں پڑھا گیا، حالانکہ جیون چرتر کے جامع اور مرتب لیکھ رام آریہ مسافر اور لکشمن دونوں کی عمریں سوامی دیانند کی تحریریں اور مسودات پڑھنے میں گزری تھیں اور دونوں سوامی دیانند کی تحریر دل اور فکر کے ماہر تھے، مگر پھر بھی یہ ضمیمہ ان کی دسترس سے باہر رہا، لکھا ہے کہ:

"آگے ضمیمہ ہے" جس میں ان وجوہ کی تردید ہے جن کے لحاظ سے اجازت

---

1. جیون چرتر، مہرشی سوامی دیانند صفحہ ۵۴۰ سے ۵۴۸ تک

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

عام کا ہونا ضروری سمجھا جاتا ہے، مگر بہ لحاظ بد خط ہونے کے باوجود سخت کوشش کے وہ نہیں پڑھا جاتا، بنابر آں ترک کر دیا گیا۔"[1]

## مریدین کے اس اعتراف کے بعد اب سوامی جی کا اصل خط ملاحظہ ہو

پیشوائے دینِ اسلام مولوی محمد قاسم صاحب پر میشر آپ کو اور ہم کو اور کل کو ہدایت بخشے۔

کل آپ کا عنایت نامہ بجواب نیاز نامہ مرسلہ ۱۳/ اگست و نیز بجواب عریضہ مرسلہ یکشنبہ گزشتہ وارد ہوا۔ آپ کے نوازشنامہ کے ابتدائے کی نسبت میں از جانب خود اظہار بندوبست کی ضرورت سمجھتا ہوں۔ بالخصوص اس وجہ سے کہ آپ نے شکایت اشتہار بحکم ملاقات اور ہی خیال فرمائی اور گو عبارت اشتہار سے وہ امور بخوبی واضح ہیں کہ جن پر شکایت کی بنا تھی مگر درحالیکہ آپ بقصد صدرات عنایت و کرم اپنے عنایت نامہ میں اپنا مقصد اور ہی بیان فرماتے ہیں تو میری رائے میں باوجود تحریری عبارت کے نقص لفظی کے بھی اُن شکایتوں کا یاد رکھنا ہرگز مناسب نہیں معلوم ہوتا اور گو میں جانتا ہوں کہ بحث و مناظرہ کی خواستگاری اولاً میری طرف سے نہ تھی، لیکن میرا مدعا سوائے اظہار حق بلا تخصیص بیک مذہب اور کچھ نہ تھا لیکن تو بھی اب آپ کے اس محبت آمیز تحریر کی تردید بخیال کس کے اس میں صحت مطلب نہیں اس موقعہ پر گوارا نہیں کرتا۔ آپ پھر اپنے نوازشنامہ میں اپنی لیاقت کے سبب میری ویسی ہی قدر دانی فرماتے ہیں، جیسے آپ اپنی رائے صاحب کے موافق پہلے بھی ظاہر کر چکے تھے۔ لیکن میں چونکہ اپنی نسبت منشی گھنیالال و منشی اندرمن و دیگر اصحاب کو کہ جن سے آپ واقف نہیں معلوم ہوتے، معاملات مذہبی (دین اسلام) میں بدرجہا فائق پاتا ہوں، لہٰذا آپ کے اس سخن گسترانہ طرز توصیف سے کہ جس کے میں لائق

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

نہیں صرف خجل ہوتا ہوں، مگر افسوس صد افسوس کہ منشی اندر من صاحب کی نسبت جو آپ تحریر فرماتے ہیں ہرگز قابل تسلیم نہیں ہوسکتا۔ جو دو وجہیں کہ آپ اپنے کلام کے ثبوت کی غرض سے پیش کرتے ہیں اُن کی صحت کی شہادت آپ کے کلام میں کہیں بھی پائی نہیں جاتی۔ اول تو یہ کہ منشی اندر من صاحب اُس موقعہ پر مجھ سے کبھی علیحدہ نہیں ہوئے۔ البتہ جن معاملات میں آپ اُن سے گفتگو کرنا بیان کرتے ہیں، البتہ قبل از وقت ابتدائے مناظرہ آپ چند صاحبوں نے اُن سے یہ درخواست کی کہ منشی صاحب اگر آپ ذرا سی دیر کے واسطے عوام سے علیحدہ تشریف لادیں تو آپ سے ایک امر تنہائی میں طے کیا جاوے۔ منشی صاحب نے اس امر کو منظور کیا اور پادری نول صاحب کے ڈیرے کے قریب آپ کے ساتھ ہوئے، تنہائی میں آپ صاحبوں نے منشی صاحب سے یوں فرمایا کہ حضرت ہماری اور آپ کی کتابی بحث مدت سے چلی آتی ہے، اور اسی طرح چلی جائے گی ہمارا آپ کا کوئی نیا مناظرہ نہیں، اس موقعہ پر ہماری رائے یہی ہے کہ آپ خاموش بیٹھے رہیں تو بہتر ہے اوروں سے گفتگو ہوتی رہے گی۔ منشی صاحب نے بجواب فرمایا کہ جیسا مناسب مجلس ہوگا آپ کے ارشاد کی تعمیل کروں گا۔ الا بہ وقت مناسب، وہ حسب ضرورت خاموشی مشکل سے اختیار ہوسکتی ہے۔ ہاں اگر آپ کی اس درخواست اور منشی اندر من صاحب کے اس جواب سے ان کی لیاقت کی نسبت آپ کو ایسی رائے قائم ہوئی ہو تو فی الواقع ہر عاقل کے نزدیک واجب التسلیم ہے۔ دوسری کی راست بیانی کے ارتفاع کی تو انتہا ہی نہیں پائی جاتی کہ آپ نے مجھ سے ایک معاملہ مناظر میں گفتگو کرنی چاہی، مگر میں نے تجوجن کا عذر کیا، حتیٰ کہ آپ نے میرا ہاتھ تک بھی پکڑ لیا، مگر میں بزور ہاتھ چھوڑا کر چل ہی دیا۔ اے صاحب منشی پیارے لعل صاحب اور دیگر چند صاحب جو شریک انجمن تھے وہ بہت دور نہیں ہے۔ انہیں تحریر کیجئے اور شہادت بہ مصداق بیان منگا لیجئے، پھر اگر ان امور کی صداقت میں انکار بیجا ہوگا تو اسے بھی ہرگز گنجائش نہ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

رہے گی۔ پھر آپ کا یہ فرمانا کہ باوجودیکہ منشی جی کا نام مناظرین میں تھا دونوں روز اول سے آخر تک کچھ نہ بولے، مجھے یقین نہیں آتا کہ اس موقع پر آپ کی تحریر سے یہ مطلب ہے چونکہ منشی صاحب کو دوروز تک کچھ فرمانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس سے منشی صاحب کی عدم لیاقت کا ثبوت ہوا۔ اگر آپ کا دراصل یہی مطلب ہے تو سید ابوالمنصور صاحب کی لیاقت سے بھی آپ ضرور منکر ہوں گے، کیونکہ سید صاحب نے بھی دوروز تک اول سے آخر تک کچھ گفتگو نہیں کی پھر آپ کا یہ گمان کہ منشی صاحب کا بلانا بے سود ہے الخ۔ آپ خاطر جمع رکھئے میں منشی صاحب کو نہیں بلاتا، میں آپ کی نصیحتانہ گفتگو کا مدعا خوب سمجھتا ہوں۔ منشی صاحب تو ذکر مباحثہ سن کر جیسا اس طرف تشریف لانے کا خیال کریں گے یا نہ کریں گے میں خوب جانتا ہوں، مگر ان کے یہاں تشریف لانے سے واقعی مجھے ایک خوف ہے وہ یہ کہ منشی صاحب کی غیبت میں جنہوں نے یہاں برائے مباحثہ تشریف لانے کا خیال کیا ہے کہیں وہ اپنے خیال کو خیال خام نہ سمجھ جائیں اور پھر اس سمجھ کا نتیجہ بھی کچھ اور ہو۔ خیر اب اس مدعا کو ختم کرتا ہوں اور دوبارہ اس نیاز نامہ میں گزارش کرتا ہوں کہ میں کبھی چار وید کا قائل ہونے سے منحرف نہ تھا۔ یعنی ایسا کبھی نہیں ہوا کہ میں نے صرف ایک وید کو تسلیم کیا ہو اور باقی کو نہیں، مجھے آپ کی لیاقت پر ہرگز یہ گمان نہیں ہوتا کہ میں نے اپنا اظہار اعتقاد جو وید مقدس کی نسبت کیا تھا۔ اس نے اپنے خلاف واقعی معنے سمجھے ہوں گے یہ تو بڑے ہی تعجب کا مقام معلوم ہوتا ہے کہ کپتان صاحب جو اس ملک کے اہل زبان نہیں میرے مختصر سے بیان سے مدعائے اصلی سمجھ جائیں اور آپ جو صرف یہی نہیں کہ باشندہ ممالک مغربی وشمالی ہیں بلکہ ان اضلاع کے خواص میں سے ہیں، مدعائے اصلی کو چھوڑ کر کچھ اور ہی معنے خیال کر لیں، اس وقت جو میں نے اپنی گفتگو سے متعلق الفاظ استعمال کئے تھے وہ قریب یوں تھے۔

میں صرف ایک قرآن ہی پر اعتراض کروں گا اور آپ بھی صرف ایک وید پر

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کیجئے، کہ اس جملہ میں جو لفظ ایک دو جگہ واقع ہوا ہے اس سے اظہار تعداد مقصود نہیں ہے بلکہ ایک لفظ صرف کی اعانت کا اعادہ کرتا ہے اور یہی وجہ تھی کہ اس جملہ کے اظہار کے وقت لفظ ایک سے معنے مذکور کے استحصال کے لیے اس لفظ پر اور بالخصوص اس کے حرف وسطی پر دیگر الفاظ کی نسبت کم زور دیا تھا۔ پرسوں کپتان صاحب سے میں نے جو اس بارے میں گفتگو کی تو وہ افسوس کرنے لگے کہ مولوی صاحب نے اس سادہ جملہ کے معنے ایسے خلاف موقع سمجھ لیے، پھر آپ مجھ سے اس امر کے شاکی ہیں کہ میں نے کرنیل صاحب کو اپنا گواہ فیصلہ قرار دیا، میں اب بھی کرنیل صاحب کو گواہ قرار دیتا ہوں۔ کپتان صاحب سے جب میں نے اس شکایت کا ذکر کیا تو وہ فرمانے لگے کہ بیشک کرنیل صاحب گواہ فیصلہ ہیں۔ اگر آپ کو اس امر میں کچھ کلام ہو فوراً کپتان صاحب و کرنیل صاحب سے میرے اس نیاز نامہ کے حوالہ سے دریافت کیجئے۔ نیز آپ کو معلوم ہوگا کہ آیا میں نے آپ کے قول کے موافق کپتان صاحب کی نسبت جھوٹ ثابت کر دیا یا آپ نے ہر دو صاحب کی نسبت جھوٹ ثابت کیا۔ آپ فرماتے ہیں مجھے شکایت عدم تہذیب زیبا نہیں اور اس کا ثبوت یہ دیتے ہیں کہ مصرعہ "ذرا انصاف تو کیجئے نکالا کس نے شر پہلے" تسلیم میں اس ثبوت کو کافی سمجھتا ہوں۔ اس معاملہ کے متعلق میری اول تحریر اور آپ کا اشتہار بھی پڑھئے اور انصاف کیجئے۔ باقی رہا آپ کا یہ جملہ کہ جس جملہ کو آپ نے غیر مہذب سمجھا الخ۔ اے صاحب معنے ان الفاظ سے وہی لیے جاویں گے جن کے واسطے وہ موضوع ہیں۔ ہاں اگر آپ کہنا کچھ اور چاہیں اور کہیں کچھ اور یعنی مدعا کچھ ہو اور ادائے مدعا اس سے مختلف، تو ایسی تحریر و بیان سے وہی مدعا سمجھ سکتا ہے جسے آپ نے پہلے فرما دیا ہو کہ میں کہوں گا یوں لیکن تم نے اس بیان سے یہ دیگر مطلب دیگر سمجھنا مگر شکر ہے کہ آپ نے اپنی کل تحریر سے آخر ایک جملہ پر غیر مہذب ہونے کا شبہ تو کیا، مگر ہر مذہب کے نزدیک ایک کیا کتنے ہی جملے اس صفت سے موصوف بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ اس

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

عیب سے معیوب ہیں۔ نیز آپ کا یہ قول کہ آج آپ نے اور نئی ترقی کی، کل کے عنایت نامہ میں تو تین ہی شرطیں الخ جناب مولوی صاحب! انصاف کو ہاتھ سے نہ دیجئے، ذرا مدعا ہی کی طرف بھی مائل ہو جائیے۔ نیاز نامہ سابق میں تین طے شدہ شرائط کا ذکر کیا گیا اور اس سے بعد کے خط میں حسب ضرورت چار طے شدہ باتوں کا ذکر آیا۔ نہ پہلے خط میں یوں لکھا تھا کہ تین ہی شرطیں طے ہو چکی ہیں، نہ دوسری کا بیان ہے کہ صرف چار شرائط کا انفصال ہے، اختتام انفصال ہے۔ پہلے نیاز نامہ میں فیصل شدہ شرائط میں سے صرف تین کے ذکر کی ضرورت ہوئی تھی، اس سے بعد کے نیاز نامہ میں چوتھی فیصلہ شدہ شرائط بھی درج التحریر ہوئی۔ وجہ یہ ہوئی کہ نیاز نامہ اول کے جواب میں جو آپ کا خط آیا، اس میں آپ نے چوتھی شرط سے اظہار انحراف کیا، علاوہ ان چار شرائط کے اور بھی کئی شرطیں ہیں جو طے ہو چکی ہیں، مگر بار بار آپ کی خدمت میں ان کے اظہار کی ضرورت پیش نہ آئی۔ لیکن اگر آپ اب ان میں سے کسی سے منحرف ہوتے نظر آتے یا کوئی اور موقع ضرورت بیان کرتے تو بلا شک ان شرائط کا بھی ذکر نیاز نامہ جات آئندہ میں کیا جاوے گا۔ مثلاً آپ یاد کیجئے کہ سب سے اول یہ بات طے ہوئی تھی کہ مناظرہ میں دونوں جانب سے گفتگو مذہب ہندی مثل حکماء ملحوظ رہے، کوئی کسی کے بزرگوں و پیشواؤں کی نسبت الفاظ سخت استعمال نہ کرے۔ دوسری یہ کہ بوقت مناظرہ سوا میرے اور آپ کے اور کوئی صاحب نہ میری طرف سے نہ آپ کی طرف مباحثہ کے متعلق گفتگو کر سکیں گے۔ تیسری یہ کہ میں وید کا مجیب بنوں گا اور صرف قرآن پر معترض اور آپ بخلاف اس کے قرآن کے مجیب اور وید پر معترض۔ اب آپ ہی فرمائیے کہ چار شرائط مذکورہ سابق میں یہ تین بھی طے ہو گئی ہیں، یا نہیں۔ ذکر تو ان کا اب تک میں نے کسی نیاز نامہ میں نہیں کیا، ظاہر ہے کہ ضرورت ذکر بھی نہیں درپیش ہوئی۔ ماورائے ازیں یہ آپ کا اعتراض صرف اس حالت میں معقول گنا جا سکتا ہے، کہ جب یہ فرماتے کہ تین شرائط مذکورہ خط

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

سابق تو فیصل ہو چکے ہیں، یہ چوتھی فیصل بھی نہیں ہوئی۔ نہ معلوم آپ اس چوتھی کے طے ہو جانے کے مقر ہیں یا نہیں، کپتان صاحب وکرنیل صاحب کے گواہ ہونے کا آپ پھر ذکر کرتے ہیں اور میں پھر بجواب اس کے آپ کو مطلع کرتا ہوں کہ یہ امر میں ہی صرف نہیں کہتا کہ وہ معاملات طے شدہ کے گواہ ہیں، بلکہ وہ خود اپنے گواہ ہونے کے مقر ہیں اے صاحب! یہاں سے یہ دونوں صاحب کچھ دور نہیں، آپ ذرا ان کے مکان تک قدم رنجہ فرمایئے، یا بذریعہ تحریر دریافت کیجیے اور اپنی طبیعت کو تشفی بخشئے۔ پھر اس چٹھی کا ذکر کرتے ہیں جو کپتان صاحب نے منشی احسن اللہ صاحب کو تحریر کی تھی، میں نے آپ کی اس چٹھی کے متعلق عبارت کپتان صاب کو پڑھ کر سنائی تھی کپتان صاحب بیان کرتے تھے کہ لوگوں نے میری عبارت کے الٹے معنے لگائے اور کیا سمجھے اور فرمایا کہ میں منشی احسن اللہ صاحب سے ملوں گا تو کہوں گا کہ میرا یہ مطلب نہ تھا جو آپ سمجھے بلکہ یہ تھا۔ کپتان صاحب اس اپنی تحریر کی نسبت یوں فرماتے ہیں کہ ان کے پاس منشی احسن اللہ صاحب کا ایک اس مضمون کا رقعہ آیا، اتوار کا روز تھا کہ مولوی صاحب آپ سے امور متعلق مناظرہ کے معاملہ میں گفتگو کیا چاہتے ہیں۔ بجواب اس کے کپتان صاحب نے تحریر کیا کہ مجھے اب فرصت نہیں، مولوی صاحب کو چاہئے کہ وہ اور پنڈت صاحب باہم جس معاملہ میں گفتگو کی ضرورت سمجھیں کریں بعدہ میں بھی دیکھ لوں گا، در آں حالیکہ میں تسلیم کرتا ہوں کہ کپتان صاحب نے یہ جو کچھ فرمایا سچ ہے، تو میرا یہ کہنا کہ شرائط معلوم ان کے سامنے فیصل ہو گئی تھیں اور وہ گواہ فیصلہ ہیں، ہرگز کپتان صاحب کے بیان کے متناقص نہیں، بلکہ ان کی کلام کو میری کلام سے نسبت مساوی ہے۔ میں یہ ہرگز نہیں کہتا کہ کوئی شرط صرف میرے کہنے سے واجب التسلیم گردانی جائے، یا کپتان صاجب فرمادیں تو قابل سند شمار ہو یا کسی اور صاحب کی رائے پر صرف اس کا فیصلہ ہو، بلکہ اصل یہ ہے کہ وہ شرائط جو میں نے بہ کوشش تمام طے کرائیں اور جن پر آپ بہت سی گفتگو کے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

بعد راضی ہوگئے، میری رائے میں نہایت مناسب اور ضروری تھیں اور کپتان صاحب اور کرنیل صاحب نے بھی انہیں ایسا ہی خیال فرمایا اور ان کے اور ان کے طے ہونے سے مطمئن ہونے اور اب تک فیصلہ کے گواہ ہیں۔

آپ پھر یوں کیوں لکھتے ہیں کہ ہم نے مانا یہ فیصلہ بھی ہو گیا تھا کہ اے صاحب اگر فیصلہ نہیں ہوا تھا تو ہرگز تسلیم نہ کیجیے، میں تو ایک طرف کپتان صاحب و کرنیل صاحب جو اس کیمپ میں بڑے باوقار ہیں، ان کا تو اعتبار کیجیے۔

پھر آپ فرماتے ہیں کہ اگر اس قسم کی تردید ممنوع ہو تو یوں ہی سہی، آپ انصاف سے لکھیے کہ یہ بات کون سے وید کی رو سے ممنوع ہے الخ بیشک ہمارا یہ مذہبی عقیدہ ہے کہ جو بات مسلم الثبوت و معقول نہ ہو ہرگز واجب التسلیم نہیں ہو سکتی اور یہی وجہ ہے جو تعداد کے معدود ہونے میں اتنا سائل ہونا پڑا، بے وجہ نہیں کہتا، کیونکہ تعداد کا معدود ہونا نہایت معقول اور ضروری دیکھتا ہوں اور راس کے خلاف ہونے میں بہت نقصان نظر آتا ہے۔ اس امر کی تفصیل ضمیمہ منسلکہ رقعہ ہذا سے بخوبی واضح ہوگی جو ان وجوہ کے تردید میں پیش کرتا ہوں جو آپ نے تعداد کو معدود کرنے کی بابت میں اثبات کے واسطے قائم کی ہیں۔

آپ میرے اس لکھنے کے شاکی ہوتے ہیں کہ مجھے آپ کے لفظ لفظ پر اعتراض ہے۔ مجھے خوف معلوم ہوتا کہ آپ نے شاید اس موقع پر بھی لفظ لفظ کے ایسے معنی لیے ہوں گے جیسے میرے ویدوں کے اعتقاد کی بابت الٹے معنے سمجھ لیے تھے اور مدعا فہمی سے ہاتھ ہی دھو بیٹھے تھے، اس فقرے کے معنے لگاتے وقت یہ بھی خیال رکھیے کہ عبارت میں ایسے ہی موقع ہوا کرتے ہیں جہاں دلالت التزامی یعنی مجاز کے ماننے کی بھی ضرورت ہوا کرتی ہے، یہ تو جملہ مذکورہ کی عبارت سے بخوبی واضح ہے کہ معنے موضوع اثر اور معنے مدلول میں التزام کیسا قوی ہے۔ میں بیشک وہ کل اعتراض جو مجھے آپ کے اس کل تحریر پر تھے یہاں پر ظاہر کر دیتا، مگر چونکہ اس طول تحریر سے مدعائے اصلی فوت ہوتا معلوم

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہوا، لہذا اس سے در گزر کی۔ اب آگے آپ کی یہ تحریر "کہیں کچھ کہہ دیا کہیں کچھ" الخ۔ آدمی کو چاہیے کہ بات کو منہ سے نکالنے سے پہلے سوچ لے اور الفاظ وعبارت کو قلم سے پیچھے نکالے، پہلے ذرا غور بھی کر لے۔ کپتان صاحب کے سامنے معاہدے اور اپنے دیدوں کے اعتقاد کی نسبت تو میں مفصل بیان کر چکا اگر وہ بیان نیاز نامہ کو یہاں تک پڑھتے پڑھتے حافظہ سے محو ہو گیا ہو، تو ایک مطالعہ کر لیجیے، آپ فرماتے ہیں کہ کانپور کے اشتہار میں اکیس شاستروں پر ایمان لائے الخ۔ کیا خوب کچھے تو کیا سمجھے، ذرا پہلے کسی شاستر کے معنے دریافت کیجیے اور پھر اعتراض پر کمر باندھیے، اگر میں آپ سے آپ کے اس بیان کی صحت کا ثبوت طلب کروں تو فرمایئے آپ کیا جواب دیں گے۔ جناب میں نے اس مباحثہ میں وید مقدس کے اکیس مختلف تفاسیر کی صحت تسلیم کی ہے اور اب بھی ان کے صحیح ہونے کا قائل ہوں۔ آریوں میں شاستر صرف چھ ہیں ان سے اور ان تفاسیر سے کچھ بھی نسبت نہیں ہے۔ براہمن اور منتر بھاگ فرمایئے میں نے ان سے کہاں انکار کیا۔ دعویٰ بے ثبوت کے تو ہم قائل نہیں، آپ ہی اسے کچھ اظہار غنیمت سمجھتے ہوں گے۔

پھر آپ کا قول کہ پہلے زمانہ میں تو آپ تبدیل عقائد پر بھی قادر ہیں، تا التماس احقر پر آپ کو قدرت کیوں نہیں الخ۔ کیا تماشا ہے کہ پہلے تو آپ یوں لکھتے ہیں کہ امر خارجی واقعی کسی کے اختیار میں نہیں، واقعی کو کوئی غیر واقعی نہیں بنا سکتا اور غیر واقعی نہیں کر سکتے اور پھر آپ ہی ہماری طرف سے وکیل بن جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ تبدیل امور خارجہ پر بطور مذکور قادر ہیں۔ اے صاحب اگر ہمارے عقیدہ کی نسبت ہم سے بھی دریافت کر لیتے تو کیا گناہ ہوتا۔ اصل یہ ہے کہ وہ مسائل مذہبی جن پر عقائد مبنی ہیں قائم بالذات ہیں، ہرگز اس میں تبدیلی کو دخل نہیں۔ لیکن یوں دیکھئے کہ جب دو شخص ایک ہی مسئلہ مذہبی کو مطالعہ کرتے ہیں اور دونوں کی لیاقت علمی میں اختلاف ہے، اس وجہ سے ایک

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ایک معنے سمجھتا ہے دوسرا دوسرے معنی۔ فی الواقع ان میں سے ہر ایک یہ کبھی نہیں جانتا کہ معنے میں اصلی سے اختلاف پیدا کرتے ہیں، کیونکہ یہ امر اس کی طاقت سے قطعی باہر ہے۔ ہاں دوسرے کی نسبت وہ نقص فہم خیال کرتا ہے، مثلاً فساد قوت باصرہ سے اگر کسی کو اشیاء محیط فاحانت سے خود نظر آنے لگیں تو وہ اس کو اپنی بینائی کا فساد مانتا ہے نہ چیز کا اصل میں ہی چھوٹا ہونا۔ دوسرے یہ کہ میں یہ کبھی نہیں کہتا کہ میں دو سو آدمیوں سے تعداد کے آگے بڑھانے کی طاقت نہیں رکھتا، میں صرف یہ کہتا ہوں کہ جب تک کوئی وجہ معقول نہ ہو میں اس طاقت کا استعمال ہرگز جائز نہیں سمجھتا۔ کپتان صاحب کے مکان پر اس معاملہ میں جو کچھ آپ نے رائے ظاہر کی تھی میں اسے بخوبی سمجھا مگر افسوس کہ اس کے جواب میں جو کچھ میں نے عرض کیا وہ یا تو آپ بالکل بھول گئے، یا اول ہی نہ سمجھے تھے۔ اب ضمیمہ منسلکہ سے میرے سوال کا شرح اظہار ہو جائے گا، مگر میں نہیں کہہ سکتا کہ آپ ان کو باوجود معقول ہونے کے بھی تسلیم کریں گے، کیونکہ شرائط معقول کے تسلیم کرنے سے گفتگو مناظرہ کرنی ہی پڑے گی اور پھر آپ کی اس کوشش کا خون ہو جاوے گا جو آپ اس غرض سے کر رہے ہیں کہ کہیں مناظرہ تک نوبت نہ پہنچے۔ صرف بالائی باتوں ہی سے فیصلہ ہو جائے۔ شرائط نہ ماننا ہی ہمارے مباحثہ کا نتیجہ ہو مگر آپ شرطوں کو کیوں مانیں گے۔ یہ تو خوب معلوم ہے کہ تا مقدور آپ گفتگو نہ کریں گے، بعد اس کے آپ کا یہ فرمانا اگر بالفرض میں معاہدہ سے انحراف کرتا ہوں تو آپ بردئے انصاف مناظرہ سے انکار کرتے ہیں۔ اب میری نسبت جو آپ فرماتے ہیں اس کی بابت اول تو یہ کہ مناظرہ سے کب انکار کرتا ہوں، ہاں مناظرہ سے پہلے شرائط مناسب کا طے ہو جانا کہ جن سے درستی انتظام ملحوظ ہے، بلاشک چاہتا ہوں۔ آپ یہ جو فرماتے ہیں کہ معاہدہ اس کو کہتے ہیں جس میں طرفین کے نفع و نقصان کا احتمال نہ ہو، یہاں کس کا نفع اور کس کا نقصان ہے۔ تو یوں کہیے کہ شرائط مناظرہ سے متعلق معاہدہ ہو ہی نہیں سکتا

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

کیونکہ جو معاہدہ معلوم کے وجود کا قائل ہوں تو آپ دریافت کریں گے کہ اس کا موضوع الیہ ضروری کیا ہے اور مجھے بجواب اس کے التماس ہوتا ہے اپنا موضوع الیہ ضروری رکھنا ہے بلا موضوع الیہ کے وجود بمعاہدہ لازم نہ آئے گا۔ آپ کو درحالیکہ معاہدہ کرنا پڑے گا کہ اس معاملہ کا موضوع الیہ خوش انتظامی ہے، جس کی تکمیل اور غیر تکمیل کو نقصان کہیں گے۔ بعد عہود سلاطین و بیع و شراء کے باہم کسی بات پر راضی ہو جانے پر عہود کا خاتمہ نہیں ہو سکتا، عہود اور بھی ہوتے ہیں اور انحراف ان سے بھی اچھا نہیں۔ اگر آپ کے نزدیک سوائے ان دو عہود مذکورہ کے اوروں سے انحراف بھی روا ہے تو خیر ؎ "چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی" آپ ذرا انصاف کیجئے ہٹ دھرمی کو چھوڑیئے اور شرائط معقول کو معقول ہی کیجئے اور اگر بحث نہیں کرتے تو در پردہ کہتے ہو صاف فرما دیجئے، پھر زیادہ اس معاملہ میں تکرار نہ کی جاوے گی۔ گو ہمارا وقت بے سود ضائع کیا اور آپ کے معتقدوں کی لن ترانیاں نہ بنیں تو کہیے، آپ کی شرط معلوم پر راضی نہ ہونے کے لیے ایشور کی گواہی کی (بطور قسم) تو اس وقت ضرورت ہو سکتی ہے جب کپتان اسٹوارٹ و کرنیل مانسل آپ کی طرح منحرف ہو جائیں، ابھی گواہ موجود ہیں یوں ہی فیصلہ ہو جانا ممکن ہے۔ ویدوں کے ترجموں کی نسبت میری تحقیقات نئی نہیں ہے، نیست و نابود کا لفظ اس وقت صادقاً کہا ہے، جب پہلے وجود کا ثبوت ہولے، مثلاً قرآن کا ترجمہ اب تک زبان سنسکرت میں نہیں ہوا ہے، اس حالت میں آپ یوں نہیں کہہ سکتے کہ کس نے قرآن کے اس ترجمہ کو صفحہ ہستی سے غارت کر دیا۔ اکبر و دارا شکوہ کے وقت میں کہیں وید کا ترجمہ نہیں ہوا، صرف دارا شکوہ نے اُپ نشیدوں کا ترجمہ فارسی میں کیا اور اس کا نام سراکبر رکھا، مگر اس بیان میں آپ کا کیا قصور۔ آپ کو یہ تو خبر نہیں کہ وید کسے کہتے ہیں اور اُپ نشد کس کا نام

---

؎ آگے ضمیر ہے جس میں ان وجوہ کی تردید ہے جن کے لحاظ سے اجازت نامہ کا ہونا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ مگر بہ لحاظ بدخط ہونے کے باوجود سخت کوشش کے وہ نہیں پڑھا جاتا۔ بنا براں ترک کر دیا گیا۔ (مؤلف جیون چرتر سوامی دیانند) ص۴۱۱

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ہے، اُپ نشد ویدانت یعنی علم الحیات کس کی تصنیف سے ہیں، اور وید سے کیا علاقہ رکھتے ہیں۔ اور وید سے کس کا کلام مراد ہے اے صاحب ہم صرف وید ہی کو کلام الٰہی مانتے ہیں۔ اب خاتمہ پر ملتمس ہوں کہ انصاف فرما کر شرائط طے شدہ سے منحرف نہ ہو جایئے اور اپنی رائے سے آج ہی قطع فرمایئے اور اگر آج فرصت نہ ملے تو کل علی الصباح تک ضرور اطلاع دیجئے تاکہ کل بندوبست مناظرہ کا کیا جائے۔ آئندہ آپ کو اختیار ہے لیکن اس حالت اختلاف میں اپنی رائے سے مطلع فرمایئے۔ ۵/اگست ۱۸۷۸ء

سوامی جی جو اسلام پر اعتراضات کرتے تھے وہ زیادہ تر اپنی عام تقریروں اور عوامی جلسوں میں کرتے تھے اس لیے قدرتی طور پر مسلمانوں کی دلی خواہش تھی کہ ان کے اعتراضات کے جوابات عوامی جلسوں میں اور اگر ہو سکے تو سوامی کی موجودگی میں روبرو دیئے جائیں تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے اور بعد میں سوامی جی اور ان کے چیلوں کو ان اعتراضات کے دہرانے یا کم سے کم ان پر نازاں رہنے کا موقع نہ رہے، مگر سوامی جی جو حضرت مولانا کی حاضر جوابی اور تیز ذہن کا خوب مشاہدہ کر چکے تھے یہ خطرہ مول لینے کے لیے کسی صورت تیار نہ ہوئے، کبھی کوئی عذر ہوتا، کبھی کوئی اور آخر میں اس پر فیصلہ ہوا کہ خود سوامی جی کے مکان پر جو چھوٹا سا تھا اور جس میں حضرت مولانا محمد قاسم کی تصریح کے مطابق گھر کے سامان کے علاوہ صرف دس بارہ آدمیوں کی گنجائش تھی، آپس میں گفتگو ہو جائے چونکہ مسلمان جانتے تھے کہ سوامی جی مباحثے سے جان چھڑانے کے لیے ایک بڑے حیلہ کے طور پر اپنے مکان کی شرط لگا رہے ہیں مگر مجبور اس پر تیار ہو گئے اور اس شرط پر سوامی کے اصرار سے عاجز آکر مسلمانوں کے مقامی نمائندوں نے انگریز افسران کو درخواست دی کہ ہم چھاؤنی میں سوامی دیانند کی قیام گاہ پر سوامی جی کے اعتراضات کے جوابات دینا چاہتے ہیں ہمیں وہاں آکر مباحثہ اور جلسہ عام کرنے کی اجازت دی جائے کیونکہ چھاؤنی میں بغیر فوجی افسران کی اجازت کے عوامی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جلسہ یا پروگرام نہیں ہو سکتا اس لیے یہ کوشش کی گئی تھی مگر افسران شروع سے در پردہ سوامی جی کے ہم نوا تھے اور خود سوامی جی نے بھی مجمع ہونے کی صورت میں فتنہ وفساد کا شور مچار کھا تھا۔ اور سوامی جی کے ہم نوا پوری کوشش کر رہے تھے کہ مباحثہ و گفتگو نہ ہو، اس لیے افسران تیار نہیں ہوئے اور رڑکی چھاؤنی کی حدود میں جلسہ کی اجازت سے صاف انکار کر دیا۔ سوامی دیانند کے سوانح نگار نے مباحثہ کے لیے مسلمانوں کی درخواست اور افسران کے جوابات اپنی کتاب میں نقل کیے ہیں، دونوں کا مطالعہ مفید ہوگا اور مباحثہ نہ ہونے میں کیا کیا محرکات شامل تھے، اس کے درون پردہ کا بھی کچھ انکشاف ہو رہا ہے۔ مسلمانوں کی درخواست کے الفاظ یہ ہیں:

جناب عالی

گزارش حال یہ ہے کہ ہم لوگوں سے کہہ کہہ کر پنڈت دیانند سرسوتی صاحب نے جو جناب مولوی محمد قاسم کو واسطے مباحثہ کے بلوایا ہے تو ہم لوگوں نے جناب صاحب مجسٹریٹ بہادر سے واسطے مباحثہ کے ایک میدان وسیع کی درخواست کی تھی جس پر صاحب مجسٹریٹ بہادر نے یہ حکم دیا کہ ہم مباحثہ کی، نہ رڑکی میں، نہ سول اسٹیشن میں، نہ چھاونی میں کہیں اجازت نہیں دیتے۔

اب چونکہ پنڈت دیانند سرسوتی صاحب بار بار یہ اصرار کرتے ہیں کہ میرے مکان پر آکر مباحثہ کرو اور وہ جگہ حضور کے علاقے میں ہے، لہٰذا خدمت عالی میں ملتمس ہیں کہ حضور ہم لوگوں کو پنڈت صاحب کے مکان پر عام طور سے جانے کی اجازت فرمادیں۔ تاکہ مولوی صاحب مجبوراً انہیں کے مکان پر جاکر مباحثہ کریں، واجب جان کر عرض کیا ہے۔

عرض

محمد لطیف اللہ خاں، ظہیر الدین، احمد بیگ، صفدر علی، ضامن علی وغیرہ

و جمیع مسلمانان رڑکی۔ مورخہ ۷ا راگست ۱۸۷۸ء

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس کے جواب میں کرنل مانسل نے لکھا ہے:

ہمارے علاقہ سے اس مباحثہ کو کسی طرح کا تعلق نہیں ہے۔ اگر تم کو مباحثہ کرنا ہے تو کہیں اور کرو۔

رڑکی یا چھاونی میں ہم اس کا قطعی حکم نہیں دیتے۔ ہمارے اور مجسٹریٹ صاحب کے علاقہ سے کچھ فاصلہ سے اگر تم کو کرنا منظور ہے تو جا کر کرو، مگر احتیاط سے کرو، جس میں فساد نہ ہو، اور ہمارا اور مجسٹریٹ صاحب کا علاقہ کچھ دور تک نہیں ہے اور ہم اس مباحثہ کو منع نہیں کر سکتے۔

کرنیل مانسل صاحب (دستخط انگریزی)

۱۷/اگست ۱۸۷۸ء

## حضرت مولانا کا پانچواں گرامی نامہ

مگر حضرت مولانا اس پر بھی مایوس نہیں ہوئے اور یہ ارادہ فرمایا کہ ایسی جگہ مباحثہ ہو جائے کہ افسران کے فیصلہ کی خلاف ورزی بھی نہ ہو اور مقصد حاصل ہو جائے، اس کے لیے رڑکی کی عیدگاہ سب سے موزوں جگہ سمجھی گئی اور اب اس کے لیے کوشش ہوئی کہ سوامی جی وہاں آجائیں اور یہ کام پورا ہو۔ حضرت مولانا نے سوامی جی کو ۱۷/اگست کے خط میں لکھا ہے۔

"آپ کے مکان اور رڑکی میں تو یہ مباحثہ ہو ہی نہیں سکتا البتہ خارج از علاقہ چھاونی ورڑکی ممکن ہے چنانچہ کرنل صاحب کے حکم سے صاف عیاں ہے سو ہمارے نزدیک تو میدان عیدگاہ سب سے بہتر ہے اگر آپ فرمائیں تو وہاں ہی سب سامان کیا جاوے ہم سب کام کرلیں گے آپ کو فقط تشریف آوری ہی کی تکلیف ہوگی۔"

مگر حضرت مولانا کی ہزار کوششوں آرام وراحت کے جملہ انتظامات کے اہتمام اور سوامی جی سے مناظرہ میں آنے کی بار بار استدعا کے باوجود سوامی جی کی

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

رائے نہ ہوئی اس موقع پر حضرت مولانا نے جو خط لکھا تھا اس کا ایک اقتباس ابھی گزرا ہے مفصل خط سطور ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

پیشوائے دین ہنود سوامی دیانند سرسوتی صاحب خدا تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سب کو ہدایت فرمائے۔

صبح ایک نیاز نامہ آپ کی خدمت میں ارسال کر چکا ہوں۔ اس کے ملاحظہ سے کیفیت کلی معلوم ہو گئی ہو گی۔ اور یہ معلوم ہو گیا ہو گا کہ ہم بہ مجبوری جس طرح آپ فرمائیں آپ ہی کے مکان پر حاضر ہونے کو تیار ہیں مگر بہ نظر دور اندیشی جیسا کل مجسٹریٹ صاحب کی خدمت میں ایک عرضی بغرض حصول اجازت دی تھی آج کرنیل صاحب کی خدمت میں ایک عرضی گزارنی مگر آپ نے جو اندیشہ فساد کا غل مچایا تو نہ انہوں نے اجازت دی نہ اُنہوں نے۔ دونوں نے قطعی ممانعت فرمائی کل کا قصہ سنا ہو گا۔ آج کی کیفیت نقل عرضی اور نقل حکم سے جو اس نیاز نامہ کے ساتھ ملفوف ہے۔ معلوم ہو گی۔ لہذا گزارش ہے کہ آپ کے مکان پر اور رڑکی میں تو یہ مباحثہ ہو ہی نہیں سکتا۔ البتہ خارج از علاقہ چھاؤنی و رڑکی ممکن ہے چنانچہ کرنیل صاحب کے حکم سے عیاں ہے سو ہمارے نزدیک تو میدان عید گاہ سب سے بہتر ہے۔ اگر آپ فرمائیں تو وہاں ہی سب سامان کیا جاوے ہم سب کام کر لیں گے۔ آپ کو فقط تشریف آوری ہی کی تکلیف ہو گی۔ اور انشاء اللہ تا مقدور آپ کی دلجوئی میں قصور نہ ہو گا۔ اور آپ بالیقین سمجھئے کہ آپ کے اور آپ کے ہمراہیوں کی مدارات اور تواضع میں اور تعظیم و توقیر میں کچھ پہلو تہی نہ ہو گی ہمارا یہ شیوہ نہیں کہ کسی کی توہین کا ارادہ کریں بلکہ کسی قسم کا صاحب کمال ہو ہم اس کی مدارات اپنے ذمہ ضروری سمجھتے ہیں۔ آپ انشاء اللہ اس سے زیادہ خوش رہیں گے۔ جتنا اپنے مکان پر خوش رہتے۔ آپ بے تکلفانہ عزم مصمم فرمائیں اور بہت جلد ہم نیاز مندان کو اپنے منشا سے مطلع فرمائیں تا کہ ابھی سے میدان عید گاہ میں یا جہاں آپ فرمائیں سامان

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

معلومہ روانہ کریں۔ زیادہ کیا عرض کروں۔ جواب باصواب کا منتظر ہوں۔ اور کسی طرح آپ کو کسی اور مکان پر قدم رنجہ فرمائی منظور ہی نہیں تو اپنے مکان پر مباحثہ کی اجازت حاصل کر کے ہم کو اطلاع دیں۔ فقط

العبد

محمد قاسم ۱۷ اگست ۱۸۷۸ء

مگر حضرت مولانا کی یہ کوشش بھی بیکار گئی، سوامی جی نے حضرت مولانا کے اس سوال کا تو کوئی جواب نہیں دیا کہ عید گاہ پر مناظرہ کے لیے کیا رائے ہوئی، لیکن سوامی جی کے ساتھیوں نے چھاونی کے افسران کو ایک درخواست اور دے دی، جس میں اپنے اس حکم کو واپس لینے کی گزارش کی گئی تھی جو مسلمانوں کے نمائندوں کی درخواست کے جواب میں دیا گیا تھا اور مکرر درخواست کے ذریعہ خواہش ظاہر کی تھی کہ سوامی جی کی قیام گاہ پر مباحثہ کی اجازت دے دی جائے۔ مگر افسران نے اس دوسری درخواست کو بھی رد کر دیا۔ یہ درخواست اور اس کا جواب لکشمن نے سوامی جی کے جیون چرتر میں نقل کیا ہے، جو یہ تھا۔ پہلے انگریزی کی درخواست اور اس کا ترجمہ ہے بعد میں کرنل کا انگریزی میں جواب ہے اور اس کا ترجمہ ہے:

To Captain W. Stuart, R.E. Rurkee.

Sir,- We beg leave to state that some Mohamedans of the station applled to Cantonment Magistrato for perunission for a religious discussion between Maulvi Muhammad Qasim and Swami Dayanand, the Magistrate said in reply that be could not sanction such a meeting to be held in the Civil or Cantonment Station. A similar reply was received by the Muhomedans on their application to Colonel Maunsell. The Mahomedans in this case propose to us

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

the holding of the assemblage in jungle out of the station where all could attend, but we believe that it would be inconvenient, and request the favor of oeing allowed to hold a meeting in the place where swamiji presently stops.

*We beg to remaro.*

SIR,

Yours obediently,

17th August 1878.　　Umrao Singh

ترجمہ:- بخدمت جناب کپتان اسٹوارٹ صاحب مقام رڑکی۔

گزارش ہے کہ کچھ مسلمانوں نے بخدمت جناب صاحب مجسٹریٹ بہادر چھاؤنی بغرض حصول اجازت مباحثہ مابین سوامی دیانند سرسوتی اور مولوی محمد قاسم درخواست دی تھی جس پر انہوں نے حکم صادر فرمایا کہ میں ایسا مباحثہ سول یا چھاؤنی سٹیشن پر ہونے کی اجازت نہیں دیتا۔ جس میں مسلمانوں نے جنگل میں سٹیشن سے باہر مباحثہ کرنے کے لیے کہا۔ جس کو ہم لوگ پسند نہیں کرتے آپ سے درخواست ہے کہ اُسی مکان پر مباحثہ کی اجازت مل جاوے جہاں کہ سوامی جی اس وقت رہتے ہیں۔

عرضے

امراؤ سنگھ وللتا پرشاد وغیرہ ممبران آریہ ساج

۱۷؍اگست ۱۸۷۸ء

کپتان صاحب نے حسب ذیل جواب دیا۔

To Pandit Umrao Singh and Friends

Colonel Maunsell has already said that he had no objection to a few poople meeting and discussing their affairs in a quite arderly way like Philosophers.

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

I think, therefore, that all concerned, both Mohammadans and Aryans, should adopt his suggestion, and meet as they do at present at the Swami's residence.

I wonld willingly give my own house, but it would not admit of more than twentyfour people attending.

(Sd.) W.Stuart

Dated 17th August 1887..

ترجمہ:۔ بنام پنڈت امراؤ سنگھ اور اُن کے دوستوں کے۔

کرنیل مانسل نے کہا ہے کہ تھوڑے آدمیوں کے اجلاس کو جو کہ فلاسفوں کے طریقہ پر اپنا کام کرنا چاہیں۔ کوئی رکاوٹ نہیں ہے اِس لیے میرے خیال میں مسلمان اور ارین بالفعل اسی مکان پر اپنا مباحثہ کریں۔ جہاں پر سوامی جی رہتے ہیں۔ میں اپنا مکان بھی دینے کو تیار تھا مگر اس میں چوبیس آدمیوں سے زیادہ نہیں آسکتے۔

استوارٹ

۱۷ اراگست ۱۸۷۸ء

سوامی دیانند کا پانچواں خط۔

ادھر یہ کارروائی ہو رہی تھی اور ادھر سوامی جی کے خطوط میں نئی شرطیں بڑھائی جارہی تھیں اور مباحثہ کی روداد اسی وقت حرف بہ حرف قلم بند کئے جانے کا اصرار ہو رہا تھا اور اس سلسلہ میں سوامی جی کے دو خط ایک ساتھ آئے جو مندرجہ ذیل ہیں:

خط نمبر ۵:...... ہزاروں ہزار شکر پر میشر کا ہے کہ آخر آپ شرائط متعلقہ مباحثہ پر راضی تو ہوئے لیکن تو بھی اس موقعہ پر مجھے اس امر کا افسوس ہے کہ آپ اس عنایت نامہ میں نہیں فرماتے۔ کہ ہم تحریر گفتگو مباحثہ میں مددگار ہوں گے۔ آپ بخلاف اس کے یوں کہتے ہیں کہ تم کو اختیار ہے تم سے لکھا جائے تو لکھ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

لینا۔ ہم اپنی تقریر کو جب ختم کریں گے جب ہی بیٹھیں گے اس سے تو یوں پایا جاتا ہے کہ آپ ہمارے اس ارادہ کے خلاف کوشش کریں گے اگر کوئی شخص تقریر باہستگی کرے تو اس کا کہنا کچھ مشکل نہیں۔ لیکن اگر کوئی اِس ارادہ سے بولے کہ دوسرا میرا بیان نہ لکھ سکے تو واقعی دوسرا نہیں لکھ سکتا۔ بشرط تحریر مباحثہ اس قدر ضروری ہے کہ میں آپ کے بلا اس کے منظور کرنے کے مناظرہ پر ہرگز راضی نہیں مفصل یہ کہ ایک طرف سے سوال ہو تا وقتیکہ وہ تحریر نہ ہو جاوے طرف ثانی جواب نہ دے اور جب تک یہ جواب نہ لکھا جاوے دوسرا سوال نہ ہو۔ بولنا ایسا آہستگی سے چاہیے کہ تحریر میں دقت نہ آئے۔ تعداد وقت سوال و جواب کے واسطے کل شروع مناظرہ سے پہلے تجویز ہو جاوے گی۔ ان امور میں اگر آپ اتفاق کریں تو ابھی مطلع فرمایئے معرفت حامل ہذا۔

دیانند سرتی

۱۷/اگست ۱۸۷۸ء

## سوامی جی کا چھٹا خط:

اس کے ساتھ ہی حضرت مولانا کو سوامی دیانند کا ایک مختصر خط اور ملا تھا جس میں سوامی جی نے اپنی پچھلی شرطوں پر اصرار کیا تھا اور پوری گفتگو کو حرف بہ حرف لکھے جانے کا تقاضا تھا، خط ملاحظہ ہو

خط نمبر۶:...... آپ کے اس عنایت نامہ کے جواب میں پھر دو چار باتیں عرض کرتا ہوں تا کہ پھر آپ کو ایک دفعہ سوچنے اور انصاف کرنے کا موقعہ ملے کوئی اہل عقل وانصاف پسند اس بندوبست کی خوبی سے انکار نہیں کر سکتا کہ مناظرہ کے وقت ایک محرر میری طرف سے تجویز ہو جاوے اور ایک آپ کی طرف سے وہ دونو جو گفتگو ہو تحریر کرتے جائیں بعدہٗ دونوں تحریروں کو مطابق کر کے میرے آپ کے دستخط ہو جائیں۔ تا کہ بعد مباحثہ ہر دو طرف کے جواب وصواب میں شک نہ ہو اگر آپ اس شرط مناسب کو تسلیم نہیں کرتے۔ تو آپ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

جائیں اس سے تو آپ کا صرف بحث نہ کرنے کا ارادہ معلوم ہوتا ہے میں کسی امر ضروری سے ہرگز انحراف اختیار نہیں کر سکتا اس وقت آپ کا دوسرا رقعہ آیا۔ میرے احباب نے کپتان صاحب کو تحریر کیا ہے جس وقت نتیجہ برآمد ہوگا۔ آپ کو مطلع کروں گا۔

۱۷؍اگست ۱۸۷۸ء

## حضرت مولانا کا چھٹا گرامی نامہ:

حضرت مولانا کا فرمانا یہ تھا کہ جب مباحثہ زبانی ہونا ہے تو اس کے لفظ بہ لفظ لکھنے یا نہ لکھنے سے اصل معاملہ اور مباحثہ پر کچھ اثر نہیں ہوگا اور اس صورت میں جب سوامی جی نے ہزاروں کوششوں کے بعد بحث کے لیے صرف تین گھنٹے کا وقت دیا ہے (شام کے چھ بجے سے نو بجے تک) اگر اس میں ایک ایک حرف کے لکھنے کا اہتمام ہوگا تو اکثر وقت اسی میں نکل جائے گا، جو باتیں لائق مباحثہ ہیں وہ رہ جائیں گی، مگر سوامی جی کو اس سے اتفاق نہ ہوا۔ کیونکہ سوامی جی شروع سے جس منصوبہ پر عمل کر رہے تھے اور مباحثہ سے جان بچانے کے لیے جو حیلہ بہانہ کر رہے تھے، مولانا کی بات مان لینے سے وہ ساری منصوبہ بندی ختم ہو جاتی، اس لیے حضرت مولانا نے اس کے جواب میں صاف لکھوا دیا (کہ کمزوری اور بیماری کی وجہ سے) جلدی بولنے کی طاقت نہیں، اس لیے یہ شرط غلط ہے اور یہ کہنا کہ:

> ''تاوقتیکہ یہ شرائط تسلیم نہ کی جائیں: مناظرہ کو بہتر نہیں سمجھتا، درپردہ انکار ہے۔ اس سے بہتر یہ ہے کہ آپ صاف انکار کریں اور اوقات کسی کے ضائع نہ کریں''۔

پیشوائے دین ہنود پنڈت دیانند سرستی صاحب اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سب کو راہ حق دکھائے۔

---

۱؎ حضرت مولانا کا یہ خط سوامی جی کے جیون چرتر میں دو جگہ درج ہو گیا ہے (صفحہ ۵۳۵) پر اور یہاں صفحہ ۵۵۰ پر۔ یہی دوسری جگہ اس کا صحیح موقع اور شمار ہے۔ یہ حضرت مولانا کا چھٹا خط ہے اور اس کی تاریخ تحریر بھی بہ ظاہر یہی صحیح ہے جو یہاں لکھی ہے۔ (نور)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس وقت نیاز نامہ صبح کا جواب پہنچا۔ جی تو یوں چاہتا تھا کہ جب مراسلہ ثانی کا بھی جواب آلیتا تب سے جواب لکھتا۔ مگر نامہ بر جلدی کرتا ہے۔ اس لیے یہ گزارش ہے کہ آپ کی اور میری ملاقات پہلی نہیں۔ سال گزشتہ میں میرا انداز تقریر آپ دیکھ چکے ہیں اُس کے تغیر میں طبیعت کی روانگی نہ رہے گی اور اس سے زیادہ جلدی کی طاقت نہیں۔ اس صورت میں آپ سے ہو سکے تو لکھ بھیجئے گا اور نہ ہو سکے تو آپ جانئے۔ مگر یہ عذر کہ میں تاوقتیکہ یہ شرائط تسلیم نہ کی جائیں۔ مناظرہ کو بہتر نہیں سمجھتا در پردہ وہ انکار ہے اس سے بہتر یہ ہے کہ آپ صاف ہی انکار کریں۔ اور اوقات کسی کے ضائع نہ کریں ہزاروں مباحثے ہوئے کسی نے یہ شرط نہ کی تھی آپ کو یہ شرط سوجھی وجہ اُس کی بجز اُس کے اور کچھ نہیں کہ آپ کو بچاؤ مد نظر ہے زیادہ بجز انتظار نیاز نامہ سابق اور کیا عرض کروں۔[1]

العبد محمد قاسم

۱۷ راگست ۱۸۷۸ء

اس موضوع پر دونوں طرف سے خطوط کا تبادلہ ہوا، مگر نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات! سوامی جی کو مناظرہ کرنا نہ پہلے منظور تھا، نہ اب اس کے لیے تیار ہوئے، حالانکہ سوامی جی نے ۱۷ راگست کو ملتان کی آریہ سماج کے سکریٹری کو جو خط لکھا تھا اس میں ہے کہ:

"مولوی محمد قاسم بھی ہم سے مباحثہ کرنے کے لیے آیا ہے اور ۱۸ ر تاریخ مقرر ہے سو ابھی کچھ (مباحثہ ہونے کی) امید ٹھیک ٹھیک نہیں ہے، جب کچھ ہوگا اطلاع دی جاوے گی"۔[2]

اس خط سے بھی سوامی جی کی ہوشیاری جھلک رہی ہے، یعنی اگر ۱۸ راگست مناظرہ کے لیے مقرر ہوگئی ہے، مگر ابھی کچھ ٹھیک ٹھیک نہیں ہے۔ گویا ہمارا

---

[1] جیون چرتر، صفحہ: ۵۵۱

[2] جیون چرتر، صفحہ: ۵۵۲

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ارادہ نہیں ہے، جب وقت آئے گا ٹال دیں گے، حیلہ بہانہ کردیں گے، اگر ارادہ نہیں تھا تو تاریخ مقرر کرنے کی کیا ضرورت تھی؟

۱۸/اگست کو حضرت مولانا کو سوامی جی کا ایک اور خط ملا جس میں لکھا تھا کہ:

"میں افسوس کرتا ہوں کہ عیدگاہ کے قریب مجمع ہر گز مناسب معلوم نہیں ہوتا" ہے

بظاہر یہ خط بھی اسی تدبیر کا ایک حصہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی طرح مباحثہ اور گفتگو کی بات ٹل جائے، تاہم سوامی جی کا یہ خط بھی جوں کا توں درج کیا جاتا ہے:

پیشوائے دین اسلام مولوی صاحب۔ پرمیشر آپ کو ہمیں اور کل کو ہدایت بخشے۔

میں افسوس کرتا ہوں کہ عیدگاہ کے قریب مجمع ہرگز مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ وجہ یہ ہے کہ وہاں انتظام کامل کے بدون تعداد معینہ کی صورت نظر نہیں آتی۔ اور آپ بھی سوائے اپنے اوروں کی طرف سے کسی بے ضابطہ کارروائی کے ذمہ دار نہیں ہوسکتے۔ لہٰذا میرا مکان یا کپتان صاحب وغیرہ کا مکان ہی مناسب معلوم ہوتا ہے کپتان صاحب کی خدمت میں کل ہم نے اس عرضی کے پیش کرنے کا ذکر کیا تھا۔ اُس کا جواب آگیا نقل ہر دو ارسال خدمت ہیں۔ ملاحظہ فرما کر فیصلہ کیجئے۔

(دیانند سرستی)

۱۸/اگست ۱۸۷۸ء

حضرت مولانا کا ساتواں خط:

حضرت مولانا نے سوامی جی کی ضد اور بے جا اصرار پر یہ بھی تسلیم کرلیا تھا کہ سوامی جی کی قیام گاہ پر گفتگو ہو جائے اور وقت بھی وہی رہے جو سوامی جی چاہتے ہیں مگر اب مجبوری یہ ہے کہ چھاونی کے افسران نے اس کی سختی سے ممانعت کردی کہ اب یہاں کوئی جلسہ اور بحث ومباحثہ نہ ہو اس لیے پہلے افسران سے

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اجازت لیجئے ہم وہیں آئیں گے اور تمام شرائط پوری کریں گے مگر پتہ نہیں کیا وجہ ہے سوامی دیانند کے سوانح نگار لکشمن نے یہ خط بھی پورا نقل نہیں کیا اس کی صرف سطریں پیش نظر ماٴخذ سوامی جی کا جیون چرتر میں درج ہیں یہ سطور نقل کرنے سے پہلے اس کتاب کے مصنف نے لکھا ہے:

"مولوی (مولانا محمد قاسم) صاحب اس (خط) میں بعد چند شکایات کے لکھتے ہیں"۔

اور اس گرامی نامہ کی صرف یہ سطریں نقل کی ہیں جو یہاں پیش کی جارہی ہیں۔

مولوی صاحب کا خط نمبر ۷:...... مولوی صاحب اس میں بعد چند شکایات کے لکھتے ہیں:

"ہم دو حکم سنا چکے ہیں۔ آپ ایک کرنیل صاحب ہی کی اجازت حاصل کر کے اطمینان فرمائیں مجمع عام نہ سہی ہم تھوڑے ہی آدمیوں سے حاضر ہوں گے۔ کل بھی لکھا آج بھی لکھتا ہوں"۔

العبد

محمد قاسم ۱۸/اگست ۱۸۷۸ء

## حضرت مولانا کا آٹھواں اور جیون چرتر کے مولف کے بقول اس مراسلت کا آخری خط:

مگر سوامی جی اور ان کے ہم نوا بھی اس کوشش میں کامیاب نہیں ہوئے اور اس کی اطلاع حضرت مولانا تک پہنچائی تو حضرت مولانا نے سوامی جی کو ایک خط اور لکھا، یہ خط سوامی کے سوانح نگار کے بقول اس مراسلت کا آخری خط ہے، مگر خط کے الفاظ سے ظاہر ہے کہ اس کا ابتدائی مضمون اور کلمات جیون چرتر سوامی دیانند کے مرتب نے یہاں نقل نہیں کئے تاہم گرامی نامہ کا نا تمام حصہ درج ذیل ہے:

یہ حکم کپتان صاحب کا ہے، کپتان صاحب کو اُس سے کیا علاقہ جو ان کو تکلیف

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

دے۔ اس بات کا اختیار کرنیل صاحب کو ہے کپتان صاحب کا ارشاد بجا، پر اُن کی اُس تحریر میں اگر اس اول بات کی طرف اشارہ ہے تو بعد صدور حکم صریح اب وہ قابل التفات نہیں۔ بعد صدور حکم جنٹ صاحب اور کرنیل صاحب ہم کو سر دست اندیشہ وار دگیر تو ہے بعد تحقیقات بھی یہ معنی نکلیں گے۔

آپ کا بنگلہ کپتان صاحب کی کوٹھی سے بڑا نہیں، اثاث البیت کے سوا اگر اس میں چوبیس پچیس کی گنجائش ہے، تو آپ کے بنگلہ میں سوائے محل اثاث البیت شائد بارہ ہی آدمی سمائیں، اس میں بعد منہائی صاحبان سول و چھاونی ہمارے حصہ پر شائد پانچ چار ہی آئیں تو آئیں اگر ٹھوس ٹھاس کر سو پچاس کو بھر ہی دیجئے تو باقی دو سو کیا آپ کے چھپر پر بیٹھیں گے؟

ہر اک جملہ اگر لکھا جائے تو پھر مباحثہ تقریری و تحریری میں کیا فرق رہے گا؟ اس سے بہتر یہ ہے کہ مباحثہ تحریری ہی ہو جائے، چھ بجے سے نو بجے تک کل مباحثہ کا وقت ٹھہرا، اس میں تحریر کی بکھیڑ لگا دی جائے تو یہ معنی ہوئے کہ جاؤ اپنا کام کرو"۔

المختصر

۱۸ راگست ۱۸۷۸ء (مولوی محمد قاسم)

اگرچہ جیون چرتر سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ حضرت مولانا کا مذکورہ خط اس مراسلت کا آخری خط تھا مگر قرائن سے یہ خیال صحیح نہیں معلوم ہوتا۔

حضرت مولانا کا رڑکی سفر صرف سوامی جی کے چیلنج اور مولانا سے مناظرہ پر اصرار کی وجہ سے ہوا تھا اور حضرت مولانا اپنے پہلے اشتہار میں اعلان فرما چکے تھے کہ:

آں نہ من باشم کہ روز جنگ بینی پشت من

اس لیے اس کا تو کچھ بھی امکان نہیں تھا کہ حضرت مولانا ارادۂ بحث ملتوی فرما دیتے لیکن سوامی جی شروع سے اس کوشش میں لگے ہوئے تھے کہ یہ مصیبت

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ٹل جائے، مگر ان کی یہ کوشش کسی طرح کامیاب نہ ہوئی، آخر میں انہی کو میدان چھوڑ کر جانا پڑا، بہر صورت یہ واضح ہے کہ سوامی جی کے مذکورہ خط کے بعد بھی حضرت مولانا نے سوامی جی کو ایک خط اور لکھا تھا اس کا حضرت مولانا نے قبلہ نما کی تمہید میں یوں ذکر فرمایا ہے:

اس پر ہم نے میدان عید گاہ وغیرہ میں پنڈت جی سے التماس قدم رنجہ فرمائی کیا، تو پنڈت جی کو اپنے دن نظر آئے اور سوائے انکار اور کچھ نظر نہ آیا لاچار ہو کر ہم نے یہ چاہا کہ اپنے اعتراض ہی بھیج دو تاکہ ہم ہی مجمع عام میں ان کے جواب سنادیں اور مرضی ہو تو آؤ مناظرہ تحریری ہی سہی، مگر جواب تو در کنار، پنڈت جی نے اپنی راہ لی، شکرم پر بیٹھ وہ جا یہ جا۔

جواب در کنار، کے الفاظ سے ظاہر ہے کہ سوامی جی نے حضرت مولانا کے آخری خط یا خطوط کا کچھ جواب نہیں دیا، اور رڑکی سے خاموشی سے نکل گئے اور سب نے دیکھ لیا کہ وہ بلند بانگ دعویٰ جس میں حضرت مولانا کے مد مقابل ہونے کی آرزو اور مولانا کو مناظرہ میں نیچے دکھانے کا خیال جھلک رہا تھا یہ کیسا بے بنیاد ثابت ہوا، اور صورت حال سے واقف اصحاب زبان حال سے کہتے ہوں گے:

فسوف نری اذا نكشف الغبار

اتحت رجلك فرس او حمار

(والحمدلله اولا و آخرا، و صلى الله على خير خلقه محمد)

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# حضرت مولانا محمد قاسم کے آنے کی وجہ سے سوامی دیانند کا رڑکی سے فرار

## مولانا ذوالفقار علی دیوبندی کی گواہی اور تاثرات

سوامی دیانند کے بڑے بڑے دعووں اور اعلانات اور رڑکی :: میں مناظرہ کے چیلنج کا اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے رڑکی پہنچ کر جوابات دینے اور سوامی جی مناظرہ کے لیے بلانے اور سوامی جی کے شرمندہ وناکام ہو کر رڑکی سے خاموشی سے چلے جانے کا حضرت مولانا کے ایک بزرگ رفیق اور عربی کے نامور ادیب اور عالم مولانا ذوالفقار علی صاحب دیوبندی نے مدرسہ عربیہ (دارالعلوم) دیوبند کے حالات پر اپنی تالیف الهدیۃ السنیہ میں خوبصورت الفاظ میں ذکر کیا ہے اور اپنے وہ اشعار بھی لکھے ہیں جو مولانا ذوالفقار علی نے اس موقع پر کہے تھے، ملاحظہ ہو:۔

ولما اتى ديانند حبرا الهنود وصنديد هم مدعياً حقيقة معتقداته، باباطيله ومن خرفاته، معترضاً على الاسلام لجز عبيلاته وترهاته قائلاً تعال ونزال ومنادياً باعلىٰ صوته هل من مبارزٍ وطالباً للمناظرة بل المجادلة من كل غائب وبارزٍ، نهض مولانا (محمد قاسم) ذباً عن حوزة القويم، معرّة شبهات اللئيم، وغلّق عليه سدد الخلاص، ففكر وقدر وأفلَتَ وله حصاص، فقلت فى ذالك:

اور جب دیانند سرستی آریہ مذہب کا بانی اور عالم اپنے مذہب اور عقائد کی حقانیت کا باوجود اپنے باطل اور فضول سے خیالات کے مدعی بن کر آیا۔ اور اسلام پر اپنے باطل اور لچر خیالات سے اعتراض کرنے لگا اور اپنی بلند آوازی کے ساتھ

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس نے چیلنج کیا اور کہا کہ ہے کوئی مقابلہ اور مناظرہ کرنے والا بلکہ ہر موجود اور غیر موجود سے مجادلہ پر آمادہ ہوا تو اس وقت مولانا محمد قاسم صاحب دین اسلام کے دفاع کے لیے اٹھے، اور دیانند کے اعتراضات کے پرخچے اڑا دیئے اور اس کے بھاگنے کے راستے بند کر دیئے تو وہ حیران و پریشان ہو کر رہ گیا اور اس کی ہوائیں نکلنی شروع ہو گئیں تو میں نے کہا۔

جاء متشدقاً دیانند زھراً  و بفخوراً متبختراً مختالا
دیانند شیخیاں بگھارتا ہوا  اکڑتا مکڑتا فخر و غرور سے آیا

و تباھیٰ بزوره و تناھی  بابا طیله و قال محالا
اور اپنے جھوٹ میں سرشار اور  فضول سی محال باتوں کا دعویٰ کرتا ہوا

و دعا للبراز کل نبیه  مسلم حاز عظمة و جلالا
اور اس نے ہر صاحب عظمت و جلال  فہمیدہ مسلمان کو مقابلے کا چیلنج دیا

فتصدّی لردّه الا مجدالاو  حد من قد احاط سحراً حلالا
تو اس کی تردید کے لیے ایک نہایت  لائق و فائق شخص نے اس کا تعاقب کیا

قاسم الخیر قاصم الضیر طراً  من کسی الدّین بھجة وجمالا
جن کا نام محمد قاسم بھلائی کے تقسیم کرنیوالے  برائی کی کاٹ کرنیوالے اور دین کو رونق بخشنے والے ہیں

صاحب المشرب الھنیئی وتحقیق  فلا یقتدی بقیل وقالا
جو تحقیق اور سچائی کا راستہ چلتے ہیں  اور فضول کی بحث کے پیچھے نہیں پڑتے

مرجع للرشاد قولا وفعلاً  ملجاءٌ للھدی مالاً وحالا
جو قول و فعل سے ہدایت کا مرکز ہیں  اور حال و مستقبل میں ہدایت کا منبع ہیں

ثم لما اعییٰ السفیه احتیاله  ورأی فیه نکبةً و وبالا
پھر جب کہ اس کی تدبیر فیل ہو گئی  اور مناظرہ کرنے میں اُس نے مصیبت دیکھی

عند ذکر الشروط قال احتیالا  فکذا ھکذا والا فلا لا
تو اینڈی بینڈی شرطیں کرنے لگا  کہ یہ شرط ہو گی اور وہ ورنہ نہیں نہیں

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

ویلہ فرَّ مدبر الم یعقب وکفی اللہ المومنین القتالا

کم بخت دم دبا کر مناظرے سے بھاگا اور مقابلے میں مومنین کیلئے اللہ ہی مددگار ہے

وعلی سید الانام سلام ماتثیر الصبا سحاباً ثقالاً

اور دنیا کے سردار پر سلام ہو جب تک کہ صبا پانی سے بوجھل دیو نکو اڑاتی ہے

ترجمہ از مولانا انوار الحسن شیر کوٹی
مندرجہ، انوار قاسمی (سوانح مولانا محمد قاسمؒ)
ص ۵۳۷ تا ۵۳۹۔ جلد اول
طبع اول، (لاہور: ۱۳۸۹ھ)

الحمدللہ! مقالات حجۃ الاسلام کی جلد 16 مکمل ہوئی۔

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1

# مقالاتِ حجۃ الاسلام 17 جلدوں پر ایک نظر

### جلد 1
حضرت حجۃ الاسلام
رحمہ اللہ کی سوانح پر
مشتمل اہم مضامین و
مقالات

### جلد 2
اسرار قرآنی
انتباہ المؤمنین
تحذیر الناس
مناظرۂ عجیبہ
تصفیۃ العقائد
انتصار الاسلام

### جلد 3
آب حیات

### جلد 4
تحفہ لحمیہ
مصابیح التراویح
الحق الصریح
فی اثبات التراویح
توثیق الکلام
فی الانصات خلف الامام

### جلد 5
الدلیل المحکم مع شرح
اسرار الطہارۃ
افادات قاسمیہ
اجوبۃ الکاملۃ
لطائفِ قاسمیہ

### جلد 6
اجوبہ اربعین

### جلد 7
ہدیۃ الشیعہ

### جلد 8
تقریر دلپذیر

### جلد 9
قصائد قاسمی
فیوض قاسمیہ
روداد چندہ بلقان
حجۃ الاسلام

### جلد 10
گفتگوئے مذہبی
(میلہ خداشناسی)
مباحثہ شاہ جہاں پور
جواب ترکی بترکی
براہین قاسمیہ

### جلد 11
قبلہ نما
تنویر النبراس
الحظ المقسوم
من قاسم العلوم

### جلد 12
فرائد قاسمیہ
فتویٰ متعلق
دینی تعلیم پر اُجرت

### جلد 13
مکتوب گرامی
مضامین و مکتوب الیہ
''انوار النجوم''
اُردو ترجمہ قاسم العلوم
مکتوب اوّل
تخلیق کائنات سے
پہلے اللہ کہاں تھا؟
یعنی مکتوب دوم

### جلد 14
مکتوب سوم
مکتوب چہارم
مکتوب پنجم

### جلد 15
مکتوب ششم
مکتوب ہفتم
مکتوب ہشتم

### جلد 16
مکتوب نہم
مکتوب دہم
مکتوب یازدہم
مباحثہ سفر رڑکی

### جلد 17
جمال قاسمی
مکتوبات قاسمی
(متعلق اسرار الطہارۃ)
حضرت نانوتوی رحمہ اللہ
کے علم و فضل اور
حالات و واقعات پر
متفرق مضامین
حکمت قاسمیہ
سند حدیث (عربی)
علمی خدمات


Our online Islamic Bookstore:
Email Address: talefat@gmail.com
www.taleefat.com
Like us: facebook.com/taleefat

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
322-6180738 061-4519

TELEGRAM CHANNEL >>> https://t.me/pasbanehaq1